اعتکاف

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتاء جامعة العلوم الاسلامية
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

ناشر
بیت العمار کراچی
0333-3136872

اعتکاف کے مسائل
کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بیت العمار کراچی

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب: اعتکاف کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

تخریج: مفتی محب الحق صاحب

طباعت: طبع اول: ۱۴۳۸-۲۰۱۷

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔74400

فون: 0333-3845224 0333-3136872, 0302-2205466

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

ملنے کے دیگر پتے

کراچی:

الحجاز پبلشرز، بنوری ٹاؤن۔	0314-2139797
اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔	021-34727159
دار البشائر، بنوری ٹاؤن۔	0334-2659744
ادارۃ الانور، بنوری ٹاؤن۔	0324-2855000
مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔	021-34856701
زمزم پبلشرز، اردو بازار۔	021-32729089
مکتبہ ندوہ، اردو بازار۔	0321-8936511
مکتبہ المعارف، دار العلوم کراچی۔	021-35032020

پنجاب:

مکتبہ رحمانیہ۔	042-37224228
الفلاح پبلشرز۔	0333-4101085
مکتبہ عائشہ۔	0321-9233714
دار الناشر۔	0333-8335011

خیبر پختونخواہ (KPK):

مکتبہ عمر فاروق، قصہ خوانی بازار، پشاور۔	0311-8845717
مکتبہ بنوری ٹاؤن، لکی مروت۔	0336-9731158
مکتبہ فاروقیہ، بنوں۔	0334-8825488
مکتبہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔	0337-7445290
مکتبہ محمودیہ، صوابی۔	0312-9430416
مکتبہ الحرمین، اکوڑہ خٹک۔	0313-8680501
مولوی ظہور، مردان۔	0334-8414660

کوئٹہ:

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ۔	081-26622631
مکتبہ ماجدیہ۔	0333-7434142

Printed By:
E-MAIL:hafizsaeedadam@gmail.com
CELL: +92-321-4283 199

عنوان	صفحہ نمبر
✧ پیش لفظ	۳۳
✧ مقدمہ	۳۶
✧ دنیا کام کی جگہ ہے	۳۶
✧ اعتکاف اہم عبادت ہے	۳۷
✧ معتکف کا اصل مقصد	۳۸
✧ اعتکاف کی حقیقت	۳۸
✧ اعتکاف کا مقصد	۳۸
✧ اعتکاف کرنے کا خیال کس کے دل میں آتا ہے	۳۹
✧ اللہ تعالیٰ کے علاوہ باقی تمام مخلوق سے الگ ہونے کی برکات	۳۹
✧ اعتکاف کا سلسلہ	۴۱
✧ کفار و مشرکین بتوں کے پاس اعتکاف کرتے تھے	۴۱
✧ کوہ طور میں اعتکاف	۴۴
✧ سامری کے پیروکار بتوں کے پاس اعتکاف میں بیٹھے	۴۶
✧ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا اعتکاف	۴۸
✧ مزاج بدل گیا	۴۹
✧ اعتکاف کے بارے میں اللہ کا حکم	۵۱
✧ عورتوں کے لئے بھی اعتکاف سنت ہے	۵۲
✧ خاص کمرہ	۵۳

عنوان	صفحہ نمبر
✧ مسجد سے دل لگانے والا عرش کے سایہ میں ہوگا	۵۴
✧ مسجد میں بیٹھنے کی ترغیب	۵۶
✧ مومن اور کافر کی زندگی کا محور	۵۷

آ

✧ آخری عشرہ	۵۹
✧ آخری عشرہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اعتکاف فرماتے تھے	۶۲
✧ آخری عمر میں عبادت زیادہ کرنی چاہیے	۶۲
✧ آداب	۶۲
✧ آزاد ہونا	۶۴
✧ آفس کے کام کے لیے نکلنا	۶۴
✧ آگ بجھانے کے لیے نکلنا	۶۵

ا

✧ اجازت کے بغیر کوئی چیز لینا	۶۵
✧ اجازت لینا شوہر سے	۶۶
✧ اجازت ہے	۶۶
✧ اجتمائی اعتکاف	۷۱
✧ اجرت دے کر اعتکاف کرانا	۷۳
✧ اجرت لے کر کام کرنا	۷۳
✧ اچھی باتیں	۷۴

عنوان	صفحہ نمبر
✧ احاطۂ مسجد	۷۴
✧ احتلام ہو جائے	۷۵
✧ اخبار پڑھنا	۷۷
✧ اذان	۷۸
✧ اذان دینے کے لیے جانا	۷۹
✧ ازواج مطہرات کا اعتکاف	۸۱
✧ ازواج مطہرات میں اعتکاف کا شوق	۸۲
✧ استثنا	۸۳
✧ اشراق کی نماز	۸۴
✧ اعتکاف ان چیزوں سے فاسد نہیں ہوتا	۸۴
✧ اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم	۸۵
✧ اعتکاف توڑنا ان صورتوں میں جائز ہے	۸۷
✧ اعتکاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۸۹
✧ اعتکاف رمضان کے مقاصد کی تکمیل کے لیے ہے	۹۰
✧ اعتکاف صحیح ہونے کی شرائط	۹۰
✧ اعتکاف فاسد ہو جائے تو کیا کرے؟	۹۱
✧ اعتکاف کا ثبوت	۹۳
✧ اعتکاف کا ثواب	۹۵
✧ اعتکاف کا معنی	۹۹

عنوان	صفحہ نمبر
✧ اعتکاف کا مقصد	۱۰۰
✧ اعتکاف کرنے سے پہلے مسجد کے احاطہ کے بارے میں معلوم کرے	۱۰۲
✧ اعتکاف کسی سال نہ کر سکے تو	۱۰۲
✧ اعتکاف کی افضل جگہ	۱۰۳
✧ اعتکاف کی جگہ سے باہر ہونا	۱۰۳
✧ اعتکاف کی جگہ کو گھیر لینا	۱۰۶
✧ اعتکاف کی حالت میں طلاق ہو جائے	۱۰۶
✧ اعتکاف کی حقیقت	۱۰۶
✧ اعتکاف کی روح	۱۰۸
✧ اعتکاف کی قسمیں	۱۰۸
✧ اعتکاف کی قضا کا حکم	۱۰۹
✧ اعتکاف کی قضا کب لازم ہوتی ہے؟	۱۰۹
✧ اعتکاف کی نذر کا طریقہ	۱۰۹
✧ اعتکاف کے ساتھ لاپرواہی	۱۱۱
✧ اعتکاف کے آداب	۱۱۱
✧ اعتکاف کے لیے خاص طور پر روزہ رکھنا ضروری نہیں ہے	۱۱۱
✧ اعتکاف کے لیے شوہر سے اجازت لینا	۱۱۲
✧ اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے	۱۱۳
✧ اعتکاف کے مباحات	۱۱۴

عنوان	صفحہ نمبر
✧ اعتکاف کے مستحبات	۱۱۴
✧ اعتکاف مستحب	۱۱۴
✧ اعتکاف مسجد میں درست ہے	۱۱۵
✧ اعتکاف مسنون	۱۱۶
✧ اعتکاف مسنون ٹوٹ جائے	۱۱۸
✧ اعتکاف مسنون میں استثنا	۱۱۸
✧ اعتکاف میں بیٹھنے سے پہلے	۱۱۸
✧ اعتکاف میں حرام ہے	۱۱۹
✧ اعتکاف میں حیض آجائے	۱۱۹
✧ اعتکاف واجب	۱۱۹
✧ اعتکاف واجب کا حکم	۱۲۱
✧ اعتکاف واجب کے لیے روزہ شرط ہے	۱۲۱
✧ اعتکاف ہر محلّہ میں سنت ہے	۱۲۲
✧ اعتکاف ہر مسجد میں ہو سکتا ہے	۱۲۲
✧ اعمال	۱۲۳
✧ افسوس	۱۲۴
✧ افضل ترین مقام	۱۲۴
✧ افطار مسجد میں کرنا	۱۲۵
✧ اکیسویں رات میں اعتکاف میں بیٹھنے کا حکم	۱۲۵

عنوان	صفحہ نمبر
✧ اگال دان	۱۲۵
✧ امام کا کمرہ	۱۲۵
✧ انتظار کرنا	۱۲۵
✧ انزال	۱۲۶
✧ انزال ہونا	۱۲۶
✧ ایک دن کے اعتکاف کی فضیلت	۱۲۶
✧ ایک ماہ کا اعتکاف	۱۲۷

ب

✧ بات	۱۲۹
✧ بات چیت کرنا	۱۳۰
✧ بات زیادہ کرنا	۱۳۰
✧ بات کرنے میں لگا رہا	۱۳۱
✧ باتھ روم کے لیے نکلنا	۱۳۲
✧ بال بنوانے کے لیے نکلنا	۱۳۲
✧ بالغ ہونا	۱۳۳
✧ بال کو صاف رکھنا	۱۳۳
✧ باہر آنا	۱۳۴
✧ باہر آنے کی تین قسمیں ہیں	۱۳۴
✧ باہر نکال دیا جائے	۱۳۶

عنوان	صفحہ نمبر
✧ بجلی استعمال کرنا	۱۳۷
✧ بچوں کو پڑھانا	۱۳۷
✧ بدبو آتی ہے	۱۳۸
✧ بدخوابی	۱۳۹
✧ بدن سے بدبو آنے والے آدمی کا اعتکاف میں بیٹھنا	۱۳۹
✧ بدن کو صاف رکھنا	۱۳۹
✧ بدن ناپاک ہو گیا	۱۳۹
✧ برآمدہ	۱۴۰
✧ برتن	۱۴۰
✧ بڑی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی مسجد والے کی ذمہ داری ختم نہیں ہوگی	۱۴۱
✧ بستر	۱۴۲
✧ بستی	۱۴۲
✧ بھول کر پانی پی لیا	۱۴۳
✧ بھول کر دن میں کھانا کھالیا	۱۴۴
✧ بھول کر نکل جائے	۱۴۵
✧ بھیڑ	۱۴۵
✧ بے عقل	۱۴۵
✧ بیت الخلاء کے لیے نکلنا	۱۴۵
✧ بیت اللہ کو بنانے کا مقصد	۱۴۶

عنوان	صفحہ نمبر
✧ بیڑی	۱۴۶
✧ بیس دن کا اعتکاف	۱۴۶
✧ بیسویں رات کے بعد اعتکاف میں بیٹھنا	۱۴۷
✧ بیمار ہو گیا	۱۴۸
✧ بیوی سے بات چیت کرنا	۱۴۹
✧ بیوی سے کام لینا	۱۴۹
✧ بیوی سے ملاقات	۱۵۰
✧ بیوی شوہر کی اجازت سے اعتکاف کرے	۱۵۰
✧ بیوی شوہر کے پاس آئے	۱۵۱
✧ بیوی کا معتکف شوہر کے پاس آنا	۱۵۱
✧ بیوی کے لئے معتکف شوہر کی خدمت کرنا	۱۵۲
✧ بے ہوش ہو جائے	۱۵۲
✧ بے ہوشی	۱۵۳

پ

✧ پاخانہ	۱۵۴
✧ پاخانہ کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا	۱۵۹
✧ پاخانہ کے لیے نکلنا	۱۵۹
✧ پاخانہ کے لیے جانا	۱۵۹
✧ پاگل	۱۵۹

عنوان	صفحہ نمبر
✧ پاگل ہو جائے	۱۶۰
✧ پان	۱۶۰
✧ پانی بھول کر دن میں پی لیا	۱۶۰
✧ پانی پینے کے لیے جانا	۱۶۰
✧ پانی حاصل کرنے میں تاخیر ہوگئی	۱۶۰
✧ پانی ختم ہو گیا	۱۶۱
✧ پانی خشک کرنا	۱۶۱
✧ پانی گرم کرنا	۱۶۲
✧ پانی لانا	۱۶۳
✧ پائپ	۱۶۳
✧ پردہ	۱۶۴
✧ پڑھانا	۱۶۴
✧ پلنگ	۱۶۵
✧ پنجگانہ میں اعتکاف کرنا	۱۶۵
✧ پنکھا	۱۶۶
✧ پورے ماہ کا اعتکاف	۱۶۶
✧ پہلا عشرہ	۱۶۷
✧ پیاس	۱۶۷
✧ پیشاب خانہ کے باہر انتظار کرنا	۱۶۸

عنوان	صفحہ نمبر
✧ پیشاب کے لیے جانا	۱۶۹
✧ پیشاب کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا	۱۶۹
✧ پینے کی ضروری چیزیں	۱۶۹

ت

✧ تالاب کنارے مسجد	۱۷۰
✧ تجارت کی ہدایت دینا	۱۷۰
✧ تجارت کے لیے سامان خریدنا	۱۷۰
✧ تجارتی سامان	۱۷۱
✧ تجدید وضو	۱۷۱
✧ تحیۃ المسجد	۱۷۱
✧ تحیۃ الوضو	۱۷۵
✧ تعلیم دینا	۱۷۶
✧ تکیہ	۱۷۷
✧ تلاوت کے لیے وضو کرنا	۱۷۷
✧ تمباکو	۱۷۷
✧ تنخواہ لے کر تعلیم دینا	۱۷۷
✧ تنخواہ لینے کے لیے نکلنا	۱۷۸
✧ تھوکنا	۱۷۸
✧ تیل	۱۷۹

عنوان	صفحہ نمبر
✧ تیل لگانا	۱۸۰
✧ تیمارداری کے لیے نکلنا	۱۸۰

ٹ

✧ ٹوپی	۱۸۱
✧ ٹہلنا	۱۸۱
✧ ٹھنڈک کے لیے غسل کرنا	۱۸۲

ج

✧ جانا جائز نہیں	۱۸۳
✧ جان بچانے کے لیے نکلنا	۱۸۴
✧ جان کا خطرہ ہو	۱۸۵
✧ جس مسجد میں پانچوں وقت کی جماعت نہیں ہوتی	۱۸۵
✧ جگہ بدلنا	۱۸۵
✧ جگہ پر رومال رکھنا	۱۸۵
✧ جگہ کو گھیر لینا	۱۸۵
✧ جماع	۱۸۶
✧ جماعت کے لیے دوسری مسجد میں جانا	۱۸۸
✧ جماعت والی مسجد میں اعتکاف کرے	۱۸۸
✧ جمع ہونا	۱۸۹
✧ جمعہ ادا کرنے کے بعد جامع مسجد میں ٹھہرنا	۱۹۰

عنوان	صفحہ نمبر
✧ جمعہ ادا کرنے کے بعد جامع مسجد میں کتنی دیر ٹھہر سکتا ہے؟	۱۹۰
✧ جمعہ کا غسل	۱۹۰
✧ جمعہ کی نماز کے لیے نکلنا	۱۹۰
✧ جمعہ کے لیے جانا	۱۹۱
✧ جمعہ کے لیے جائے اور وہیں اعتکاف پورا کرے	۱۹۳
✧ جنابت کا غسل	۱۹۳
✧ جنازہ آ گیا	۱۹۳
✧ جنازہ تیار تھا	۱۹۴
✧ جنازہ کی نماز کے لیے نکلنا	۱۹۴
✧ جنازہ گاہ	۱۹۷
✧ جن بھوت	۱۹۸
✧ جنگلہ	۱۹۸
✧ جنگلے	۱۹۸
✧ جنون	۱۹۸
✧ جوتے اتارنے کی جگہ	۱۹۹
✧ جھگڑا	۱۹۹

چ

✧ چادر	۲۰۰
✧ چادر سے گھیرنے کا فائدہ	۲۰۱

عنوان	صفحہ نمبر
✧ چادروں کا اہتمام کرنا	۲۰۱
✧ چار پائی	۲۰۲
✧ چاشت کی نماز	۲۰۲
✧ چال کیسی ہونی چاہیے؟	۲۰۴
✧ چپ بیٹھنا	۲۰۴
✧ چلنے کا انداز	۲۰۵
✧ چوری کرنا	۲۰۶
✧ چھت	۲۰۷
✧ چہل قدمی	۲۰۹

ح

✧ حاجت روائی	۲۱۰
✧ حاجت شرعیہ	۲۱۱
✧ حاجت ضروریہ	۲۱۳
✧ حاجت طبعیہ	۲۱۵
✧ حاجتیں	۲۱۷
✧ حجامت بنوانا	۲۱۸
✧ حجامت کے لیے نکلنا	۲۱۹
✧ حجرہ	۲۱۹
✧ حرام ہے	۲۲۰

عنوان	صفحہ نمبر
✧ حقہ	۲۲۲
✧ حکمتیں	۲۲۳
✧ حوض	۲۲۸
✧ حیض آگیا	۲۲۹
✧ حیض اعتکاف میں آجائے	۲۳۰

خ

✧ خارجی حصہ	۲۳۱
✧ خاص اعمال	۲۳۱
✧ خاص عبادت	۲۳۲
✧ خاموشی	۲۳۲
✧ خاموشی اختیار کرنا	۲۳۳
✧ خرید وفروخت	۲۳۴
✧ خشک کرنا	۲۳۴
✧ خطرہ ہو	۲۳۴
✧ خوشبو	۲۳۵
✧ خیریت معلوم کرلی	۲۳۵

د

✧ دب جانے کا خطرہ ہو	۲۳۷
✧ درخت	۲۳۷

عنوان	صفحہ نمبر
✧ دروازہ	۲۳۷
✧ دسترخوان	۲۳۸
✧ دستور العمل	۲۳۸
✧ دس دن سے کم کی نیت سے اعتکاف کرنا	۲۴۱
✧ دفتر کے کام کے لیے نکلنا	۲۴۱
✧ دفن میں شریک ہونا	۲۴۱
✧ دکان کے اوپر مسجد ہے	۲۴۱
✧ دنیاوی کام مشغول ہونا	۲۴۳
✧ دوا لینے کے لیے باہر جانا	۲۴۴
✧ دوسرا عشرہ	۲۴۵
✧ دیوار	۲۴۵
✧ دیوانہ ہوجائے	۲۴۶

ڈ

✧ ڈاکٹر کے پاس جانا	۲۴۷
✧ ڈاکٹر کے لیے نکلنا	۲۴۷

ذ

✧ ذکر کرنے کے لیے وضو کرنا	۲۴۸

ر

رات کا اعتکاف	۲۴۹

عنوان	صفحہ نمبر
✧ رجوع کرنا	۲۴۹
✧ رسول اللہ ﷺ کا اعتکاف	۲۵۰
✧ رکن	۲۵۱
✧ رمضان کے اخیر عشرے کا اعتکاف	۲۵۲
✧ روزہ اور اعتکاف میں فرق	۲۵۳
✧ روزہ توڑ دیا	۲۵۴
✧ روزہ رکھنے کی طاقت نہیں تو کیا مسنون اعتکاف ہو جائے گا؟	۲۵۴
✧ روک لیا	۲۵۵
✧ رومال	۲۵۵
✧ رومال رکھنا	۲۵۵
✧ ریح	۲۵۶

ز

✧ زبردستی نکال دیا	۲۵۷
✧ زوال کا وقت	۲۵۷
✧ زینہ	۲۵۷

س

✧ سامان	۲۵۹
✧ سامان ساتھ رکھنا	۲۵۹
✧ سائبان	۲۶۰

عنوان	صفحہ نمبر
✧ سبق	۲۶۰
✧ سجدہ تلاوت ادا کرنے کے لیے وضو کرنا	۲۶۱
✧ سر باہر نکالا	۲۶۱
✧ سر پر تیل لگانا	۲۶۲
✧ سر جھاڑنا	۲۶۲
✧ سردی میں دھوپ لینے کے لیے باہر نکلنا	۲۶۲
✧ سر منڈانا	۲۶۳
✧ سر منڈوانے کے لیے نکلنا	۲۶۳
✧ سگریٹ	۲۶۳
✧ سنت مؤکدہ کی تعریف	۲۶۴
✧ سیڑھی	۲۶۵

ش

✧ شرط	۲۶۶
✧ شرطیں	۲۶۶
✧ شرعی مسجد	۲۶۷
✧ شغب	۲۶۸
✧ شور	۲۶۸
✧ شہادت دینے کے لیے نکلنا	۲۶۹
✧ شہوت انگیز حرکت	۲۶۹

عنوان	صفحہ نمبر
✧ شیخ کے ساتھ اعتکاف	۲۷۰
✧ شیخ کے ساتھ ایک ماہ کا اعتکاف کرنا	۲۷۰
✧ شیعہ	۲۷۰

ص

✧ صابن	۲۷۱
✧ صابن سے ہاتھ دھونا	۲۷۱
✧ صحن	۲۷۱
✧ صلوٰۃ الاوابین	۲۷۲
✧ صلوٰۃ التسبیح	۲۷۳

ط

✧ طاقچہ	۲۸۱
✧ طلاق	۲۸۱
✧ طلاق ہوجائے	۲۸۳

ع

✧ عبادت میں زیادتی کرنی چاہیے آخری عمر میں	۲۸۳
✧ عدالت میں حاضری دینے کے لیے نکلنا	۲۸۳
✧ عدت میں اعتکاف کرنا	۲۸۳
✧ عذر	۲۸۴
✧ عذر کی وجہ سے اعتکاف نہ کرنا	۲۸۵

عنوان	صفحہ نمبر
✧ عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف	۲۸۶
✧ عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف فاسد ہو گیا	۲۸۷
✧ عشرۂ اخیرہ میں ہمیشہ اعتکاف کرنا	۲۸۸
✧ عشرۂ اولیٰ کا اعتکاف	۲۸۸
✧ عشرہ سے کم اعتکاف کرنے والے	۲۸۹
✧ علاج کرنا	۲۸۹
✧ عمومی گفتگو	۲۸۹
✧ عورت اعتکاف کر سکتی ہے	۲۹۰
✧ عورت کو اعتکاف کرنے کے لیے شوہر سے اجازت لینا	۲۹۱
✧ عورتوں کا اعتکاف	۲۹۲
✧ عورتوں کا محل اعتکاف	۲۹۳
✧ عورتوں کا معتکف کے پاس آنا	۲۹۵
✧ عورتوں کے لئے بھی اعتکاف سنت ہے	۲۹۶
✧ عورتوں کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا	۲۹۶
✧ عیادت کرنا	۲۹۷
✧ عیادت کے لیے نکلنا	۲۹۷
✧ عید کی نماز کے لیے جانا	۲۹۷
✧ عید کے دن اعتکاف کرنا	۲۹۷
✧ عیدگاہ	۲۹۷

عنوان	صفحہ نمبر
✧ عیدین کے روز اعتکاف کرنا	۲۹۸
✧ عیسائی	۲۹۹

غ

✧ غسل	۳۰۰
✧ غسل تبرید	۳۰۳
✧ غسل جمعہ	۳۰۴
✧ غسل جنابت	۳۰۴
✧ غسل جنابت کے لیے جانا	۳۰۷
✧ غسل خانہ	۳۰۷
✧ غسل کے لیے پانی گرم کرنا	۳۰۷
✧ غسل مستحب	۳۰۷
✧ غسل مسجد میں کرنا	۳۰۷
✧ غسل واجب کے علاوہ غسل کا حکم	۳۰۷
✧ غصب کی جگہ	۳۰۸
✧ غیر اللہ کے لیے اعتکاف	۳۰۸
✧ غیر تجارتی سامان	۳۰۹

ف

✧ فاسد کرنے والی چیزیں	۳۱۰
✧ فائدہ	۳۱۶

عنوان	صفحہ نمبر
✧ فدیہ	۳۱۸
✧ فدیہ کی مقدار	۳۲۰
✧ فرشتے ساتھی ہیں	۳۲۰
✧ فصیل	۳۲۲
✧ فوری حاجت	۳۲۲

ق

✧ قادیانی	۳۲۳
✧ قاعدہ	۳۲۳
✧ قبر پر اعتکاف کرنا	۳۲۴
✧ قبرستان کی مسجد	۳۲۴
✧ قبروں کی مجاورت	۳۲۵
✧ قبض	۳۲۶
✧ قرآن شریف سنانے کے لیے جانا	۳۲۶
✧ قرآن مجید میں اعتکاف کا ذکر	۳۲۷
✧ قرض خواہ نے روک لیا	۳۲۸
✧ قضا	۳۲۸
✧ قضا لازم نہ ہونے کی ایک صورت	۳۲۹
✧ قضا نماز پڑھنے کے لیے وضو کرنا	۳۳۱
✧ قضائے حاجت کے لیے گیا تو غسل کر سکتا ہے یا نہیں؟	۳۳۱

عنوان	صفحہ نمبر

ک

✧ کارخانہ کے کام کے لیے نکلنا	۳۳۳
✧ کافر	۳۳۳
✧ کام کے لیے نکلنا	۳۳۳
✧ کپڑا	۳۳۴
✧ کپڑا دھونا	۳۳۵
✧ کپڑا رکھنا	۳۳۷
✧ کپڑا سکھانا	۳۳۷
✧ کپڑا سینا	۳۳۸
✧ کپڑے ناپاک ہوجائیں	۳۳۸
✧ کتاب	۳۳۸
✧ کتابت کرنا	۳۳۹
✧ کفن تیار کرنا	۳۳۹
✧ کنگھی	۳۴۰
✧ کنواں	۳۴۰
✧ کورٹ میں حاضری کے لیے نکلنا	۳۴۰
✧ کھانا	۳۴۰
✧ کھانا پینا	۳۴۱
✧ کھانا دن میں بھول کر کھالیا	۳۴۲

عنوان	صفحہ نمبر
✧ کھانا لانا	۳۴۲
✧ کھانے پینے کی ضروری چیزیں	۳۴۳
✧ کھڑکی	۳۴۴
✧ کئی منزلہ مسجد	۳۴۵

گ

عنوان	صفحہ نمبر
✧ گالی دینا	۳۴۶
✧ گاؤں	۳۴۸
✧ گپ شپ لگانا	۳۴۸
✧ گرفتاری	۳۴۸
✧ گرم پانی	۳۴۸
✧ گرمی سے بچنے کے لیے باہر نکلنا	۳۴۹
✧ گرمی کی وجہ سے غسل کے لیے نکلنا	۳۵۰
✧ گرنے والے کو بچانا	۳۵۱
✧ گھر کا معاملہ حل کر دیا	۳۵۱
✧ گھڑی	۳۵۱
✧ گیس	۳۵۱

ل

عنوان	صفحہ نمبر
✧ لاؤڈ اسپیکر سے اذان دینے کی جگہ	۳۵۲
✧ لباس تبدیل کرنا	۳۵۲

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
✧ لڑائی	۳۵۲

م

✧ مال کا خطرہ ہو	۳۵۴
✧ ماہواری آجائے	۳۵۴
✧ مباحات	۳۵۴
✧ مباح بات	۳۵۹
✧ مباشرت	۳۵۹
✧ متعلقین میں کوئی بیمار ہو جائے	۳۶۰
✧ مجاورت	۳۶۰
✧ مجلس	۳۶۰
✧ مجنون	۳۶۱
✧ محراب	۳۶۱
✧ محفل جمانا	۳۶۲
✧ محل اعتکاف	۳۶۳
✧ محلّہ	۳۶۴
✧ محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرنا	۳۶۴
✧ مخنث کا اعتکاف	۳۶۵
✧ مدہوش	۳۶۶
✧ مذکر ہونا	۳۶۶

عنوان	صفحہ نمبر
✧ مریدین کا پیر کے ساتھ اعتکاف کرنا	۳۶۷
✧ مریض	۳۶۷
✧ مریض کو دیکھ کر نسخہ لکھنا	۳۶۷
✧ مریض کی عیادت	۳۶۷
✧ مزار پر اعتکاف کرنا	۳۶۹
✧ مزار کے قریب مسجد	۳۷۰
✧ مستثنیٰ ہے	۳۷۰
✧ مستحاضہ	۳۷۰
✧ مستحاضہ کا اعتکاف کرنا	۳۷۰
✧ مستحبات	۳۷۱
✧ مستورات معتکف کے پاس آئیں	۳۷۷
✧ مسجد	۳۷۷
✧ مسجد سے باہر آنا	۳۷۹
✧ مسجد سے مراد کیا ہے؟	۳۸۱
✧ مسجد شرعی	۳۸۱
✧ مسجد شہید کر دی تو اعتکاف کہاں کرے؟	۳۸۲
✧ مسجد شہید ہو جائے	۳۸۲
✧ مسجد کا احاطہ	۳۸۳
✧ مسجد کی حدود	۳۸۳

عنوان	صفحہ نمبر
✧ مسجد کی دیواروں کا حکم	۳۸۴
✧ مسجد کئی منزلہ ہو	۳۸۴
✧ مسجد کے باہر کے کاموں میں شریک ہونے کا قاعدہ	۳۸۶
✧ مسجد کے نیچے دکان ہے	۳۸۶
✧ مسجد گرنے لگے	۳۸۶
✧ مسجد میں اعتکاف سنت ہونے کی وجہ	۳۸۶
✧ مسجد میں پنج گانہ نماز نہیں ہوتی	۳۸۷
✧ مسجد میں غسل کرنا	۳۸۸
✧ مسجد میں وضو کرنا	۳۸۸
✧ مسنون اعتکاف کب سے کب تک؟	۳۸۸
✧ مسنون اعتکاف کی ذمہ داری	۳۹۲
✧ مسنون اعتکاف کی قضا	۳۹۲
✧ مسنون اعتکاف کی نیت	۳۹۳
✧ مسنون اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے	۳۹۳
✧ مسنون اعتکاف کے لیے مسجد میں بیٹھنا ضروری ہے	۳۹۴
✧ مسواک	۳۹۴
✧ مشورہ دیا	۳۹۴
✧ مطلقہ کے لئے اعتکاف کرنا	۳۹۵
✧ معاملہ حل کر دیا	۳۹۵

عنوان	صفحہ نمبر
✧ معتکف جگہ بدل سکتا ہے	۳۹۵
✧ معتکف کو ان مقامات پر جانا جائز نہیں	۳۹۵
✧ معتکف کو مسجد سے باہر نکال دیا	۳۹۵
✧ معتکف کی مثال	۳۹۵
✧ معتکف کے پاس عورتوں کا آنا	۳۹۷
✧ معتکف کے دوست فرشتے ہیں	۳۹۷
✧ معتکف کے ساتھ افطار کرنا	۳۹۷
✧ معتکفین کا مرتبہ	۳۹۸
✧ مقام اعتکاف کو چادر سے گھیرنا	۳۹۸
✧ مقدمہ کی تاریخ کے لیے نکلنا	۳۹۸
✧ مکان	۴۰۰
✧ مکروہات اعتکاف	۴۰۰
✧ مکروہ ہے	۴۰۱
✧ ممنوعات	۴۰۲
✧ منتقل ہونا	۴۰۳
✧ منجن	۴۰۵
✧ منگوا سکتا ہے	۴۰۶
✧ موت تک اعتکاف فرماتے رہے	۴۰۷
✧ مؤذن کا کمرہ	۴۰۷

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
✧ مونچھ	۴۰۷
✧ میت کو غسل دینے کے لیے نکلنا	۴۰۸
✧ میت کو کندھا دینا	۴۰۹
✧ میت کو نہلانا	۴۰۹
✧ میلے کپڑے سے احتراز کرنا	۴۰۹
✧ مینار	۴۰۹

ن

✧ نابالغ کا اعتکاف کرنا	۴۱۰
✧ ناخن	۴۱۱
✧ ناک صاف کرنے کے لیے باہر نکلنا	۴۱۱
✧ نائی	۴۱۱
✧ نبی کریم ﷺ کی عادت	۴۱۲
✧ ندی کنارے مسجد	۴۱۳
✧ نذر کا اعتکاف ادا کر نہ سکا اور انتقال کر گیا	۴۱۳
✧ نذر کا روزہ فاسد ہو گیا	۴۱۴
✧ نذر کے اعتکاف کی تفصیل	۴۱۴
✧ نذر کے اعتکاف کی قضا	۴۱۹
✧ نسخہ لکھنا	۴۲۰
✧ نظر بد	۴۲۱

عنوان	صفحہ نمبر
✧ نفاس	۴۲۱
✧ نفاس اعتکاف کی حالت میں آجائے	۴۲۲
✧ نفل اعتکاف توڑنے سے قضا واجب نہیں	۴۲۲
✧ نفلی اعتکاف	۴۲۲
✧ نکاح	۴۲۶
✧ نکال دیا	۴۲۶
✧ نکلنا	۴۲۶
✧ نکلنا جائز ہے	۴۲۷
✧ نکلے	۴۲۸
✧ نماز حاجت	۴۲۸
✧ نیت	۴۳۰

و

✧ واجب اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے	۴۳۱
✧ واجب اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے	۴۳۱
✧ وارنٹ جاری ہوا	۴۳۱
✧ وضو پر وضو کرنا	۴۳۱
✧ وضوخانہ	۴۳۱
✧ وضو کر کے مسجد میں آیا	۴۳۲
✧ وضو کرنے کا اصول	۴۳۳

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
✧ وضو کرنے کا حکم	۴۳۳
✧ وضو کے لیے نکلنا	۴۳۴
✧ وضو مسجد میں کرنا	۴۳۹
✧ وظیفہ لینے کے لیے نکلنا	۴۳۹
✧ وفات ہو جائے	۴۴۱
✧ وفات کی عدت میں اعتکاف کرنا	۴۴۱
✧ ویران مسجد	۴۴۱

ہ

✧ ہاتھ باہر نکالا	۴۴۲
✧ ہاتھ دھونے کے لیے نکلنا	۴۴۲
✧ ہال	۴۴۳
✧ ہر وقت عبادت میں شمار ہوتا ہے	۴۴۳
✧ ہمبستری	۴۴۵
✧ ہوا چھوڑنا	۴۴۶
✧ ہینڈ پائپ	۴۴۶

ی

✧ یہودی	۴۴۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیشِ لفظ

اللہ رب العزت کا عظیم احسان اور بے انتہاء مہربانی ہے کہ نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، روزہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، زکوۃ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، حج اور عمرہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، سفر کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، تراویح کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، میت کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا، غسل کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا اور عمرہ اور حج کا آسان طریقہ منظر عام پر آنے کے بعد اب الحمدللہ ''اعتکاف کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا'' بھی تیار ہو گیا ہے اور طباعت کے لئے پریس جانے والا ہے، اس پر جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے، شکر کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔

اعتکاف ایک عظیم عبادت ہے، گناہوں کی معافی کا سنہرا موقع ہے، اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، معصوم فرشتوں کی رفاقت ہے، اور نیک لوگوں کی جماعت میں شمولیت کا نادر موقع ہے، اور نیک لوگوں کی جماعت میں شامل ہوئے بغیر جنت میں داخل ہونا ممکن نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ فادخلي في عبادي وادخلي جنتي ﴾ قبر کی تنہائی، ظلمت و تاریکی اور وحشت کو دور کرنے کی زندگی میں عملی تربیت ہے، شب قدر جیسی عظیم بے مثال رات کی فضیلت کو حاصل کرنے کا نبوی طریقہ ہے، اور یہ اعتکاف سنت مؤکدہ ہے۔

اعتکاف کی فضیلت اور اہمیت کو سمجھنے کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ افضل الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے رخصت ہونے تک پابندی سے اعتکاف کرتے رہے۔

اعتکاف کا یہ سلسلہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے شروع

نہیں ہوا بلکہ اللہ تعالیٰ کے گھر کعبۃ اللہ کی تعمیر کی ابتداء سے شروع ہوا ہے اور قیامت تک جاری رہے گا، حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے نماز پڑھنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں کے لئے بیت اللہ کو صاف ستھرا رکھا ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے توریت حاصل کرنے کے لئے کوہ طور میں چالیس دن کا اعتکاف فرمایا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت سے سرفراز ہونے سے پہلے ''غارِ حرا'' میں، پھر ہجرت کے بعد موت تک مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں اعتکاف فرمایا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک دور میں اور اس کے بعد صحابہ کرام اعتکاف کرتے رہے، پھر تابعین، تبع تابعین اور ائمہ مجتہدین اور اولیاء کرام مساجد میں اعتکاف کرتے رہے، اور ازواج مطہرات اور صحابیات اپنے اپنے گھروں میں جگہ مخصوص کر کے اعتکاف کرتی رہیں، اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے آج تک اس پر عمل کرتی آرہی ہے۔

دوسری طرف کفار و مشرکین بھی اپنے ہاتھ سے بنائے ہوئے بتوں کے پاس اعتکاف کرتے رہے ہیں، جو سراسر ضلالت اور گمراہی میں مبتلا تھے اور آج تک اس گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ سب کو ہدایت کی توفیق دے۔ آمین

چونکہ مسنون اعتکاف کا وقت ایک سال کے بعد آتا ہے، لمبا وقفہ ہونے کی وجہ سے مسائل بھی یاد نہیں ہوتے، خاص طور پر اعتکاف کے اہم اور نازک عبادت ہونے کی وجہ سے اس میں بھول چوک بھی معاف نہیں، معمولی بے احتیاطی اور بے خیالی سے اعتکاف فاسد ہوجاتا ہے اور قضا لازم ہوتی ہے، اس لئے بندہ نے اعتکاف کے ضروری مسائل حروف تہجی کی ترتیب سے جمع کر دیئے ہیں تاکہ اعتکاف کرنے والوں کو مسائل کے اعتبار سے پریشانی نہ ہو، لغت کی کتاب کی طرح آسانی سے مسائل کو نکال کر پڑھ لیں اور اس کے مطابق عمل کرلیں، اور اعتکاف کے

اجر و فضائل سے اپنے نامۂ اعمال کو بھر لیں، اور بندہ کو بھی خاص دعا میں یاد رکھیں۔

آخر میں خاص طور پر مفتی محبّ الحق صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بڑی محنت اور مشقت سے اس کتاب کے تمام مسائل کی تخریج کی، حوالہ جات نکالے، اور مفتی محمد ولی اللہ حسین صاحب، اور مفتی یوسف انور صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ ان دونوں نے شوق سے پروف ریڈنگ اور تصحیح کا کام انجام دیا، عزیزم مولوی محمد مرزوق انعام سلمہ ربہ، اور مفتی ذوالقرنین صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ ان دونوں نے کتاب کی سیٹنگ کی اور حوالہ جات کو متن کے نیچے سیٹ کیا، اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کی محنتوں کو قبول فرمائے، اور اس کتاب کو دنیا میں ہم سب کے لئے ہدایت اور صدقہ جاریہ کا وسیلہ بنائے اور آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے آمین بحرمۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

کتبہ

محمد انعام الحق قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۴۳۸/۵/۲۵ھ

۲۰۱۷/۲/۲۳ء

مقدمہ

دنیا کام کی جگہ ہے

دنیا، کام، محنت، عمل اور امتحان کی جگہ ہے، مسجد عبادت کی خاص جگہ ہے، قبر آرام کی جگہ ہے، اور میدان حشر حساب و کتاب کی جگہ ہے، اور جنت ہر خواہش سے بھرپور اور ہر نعمت سے مالا مال انعام کی جگہ ہے جو دنیا میں اخلاص کے ساتھ عبادت کرے گا، دین و شریعت کی پابندی اور سنت کی اتباع کرے گا وہ آخرت میں جنت کی شکل میں انعام اور عظیم مقام پائے گا، لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ اکثریت اس چند روزہ فانی اور جانی دنیا میں اپنی جنت سجانے میں لگی رہتی ہے، میرا گھر ایسا ہو، بیوی ایسی ہو، گاڑی ایسی ہو، بچے ایسے ہوں، کاروبار کارخانے، دکان اور آفس ایسے ہوں، لمبی آرزوئیں، لمبی لمبی سوچیں ہوتی ہیں، خیالی دنیا میں آسمان پر باغ بناتے ہیں، اسے یہ خیال ہی نہیں ہوتا کہ زندگی کتنی مختصر ہے اور موت اس کے کتنی ہی زیادہ قریب ہے، اور ملک الموت ہمیشہ دیکھ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کے حکم کے منتظر ہیں، حکم آتے ہی دنیا ہی بدل جائے گی، نام بھی بدل جائے گا اور حال بھی ۔ ہماری آنکھوں کے سامنے جنازے اٹھتے ہیں، گھر سے جنازے اٹھتے ہیں، پڑوس سے اٹھتے ہیں، محلے سے اٹھتے ہیں، بچوں کے اٹھتے ہیں، جوانوں کے اٹھتے ہیں، بوڑھوں کے اٹھتے ہیں، مردوں کے اٹھتے ہیں، عورتوں کے اٹھتے ہیں، مالداروں کے اٹھتے ہیں، غریب اور فقیروں کے اٹھتے ہیں، ظالموں کے اٹھتے ہیں، مظلوموں کے اٹھتے ہیں، طاقتوروں کے اٹھتے ہیں، کمزوروں کے اٹھتے ہیں، پھر بھی ہم موت، قبر اور میدان حشر کو بھول جاتے ہیں اس لئے دنیا کے لئے محنت کم اور آخرت کے لئے محنت زیادہ ہونی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لئے بے انتہاء نعمتوں سے مالا مال کر کے جنت

آخرت میں بنائی اور دنیا کو امتحان اور عمل کی جگہ بنایا ہے اور ہم اسی دنیا میں نقد جنت چاہتے ہیں ادھار کے معاملہ پر صبر کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے، ہم دھوکے میں ہیں ہمیشہ موت کو یاد رکھنا چاہیے، اور آخرت میں کامیابی کے لئے محنت اور عمل کو جاری رکھنا چاہیے، اور آخرت میں کامیابی دلانے کے کاموں میں سے ایک کام اعتکاف ہے۔

اعتکاف اہم عبادت ہے

اعتکاف تمام مسنون عبادات میں بڑی اور اہم ترین عبادت ہے، تقرب الٰہی اور ثواب کا کام ہے، بندہ اپنے مالک اور آقا کے در پر اس کی رضا اور خوشنودی کے لئے پڑا رہتا ہے، اور اپنے گناہوں کی معافی کے لئے پوری امید لے کر آتا ہے، اور شب قدر کی فضیلت کو حاصل کرنا اس کے اولین مقاصد میں سے ہوتا ہے، اسی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بعد ہمیشہ نہایت پابندی سے اعتکاف فرمایا کرتے تھے، صرف ایک مرتبہ شدید عذر یعنی فتح مکہ کے لئے تشریف لے جانے کی وجہ سے مدینہ منورہ میں اعتکاف نہیں فرما سکے، ورنہ مدینہ منورہ میں رہتے ہوئے اعتکاف کبھی بھی نہیں چھوڑا، اس لئے فقہاء کرام نے اعتکاف کو سنت مؤکدہ قرار دیا ہے۔ [1]

(۱) حديث أبي هريرة و عائشة رضي الله عنهما : أنّ النبي صلى الله عليه وسلم كان يعتكف في العشر الأواخر من رمضان منذ قدم المدينة إلى أن توفاه الله تعالىٰ ، وقال الزهري : عجبًا من النّاس كيف تركوا الاعتكاف ورسول الله صلى الله عليه وسلم كان يفعل الشئ ويتركه ، وما ترك الاعتكاف حتى قبض ، وفي الاعتكاف تفريغ القلب عن أمور الدنيا وتسليم النفس إلى بارئها والتحصن بحصن حصين وملازمة بيت الله تعالىٰ (قال) عطاء مثل المعتكف كمثل رجل له حاجة إلى عظيم فيجلس على بابه ، ويقول : لا ابرح حتى تقضى حاجتي ، والمعتكف يجلس في بيت اللّٰه تعالىٰ ويقول : لا ابرح حتى يغفرلي ، فهو أشرف الأعمال إذا كان عن إخلاص . (المبسوط للسرخسي : (۱۱۵،۱۱۴/۳) باب الاعتكاف ، ط: مؤسّسة الرسالة بيروت)

معتکف کا اصل مقصد

معتکف کا اصل مقصد مسجد میں محصور ہو کر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا، اللہ کے گھر پڑے رہنا، یہ ایک مستقل عبادت، غلامی اور عبدیت کی شان ہے، اور ہر معتکف نے اعتکاف کی نیت کے ذریعہ یہ عہد کیا ہے کہ اے اللہ! تیرے گھر اتنے دن پڑا رہوں گا جب تک رمضان المبارک کا مہینہ ختم نہ ہوگا، اس لئے شدید ضرورت کے بغیر مسجد سے باہر نکلنا اس عہد کے خلاف ہوگا۔

اور ایسی شدید ضرورت جو مسجد سے باہر ادا ہوتی ہے وہ پاخانہ پیشاب اور جنابت کا غسل ہے، اس لئے معتکف کو پاخانہ پیشاب اور جنابت کے غسل کے علاوہ کسی اور کام کے لئے نکلنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

اعتکاف کی حقیقت

اعتکاف کی حقیقت یہ ہے کہ ہر طرف سے یکسو اور سب سے ہر قسم کا تعلق ختم کر کے بس اللہ تعالیٰ سے لو لگا کے مسجد کی کسی جگہ پر بیٹھ جائے، اور سب سے الگ تنہائی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اسی کے ذکر و فکر میں مشغول رہے یہ خواص بلکہ اسپیشل لوگوں کی عبادت ہے، اس عبادت کے لئے بہترین وقت رمضان المبارک بلکہ اس کا آخری عشرہ ہی ہے۔

اعتکاف کا مقصد

اعتکاف کا مقصد شب قدر کو تلاش کرنا، اور اس کی فضیلت کو حاصل کرنا ہے

---

(۱) وفي الاعتكاف تفريغ القلب عن أمور الدنيا وتسليم النفس إلى بارئها والتحصن بحصن حصين وملازمة بيت الله تعالىٰ (قال) عطاء مثل المعتكف كمثل رجل له حاجة إلى عظيم فيجلس على بابه، ويقول: لا ابرح حتى تقضى حاجتي، والمعتكف يجلس في بيت الله تعالىٰ، ويقول: لاابرح حتى يغفرلي فهو أشرف الأعمال إذا كان عن إخلاص. (المبسوط للسرخسي: (۳/ ۱۱۵) باب الاعتكاف، ط: إدارة القرآن)

اعتکاف کی حالت میں چونکہ پورا وقت مسجد میں گزرتا ہے اس لئے اعتکاف کی حالت میں مسجد میں سونا اور آرام کرنا بھی عبادت میں شمار ہوتا ہے، اس لئے ہمیشہ اعتکاف کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اعتکاف کرنے کا خیال کس کے دل میں آتا ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ جب کسی کے ساتھ خاص رحمت کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کے قلب میں خلوت اور عزلت کا داعیہ پیدا فرما دیتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اصحاب کہف کے قصہ میں ارشاد فرمایا ہے:

﴿وإذ اعتزلتموهم ومايعبدون إلّا الله فأووا إلى الكهف ينشر لكم ربكم من رحمته ويهيئ لكم من أمركم مرفقًا﴾

[سورة الكهف : ٦١]

ترجمہ: اور جب تم ان لوگوں سے الگ ہوگئے ہو اور ان کے معبودوں سے بھی مگر اللہ سے تو تم (فلاں) غار میں چل کر پناہ لو تو تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے لئے تمہارے اس کام میں بھی کامیابی کا سامان درست کردے گا۔

اللہ تعالیٰ کے علاوہ باقی تمام مخلوق سے الگ ہونے کی برکات

جب بندہ ہر چیز سے الگ تھلگ ہو کر اللہ تعالیٰ کا ہو کر رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ بے شمار برکات سے نوازتے ہیں، جب حضرت ابراہیم علیہ السلام تمام کفار اور ان کے باطل معبودوں سے الگ تھلگ ہو کر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے ہو کر رہ گئے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت اسحاق جیسا بیٹا اور حضرت یعقوب جیسا پوتا عطا کیا اور ہر ایک کو نبوت کے منصب پر فائز کیا اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی غار حرا جا کر

اعتکاف فرماتے اور کھانے پینے کا سامان ساتھ لے جاتے اور وہاں رہ کر اللہ کی عبادت اور بندگی کرتے۔

علماء کرام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر، مراقبہ، تفکر اور تذکر آپ کی عبادت تھی، مزید یہ کہ فاسق، فاجر، مشرکین اور کفار سے علیحدہ رہنا یہ بھی خود ایک مستقل عبادت ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

﴿ فلما اعتزلهم وما يعبدون من دون الله وهبنا له اسحق ويعقوب وكلا جعلنا نبيًّا ﴾

[سورة مريم : ٤٩]

ترجمہ: پس جب ان لوگوں سے اور جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے علیحدہ ہو گئے (تو) ہم نے اس کو اسحاق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمایا، اور ہم نے (ان دونوں میں سے) ہر ایک کو نبی بنایا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں، آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا، اس لئے کہ نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے، قیامت تک دوبارہ نہیں کھولا جائے گا، البتہ ولایت کا دروازہ کھلا ہوا ہے، اس لئے اللہ کے علاوہ باقی تمام چیزوں سے الگ تھلگ ہو کر خالص اور خالص اللہ کے لئے اعتکاف کرنے والے کو اللہ تعالیٰ یقیناً ولایت کے درجہ پر فائز فرمائیں گے۔

ہاں! اگر ہماری جانب سے کمی کوتاہی ہوگی تو وہ محروم ہونے کا سبب بنے گی پھر برائے نام اعتکاف میں بیٹھنے کی صورت میں خالی ہاتھ لوٹنا پڑے گا، اللہ تعالیٰ ہر آدمی کو صحیح معنی میں اعتکاف کرنے اور اس کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین

اعتکاف کا سلسلہ

اعتکاف کرنے کا سلسلہ آج کا نہیں بلکہ جب سے اللہ کا گھر بیت اللہ شریف کو اس دنیا میں بنایا گیا ہے اس وقت سے اعتکاف کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

امام الامم، فخر عالم، بانی اور معمار کعبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام، اور حضرت اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام بیت اللہ شریف کی تعمیر کررہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو حکم دیا تھا کہ میرے اس مبارک گھر کو ہر قسم کی ناپاکیوں سے پاک رکھنا، طواف کرنے والوں کے لئے اور اعتکاف کرنے والوں کے لئے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے یعنی نماز پڑھنے والوں کے لئے اس کو پاک وصاف رکھنا۔

﴿ وعهدنا إلى إبراهيم وإسماعيل أن طهّرا بيتي للطائفين والعاكفين والركع السجود ﴾

[سورة البقرة : ١٢٥]

ترجمہ: اور ہم نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل (علیہما السلام) کی طرف حکم بھیجا کہ میرے (اس) گھر کو خوب پاک رکھا کرو اور بیرونی اور مقامی لوگوں (کی عبادت) کے واسطے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے واسطے۔

کفار ومشرکین بتوں کے پاس اعتکاف کرتے تھے

سورۃ الانبیاء میں ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ مورتیاں کیا ہیں؟ جن کے تم معتکف اور مجاور بنے ہوئے ہو اور جن کی عبادت پر تم جمے بیٹھے ہو، وہ بولے ہم نے اپنے باپ دادوں کو انہی کی پوجا کرنے والا پایا، لہٰذا ہم ان کی تقلید کرتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جواب

دیا کہ بے شک تم اور تمہارے باپ دادے کھلی گمراہی میں پڑے رہے، ان کا یہ عمل کسی حجت اور برہان کی بنا پر نہ تھا بلکہ محض ان کے نفس کی خواہش تھی، اور ایسی کھلی گمراہی تھی جو کسی عاقل پر مخفی نہیں رہ سکتی۔ قرآن مجید میں ہے:

﴿ ولقد آتينا إبراهيم رشده من قبل و كنّا به عٰلمين إذ قال لأبيه وقومه ما هٰذه التماثيل الّتي أنتم لها عٰكفون قالوا وجدنا آباءنا لها عٰبدين قال لقد كنتم أنتم وآباؤكم في ضلٰل مبين ﴾

[سورة الانبياء: ٥٢، ٥٣، ٥٤]

ترجمہ: اور ہم نے اس (زمانہ موسوی) سے پہلے ابراہیم کو ان کی (شان کے مناسب) خوش فہمی عطا فرمائی تھی، اور ہم ان کو خوب جانتے تھے۔ (ان کا وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی برادری سے فرمایا کہ یہ کیا (واہیات) مورتیاں ہیں جن (کی عبادت) پر تم جمے بیٹھے ہو، وہ لوگ جواب میں کہنے لگے کہ ہم نے اپنے بڑوں کو ان کی عبادت کرتے دیکھا ہے، ابراہیم نے کہا کہ بے شک تم اور تمہارے باپ دادے (ان کو لائق عبادت سمجھنے میں) صریح غلطی میں ہو۔

اس سے معلوم ہوا کہ کفار و مشرکین حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے بھی بتوں کے پاس اعتکاف کرتے تھے لیکن اسلام میں مرد کے لئے مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ اعتکاف کرنا جائز نہیں ہے۔

سورہ اعراف میں ہے:

﴿ وجٰوزنا ببني إسرائيل البحر فأتوا على قوم يعكفون على أصنام لهم قالوا يٰموسى اجعل لنا إلٰها

كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ﴾

[سورة اعراف : ۱۳۸]

ترجمہ: اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار اتار دیا پس ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں کو لگے بیٹھتے تھے، کہنے لگے: اے موسیٰ! ہمارے لئے بھی ایک (مجسّم) معبود ایسا ہی مقرر کردیجیے جیسے ان کے یہ معبود ہیں، آپ نے فرمایا: واقعی تم لوگوں میں بڑی جہالت ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں بنی اسرائیل کی بعض جہالتوں کا ذکر کیا ہے کہ وہ بت پرستوں کو دیکھ کر موسی علیہ السلام سے ویسی ہی درخواست کرنے لگے، موسی علیہ السلام نے اس جاہلانہ درخواست پر انہیں سخت سرزنش کی اور حق جلّ شانہ کے انعامات اور احسانات یاد دلائے کہ اتنے احسانات کے باوجود تم یہ چاہتے ہو کہ ایسے عظیم الشان نعمت دینے والے منعم اور محسن کو چھوڑ کر بتوں کو اپنا معبود بناؤ اور پتھروں کے سامنے اپنا سر جھکاؤ، چنانچہ فرماتے ہیں: اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کے ہلاک کرنے کے بعد بنی اسرائیل کو صحیح سالم سمندر کے پار اتار دیا، پس ان کا ایک ایسی قوم پر گزر ہوا جو اپنے بتوں کی پرستش پر جمے بیٹھے تھے کہ اس بت کدے کے مجاور اور معتکف بنے ہوئے تھے ان بتوں کو دیکھ کر بنی اسرائیل نے کہا اے موسیٰ (علیہ السلام)! ہمارے لیے بھی ایک مورت اور بت بنا دیجیے جیسے اس قوم کے لیے معبود ہیں کہ انہیں یہ لوگ پوجتے ہیں، یعنی جس طرح اس قوم کا معبود مجسم ہے اسی طرح ہمارے لئے بھی ایک مجسم معبود بنا دیجیے، موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تم عجیب قوم ہو کہ وقتاً فوقتاً نئی نئی جہالتوں کا ارتکاب کرتے رہتے ہو، تم جاہلوں کو اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جلال کی خبر نہیں کہ اللہ ہر شبیہ اور مثال سے پاک اور منزہ ہے۔

امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بنی اسرائیل موحد تھے ان کو توحید میں

شک نہ تھا مگر اپنی جہالت سے یہ خیال کر بیٹھے کہ جب تک کوئی صورت اور مجسم شی سامنے نہ ہو اس وقت تک خدا کی عبادت نہیں ہو سکتی ، اس لئے انہوں نے یہ درخواست کی کہ آپ ہمارے لئے کوئی بت یا کوئی مورت بنا دیجئے ، جس کو ہم اپنے آگے رکھ کر خدا کی عبادت کیا کریں، اس لئے کہ انسانی طبیعت کا خاصہ ہے کہ وہ ایک محسوس چیز کی طرف زیادہ مائل ہوتی ہے، اوران لوگوں نے اپنی جہالت اور حماقت سے یہ خیال کیا کہ یہ امر دیانت اور وحدانیت کے منافی نہیں۔

چنانچہ شاہ عبد القادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جاہل آدمی نرے بے صورت معبود کی عبادت سے تسکین نہیں پاتا، جب تک سامنے کوئی ایک صورت نہ ہو، (ان لوگوں نے) وہ قوم دیکھی کہ گائے کی صورت پوجتی تھی ، ان کو بھی یہ ہوس آئی ، آخر سونے کا بچھڑا بنایا اور پوجا (موضح القرآن)

بنی اسرائیل مدت تک مصری بت پرستوں کے ساتھ رہے ان کی بری صحبت کے اثر سے یہ جاہلانہ خیال دل میں آیا، موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا کہ تم بڑے ہی سخت جاہل ہو جو ایسی درخواست کرتے ہو، تم نادانوں کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی صورت نہیں بن سکتی اور نہ اس کی عبادت کے وقت کسی محسوس اور مجسم شی کو سامنے رکھا جا سکتا ہے، یہ سب مشرکانہ اور جاہلانہ خیالات ہیں ۔ (معارف القرآن کاندھلوی رحمہ اللہ: ۱۶۹/۳، ۱۷۰)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بھی کفار و مشرکین میں بتوں کے پاس اعتکاف کرنے کا رواج تھا، لیکن اللہ کی رضا کے لئے مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ پر اعتکاف کرنا جہالت اور گمراہی ہے، اس سے بچنا لازم ہے۔

کوہ طور میں اعتکاف

فرعون مصر جیسی ایک چھوٹی سی سلطنت کا بادشاہ بنا تھا اکڑ اور غرور کی وجہ سے

خود کو "رب" اور پروردگار کہتا تھا، بنی اسرائیل کو سخت ترین عذاب کی تکلیف دے رہا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا تھا، اور عورتوں کو زندہ چھوڑتا تھا، اور ان پر وحشیانہ مظالم ڈھاتا تھا، اور ان سے سخت ترین مشقت کا کام لیتا تھا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس اللہ کا حکم آیا کہ بنی اسرائیل کو اپنے ساتھ لے کر مصر سے شام ہجرت کریں تاکہ بنی اسرائیل پر فرعون کے ظلم کا خاتمہ ہو جائے اور اللہ کے ماننے والے اور نہ ماننے والے ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہو جائیں، چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام رات میں بنی اسرائیل کو لے کر مصر سے بحر قلزم پار کر رہے تھے، جب صبح ہوئی تو فرعون اور قبطی قوم کو معلوم ہوا کہ پورے شہر میں بنی اسرائیل میں سے کوئی فرد نہیں، تو فرعون لشکر لے کر بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکلا اور بنی اسرائیل کو دیکھا کہ دریا میں بارہ خشک راستوں سے گزر رہے ہیں، اور دونوں طرف پانی کی دیواریں کھڑی ہیں، تو اس نے اپنے لشکروں کو ان دریائی راستوں پر چلنے کا حکم دیا، اس عجیب وغریب منظر کو دیکھ کر فرعون کے خوشامدی بولے کہ یہ سب حضور فیض گنجور فرعون کا کمال ہے، جب بنی اسرائیل دریا سے پار نکل گئے اور فرعون لشکر کے ساتھ دریا کے بیچ پہنچ گیا تو اللہ کے حکم سے دونوں طرف کی پانی کی دیواریں ختم ہو گئیں اور پانی جاری ہو گیا اور ایک بڑی ہولناک موج نے ان سب کو آغوش میں لے لیا اور بد بخت، بدقسمت، بدنصیب متکبر فرعون اپنی قوم اور لشکر کے ساتھ بحر قلزم میں غرق ہو گیا، اور عبرت کا نشان بن گیا، اس طرح بنی اسرائیل نے اپنے بڑے دشمن فرعون سے نجات حاصل کی۔

فرعون کے غرق ہونے کے بعد بنی اسرائیل واپس مصر میں داخل ہو گئے، تو بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے یہ درخواست کی کہ ہمیں کوئی ہدایت کا دستور اور شریعت کا قانون چاہیے تاکہ ہم اس پر چلیں، موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے

درخواست کی، تو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے توریت عطا فرمانے کا وعدہ فرمایا کہ ہم تم کو ایسی کتاب عطا کریں گے جس میں شریعت کے احکام جمع ہوں گے اور یہ بھی وعدہ فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر چالیس رات اعتکاف فرمائیں، چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر تشریف لے گئے اور اعتکاف کرنے لگے، جیسے سورۃ بقرہ میں ہے:

﴿وإذ واعدنا موسیٰ أربعین لیلة﴾

[آیة: ٥١]

ترجمہ: اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب کہ وعدہ کیا تھا ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا۔

سامری کے پیروکار بتوں کے پاس اعتکاف میں بیٹھے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر جاتے وقت اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنا جانشین بنا کر گئے تھے، اور یہ ہدایت فرما گئے تھے کہ ان کو توحید اور ہدایت پر قائم رکھنا، "موسیٰ بن ظفر سامری" موسیٰ علیہ السلام کی امت کا ایک منافق تھا ہر وقت بنی اسرائیل کو گمراہ کرنے کی کوشش میں لگا رہتا تھا۔

موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر چلے جانے کے بعد اس نے چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا لیا، اور بنی اسرائیل سے کہا کہ یہ تمہارا معبود ہے، یہ تمہارا خدا ہے، بنی اسرائیل اس کو پوجنے لگے، اور بارہ ہزار بنی اسرائیل کے علاوہ باقی سارے بنی اسرائیل اس بچھڑے کی عبادت میں مبتلاء ہوگئے، اور اس کے پاس جم کر بیٹھ گئے یہاں تک کہ اس کے پاس اعتکاف بھی کرنے لگے۔

حضرت ہارون علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا کہ اے میری قوم! اصل بات یہ ہے کہ تم اس بچھڑے کی وجہ سے آزمائش اور امتحان میں ڈال دیئے گئے ہو، یہ

سب فتنہ اور ابتلاء ہے، اور سراسر گمراہی کا سامان ہے، اس بچھڑے کے پتلے کا معبود اور خدا ہونا محال اور ناممکن ہے، اور اس میں شک نہیں کہ تمہارا پروردگار خدائے رحمٰن ہے، جس کی رحمت اور نعمت تمام عالم کو محیط ہے، اس کو اپنا معبود بناؤ، پس اس رب، رحمٰن کی عبادت میں تم میری پیروی کرو، اور میرا حکم مانو، وہ بولے جب تک موسیٰ علیہ السلام ہمارے پاس نہ آئے تو ہم اس پر جمے بیٹھے رہیں گے، اور اعتکاف کریں گے۔
اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿ولقد قال لهم هرون من قبل يقوم إنّما فتنتم به وإن ربكم الرحمٰن فاتّبعوني وأطيعوا أمري قالوا لن نبرح عليه عٰكفين حتى يرجع إلينا موسىٰ﴾
[سورہ طه: ۹۰، ۹۱]

ترجمہ: اور ان لوگوں سے ہارون نے (موسیٰ علیہ السلام کے لوٹنے سے) پہلے ہی کہا تھا کہ اے میری قوم! تم اس (گوسالہ) کے سبب گمراہی میں پھنس گئے ہو، اور تمہارا رب (حقیقی) رحمٰن ہے، سو تم میری راہ پر چلو اور میرا کہا مانو انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو جب تک موسیٰ ہمارے پاس واپس (ہوکر) آئیں اسی (کی عبادت) پر برابر جمے بیٹھے رہیں گے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

﴿وانظر إلى إلٰهك الّذي ظلت عليه عاكفا لنحرّقنّه ثم لننسفنّه في اليمّ نسفًا﴾
[سورہ طه: ۹۷]

ترجمہ: اور تو اپنے اس معبود (باطل) کو دیکھ جس پر تو جما ہوا بیٹھا تھا (دیکھ) ہم اس کو جلادیں گے، پھر اس (کی راکھ) کو دریا میں بکھیر کر بہادیں گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا اعتکاف

قرآن مجید کے نزول سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک طبیعت میں سب سے یکسو اور سب سے الگ ہو کر تنہائی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے ذکر وفکر کا جو بیتابانہ جذبہ پیدا ہوا تھا، جس کے نتیجہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل چند مہینے ''غارحرا'' میں خلوت میں بیٹھا کرتے تھے، یہ گویا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا اعتکاف تھا، اور اس اعتکاف ہی میں آپ کی روحانیت اس مقام تک پہنچ گئی تھی کہ آپ پر قرآن مجید کا نزول شروع ہو جائے، چنانچہ ''غارِحرا'' کے اس اعتکاف کے آخری ایام ہی میں حضرت جبرئیل علیہ السلام سورۃ العلق کی ابتدائی آیتیں لے کر نازل ہوئے، یہ رمضان المبارک کا مہینہ، اور اس کا آخری عشرہ تھا اور شب قدر کی رات تھی، اس لئے اعتکاف کے لئے رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا انتخاب کیا گیا۔

(معارف الحدیث:۴/۱۱۷، ۱۱۸)

اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک میں مدینہ منورہ میں قیام فرما ہوتے تو اعتکاف کبھی بھی ترک نہ فرماتے، ہاں اگر سفر میں ہوتے جیسا کہ آپ نے فتح مکہ کے موقع پر رمضان المبارک میں سفر کیا تو ایسی صورت میں آپ کا اعتکاف چھوٹ جاتا، اور آئندہ رمضان المبارک میں اس کی تلافی فرماتے، اور بیس دن کا اعتکاف فرماتے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ عادت یہ تھی کہ آپ جو عبادت کرتے اس میں دوام اور ہمیشگی ملحوظ رکھتے، اور اگر کسی وجہ سے چھوٹ جاتا تو دوسرے اوقات میں اس کی تلافی فرماتے، اور دائمی عبادت کے نور اور برکت کی حفاظت فرماتے۔

نبی کریم ﷺ پابندی سے تہجد کی نماز ادا فرماتے اگر کسی وجہ سے کسی رات تہجد چھوٹ جاتی تو دن میں اس کی تلافی فرماتے، اسی طرح نبی کریم ﷺ کی پابندی سے

اعتکاف کرنے کی عادت تھی، اگر اتفاق سے رمضان المبارک میں سفر کی وجہ سے ناغہ ہو جاتا تو شوال میں یا آئندہ سال رمضان المبارک میں اس کی تلافی فرماتے۔ [1]

مزاج بدل گیا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر رمضان میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے، آپ ﷺ کو اعتکاف کرتے ہوئے دیکھ کر ازواج مطہرات کے دل میں بھی اعتکاف کرنے کا شوق پیدا ہوا، چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اعتکاف کرنے کی اجازت طلب کی، نبی کریم ﷺ نے اعتکاف کرنے کی اجازت دیدی، یہ سن کر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے بھی اعتکاف کا ارادہ کیا۔ [2]

---

(۱) كان صلى الله عليه وسلم يعتكف العشر الأواخر من رمضان ، حتى توفاه الله عزّ وجلّ ، وتركه مرة ، فقضاه في شوال .

واعتكف مرة في العشر الأوّل ، ثم الأوسط ، ثم العشر الأخير ، يلتمس ليلة القدر ، ثم تبين له أنّها في العشر الأخير ، فداوم على اعتكافه حتى لحق بربّه عزّ وجلّ ...... وترك الاعتكاف في شهر رمضان حتى اعتكف في العشر الأوّل من شوال . (زاد المعاد : (۲/ ۸۸، ۸۹) فصل في هديه صلى الله عليه وسلم في الاعتكاف ، ط: مؤسّسة الرسالة ، بيروت)

وعن أنس قال : كان النّبي صلى الله عليه وسلم يعتكف العشر الأواخر من رمضان ، فلم يعتكف عامًا ، فلما كان في العام المقبل اعتكف عشرين ، رواه أحمد والترمذي وصححه ، ولأحمد وأبي داود وابن ماجه هذا المعنى من رواية أبي بن كعب . (نيل الأوطار شرح منتقى الأخبار : (۳/ ۲۷۸) كتاب الإعتكاف ، ط: إدارة القرآن)

(۲) حدثنا أبو النعمان ، حدثنا حماد بن زيد ، حدثنا يحيى ، عن عمرة ، عن عائشة رضي الله عنها، قالت : كان النّبي صلى الله عليه وسلم يعتكف في العشر الأواخر من رمضان ، فكنت أضرب له خباء فيصلي الصبح ثم يدخله ، فاستأذنت حفصة عائشة أن تضرب خباء، فأذنت لها ، فضربت خباء ، فلما رأته زينب ابنة جحش ضربت خباء آخر ، فلمّا أصبح النّبي صلى الله عليه وسلم رأى الأخبية ، فقال : " ما هذا ؟ " فأخبر ، فقال النّبي صلى الله عليه وسلم : " آلبر ترون بهن " فترك الاعتكاف ذالک الشهر ، ثم اعتكف عشرا من شوال . (صحيح البخاري : (۱/ ۲۷۲) كتاب الصوم ، باب اعتكاف النساء ، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

یہ تھا دینی مزاج، یہ تھی سچی محبت، یہ تھی فرمانبرداری اور اطاعت، محبت کی وجہ سے آدمی محبوب کے طریقہ کی اتباع اور پیروی کرتا ہے، چنانچہ آپ کو اعتکاف کرتے ہوئے دیکھ کر ازواج مطہرات کو بھی اعتکاف کرنے کا شوق پیدا ہوا، لیکن افسوس کی بات یہ ہے، بلکہ جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے اور جتنے بھی آنسو بہائے جائیں، تلافی نہیں ہوسکتی، کہ آج کل اس دور میں نیکی اور عبادت کو دیکھ کر نیکی اور عبادت کا شوق پیدا نہیں ہوتا، ہاں برائی، خرابی، انارکی، یا فیشن دیکھ کر اس کا شوق پیدا ہو جاتا ہے، یہ دین سے بے رغبتی، بیزاری، دشمنی اور عداوتی کی بات ہے، یہ اللہ ورسول کو ناراض کر کے آخرت کو تباہ و برباد کرنے والی بات ہے، دین دار کو دہشت گرد اور دہشت گرد کو دیندار کہا جاتا ہے، یہ تو بکرے کو خنزیر کہنا اور خنزیر کو بکرا کہنا ہے، گدھے کو گھوڑا کہنا اور گھوڑے کو گدھا کہنا ہے، کیا ایسے لوگوں کو اللہ کا ڈر نہیں ہے، کل قیامت کے دن تمام انبیاء، تمام صحابہ، تمام اولیاء اور تمام لوگوں کی موجودگی میں اللہ کے سامنے حساب و کتاب دینا ہے اگر کامیاب ہو گیا تو ٹھیک ورنہ جہنم کا دردناک عذاب منتظر ہے۔

مزاج بدلنے کی وجہ سے آج دین کی برکات، اور دین پر اللہ تعالیٰ کی نصرت حاصل نہیں ہو رہی ہے، عجیب بات ہے کہ دنیا دیکھ کر دنیا کے طالب ہو جاتے ہیں، مگر دین وعبادت دیکھ کر دین کا شوق پیدا نہیں ہوتا، جو ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہو رہا اور جو نہیں ہونا چاہیے تھا وہ ہو رہا ہے، اور اس کا احساس تک نہیں ہو رہا۔

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا

کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

یہ قلب میں ایمان اور اللہ کی معرفت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سرایت نہ کرنے کی علامت ہے، اور علامت بھی ایک دلیل ہوتی ہے۔

اعتکاف کے بارے میں اللہ کا حکم

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

﴿ولا تباشروهن وأنتم عكفون في المسجد﴾
(البقرة: ۱۸۷)

ترجمہ: اور ان بیبیوں (کے بدن) سے اپنا بدن بھی مت ملنے دو جس زمانہ میں کہ تم لوگ اعتکاف والے ہو مسجدوں میں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اپنی بیویوں کو اس حالت میں ہاتھ مت لگاؤ، جب تم مسجد میں اعتکاف میں بیٹھے ہو، اگر چہ تم کسی ضرورت کی وجہ سے مسجد سے باہر نکلے ہو، خواہ دن ہو یا رات ہو بہر حال اعتکاف کی حالت میں بیوی کے پاس جانا حرام ہے، سورج غروب ہونے سے روزہ ختم ہو جاتا ہے لیکن اعتکاف دن کے ساتھ مخصوص نہیں اعتکاف رات اور دن دونوں ہی کا ہوتا ہے۔ اگر معتکف استنجاء وغیرہ کسی شرعی یا طبعی ضرورت وغیرہ کی بنا پر مسجد سے باہر آجائے تو بھی وہ مسجد ہی میں معتکف اور مقیم کے حکم میں ہے، اس لئے معتکف کو مسجد سے باہر جا کر بھی صحبت کرنے کی اجازت نہیں، یہ تمام احکام اللہ کی حدود ہیں، جو حلال اور حرام میں حد فاصل ہیں، لہٰذا ذرہ برابر ان سے تجاوز نہ کرو بلکہ ان کے قریب بھی نہ جاؤ، قریب جانے سے اندیشہ ہے کہ کہیں ممنوعہ حدود میں داخل ہو جاؤ، اگر دین کی حفاظت چاہتے ہو تو شبہات سے بھی بچو۔

اس آیت سے چند احکامات معلوم ہوئے:

۱۔ اعتکاف کی حالت میں بیوی سے مباشرت کرنا حرام ہے، اس سے اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے۔

۲۔ مرد حضرات کا اعتکاف مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ صحیح نہیں۔

۳۔اعتکاف ہر مسجد میں درست ہے، کسی مسجد کی خصوصیت نہیں، اس لئے کہ آیت میں لفظ ''مساجد'' عام ہے۔

عورتوں کے لئے بھی اعتکاف سنت ہے

جس طرح مرد حضرات کے لئے عبادت کرنا اور ثواب حاصل کرنا ضروری ہے تاکہ آخرت میں پریشانی نہ ہو، اور جنت حاصل کرنا آسان ہو، اسی طرح عورتوں کے لئے بھی عبادت کرنا اور ثواب حاصل کرنا لازم ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف کیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آپ کی محبت اور اتباع میں ازواج مطہرات وغیرہ نے بھی اعتکاف کیا، اور آپ کے بعد بھی ازواج مطہرات وغیرہ نے اس سنت پر عمل کیا، اس سے معلوم ہوا کہ عورتوں کو بھی اس سنت پر عمل کرنا چاہیے۔

آج کل عورتوں میں اعتکاف کرنے کا رواج کم ہوگیا ہے، یہ عورتوں میں دینداری، تقویٰ، زہد، آخرت کی طرف رغبت، اور دینی مزاج نہ ہونے کی وجہ سے ہے، حالانکہ عورتوں کے لئے اعتکاف کرنا بہت ہی زیادہ آسان ہے، اگر گھر میں پہلے سے نماز پڑھنے کی کوئی خاص جگہ متعین ہو تو وہاں بستر لگائے اور بیٹھ جائے، صرف پاخانہ پیشاب کے لئے نکلے، باقی اسی جگہ بیٹھی بیٹھی گھر کا کام کاج بھی کرسکتی ہے، اور لڑکیوں کو رہنمائی بھی کرسکتی ہے، اور کام کاج کی تعلیم بھی کرسکتی ہے، اس طرح ایک تیر سے دو شکار ہو جائیں گے، ان کا اعتکاف بھی ہو جائے گا اور گھر کا کام کاج بھی ہو جائے گا، اور اعتکاف جیسی سنت عبادت سے گھر میں خیر و برکت بھی نازل ہوگی، اتنی آسانی کے باوجود عورتیں اعتکاف نہ کریں تو یہ بہت ہی بڑا نقصان ہے۔

---

(۱) عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم أنّ النّبي صلى الله عليه وسلم كان يعتكف العشر الأواخر من رمضان حتى توفاه الله ثم اعتكف أزواجه من بعده . (صحيح البخاري : (۱/ ۲۷۱) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف في العشر الأواخر ، ط: قديمى)

خاص کمرہ

مسلمان اللہ پر ایمان رکھنے والے، اللہ کی عبادت کرنے والے، اللہ کا حکم ماننے والے، اور اللہ سے سب سے زیادہ شدید محبت رکھنے والے ہیں، مسلمان ہی اللہ کے دوست ہیں، اور اللہ مسلمانوں کے دوست ہیں، اس کے برخلاف کفار و مشرکین اللہ پر ایمان نہیں رکھتے، وہ اللہ کے دشمن ہیں، اللہ کے رسول کے دشمن ہیں، قرآن مجید کے دشمن ہیں، اللہ کے نبی کی حدیث کے دشمن ہیں، دینی علماء، طلباء اور دینداروں کے دشمن ہیں، دینی مدارس اور دینی مکاتب کے دشمن ہیں، دین وشریعت کے دشمن ہیں، مساجد کے دشمن ہیں، اور ملعون جہنمی گمراہ فتنہ وفساد کا مرکز شیطان ابلیس کے دوست اور چیلے ہیں۔

اس لئے دنیا کی ابتداء سے دو جماعتیں کام کر رہی ہیں ایک ''حزب اللہ'' اللہ والوں کی جماعت، دوسری ''حزب الشیطان'' شیطان کی جماعت، دونوں کا منصوبہ، دونوں کا کام، دونوں کے نتائج الگ الگ ہیں، یہاں تک کہ گھر بنانے کا منصوبہ (PLAN) میں بھی فرق ہے، مسلمان جب گھر بناتا ہے تو اس میں ایک کمرہ یا ایک جگہ عبادت کے نام پر رکھتا ہے، اس میں قالین بچھا ہوا ہوتا ہے، یا جائے نماز بچھی ہوئی ہوتی ہیں، یا لکڑی کے تخت بنا کے رکھتے ہیں، وہاں اللہ کا کلام قرآن مجید موجود رہتا ہے، عورتوں کے لئے موٹے کپڑے کے نقاب یا دوپٹے رکھے ہوئے ہوتے ہیں، تسبیح رکھی ہوئی ہوتی ہے، رحل یا تپائی رکھی ہوئی ہوتی ہے، گھر کے بچے بچیاں اور خواتین اس کمرے میں نماز پڑھتی ہیں، اور خواتین کو اعتکاف کے لئے بیٹھنا ہو تو اس مخصوص کمرے میں جا کر بیٹھتی ہیں، اس کمرہ کو گھر کی مسجد بھی کہتے ہیں، لیکن آج کل افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم میں سے کتنے لوگ ہیں جنہوں نے اپنے گھر میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی نسبت سے کسی کمرے کو خاص کر رکھا ہوا ہے، یہ کہ میرے اللہ کی عبادت

کے لئے ہے کہ میں یہاں اپنے مولیٰ سے ملاقات کروں گا، قرآن مجید کی تلاوت کی صورت میں بات چیت کروں گا۔

مسجد سے دل لگانے والا عرش کے سایہ میں ہوگا

قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں، ننگے بدن، اور غیر مختون اٹھائے جائیں گے، دنیا کے بادشاہوں سے ان کی حکومت چھینی جا چکی ہوگی، دنیا میں عزت اور روئے زمین پر انسانوں کے ساتھ بڑائی اور تکبر سے پیش آنے کے بعد ذلت ورسوائی ان کے ساتھ چمٹی ہوئی ہوگی۔ پھر وحشی جانور اپنے اپنے ٹھکانوں سے سر اٹھائے آئیں گے حالانکہ وہ لوگوں سے دور بھاگتے تھے، اور جنگلوں اور بیابانوں میں الگ تھلگ رہتے تھے، وہ وحشی جانور اس دن کی ہولناکی کی وجہ سے دبے سہمے اور ڈرے ڈرے ہوں گے، حالانکہ ان کے ذمہ نہ کوئی گناہ ہوگا نہ وہ کسی ممنوع چیز میں پڑے ہوں گے، وہ تمام مخلوق کے پیچھے اپنے پروردگار کے سامنے بڑے ذلیل ومتواضع ہوکر کھڑے ہوجائیں گے۔

پھر وہ شیاطین جو بڑے سرکش تھے وہ اللہ جل شانہ کے سامنے ذلیل ومتواضع ہوکر پیش ہوں گے، پھر جب روئے زمین کے انسانوں، جنوں، شیاطین، وحشی درندوں، پرندوں، چوپایوں اور پروانوں کی تعداد پوری ہوجائے گی، تو آسمان کے ستارے تتر بتر اور سورج و چاند بے نور ہوجائیں گے، دنیا تاریک ہوجائے گی، اور آسمان لوگوں کے سروں پر چکر لگانے لگے گا، سب ان ہولناک چیزوں کو دیکھ رہے ہوں گے ابھی وہ اس حالت میں ہوں گے کہ آسمان باوجود اس موٹائی اور مضبوطی کے ان کے سروں پر پھٹ پڑے گا، حالانکہ اس میں اور ان کے سروں کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہوگا، اور اس طرح وہ ٹکرے ٹکرے ہوجائے گا، اس کے پھٹنے کی بڑی شدید آواز مخلوق کے کانوں میں آئے گی، چنانچہ آسمان اس دن کی ہولناکی سے پھٹ

کر پگھل کر پگھلی ہوئی چاندی کی طرح ہو جائے گا اور پہاڑ دھنی ہوئی اون کی طرح ہو جائے گا جو سب سے کمزور ترین اون ہوتی ہے، پھر فرشتے آسمان سے زمین پر اتریں گے اور تمام مخلوق کو صف بنا کر چاروں طرف سے گھیر لیں گے، سب پر خوف طاری ہوگا، اور اس دن کے خوف اور ہولناکی کی وجہ سے سب کے سر جھکے ہوئے ہوں گے۔

پھر جب وہ سب کے سب میدان حشر میں جمع ہو جائیں گے اور ساتوں آسمان اور ساتوں زمین والے سب کے سب جمع ہو جائیں گے تو سورج کی گرمی دس سال کی گرمی کے برابر بڑھ جائے گی، پھر سورج کو مخلوق سے ایک یا دو کمانوں کے برابر قریب کر دیا جائے گا، اس دن عرش کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا، اس دن بعض عرش کے سائے تلے ہوں گے، بعض اس سورج کی گرمی میں ہوں گے جس نے انہیں جھلسا دیا ہوگا، اس کی وجہ سے وہ سخت پریشان و بے چین ہوں گے، بھیڑ بھاڑ کی کثرت سے دم گھٹ رہا ہوگا، اور پیاس سے جان نکل رہی ہوگی، اس موقع پر سورج کی گرمی کے ساتھ ساتھ سانسوں اور مجمع کی کثرت کی وجہ سے گرمی اور بڑھ گئی ہوگی، پسینہ زمین پر بہہ رہا ہوگا۔ ان میں سے بعض کے کاندھے تک پسینہ پہنچ گیا ہوگا اور بعض کے گلے تک، بعض کے کانوں کی لو تک اور بعض کے پسینہ نے ان کے منہ تک کو ڈھانپا ہوا ہوگا، اور وہ ان کو پورا ڈبونے کے قریب ہوگا۔

امام غزالی نے لکھا ہے کہ مخلوق ایک دوسرے میں اژدھام کرے گی اور ایک دوسرے کو دھکا دیں گے، اور ایک ایک پاؤں پر ہزار پاؤں پڑ جائیں گے، لوگ پسینہ پسینہ ہو جائیں گے، حدیث میں آتا ہے کہ اگر اس دن لوگوں کے پسینے میں کشتیاں چلا دی جائیں تو وہ اس میں چلنے لگیں، غرض کہ قیامت کے دن کی ہولناکی کے بارے میں جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (ایسی گرمی اور اس

ہولناک حالت میں) سات آدمیوں کو اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے میں جگہ ملے گی، ان میں ایک وہ بندہ بھی ہے جس کا دل مسجد کے اندر اٹکا رہتا ہے۔ (بخاری) یعنی وہ کام کاج کے لئے گھر آئے ، دفتر جائے ، آفس جائے ، کارخانے میں جائے ، یا دنیا کے دوسرے معاملات کرے ، تو وہ پریشان رہے ، اور جیسے ہی فارغ ہو کر فوراً مسجد پہنچے تو وہاں جا کر اسے سکون آئے ، ایسے لوگوں کو قیامت کے دن عرش کے سائے کے نیچے جگہ ملے گی ، اور جو آدمی مسجد میں اعتکاف کی نیت سے بیٹھ جائے گا اس کو تو عرش کا سایہ بطریق اولیٰ ملے گا، اس لئے اعتکاف میں بیٹھنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔

مسجد میں بیٹھنے کی ترغیب

میدان حشر میں سختی اور پریشانی کے دن نرمی اور آسانی کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے اعمال کی تعلیم دی جن سے انسان مسجد میں بیٹھنے کا عادی بنے ، مثلاً فرمایا: ”جو شخص فجر کی نماز پڑھ کر اپنی جگہ پر بیٹھا رہے، سورج طلوع ہونے تک ذکر و عبادت کرتا رہے، اور پھر اگر دو رکعت نفل پڑھ لے تو دو رکعت پڑھنے پر اللہ تعالیٰ ایک حج یا ایک عمرے کا ثواب عطا فرمائیں گے۔ [1]

اس حدیث میں فجر سے اشراق تک بیٹھنے کی فضیلت اس لئے بتائی کہ ایمان والوں کو مسجد میں بیٹھنے کی عادت ہو جائے اور اللہ اور اس کے گھر کی محبت میں اضافہ ہو جائے ، اور آخرت میں ثواب کی وجہ سے کامیابی حاصل ہو جائے۔

جمعہ کے دن جو آدمی مسجد میں سب سے پہلے آجاتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ انعام دیتے ہیں ، یہاں تک کہ گزشتہ جمعہ سے لے کر اس جمعہ تک جتنے گناہ کئے اللہ تعالیٰ سب گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں۔ (بخاری ، ص: ۶۲۰)

---

(۱) من صلى الفجر في جماعة ثم قعد يذكر الله تعالىٰ حتى يطلع الشمس ، ثم صلى ركعتين كانت له كاجر حجة و عمرة . (كنز العمال : ...... (رقم: ۲۱۵۰۸ ......)

جمعہ کے دن عصر سے مغرب تک جو اسی مرتبہ درود شریف پڑھے گا اس کے اسی سال کے گناہوں کو معاف فرمادیں گے۔

اسی طرح علمی مذاکرہ، فقہ اور ذکر کے حلقہ اور تعلیم و تعلم کے فضائل بیان کرنے کا مقصد اور منشا یہ ہے کہ ایماندار حضرات زیادہ سے زیادہ مسجد میں بیٹھنے کی عادت ڈالیں تا کہ اللہ بھی راضی رہے، مسجد بھی آباد رہے اور نامۂ اعمال میں ثواب بھی جمع ہوتا رہے۔

اور مسجد میں اعتکاف کرنا سنت بھی ہے اور ان تمام عبادتوں کا جامع بھی ہے اور ہر آن ہر لمحہ عبادت میں شمار ہوتا ہے، اس لئے اعتکاف کرنے والے بڑے خوش نصیب ہیں۔

مومن اور کافر کی زندگی کا محور

مساجد بیت اللہ شریف کی شاخیں ہیں، قیامت کے دن تمام مساجد کو بیت اللہ شریف کے ساتھ ملا کر جنت کا حصہ بنا دیا جائے گا، مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے اس میں عبادت کرنا، اس میں اعتکاف کرنا، اس کو پاک وصاف رکھنا اور اس سے محبت رکھنا اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے کی دلیل ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مسجد سے محبت رکھے اللہ تعالیٰ اس سے محبت رکھتے ہیں۔ [1]

انسان کی فطرت یہ ہے کہ اسے جس گھر سے محبت ہوتی ہے اس جگہ پہ وقت زیادہ گزارنا چاہتا ہے، اور جس جگہ سے نفرت ہوتی ہے اس جگہ کے قریب سے بھی گزرنا نہیں چاہتا، اس لئے مسلمانوں کی زندگیوں میں مسجد کو ایک مرکزی حیثیت

---

(۱) من ألف المسجد ألفه الله تعالىٰ. (الجامع الصغير للسيوطي: حرف الميم، برقم: ۸۵۲۲،
ط: دار الكتب العلمية، بيروت، لبنان. ۲۰۰۸ء)

حاصل ہے، مسلمانوں کی زندگی مسجد کے اعمال کے گرد گھوم رہی ہوتی ہے، اور مسلمان مسجد میں آ کر اس طرح پر سکون ہو جاتا ہے جیسے بچہ ماں کی گود میں آ کر پر سکون ہو جاتا ہے، اور مچھلی پانی میں آ کر خوش ہو جاتی ہے۔ اگر بچہ ماں سے جدا ہو جائے تو روتا ہے اور مچھلی پانی سے جدا ہو جائے تو تڑپتی ہے، اسی طرح مومن اور مسلمان کا حال ہوتا ہے کہ مسجد میں رہ کر پر سکون ہوتا ہے اور مسجد سے جدا ہو کر پریشان اور بے قرار ہوتا ہے۔

🗀 [مصنف ابن ابى شيبه: ۳۱۸/۱۳، رقم الحديث: ۳۵۷۵۶،كتاب الزهد،زهد الصحابة الكرام رضى الله عنهم اجمعين،باب ماجاء فى لزوم المساجد، ط:دارالقبلة]

🗀 [كنز العمال فى سنن الأقوال والأفعال:۳۱۳/۸،رقم الحديث:۲۳۰۷۳، كتاب الصلوةمن قسم الأقوال، الباب الخامس: فى الجماعة وفضلها وأحكامها،فصل: فيما يتعلق بالمسجد، ط: مؤسسة الرسالة بيروت]

(۳) (وقد روى ابن ابى شيبة...... عن الأعمش عن عبد الرحمن بن معقل، قال:"كنا نتحدث أن المسجد حصن حصين من الشيطان") [مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح : ۳۶۰/۲،كتاب الصلاة، باب المساجد ومواضع الصلاة،ط:حقانية بشاور]

🗀 [مصنف ابن ابى شيبه:۳۱۸/۱۳،رقم الحديث:۳۵۷۵۸،كتاب الزهد، زهد الصحابة الكرام رضى الله عنهم اجمعين،باب ماجاء فى لزوم المساجد، ط:دارالقبلة]

🗀 [فضائل رمضان حضرت شیخ مولانا محمد زکریا کاندھلوی:ص:۵۴،فصل ثالث: اعتکاف کے بیان میں، ط: کتب خانہ فیضی لاہور]

(۴) انظر الى الحاشية الاتية، رقم: ۱ ، على الصفحة: ؟؟؟؟؟. (وشرع لهم الاعتكاف).

اعتکاف کی روح

اعتکاف کا مقصد اور اس کی روح دل کو اللہ کی پاک ذات کے ساتھ وابستہ کرلینا ہے، کہ ہر طرف سے ہٹ کر اسی کے ساتھ لگ جائے اور ساری مشغولیات کے بدلے میں اسی کی پاک ذات سے مشغول ہو جائے، اور اس کے غیر کی طرف سے الگ تھلگ ہو کر اس طرح اس میں لگ جائے کہ خیالات و تفکرات سب کی جگہ اس کا پاک ذکر اور اس کی محبت میں سما جائے، یہاں تک کہ مخلوق کے ساتھ انس محبت کے بدلے اللہ کے ساتھ محبت پیدا ہو جائے کہ یہ انس قبر کی وحشت میں کام دے، اس دن اللہ کی پاک ذات کے سوا نہ کوئی مونس ہوگا نہ دل بہلانے والا، اگر دل اس کے ساتھ مانوس ہو چکا ہوگا تو کس قدر لذت سے وقت گزرے گا۔(۱)

اعتکاف کی قسمیں

اعتکاف کی تین قسمیں ہیں:

۱-اعتکاف واجب۔ ۲-اعتکاف مسنون۔ ۳-اعتکاف مستحب۔

---

(۱) (وشرع لهم الاعتكاف الذى مقصوده وروحه عكوف القلبِ على الله تعالى وجمعيّتُه عليه والخلوةُ به والانقطاعُ عن الاشتغال بالخلق والاشتغال به وحده سبحانه بحيث يصير ذِكره وحبه والإقبالُ عليه فى محل هموم القلب وخطراته فيستولى عليه بدلَها ويصير الهمُّ كُلُّه به والخطراتُ كلُّها بذكره والتفكُّر فى تحصيل مراضيه وما يُقرّب منه فيصيرُ أُنسه بالله بدلاً عن أُنسه بالخلق فيعده بذلك لأنسه به يوم الوَحشة فى القبور حين لا أنيس له ولا ما يفرحُ به سواه فهذا مقصود الاعتكاف الأعظم) [زاد المعاد فى هدى خير العباد: ۸۷/۲، فصل: فى هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فى الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت]

[فضائل رمضان حضرت شیخ مولانا محمد زکریا کاندھلوی: ص: ۵۴، فصل ثالث: اعتکاف کے بیان میں، ط: کتب خانہ فیضی لاہور]

[حاشية الطحطاوى على المراقى: ص: ۳۸۶، ۳۸۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/، ص: ۵۸۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه الصارية هرات افغانستان]

[الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما محاسنه، ط: رشيدية كوئٹه]

☆ ہر ایک کی تفصیل اپنے اپنے عنوان کے تحت دیکھیں!(۱)

اعتکاف کی قضا کا حکم

”اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم“ کے تحت دیکھیں!(ص:۸۵)

اعتکاف کی قضا کب لازم ہوتی ہے؟

☆ اعتکاف کی قضا اس وقت واجب ہوتی ہے جب کہ اس آدمی میں قضا کرنے کی قدرت ہو، مثلاً: بیمار ہو گیا، یا ایسا عذر لاحق ہو گیا کہ اس کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا، اور مسجد میں قیام نہیں کر سکتا تو قضا واجب نہیں ہو گی۔(۲)

اعتکاف کی نذر کا طریقہ

☆ ......اگر کسی نے ایک رات کے اعتکاف کی نذر کی، یا اس نے کسی ایسے

---

(۱) (وَيَنْقَسِمُ إِلَى وَاجِبٍ وهو المَنْذُورُ تنجيزًا أو تَعلِيقًا وَإِلَى سُنَّةٍ مُؤَكَّدَةٍ وهو في العَشرِ الأَخِيرِ من رَمَضَانَ وَإِلَى مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هَكَذَا في "فَتحِ القَدِيرِ") [الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأما شروطه،ط:رشيدية كوئٹه]

[مراقی الفلاح: (ص:۱۷۸، ۱۷۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:امداديه]

[حاشية الطحطاوی علی المراقی:(ص: ۳۸۲، ۳۸۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: میرمحمد کتب خانه کراچی/(ص:۵۷۷، ۵۷۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان]

(۲) (قال): (وإن كان مريضا حين نذر الاعتكاف فلم يبرأ حتى مات فلا شيء عليه) لأنه ليس للمريض ذمة صحيحة في وجوب أداء الصوم والاعتكاف بناء عليه، الا ترى أنه لا يلزمه أداء صوم رمضان بشهوده الشهر ،فكذلك لا يلزمه الأداء بالنذر والفدية تنبنى على وجوب الأداء؛ [المبسوط للسرخسي:۱۳۸/۳ ، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط : دار الكتب العلمية بيروت لبنان]

[الفتاوى الهندية : ۲۱۴/۱ ،كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، ومما يتصل بذالک،ط:رشيدية كوئٹه]

[بدائع الصنائع: ۱۱۸/۲ ،كتاب الصوم،كتاب الاعتكاف، فصل:وأما بيان حكمه اذا فسد، ط:سعيد كراچی]

دن کے اعتکاف کی نذر کی جس میں کچھ کھا چکا ہے تو نذر صحیح نہیں ہوگی۔(۱)

☆......اور اگر کسی نے یوں کہا کہ اللہ کے لیے میرے ذمہ ایک مہینے کا اعتکاف روزہ کے بغیر واجب ہے، تو اس پر بھی ایک مہینے کا اعتکاف روزوں کے ساتھ واجب ہے، کیوں کہ نذر کے اعتکاف کے لیے روزہ رکھنا شرط ہے۔(۲)

☆......اگر کسی نے رمضان کے اعتکاف کی نذر کی تو یہ نذر درست ہے۔ اگر اس نے رمضان کے روزے رکھے اور اعتکاف نہیں کیا، تو اس پر اس کی قضا کے لیے روزے کے ساتھ ایک مہینے کا اعتکاف کرنا واجب ہوگا۔ اور اگر اس نے کسی دوسرے مہینے میں روزے کے بغیر اعتکاف کی قضا کی تو وہ نذر ادا نہیں ہوگی۔(۳)

---

(۱) (وَفَرَّعُوا عليه بِأَنَّهُ لو نَذَرَ اعتِكَافَ لَيلَةٍ لم يَصِحَّ لِأَنَّ الصَّومَ من شَرطِهِ وَاللَّيلُ لَيس بِمَحَلٍّ له وَلَو نَوَى اليَومَ مَعَهَا لم يَصِحَّ "كَذَا في الظَّهِيرِيَّةِ... وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ يَومٍ قد أَكَلَ فيه لم يَصِحَّ ولم يَلزَمهُ شَيءٌ لِأَنَّهُ لَا يَصِحُّ بِدُونِ الصَّومِ وَسَيَأتِي بَقِيَّةُ تَفَارِيعِ النَّذرِ) [البحر الرائق: ۲/ ۳۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی]

🗀 [الفتاوى الهندية: ۱/ ۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹه]

🗀 [الفتاوى التاتارخانية: ۲/ ۳۱۴، ۳۱۵، كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمى كراچی]

(۲) (وَأَمَّا شُرُوطُهُ)... وَمِنهَا الصَّومُ... وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ لَيلَةٍ أو يَومٍ قد أَكَلَ فيه لم يَصِحَّ وَلَو قال لِلَّهِ عَلَيَّ أَن أَعتَكِفَ شَهرًا بِغَيرِ صَومٍ فَعَلَيهِ أَن يَعتَكِفَ وَيَصُومَ كَذَا في الظَّهِيرِيَّةِ) [الفتاوى الهندية: ۱/ ۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹه]

🗀 [البحر الرائق: ۲/ ۳۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی]

🗀 [الفتاوى التاتارخانية: ۲/ ۳۱۵، كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمى كراچی]

(۳) (وَأَمَّا شُرُوطُهُ)... وَمِنهَا الصَّومُ... وَيُشتَرَطُ وُجُودُ ذَاتِ الصَّومِ لَا الصَّومُ بِجِهَةِ الِاعتِكَافِ حتى إنَّ من نَذَرَ بِاعتِكَافِ رَمَضَانَ صَحَّ نَذرُهُ كَذَا في الذَّخِيرَةِ فَإِن صَامَ رَمَضَانَ ولم يَعتَكِف كان عليه أَن يَقضِيَ اعتِكَافَ شَهرٍ آخَرَ مُتَتَابِعًا وَيَصُومَ فيه هَكَذَا في المُحِيطِ وَإِن لم يَعتَكِف حتى دخل رَمَضَانُ آخَرُ فَاعتَكَفَ فيه لم يُجزِئهُ لِأَنَّ الصَّومَ صَارَ دَينًا في ذِمَّتِهِ لَمَّا فَاتَ عن وَقتِهِ وَصَارَ مَقصُودًا بِنَفسِهِ وَالمَقصُودُ لَا يَتَأَدَّى بِغَيرِهِ حتى لو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ ثُمَّ اعتَكَفَ رَمَضَانَ لَا يُجزِيهِ وَلَو أَفطَرَ وَقَضَى صَومَ الشَّهرِ مع الِاعتِكَافِ أَجزَأَهُ لِأَنَّ القَضَاءَ مِثلُ الأَدَاءِ هَكَذَا في مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ وَالخُلَاصَةِ =

☆......اگر رمضان کے علاوہ کسی اور مہینے کے اعتکاف کی نذر کی اور رمضان میں اعتکاف کیا تو یہ جائز نہیں ہوگا، کیوں کہ نذر کا روزہ مستقل طور پر لازم ہوتا ہے، اور اس کو مستقل رکھنا لازم ہوتا ہے۔(۱)

☆......اگر اعتکاف میں روزہ توڑ دیا پھر ایک ماہ کے روزے اعتکاف کے ساتھ قضا کیے تو جائز ہے۔(۲)

☆......اگر صبح کے وقت کسی کا نفل روزہ تھا، پھر کچھ وقت گزر جانے کے بعد اس نے یہ کہا کہ اللہ کے لیے آج کے روزہ کا اعتکاف کرنا مجھ پر واجب ہے، تو اس کا اعتکاف صحیح نہیں ہوگا؛ اس لیے کہ واجب اعتکاف، واجب روزہ کے بغیر صحیح نہیں ہوتا، اور صبح کا وقت روزہ نفل تھا، واجب نہیں تھا۔لہٰذا اب واجب نہیں ہوسکتا۔(۳)

اعتکاف کے آداب

”آداب“ کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:٦٢)

اعتکاف کے ساتھ لاپرواہی

”افسوس“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:١٢٤)

اعتکاف کے لیے خاص طور پر روزہ رکھنا ضروری نہیں ہے

نفل اعتکاف کے لیے روزہ رکھنا ضروری نہیں۔اور مسنون اعتکاف صرف

= إذَا أَصْبَحَ الرَّجُل صائما مُتَطَوِّعًا ثُمّ قال فی بَعْضِ النَّهَارِ لِلّٰهِ عَلَیّ أن اعتکفَ هذا الیَومَ فَلا اعتِکَاف فی قِیَاسِ قَولِ ابی حَنِیفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی لِأنّ الاعتِکَافَ الوَاجِبَ لَا یَصِحُّ إلَّا بِالصَّومِ الوَاجِبِ وَالصَّومُ فی أوَّلِ الیَومِ انعَقَدَ تَطَوُّعًا فَلا یُمکِنُ جَعلُهُ وَاجِبًا بَعدَ ذلک کَذَا فی المُحِیطِ) [الفتاوی الهندیة: (۱/ ۲۱۱) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما شروطه، ط: رشیدیة کوئٹه]

[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

[المبسوط للسرخسی: ۳/ ۱۳۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیة بیروت لبنان]

(۱، ۲، ۳) انظر الی الحاشیة السابقة، رقم: ۳، علی الصفحة: ۱۱۰. ((وَأَمَّا شُرُوطُهُ)...وَمِنهَا)

رمضان میں ہوتا ہے۔ البتہ واجب اعتکاف یا اعتکاف کو فاسد کرنے کے بعد قضا کرنے کی صورت میں روزہ رکھنا ضروری ہے۔ لیکن یہ روزہ خاص اعتکاف کی نیت سے رکھنا ضروری نہیں، بلکہ کسی بھی غرض سے روزہ رکھا جائے اعتکاف صحیح ہونے کے لیے کافی ہے۔ مثلاً: کوئی شخص رمضان میں اعتکاف کی نذر کرے تو رمضان کا روزہ اس اعتکاف کے لیے بھی کافی ہے۔ ہاں اس روزہ کا واجب ہونا ضروری ہے، نفل روزے اس کے لیے کافی نہیں۔ مثلاً: کوئی شخص نفل روزہ رکھے اور اسی دن اعتکاف کی نذر کرے تو صحیح نہیں۔ (۱)

اعتکاف کے لیے شوہر سے اجازت لینا

''عورت کو اعتکاف کرنے کے لیے شوہر سے اجازت لینا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۹۱)

---

(۱) (وَأَمَّا شُرُوطُهُ)...... وَمِنهَا الصَّوم وهو شَرطُ الوَاجِبِ منه رِوَايَةٌ وَاحِدَةٌ وَظَاهِرُ الرِّوَايَةِ عن أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى وهو قَولُهُمَا إنَّ الصَّومَ ليس بِشَرطٍ في التَّطَوُّعِ...وَيُشتَرَطُ وُجُودُ ذَاتِ الصَّومِ لا الصَّومُ بِجِهَةِ الِاعتِكَافِ حتى إنَّ من نَذَرَ بِاعتِكَافِ رَمَضَانَ صَحَّ نَذرُهُ كَذَا في الذَّخِيرَةِ فَإِن صَامَ رَمَضَانَ ولم يَعتَكِف كان عليه أن يَقضِيَ اعتِكَافَ شَهرٍ آخَرَ مُتَتَابِعًا وَيَصُومَ فيه هَكَذَا في المُحِيطِ وَإِن لم يَعتَكِف حتى دخل رَمَضَانُ آخَرُ فَاعتَكَفَ فيه لم يُجزِئهُ لِأَنَّ الصَّومَ صَارَ دَينًا في ذِمَّتِهِ لَمَّا فَاتَ عن وَقتِهِ وَصَارَ مَقصُودًا بِنَفسِهِ وَالمَقصُودُ لَا يَتَأَدَّى بِغَيرِهِ حتى لو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ ثُمَّ اعتَكَفَ رَمَضَانَ لَا يُجزِيهِ وَلَو أَفطَرَ وَقَضَى صَومَ الشَّهرِ مع الِاعتِكَافِ أَجزَأَهُ لِأَنَّ القَضَاءَ مِثلُ الأَدَاءِ هَكَذَا في مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ وَالخُلَاصَةِ إذَا أَصبَحَ الرَّجُلُ صَائِمًا مُتَطَوِّعًا ثُمَّ قال في بَعضِ النَّهَارِ لِلّٰهِ عَلَيَّ أن اعتَكِفَ هذا اليَومَ فَلَا اعتِكَافَ في قِيَاسِ قَولِ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى لِأَنَّ الِاعتِكَافَ الوَاجِبَ لَا يَصِحُّ إلَّا بِالصَّومِ الوَاجِبِ وَالصَّومُ في أَوَّلِ اليَومِ انعَقَدَ تَطَوُّعًا فَلَا يُمكِنُ جَعلُهُ وَاجِبًا بَعدَ ذلك كَذَا في المُحِيطِ) [الفتاوى الهندية: ۱/ ۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹہ]

[البحر الرائق: ۲/ ۲۹۹، ۳۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى]

[المبسوط للسرخسي: ۳/ ۱۳۳، ۱۳۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان]

اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے

☆......امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مسنون اور واجب اعتکاف میں بیٹھنے کے لیے ایسی مسجد میں ہونا ضروری ہے جس میں پانچوں وقتوں کی نماز باقاعدہ جماعت کے ساتھ ہوتی ہے۔(۱)

☆......جس مسجد میں تین یا چار وقتوں کی باقاعدہ جماعت ہوتی ہے، کسی ایک وقت کی جماعت نہیں ہوتی، تو ایسی مسجد میں امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک واجب اور مسنون اعتکاف درست نہیں، صرف نفلی اعتکاف ہوسکتا ہے۔ البتہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز ہوتی ہو یا نہیں دونوں صورتوں میں اعتکاف درست ہے۔ لہٰذا جہاں پانچ وقت نمازوں کو جماعت کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے وہاں جماعت نہ ہونے والی مسجد میں اعتکاف کے لیے نہ بیٹھے، اور جہاں جماعت والی مسجد نہ ملے وہاں صاحبین رحمہما اللہ کے مسلک کے مطابق ایسی مسجد میں بھی اعتکاف کے لیے بیٹھ جائے۔(۲)

---

(۱) (وَصَحَّحَ فی "فَتحِ القَدِیرِ" عن بَعضِ المَشَایِخِ ما رُوِیَ عن أبی حَنِیفَةَ أَنَّ کُلَّ مَسجِدٍ له إمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ مَعلُومٌ وَیُصَلِّی فیه الخَمسَ بِالجَمَاعَةِ یَصِحُّ الِاعتِکَافُ فیه) [البحر الرائق: ۳۰۱/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

[الفتاوی الخانیة علی هامش الهندیة: ۲۲۱/۱، کتاب الصوم، فصل فی الاعتکاف، ط: رشیدیة کوئٹه]

[الفتاوی التاتارخانیة: ۳۱۱/۲، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قدیمی کراچی]

(۲) (وشرعا(هو الإقامة بنیة) أی بنیة الاعتکاف (فی مسجد تقام فیه الجماعة بالفعل للصلوات الخمس) لقول علی وحذیفة رضی الله عنهما: "لا اعتکاف إلا فی مسجد جماعة". ولأنه انتظار الصلاة علی أکمل الوجوه بالجماعة (فلا یصح فی مسجد لا تقام فیه الجماعة للصلاة) فی الأوقات الخمس (علی المختار) وعن أبی یوسف: الاعتکاف الواجب لا یجوز فی غیر مسجد الجماعة، والنفل یجوز، وهذا فی حق الرجال) [مراقی الفلاح: ۱۷۸، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: مکتبه امدادیة ملتان]=

☆......مرد کے لیے ہر قسم کے اعتکاف کے لیے مسجد کا ہونا ضروری ہے، اگر مرد گھر میں اعتکاف کرے گا تو اس کا اعتکاف درست نہ ہوگا۔(۱)

☆......اور عورت گھر میں اعتکاف کے لیے بیٹھے گی مسجد میں نہیں۔(۲)

اعتکاف کے مباحات

''مباحات'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۵۴)

اعتکاف کے مستحبات

''مستحبات'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۷۱)

اعتکاف مستحب

اعتکاف مستحب میں روزہ شرط نہیں ہے، اور اس کے لیے کوئی مقدار بھی مقرر

= [حاشية الطحطاوي على المراقي:ص: ۳۸۲،۳۸۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/۵۷۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان]

[انظر الى الحاشية السابقة]

(۱،۲) (وأما شروطه :...ومنها وقوعه في المسجد فلا يصح في بيت ونحوه على أنه لا يصح في كل مسجد بل لا بد أن تتوافر في المسجد الذي يصح فيه الاعتكاف شروط مفصلة في المذاهب مذكورة تحت الخط.....

الحنفية =قالوا: يشترط في المسجد أن يكون مسجد جماعة، وهو ما له إمام ومؤذن سواء أقيمت فيه الصلوات الخمس أولا. هذا إذا كان المعتكف رجلا ، أما المرأة فتعتكف في مسجد بيتها الذي أعدته لصلاتها، ويكره تنزيها اعتكافها في مسجد الجماعة المذكور، ولا يصح لها أن تعتكف في غير موضع صلاتها المعتاد، سواء أعدت في بيتها مسجدا لها أو اتخذت مكانا خاصا بها للصلاة) [كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: ۴۹۳/۱ ، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، شروط الاعتكاف،ط: دار الحديث القاهرة]

[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ: ۶۲۰،۶۱۰/۲، البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الاول:تعريف الاعتكاف،و المبحث الثالث:شروط الاعتكاف،ط : الحقانيّة بشاور]

[فتاوى الهنديه : ۲۱۱/۱، كتاب الصوم ،الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيديه كوئٹه]

نہیں ہے۔ایک منٹ بلکہ اس سے بھی کم وقت کا ہوسکتا ہے۔لہٰذا جب بھی مسجد میں داخل ہوتو دایاں پاؤں اندر داخل کرتے ہی اعتکاف کی نیت کرلیا کرے،تاکہ نماز اور دیگر عبادات کے ساتھ ساتھ اعتکاف کا ثواب بھی ملے۔(۱)(۲)

اعتکاف مسجد میں درست ہے

نبی کریم ﷺ نے مسجد ہی میں اعتکاف فرمایا ہے،گھر میں جہاں نوافل وتہجد ادا فرماتے تھے وہاں کبھی اعتکاف نہیں فرمایا،اس سے معلوم ہوا کہ مرد حضرات کے لیے مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ پر اعتکاف کرنا درست نہیں،البتہ عورتوں کے لیے مسجد میں

---

(۱) ((قَولُهُ:وَأَقَلُّهُ نَفلًا سَاعَةٌ) لقول محمدٌ فی" الأَصلِ ": إِذَا دخل المَسجِدَ بِنِيَّةِ الاعتِكَافِ فَهُوَ مُعتَكِفٌ ما أَقَامَ، تَارِكٌ له إِذَا خَرَجَ ؛ فَكَانَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ ؛ وَاستَنبَطَ المَشَايِخُ منه أَنَّ الصَّومَ لَيس من شَرطِهِ على ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ لِأَنَّ مبنى النَّفلِ على المُسَامَحَةِ حتى جَازَت صَلَاتُهُ قَاعِدًا أو رَاكِبًا مع قُدرَتِهِ على الرُّكُوبِ وَالنُّزُولِ.)[البحر الرائق:(۲/ ۳۰۰) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط:سعید کراچی]

[الدر المختار:(۲/ ۴۴۲،۴۴۳،۴۴۴) کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

[حاشية الطحطاوی علی المراقی:(ص:۳۸۳) کتاب الصوم ، باب الاعتکاف، ط: میرمحمد کتب خانه کراچی/(ص :۵۷۸)باب الاعتکاف، کتاب الصوم،ط:مکتبه انصارية هرات افغانستان]

(۲) (أحكام المساجد:...... [۲۱]: ينبغي للجالس في المسجد لانتظار صلاة أو اشتغال بعلم أو لشغل آخر من طاعة أو مباح: أن ينوي الاعتكاف فإنه يصح وإن قل زمانه......

[۲۹]: يستحب أن يقول عند دخوله المسجد: أعوذ بالله العظيم ووجهه الكريم وسلطانه القديم من الشيطان الرجيم باسم الله والحمد لله اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آل محمد وسلم اللهم اغفر لي ذنوبي وافتح لي أبواب رحمتك.

وإذا خرج من المسجد قال مثله إلا أنه يقول: وافتح لي أبواب فضلك.

ويقدم رجله اليمنى في الدخول واليسرى في الخروج) [الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۱/ ۴۷۴، ۴۷۵) البَابُ الأَوَّل: الطَّهارَات،الفَصلُ الخَامِس : الغُسل،ملحقان بالغسل:الملحق الأول في أحكام المساجد،ط : الحقانيّة بشاوَر]

(وأما المستحب: فهو في اي وقت سوى العشر الأخير ولم يكن منذوراً كأن ينوي الاعتكاف عند دخول المسجد وأقله: مدة يسيرة ولو كانت ماشياً على المفتى به.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(۲/ ۲۱۲) البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف، المبحث الثاني حكم الاعتكاف وما يوجبه النذر على المعتكف : المطلب الأوّل:حكم الاعتكاف، ط: الحقانيّة بشاور]

اعتکاف کرنا منع ہے، وہ گھر میں متعینہ جگہ پر اعتکاف کرے گی۔(۱)(۲)

اعتکاف مسنون

☆.....اس میں روزہ ہوتا ہی ہے، اس لیے اس کے واسطے روزہ شرط کرنے کی ضرورت نہیں، یعنی رمضان المبارک کے آخری دس دن کا اعتکاف سنت مؤکدہ واجب کے قریب ہے۔ یہ بیس تاریخ کی شام کو سورج غروب کے وقت سے شروع ہوجاتا ہے اور عید کا چاند (خواہ انتیس کا ہو یا تیس کا) ہوتے ہی ختم ہوجاتا ہے۔ یہ اعتکاف رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ بڑی پابندی کے ساتھ کیا ہے۔(۳)

---

(۱) (كان صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يعتكِف العشر الأواخر من رمضان، حتى توفَّاه اللّٰه عَزَّ وجَلَّ، وتركه مرة، فقضاه في شوَّال. واعتكف مرة في العشر الأول، ثم الأوسط، ثم العشر الأخير، يلتمس ليلة القدر، ثم تبيَّن له أنها في العشر الأخير، فداوم على اعتكافه حتى لحق بربه عَزَّ وجَلَّ. وكان يأمر بخباءٍ فيُضرب له في المسجد يخلُو فيه بربه عَزَّ وجَلَّ...وكان إذا اعتكف، دخل قُبَّته وحدَه، وكان لا يدخل بيته في حال اعتكافه إلا لحاجة الإنسان، وكان يُخرِجُ رأسه من المسجد إلى بيت عائشة، فترجِّله، وتغسله وهو في المسجد وهي حائض) [زاد المعاد في هدى خير العباد: ۲/ ۸۸، ۸۹، فصل: في هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت]

(۲) (انظر الى الحاشية السابقة) "اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!

(۳) ((وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان) أي سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة (مستحب في غيره من الأزمنة) هو بمعنى غير المؤكدة (وشرط الصوم) لصحة (الأول) اتفاقا (فقط) على المذهب؛ وفي "الشامية": (قوله: أي سنة كفاية) نظيرها إقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر، ولو كان سنة عين لأثموا بترك السنة المؤكدة إثما دون إثم ترك الواجب كما مر بيانه في كتاب الطهارة؛ (قوله: لاقترانها الخ) جواب عما أورد على قوله في الهداية والصحيح أنه سنة مؤكدة لأن النبي واظب عليه في العشر الأواخر من رمضان والمواظبة دليل السنة اه من أن المواظبة بلا ترك دليل الوجوب والجواب كما في العناية أنه عليه الصلاة والسلام لم ينكر على من تركه ولو كان واجبا لأنكر اه ؛ وحاصله: أن المواظبة إنما تفيد الوجوب إذا اقترنت بالإنكار على التارك؛..... (قوله: وشرط الصوم لصحة الأول) أي النذر..... (قوله: على المذهب) راجع لقوله فقط وهو رواية الأصل ومقابله رواية الحسن أنه شرط للتطوع أيضا وهو مبنى على اختلاف الرواية في أن التطوع مقدر بيوم أو لا ففي رواية

☆...... یہ اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، یعنی محلّہ یا بستی میں بعض لوگوں کے کر لینے سے سب کے ذمہ سے ادا ہو جاتا ہے، اور اگر کوئی بھی نہ کرے تو سب کے اوپر اس کا وبال اور گناہ ہوگا۔(۱)

= فلم يكن الصوم شرطا له وعلى رواية تقديره بيوم وهي رواية الحسن أيضا يكون الصوم شرطا له كما في البدائع وغيرها

قلت: ومقتضى ذلك أن الصوم شرطا أيضا في الاعتكاف المسنون لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر، ينبغي أن لا يصح عنه بل يكون نفلا فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية ويؤيده قول "الكنز": " سن لبث في مسجد بصوم ونية"، فإنه لا يمكن حمله على المنذور لتصريحه بالسنية ولا على التطوع لقوله بعده:" وأقله نفلا ساعة " فتعين حمله على المسنون سنة مؤكدة ،فيدل على اشتراط الصوم فيه، وقوله في" البحر" لا يمكن حمله عليه لتصريحهم بأن الصوم إنما هو شرط في المنذور فقط دون غيره فيه نظر لأنهم إنما صرحوا بكونه شرطا في المنذور غير شرط التطوع، وسكتوا عن بيان حكم المسنون لظهور أنه لا يكون إلا بالصوم عادة ولهذا قسم في متن الدرر الاعتكاف إلى الأقسام الثلاثة المنذور والمسنون والتطوع) [الدرمع الرد : ۴۴۲/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی]

[البحرالرائق: ۲/۲۹۹، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچی]

[حاشية الطحطاوی علىٰ المراقی، ص: ۳۸۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: میر محمد كتب خانه كراچی/ ص :۵۷۷ ، باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان]

(۱) ((وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان)أي سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة (مستحب في غيره من الأزمنة)هو بمعنى غير المؤكدة (وشرط الصوم) لصحة(الأول)اتفاقا(فقط)على المذهب؛وفي "الشامية":(قوله:أي سنة كفاية) نظيرها إقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر، ولو كان سنة عين لأثموا بترك السنة المؤكدة إثما دون إثم ترك الواجب كما مر بيانه في كتاب الطهارة.)[الدرمع الرد:(۴۴۲/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی]

[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ:(۲/ ۷۱۲)البابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكاف، المبحث الثاني:حكم الاعتكاف...... ط : الحقانيّة بشاور]

[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۴۹۲/۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف،اقسامه ومدته ، ط: دارالحديث القاهرة]

☆...... بڑی بستی یا شہر کے ایک سے زائد محلے ہوتے ہیں، تو ہر محلے والوں پر عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف سنت مؤکدہ ہے۔ لہٰذا بڑی بستی یا شہر کے کسی ایک محلے کا اعتکاف دوسرے محلے والوں کے لیے کافی نہیں ہوگا۔ جس محلّہ یا جس گاؤں میں اعتکاف کیا گیا ہے اسی بستی یا گاؤں والوں کا سنت کفایہ ادا ہو جائے گا، خواہ اعتکاف کرنے والے نے کسی دوسرے محلے یا بستی سے آ کر اعتکاف کیا ہو۔(۱)

اعتکاف مسنون ٹوٹ جائے

رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا مسنون اعتکاف ٹوٹ جانے کے بعد مسجد سے باہر نکلنا ضروری نہیں ہے، بلکہ آخری عشرہ کے باقی دنوں میں نفل اعتکاف کی نیت سے بھی اعتکاف کو جاری رکھا جا سکتا ہے، اور اگر چاہے تو قضا کی نیت سے دوبارہ اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے۔(۲)

اعتکاف مسنون میں استثنا

''استثنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۸۳)

اعتکاف میں بیٹھنے سے پہلے

معتکف کو اعتکاف میں بیٹھنے سے پہلے یہ معلوم کر لینا چاہیے کہ وہ واجب، مسنون اور مستحب اعتکاف میں سے کون سا اعتکاف کرنا چاہتا ہے، اور جس مسجد میں اعتکاف کرنے کے لیے بیٹھنا چاہتا ہے وہ اس مسجد میں درست ہوتا ہے یا نہیں؟(۳)

---

(۱) (انظر الی الحاشیة السابقة) (وسنة مؤكدة في العشر الأخير)

(۲) [احسن الفتاوی:۴/۵۱۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، اعتکاف ٹوٹنے پر حکم قضاء، ط: سعید کراچی]

(۳) (وَيَنقَسِمُ إِلَى وَاجِبٍ وهو المَنذُورُ تَنجِيزًا او تَعلِيقًا وَإِلَى سُنَّةٍ مُؤَكَّدَةٍ وهو في العَشرِ الأخِيرِ من رَمَضَانَ وَإِلَى مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هَكَذَا في "فَتحِ القَدِيرِ") [الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹه] =

اعتکاف میں حرام ہے

''حرام ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۲)

اعتکاف میں حیض آجائے

☆......اگر عورت کو اعتکاف کی حالت میں حیض یا نفاس آجائے تو اعتکاف چھوڑ دے، اس حالت میں اعتکاف درست نہیں، لیکن پاک ہونے کے بعد ایک دن کی قضا کرنا ضروری ہے، اگر یہ قضا رمضان ہی میں کی تو رمضان ہی کا روزہ کافی ہوگا، اور اگر رمضان کے بعد قضا کی تو اس دن روزہ رکھنا لازم ہوگا۔(۱)(۲)

اعتکاف واجب

☆......اگر کسی نے اعتکاف کی منت (نذر) مانی، خواہ نذر غیر معلق ہو، جیسے کوئی شخص کسی شرط کے بغیر اعتکاف کی نذر کرے کہ میں اللہ کے لیے تین دن کا اعتکاف کروں گا، یا معلق ہو جیسے کوئی شخص یہ شرط کرے کہ اگر میرا فلاں کام ہو جائے گا تو میں اللہ کے لیے دو دن کا اعتکاف کروں گا، تو یہ اعتکاف کرنا واجب ہو گیا، اور

= [مراقی الفلاح: (ص:۱۷۸، ۱۷۹) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: امدادیہ]

[حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی: (ص: ۳۸۲، ۳۸۳) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانہ کراچی/(ص:۵۷۷، ۵۷۸) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: مکتبہ انصاریۃ هرات افغانستان]

(۱) (وَلَو حَاضَت المَرأۃُ فِی حَالِ الاعتِکَافِ فَسَدَ اعتِکَافُهَا لِأنَّ الحَیضَ یُنَافِی أهلِیَّةَ الاعتِکَافِ لِمُنَافَاتِهَا الصَّومَ لِهذا ولِهذا مُنِعَت مِن انعِقَادِ الاعتِکَافِ فَتُمنَعُ مِن البَقَاءِ)[بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۶، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی]

[الفتاوی الهندیۃ: ۱/ ۲۱۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما شروطه، ط: رشیدیۃ کوئٹہ]

[الدر مع الرد: ۲/ ۴۴۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

(۲) (''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!)

اس کے ساتھ خود بخود روزہ بھی واجب ہو گیا، کیونکہ واجب اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے، جب کوئی شخص اعتکاف کرے گا تو اس کو روزہ رکھنا بھی ضروری ہوگا، بلکہ اگر یہ بھی نیت کرے کہ میں روزہ نہ رکھوں گا تب بھی اس کو روزہ رکھنا لازم ہوگا۔

☆......اسی وجہ سے اگر کوئی شخص رات کے اعتکاف کی نیت کرے تو وہ فضول سمجھی جائے گی، کیوں کہ رات روزہ کا محل نہیں، ہاں اگر رات دن دونوں کی نیت کرے، یا صرف چند دن کی نیت کرے تو پھر رات خود بخود داخل ہو جائے گی، اور رات کو بھی اعتکاف کرنا ضروری ہوگا۔ اور صرف ایک ہی دن کے اعتکاف کی نذر کرے تو پھر رات خود بخود داخل نہیں ہوگی۔

☆......اعتکاف کے لیے خاص کر کے روزے رکھنا ضروری نہیں، خواہ کسی بھی غرض سے روزہ رکھا جائے واجب اعتکاف درست ہونے کے لیے کافی ہے، مثلاً کوئی شخص رمضان میں اعتکاف کی نذر کرے تو رمضان کا روزہ اس اعتکاف کے لیے بھی کافی ہے، ہاں اس روزہ کا واجب ہونا ضروری ہے، نفل روزے اس کے لیے کافی نہیں، مثلاً کوئی شخص نفل روزہ رکھے اور اس کے بعد اسی دن اعتکاف کی نذر کرے تو صحیح نہیں، اگر کوئی شخص پورے رمضان کے اعتکاف کی نذر کرے اور اتفاق سے رمضان میں نہ کر سکے تو کسی اور مہینے میں اس کے بدلے کر لینے سے اس کی نذر پوری ہو جائے گی، مگر مسلسل روزے رکھنا اور ان میں اعتکاف کرنا ضروری ہوگا۔ (۱)

---

(۱) (وَأَمَّا شُرُوطُهُ)...... وَمِنهَا الصَّومُ...... وَيُشتَرَطُ وُجُودُ ذَاتِ الصَّومِ لَا الصَّومُ بِجِهَةِ الِاعتِكَافِ حتى إنَّ من نَذَرَ بِاعتِكَافِ رَمَضَانَ صَحَّ نَذرُهُ كَذَا في الذَّخِيرَةِ فَإِن صَامَ رَمَضَانَ ولم يَعتَكِف كان عليه أَن يَقضِيَ اعتِكَافَ شَهرٍ آخَرَ مُتَتَابِعًا وَيَصُومَ فيه هَكَذَا في المُحِيطِ وَإِن لم يَعتَكِف حتى دخل رَمَضَانُ آخَرُ فَاعتَكَفَ فيه لم يُجزِئهُ لِأَنَّ الصَّومَ صَارَ دَينًا في ذِمَّتِهِ لَمَّا فَاتَ عن وَقتِهِ وَصَارَ مَقصُودًا بِنَفسِهِ وَالمَقصُودُ لَا يَتَأَدَّى بِغَيرِهِ حتى لو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ ثُمَّ اعتَكَفَ رَمَضَانَ لَا يُجزِيهِ وَلَو أَفطَرَ وَقَضَى صَومَ الشَّهرِ مع الِاعتِكَافِ أَجزَأَهُ لِأَنَّ القَضَاءَ مِثلُ الأَدَاءِ هَكَذَا في مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ وَالخُلَاصَةِ إذَا أَصبَحَ الرَّجُلُ صَائِمًا مُتَطَوِّعًا ثُمَّ قال في بَعضِ النَّهَارِ لِلَّهِ عَلَيَّ أَن اعتَكِفَ هذا اليَومَ فَلَا اعتِكَافَ =

اعتکاف واجب کا حکم

اعتکاف واجب کا حکم یہ ہے کہ اس کا ادا کرنا واجب اور چھوڑنا گناہ ہے، جیسے کسی نے کہا تین دن کے اعتکاف کی نذر مانتا ہوں، یا کہا کہ اگر میرا فلاں کام ہوجائے گا تو میں تین دن کا اعتکاف کروں گا، ان دونوں صورتوں میں اس پر اعتکاف واجب ہوجائے گا، البتہ دوسری صورت میں کام ہونے کے بعد واجب ہوگا۔(۱)

اعتکاف واجب کے لیے روزہ شرط ہے

☆......واجب اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے، روزہ کے بغیر واجب اعتکاف درست نہیں ہوگا۔(۲)

= فی قِیاسِ قَولِ أبی حَنیفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی لِأنَّ الاعتِکَافَ الوَاجِبَ لَا یَصِحُّ إلَّا بِالصَّومِ الوَاجِبِ وَالصَّومُ فی أوَّلِ الیَومِ انعَقَدَ تَطَوُّعًا فَلَا یُمکِنُ جَعلُهُ وَاجِبًا بَعدَ ذٰلک کَذَا فی المُحِیطِ) [الفتاوی الهندیة: ۱/ ۲۱۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأماشروطه، ط: رشیدیة کوئٹه]

[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

[المبسوط للسرخسی: ۳/ ۱۳۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط : دار الکتب العلمیة بیروت لبنان]

(۱) (ومن نذر نذرا مطلقا أو معلقا بشرط وکان من جنسه واجب)...... (و هو عبادة مقصودة)...... (ووجد الشرط) أی المعلق به (لزم الناذر) لحدیث "من نذر وسمی فعلیه الوفاء بما سمی" (کصوم وصلاة وصدقة ووقف (واعتکاف)...... (الدر مع الرد: ۳/ ۷۳۵، کتاب الأیمان، مطلب فی أحکام النذر، ط: سعید)

[البحر الرائق: ۴/ ۲۹۳، ۲۹۵، کتاب الأیمان، ط: سعید]

[طحطاوی علی الدر: ۲/ ۳۳۸، کتاب الأیمان، ط: رشیدیة]

(۲) ((وهو) ثلاثة أقسام (واجب بالنذر)...(وشرط الصوم) لصحة (الأول) اتفاقا (فقط) علی المذهب (فلو نذر اعتکاف لیلة لم یصح) وإن نوی معها الیوم لعدم محلیتها للصوم ...اه. وفی "الشامیة": (قوله: وشرط الصوم لصحة الأول) أی النذر حتی لو قال: لله علیّ أن أعتکف شهرا بغیر صوم فعلیه أن یعتکف ویصوم، "بحر" عن "الظهیریة"...وقوله فی "البحر": لا یمکن حمله علیه لتصریحهم بأن الصوم إنما هو شرط فی المنذور فقط دون غیره.) [الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۱، ۴۴۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]

[البحر الرائق: ۲/ ۲۹۹، ۳۰۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط : سعید کراچی]

[حاشیة الطحطاوی علی المراقی: ص: ۳۸۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانه کراچی]

☆......اگر کسی نے نذر کا اعتکاف ادا کیا مگر روزہ نہیں رکھا تو اس کا واجب اعتکاف ادا نہیں ہوگا، دوبارہ روزہ کے ساتھ اعتکاف کرنا لازم ہوگا۔(۱)

☆......اگر کسی نے روزہ کے بغیر اعتکاف کی نذر مانی، مثلاً یہ کہا کہ میرے ذمہ میں روزہ کے بغیر ایک مہینہ کا اعتکاف ہے تب بھی اس پر روزہ کے ساتھ ایک ماہ کا اعتکاف کرنا واجب ہوگا۔(۲)

اعتکاف ہر محلّہ میں سنت ہے

☆......شہر کی صرف ایک مسجد میں اعتکاف کرنے سے پورے شہر والوں کی طرف سے سنت کفایہ ادا نہیں ہوگی۔(۳)

☆......جس طرح محلّہ کی ہر مسجد میں تراویح کی جماعت قائم کرنا سنت کفایہ ہے اسی طرح ہر مسجد میں اعتکاف کے لیے بیٹھنا بھی سنت کفایہ ہے۔(۴)

اعتکاف ہر مسجد میں ہوسکتا ہے

قرآن مجید کی آیت ﴿وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ﴾ سے ثابت ہوتا ہے

(۱،۲) (وَأَمَّا شُرُوطُهُ)...وَمِنهَا الصَّومُ... وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ لَيلَةٍ أَو يَومٍ قد أُكِلَ فيه لم يَصِحَّ وَلَو قَالَ لِلَّهِ عَلَيَّ أَن أَعتَكِفَ شَهرًا بِغَيرِ صَومٍ فَعَلَيهِ أَن يَعتَكِفَ وَيَصُومَ كَذَا فى "الظَّهِيرِيَّة".)[الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۱، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأماشروطه،ط:رشيدية كوئٹه].

(وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ لَيلَةٍ لَم يَصِحَّ سَوَاءٌ كَانَ نَوَاهَا فَقَط أَو لَم تَكُن لَهُ نِيَّةٌ فَإِن نَوَى اليَومَ مَعَهَا لَم يَصِحَّ كَمَا قَدَّمنَاهُ عَن "الظَّهِيرِيَّة".)[البحر الرائق: ۲/۳۰۰، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچى]

🗀 [رد المحتار: ۲/۴۴۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى]

🗀 [حاشية الطحطاوى على المراقى:ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى]

(۳،۴) (انظر الى الحاشية السابقة) "اعتکاف مسنون" عنوان کے تحت مکمل تخریج کو دیکھیں!

کہ اعتکاف ہر مسجد میں ہو سکتا ہے۔(۱)

اعمال

☆......اعتکاف کے دوران چوں کہ انسان دوسرے تمام کاموں سے الگ ہو کر مسجد میں جا کر رہتا ہے، دنیاوی کسی کام سے اس کا تعلق باقی نہیں رہتا، اس لیے اس وقت کو غنیمت سمجھنا چاہیے اور اس کو فضول باتوں میں، گپ شپ میں یا سونے میں ضائع نہیں کرنا چاہیے، زیادہ سے زیادہ تلاوت، عبادت، اللہ کا ذکر، تسبیحات اور اوراد میں صرف کرنا چاہیے۔

☆......اعتکاف کے لیے کوئی خاص نفلی عبادتیں نہیں ہیں، بلکہ جس وقت جس عبادت کی توفیق ہو جائے اسے غنیمت سمجھنا چاہیے، البتہ بعض عبادتیں ایسی ہیں جن کی عام حالات میں توفیق نہیں ہوتی، اعتکاف ان عبادتوں کو انجام دینے کا بہترین سنہرا

---

(۱) (وظاهر قوله "وأنتم عاكفون في المساجد" يبيح الاعتكاف في سائر المساجد لعموم اللفظ ومن اقتصر به على بعضها فعليه بإقامة الدلالة وتخصيصه بمساجد الجماعات لا دلالة عليه كما أن تخصيص من خصه بمساجد الأنبياء لما لم يكن عليه دليل سقط اعتباره)[أحكام القرآن للجصاص: ۱/ ۳۰۲،باب الاعتكاف، ط:دار إحياء التراث العربي بيروت]

▭ [أحكام القرآن الكريم للطحاوي: ۱/ ۳۶۱، ۳۶۳، كِتَابُ الاعتِكَافِ،قَالَ الله تعالى : وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي المَسَاجِدِ،ط: مركز البحوث الإسلامية التابع لوقف الديانة التركي استانبول]

▭ [الجامع لأحكام القرآن للقرطبي: ۲/ ۳۳۲،۳۳۳،السابعة والعشرون : قوله تعالى : وَأَنتُم عَاكِفُونَ،ط:دار عالم الكتب الرياض المملكة العربية السعودية].

▭ (وَأَطلَقَ في المَسجِدِ فَأَفَادَ أَنَّ الاعتِكَافَ يَصِحُّ في كل مَسجِدٍ وَصَحَّحَهُ في غَايَةِ البَيَانِ لِإِطلَاقِ قَولِه تَعَالَى: ﴿ وَأَنتُم عَاكِفُونَ في المَسَاجِدِ﴾[البقرة:۱۸۷]وَصَحَّحَ قاضيخان في فتاواه: أَنَّهُ يَصِحُّ في كل مَسجِدٍ له أَذَانٌ وَإِقَامَةٌ ...اه.)[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچي]

▭ [بدائع الصنائع:۲/ ۱۱۲،۱۱۳، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل:وأما شرائط صحته، ط:سعيد كراچي]

▭ [الدرمع الرد : ۲/ ۴۴۰، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي]

موقع ہے، اس لیے تہجد کی نماز، صلوٰۃ التسبیح، صلوٰۃ الحاجت، تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد، اشراق کی نماز، چاشت کی نماز، زوال کے بعد والی نماز اور اوّابین کی نمازیں پڑھنے کی عادت بنا لینی چاہیے، تاکہ اعتکاف سے نکلنے کے بعد بھی ان نمازوں کی عادت باقی رہے، باقی ان نمازوں کی تفصیلات ان کے عنوانات کے تحت دیکھیں!

افسوس

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں ہجرت کر کے تشریف لانے کے بعد ہمیشہ دوام اور پابندی سے رمضان المبارک میں اعتکاف کرتے رہے، اور وصال تک پابندی سے کرتے رہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کی بیویوں نے اس کو زندہ رکھا اور صحابہ کرام اس پر عمل کرتے رہے، لیکن آج امت کی اکثریت نے اس سنت کو چھوڑ دیا، اور اس کو معمولی سمجھنے لگے، بوڑھوں، ریٹائرڈ اور بے کار لوگوں کا کام خیال کرنے لگے۔

عظیم محدث ابن شہاب زہری نہایت حیرت اور تعجب کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نہیں چھوڑا، لوگوں نے اسے نظر انداز کر دیا ہے، اس سے لاپرواہی برت لی ہے۔ (۱)

افضل ترین مقام

اعتکاف کے لیے افضل ترین مقام مسجد حرام ہے، اس کے بعد مسجد نبوی، اس کے بعد مسجد بیت المقدس، پھر بستی اور محلہ کی جامع مسجد جہاں پانچ وقت نماز

---

(۱) کان الزهری یقول: "عجبًا من النّاس کیف ترکوا الاعتکاف، و رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم کان یفعل الشیٔ ویترکه، وما ترک الاعتکاف حتی قبض". (عمدة القاري: ۱۱/۱۴۰) کتاب الاعتکاف، ط: مکتبه رشیدیه، سرکی روڈ، کوئته پاکستان)

جماعت کے ساتھ پابندی سے ہوتی ہو، پھر محلے کی وہ جامع مسجد جس میں نمازی زیادہ ہوتے ہوں۔(۱)

افطار مسجد میں کرنا

''معتکف کے ساتھ افطار کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۹۷)

اکیسویں رات میں اعتکاف میں بیٹھنے کا حکم

☆......اکیسویں رات میں اعتکاف میں بیٹھنے سے سنت اعتکاف ادا نہیں ہوگا، بلکہ نفل اعتکاف ہو جائے گا، سنت اعتکاف کی فضیلت حاصل نہیں ہوگی، اس کا اجر بھی نہیں ملے گا، البتہ نفل اعتکاف کا ثواب ملے گا۔(۲)

☆......نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کے آخری دس دن کا اعتکاف کیا ہے، اور یہ رمضان کی بیسویں تاریخ کی شام ہی سے پورا ہو سکتا ہے اس کے بعد نہیں۔(۳)

اگال دان

''تھوکنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۷۸)

امام کا کمرہ

''موذن کا کمرہ'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۴۰۷)

انتظار کرنا

''قبض'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:)۳۲۶

---

(۱) [''اعتکاف کی افضل جگہ'' کے عنوان کے تحت اس کی مکمل تخریج دیکھیں!]

(۳،۲) [''آخری عشرہ'' کے عنوان کے تحت اس کی مکمل تخریج کو دیکھیں!]

انزال

''مباشرت'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳۵۹)

انزال ہونا

''جماع'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۸۶)

ایک دن کے اعتکاف کی فضیلت

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ مسجد نبوی میں معتکف تھے، آپ کے پاس ایک شخص آیا اور سلام کر کے چپ چاپ بیٹھ گیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا میں تمہیں غمزدہ اور پریشان دیکھ رہا ہوں، کیا بات ہے؟ اس نے کہا اے رسول اللہ کے چچا کے بیٹے! میں بیشک پریشان ہوں کہ فلاں کا مجھ پر حق ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کی طرف اشارہ کر کے کہا، اس قبر والے کی عزت کی قسم میں اس حق کے ادا کرنے پر قادر نہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اچھا کیا میں اس سے تیری سفارش کروں؟ اس نے عرض کیا جیسے آپ مناسب سمجھیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ سن کر جوتا پہن کر مسجد سے باہر تشریف لائے، اس شخص نے عرض کیا، آپ اپنا اعتکاف بھول گئے؟ فرمایا بھولا نہیں ہوں بلکہ میں نے اس قبر والے (صلی اللہ علیہ وسلم) سے سنا ہے، اور ابھی زمانہ کچھ زیادہ نہیں گزرا (یہ لفظ کہتے ہوئے) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمارہے تھے کہ ''جو شخص اپنے بھائی کے کسی کام میں چلے پھرے اور کوشش کرے، اس کے لیے دس برس کے اعتکاف سے افضل ہے، اور جو شخص ایک دن کا اعتکاف بھی اللہ کی رضا کے واسطے کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقیں آڑ فرما دیتے ہیں، جن کی مسافت آسمان اور زمین کے

درمیانی مسافت سے زیادہ چوڑی ہے''۔ (جب ایک دن کے اعتکاف کی یہ فضیلت ہے تو دس برس کے اعتکاف کی فضیلت کی کیا مقدار ہوگی، اندازہ کرلیں۔)(۱)

نوٹ: کسی مسلمان کی حاجت پوری کرنے کے لیے بھی مسجد سے نکلنے سے اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے، اگر اعتکاف واجب اور سنت مؤکدہ ہے تو قضا واجب ہوگی، اور اگر نفلی ہے تو قضا نہیں ہوگی۔ (۲)

ایک ماہ کا اعتکاف

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رمضان المبارک کے پورے ایک ماہ یعنی تینوں عشروں کا اعتکاف کرنا ثابت ہے، لہٰذا پورے مہینے کا اعتکاف بھی سنت سے ثابت ہے، مشائخ اور صوفیاء کرام کے یہاں رمضان المبارک کا پورا ایک ماہ اعتکاف کرنے کا رواج ہے، خاص طور پر مریدین اپنے شیخ کی صحبت میں رہ کر پورے مہینے کا اعتکاف کیا کرتے ہیں، یہ مشائخ اور صوفیاء کرام کا اختراع اور مبالغہ نہیں ہے، بلکہ یہ

---

(۱) (أخبرنا أبو الحسن... عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ مُعتَكِفًا فِي مَسجِدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيهِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ لَهُ ابنُ عَبَّاسٍ: يَا فُلَانُ أَرَاكَ كَئِيبًا حَزِينًا قَالَ: نَعَم يَا ابنَ عَمِّ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ لِفُلَانٍ عَلَيَّ حَقٌّ لَا وَحُرمَةِ صَاحِبِ هَذَا القَبرِ مَا أَقدِرُ عَلَيهِ قَالَ ابنُ عَبَّاسٍ: أَفَلَا أُكَلِّمُهُ فِيكَ قَالَ: إِن أَحبَبتَ قَالَ: فَانتَعَلَ ابنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ المَسجِدِ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: أَنَسِيتَ مَا كُنتَ فِيهِ قَالَ: لَا وَلَكِنِّي سَمِعتُ صَاحِبَ هَذَا القَبرِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَالعَهدُ بِهِ قَرِيبٌ فَدَمَعَت عَينَاهُ وَهُوَ يَقُولُ: "مَن مَشَى فِي حَاجَةِ أَخِيهِ وَبَلَغَ فِيهَا كَانَ خَيرًا مِنِ اعتِكَافِ عَشرِ سِنِينَ وَمَنِ اعتَكَفَ يَومًا ابتِغَاءَ وَجهِ اللهِ تَعَالَى جَعَلَ اللهُ بَينَهُ وَبَينَ النَّارِ ثَلَاثَ خَنَادِقَ أَبعَدَ مَا بَينَ الخَافِقَينِ") [شعب الإيمان لبيهقي: ۳/ ۴۲۳، الباب الرابع و العشرون من شعب الإيمان، و هو باب في الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت]

[المعجم الأوسط للطبراني: ۷/ ۲۲۰، ط: دار الحرمين القاهرة]

[كنز العمال في سنن الأقوال و الأفعال: ۸/ ۵۳۲، كتاب الصوم من قسم الأقوال، الباب الأول: في صوم الفرض، الفصل السابع: في الاعتكاف وليلة القدر الاعتكاف، ط: مؤسسة الرسالة بيروت]

(۲) [''اعتکاف توڑنا ان صورتوں میں جائز ہے'' کے عنوان کے تحت اس کی مکمل تخریج کو دیکھیں!]

حدیث اور روایت سے ثابت ہے، البتہ شروع کے بیس دن کا اعتکاف نفلی ہوگا، اور آخری عشرہ کا سنت مؤکدہ ہوگا۔(۱)

---

(۱) عن أبي سعيد الخدري أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتكف العشر الأوّل من رمضان، ثم اعتكف العشر الأوسط في قبة تركية، ثم اطلع رأسه فقال إنّي اعتكفت العشر الأوّل التمس هذه الليلة، ثم اعتكفت العشر الأوسط، ثم أتيت فقيل لي: إنها في العشر الأواخر، فمن كان اعتكف معي فليعتكف العشر الأواخر، فقد أريت هذه الليلة، ثم أنسيتها، وقد رأيتني أسجد في ماء وطين من صبيحتها، فالتمسوها في العشر الأواخر والتمسوها في كل وتر. (مشكوة المصابيح: (ص: ۱۸۱، ۱۸۲) كتاب الصوم، باب ليلة القدر، الفصل الأوّل، قديمي)

ب

بات

☆......معتکف ضروری باتیں کرسکتا ہے، غیر ضروری دنیوی باتیں اگرچہ گناہ کی نہ ہوں پھر بھی مسجد میں درست نہیں ہیں، حدیث شریف میں ہے کہ جب کوئی شخص مسجد میں دنیا کی باتیں کرنے لگتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں "اسکت یا ولیَّ اللہ" (اے اللہ کے ولی چُپ رہ) اور اگر چپ نہیں رہتا اور بات چیت جاری رکھتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں "اسکت یابغیض اللہ" (اے اللہ کے دشمن چُپ رہ) اس کے بعد اگر دنیوی باتوں میں لگا رہتا ہے تو کہتے ہیں "اسکت لعنۃ اللہ علیك" (تجھ پر اللہ کی لعنت، چپ رہ)۔(۱)

☆......اگر معتکف کو ضرورت ہو تو دنیا کی مباح بات مسجد میں کرسکتا ہے،

---

(۱) قال النبي صلى الله عليه وسلم : يأتي على الناس زمان يكون حديثهم في مساجدهم في أمر دنياهم ليس لله فيهم حاجة فلاتجالسوهم .

قال العراقي : أخرجه البيهقي في الشعب من حديث الحسن مرسلاً وأسنده الحاكم في حديث أنس وصحح إسناده ولابن حبان نحوه من حديث ابن مسعود اهـ .

قلت : لفظ حديث ابن مسعود سيأتي على الناس زمان يقعدون في المجالس حلقًا حلقًا إنما همتهم الدنيا فلاتجالسوهم فإنّه ليس لله فيهم حاجة ولفظ حديث أنس عند الحاكم يأتي على الناس زمان يتحلقون في مساجدهم وليس همهم إلاّ الدنيا ليس لله فيهم حاجة فلاتجالسوهم ولفظ البيهقي المرسل مثل ما ساقه المصنف غير أنّه قال فلا تجالسوهم فليس لله فيهم حاجة وأورد ابن الحاج في المدخل حديثًا مرفوعًا بلفظ إذا أتى الرجل المسجد فأكثر من الكلام فتقول الملائكة له اسكت يا ولى الله فإن زاد فتقول له اسكت يا بغيض الله فإن زاد فتقول اسكت عليك لعنة الله والله أعلم .(إحياء علوم الدين : (۱/۳۴۰) الباب روى عمر ابن عبد الله ، ط: دار العاصمة للنشر الرياض)

لیکن غیر معتکف کے لیے اس کی اجازت نہیں ہے، ایسی ضرورت ہو تو مسجد سے باہر نکل کر دنیا کی بات کرے۔(۱)

بات چیت کرنا

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اعتکاف کرنے والا جب کسی شرعی یا طبعی ضرورت سے مسجد سے باہر نکلے تو اسے بات چیت کرنا جائز نہیں، یہ غلط ہے، چلتے چلتے بات چیت کرنا جائز ہے، ہاں بات چیت کے لیے یا کسی اور کام کے لیے ٹھہرنا جائز نہیں ہے۔(۲)

بات زیادہ کرنا

☆......امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ زیادہ بات چیت کرنے سے قلب

---

(۱)(وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أَنَّهُ لا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِخَيرٍ فَلِقَولِهِ تَعَالَى :﴿وَقُل لِعِبَادِى يَقُولُوا الَّتِى هِىَ أَحسَنُ﴾. [الإسراء:۵۳] وهو بِعُمُومِهِ يقتضِي أَن لا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ المَسجِدِ إِلَّا بِخَيرٍ فَالمَسجِدُ أَولَى كَذَا فِى "غَايَةِ البَيَانِ". وفى "التَّبيِينِ": وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ خَيرٍ فإنه يُكرَهُ لِغَيرِ المُعتَكِفِ فما ظَنُّكَ لِلمُعتَكِفِ اه. وَظَاهِرُهُ أَنَّ المُرَادَ بِالخَيرِ هُنَا ما لَا إِثمَ فيه فَيَشمَلُ المُبَاحَ وَبِغَيرِ الخَيرِ ما فيه إِثمٌ وَالأَولَى تفسِيرُهُ بِمَا فيه ثَوَابٌ يَعنِى أَنَّهُ يُكرَهُ لِلمُعتَكِفِ أَن يَتَكَلَّمَ بِالمُبَاحِ بِخَلَافِ غَيرِهِ وَلِهَذَا قالوا الكَلَامُ المُبَاحُ فِى المَسجِدِ مَكرُوهٌ يَأكُلُ الحَسَنَاتِ كما تَأكُلُ النَّارُ الحَطَبَ صَرَّحَ بِهِ "فَتحِ القَدِيرِ" قُبَيلَ بَابِ الوِترِ لَكِن قال الأسبيجابى: وَلَا بَأسَ أَن يَتَحَدَّثَ بِمَا لَا إِثمَ فيه، وقال فى "الهِدَايَةِ": لَكِنَّهُ يَتَجَانَبُ ما يَكُونُ مَأثَمًا)[البحر الرائق:(۳۰۲/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

الدر مع الرد: ۴۵۰/۲، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: سعيد كراچى.

حاشية الطحطاوى على المراقى :ص: ۳۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/، ص: ۵۸۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصاريه هرات افغانستان.

(۲) (وَأَشَارَ إِلَى أَنَّهُ لو خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ ثُمَّ ذَهَبَ لِعِيَادَةِ المَرِيضِ أَو لِصَلَاةِ الجَنَازَةِ من غَيرِ أَن يَكُونَ لِذَلِكَ قَصدٌ فإنه جَائِزٌ بِخَلَافِ ما إِذَا خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَمَكَثَ بَعدَ فراغه أَنَّهُ يَنتَقِضُ). (البحر الرائق : ۳۰۲/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

بدائع الصنائع: ۱۱۵/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، و محظوراته... الخ. ط: سعيد كراچى.

مردہ ہوجاتا ہے، اوراس میں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کی قابلیت ہی نہیں رہتی، ایک موقعہ پر لکھتے ہیں: ''جتنی دیر فضول بات چیت میں مشغول رہا، اگر یہ وقت اللہ کے ذکر میں لگتا تو نیکیوں کا کتنا بڑا خزانہ جمع ہوجاتا، بھلا خزانے کو چھوڑنا اور مٹی کے ڈھیلے کو جمع کرنا کون سی عقلمندی ہے؟ فضول بات کرنے کی عادت جنت میں جانے سے روکنے والی چیز ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کا کفیل ہوگیا، میں اس کے لیے جنت کا کفیل ہوں۔(۱)

بات کرنے میں لگا رہا

☆......معتکف وضو کرنے کے لیے نکلا، وضو کرنے کے بعد وضو خانہ میں

---

(۱) وأما المزاح فمطايبة وفيه انبساط وطيب قلب فلم ينهى عنه فاعلم أن المنهي عنه الإفراط فيه أو المداومة عليه أما المداومة فلأنه اشتغال باللعب والهزل فيه واللعب مباح ولكن المواظبة عليه مذمومة وأما الإفراط فيه فإنه يورث كثرة الضحك وكثرة الضحك تميت القلب وتورث الضغينة في بعض الأحوال وتسقط المهابة والوقار فما يخلو عن هذه الأمور فلا يذم. (إحياء علوم الدين: ۳/ ۱۱۲، كتاب آفات اللسان، ط: دار المعرفة)

☐ حدثنا محمد بن أبي بكر المقدمي حدثنا عمر بن علي سمع أبا حازم عن سهل بن سعد: عن رسول الله صلى الله عليه و سلم قال من يضمن لي ما بين لحييه وما بين رجليه أضمن له الجنة. (صحيح البخاري: (۲/ ۹۵۸) كتاب الرقاق، باب حفظ اللسان، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

☐ رياض الصالحين للنووي: (ص: ۴۴۵) كتاب الأمور المنهي عنها، باب تحريم الغيبة والأمر بحفظ اللسان، ط: الميزان.

☐ كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال: ۳/ ۵۵۴، رقم الحديث: ۷۸۷۳، الكتاب الثالث في الأخلاق، في كتاب الأخلاق من قسم الأقوال الباب الثاني: في الأخلاق والأفعال المذمومة الفصل الثالث: في أخلاق وأفعال مذمومة تختص باللسان، ط: مؤسسة الرسالة بيروت.

☐ وقال سهل بن سعد الساعدي رضي الله عنه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " من يتكفل لي بما بين لحييه ورجليه أتكفل له بالجنة ". حديث سهل بن سعد: " من يتوكل لي بما بين لحييه ورجليه أتوكل له بالجنة". رواه البخاري. (إحياء علوم الدين: (۳/ ۱۰۹) كتاب آفات اللسان بيان عظيم خطر اللسان و فضيلة الصمت، ط: دار المعرفة)

بات کرنے میں لگا رہا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

☆......معتکف استنجا اور پاخانہ کرنے کے لیے گیا اور فارغ ہونے کے بعد وہاں یا راستہ میں کسی سے رک کر بات کرنے میں لگا رہا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

باتھ روم کے لیے نکلنا

''بیت الخلاء کے لیے نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱٤٥)

بال بنوانے کے لیے نکلنا

معتکف کے لیے سر منڈانے اور بال بنوانے کے لیے مسجد سے باہر نکلنا درست نہیں ہے اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۳)

(۱،۲) (قوله:أو حاجة طبيعية)أی يدعو إليها طبع الإنسان ولو ذهب بعد أن خرج إليها لعيادة مريض أو صلاة جنازة من غير أن يكون لذلک قصدا جاز بخلاف ما إذا خرج لحاجة الإنسان ومكث بعد فراغه فإنه ينتقض اعتكافه عند الإمام. "بحر".(حاشية الطحطاوی علی المراقی :ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:میر محمد کتب خانه کراچی/،ص: ،کتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مکتبه انصارية هرات افغانستان)

الدر مع الرد:۲/۴۴۵،باب الاعتكاف،کتاب الصوم، ط: سعيد كراچی .

بدائع الصنائع:۲/۱۱۴،کتاب الصوم، کتاب الاعتكاف،فصل:وأما ركن الاعتكاف ، ومحظوراته... الخ.ط:سعيد كراچی.

(۳) (ولا يخرج منه)أی من معتكفه،...(إلا لحاجة شرعية)... (أو)حاجة(طبيعية) كالبول والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام "لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان"... (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به. [مراقی الفلاح: ص:۱۷۹ ، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان]

فلايخرج المعتكف من معتكفه ليلا ولانهارا الابعذر،وان خرج من غير عذر ساعة فسد اعتكافه. (الفتاوی الهندية: ۱/۲۱۲،کتاب الصوم، الباب السابع فی العتكاف،وأمامفسداته،ط:رشيديه كوئٹه)

حاشية الطحطاوی علی المراقی :ص: ۳۸۳، کتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:میر محمد کتب خانه کراچی/ص:۵۷۸،۵۷۹،باب الاعتكاف،کتاب الصوم،ط:مکتبه انصارية هرات افغانستان.

سر منڈوانا یا بال بنوانا ضروری ہو تو اعتکاف کی جگہ میں چادر وغیرہ بچھا کر منڈواسکتا ہے، بال بنواسکتا ہے، اور اس بات کا خیال رکھے کہ بال وغیرہ مسجد میں نہ گریں ورنہ گناہ ہوگا۔(۱)

بالغ ہونا

اعتکاف صحیح ہونے کے لیے بالغ ہونا شرط نہیں، بلکہ سمجھ دار ہونا اور اعتکاف کے مفہوم سے واقف ہونا ضروری ہے۔(۲)

بال کو صاف رکھنا

معتکف کو اعتکاف کے دوران بدن اور بال صاف ستھرے رکھنے چاہئیں اور کپڑے بھی صاف ستھرے پہننے چاہئیں، پراگندہ بال، میلے کچیلے کپڑوں سے احتراز کرنا چاہیے، اللہ کے گھر مسجد کا ادب یہ ہے کہ صاف ستھرا، بہتر حال میں اچھے کپڑے اور پاک صاف بدن کے ساتھ رہے اور خوشبو وغیرہ بھی استعمال کرے۔

جیسا کہ یہ باتیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایات سے معلوم ہوتی ہیں۔

---

(۱) سُئِلَ أبو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى عن المُعتَكِفِ إذَا احتَاجَ إلَى الفَصدِ أو الحِجَامَةِ هل يَخرُجُ ؟ فقَال: لاَ . (الفتاوى الهندية: ۵/ ۳۲۰، ۳۲۱، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ ،البَابُ الخَامِسُ فى آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ...اه،ط:رشيديه كوئٹه)

(۲) وَأَمَّا البُلُوغُ فَلَيسَ بِشَرطٍ لِصِحَّةِ الِاعتِكَافِ فَيَصِحُّ من الصَّبِيِّ العَاقِلِ.(الفتاوى الهندية : (۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف،وأماشروطه،ط:رشيدية كوئٹه)

بدائع الصنائع:(۲/ ۱۰۸)كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فَصلٌ: وَأَمَّا شرائط صِحَّتِهِ، ط: سعيد كراچى.

البحر الرائق:(۲/ ۲۹۹)كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم (اعتکاف کی حالت میں) مسجد میں ہوتے، میری جانب سر مبارک فرمادیتے تو میں آپ کے بال مبارک میں کنگھا کردیتی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کی حالت میں ہوتے اپنے سر مبارک کو حجرے کی جانب سے میری طرف فرمادیتے، میں آپ کے سر مبارک کو دھودیتی۔(۱)

باہر آنا

''مسجد سے باہر آنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۷۹)

باہر آنے کی تین قسمیں ہیں

☆......فطری عذر کی بنا پر مسجد سے باہر نکلنا، جیسے: پاخانہ، پیشاب کے لیے نکلنا، یا احتلام ہوجائے اور مسجد میں غسل کرنا ممکن نہ ہو وغیرہ۔ ایسی صورت میں معتکف صرف جنابت کے غسل کے لیے یا صرف قضائے حاجت کے لیے مسجد سے

---

(۱) عن عمرة بنت عبدالرحمٰن أنّ عائشة زوج النّبي صلی اللہ علیہ وسلم قالت: وان كان رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم ليدخل عليّ رأسه وهو في المسجد فارجله وكان لايدخل البيت الاّ لحاجة إذا كان معتكفا. (البخاري: (۲۷۲/۱) باب المعتكف لايدخل البيت إلاّ لحاجة، ط: قديمي)

—— عن عائشة قالت: كان النبيّ صلی اللہ علیہ وسلم يباشرني وأنا حائض وكان يخرج رأسه من المسجد وهو معتكف فاغسله وأنا حائض. (البخاري: (۲۷۲/۱) باب غسل المعتكف، ط: قديمي)

—— عن عائشة زوج النّبي صلی اللہ علیہ وسلم قالت: كان النّبي صلی اللہ علیہ وسلم يصغي إلى رأسه وهو مجاور في المسجد فارجله وأنا حائض. (البخاري: (۲۷۱/۱) باب الحائض ترجل المعتكف، ط: قديمي)

—— (قوله ترجل) الترجيل بالجيم: المشط والدهن. فيه دليل على أنّه يجوز للمعتكف التنظيف والطيب والغسل والحلق والتزيين الحاقًا بالترجيل. (نيل الأوطار: (۲۸۱/۴) كتاب الاعتكاف، تحت رقم الحديث: ۸، ط: إدارة القرآن)

نکلے اور اتنی ہی دیر کے لیے کہ یہ مقصد پورا ہو جائے۔(۱)

☆......شرعی عذر کی بنا پر مسجد سے نکلنا، مثلاً: یہ کہ جس مسجد میں اعتکاف کر رہا ہے اس میں جمعہ کی نماز نہیں ہوتی ہو، اور جمعہ کی نماز کے لیے دوسری مسجد میں جانا ہو تو ایسی صورت میں صرف اتنی دیر پہلے مسجد سے نکلے کہ اس مسجد میں پہنچ کر خطبہ کی اذان سے پہلے چار رکعتیں ادا کر سکے، اور نماز پڑھنے کے بعد صرف اتنی دیر قیام کرے کہ جس میں چار یا چھ رکعتیں پڑھی جا سکیں، اگر اس سے زیادہ ٹھہرا تو اعتکاف تو فاسد نہیں ہوگا، کیونکہ اس دوسری مسجد میں بھی اعتکاف کیا جا سکتا ہے، البتہ ایسا کرنا مکروہ تنزیہی ہے، کیونکہ ابتدا میں جہاں پر اعتکاف کرنا اختیار کیا تھا، ضرورت کے بغیر اس کے خلاف کیا گیا۔(۲)

---

(۱) (قَولُهُ: وَلَا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أى لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عائشة كان عليه السَّلَامُ لا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ فى بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُـ ـجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا.
(البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)
☐ الفتاوى الهنديه: ۱/ ۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيديه كوئٹه.
☐ التاتار خانيه: ۲/ ۳۱۲، كتاب الصوم، الفصل الثانى عشر فى الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.
(۲) (وحرم عليه)... (الخروج إلا لحاجة الإنسان)... (أو) شرعية كعيد وأذان لو مؤذنا وباب المنارة خارج المسجد و (الجمعة وقت الزوال ومن بعد منزله) أى معتكفه (خرج فى وقت يدركها) مع سنتها يحكم فى ذلك رايه، ويستن بعدها أربعا أو ستا على الخلاف، ولو مكث أكثر لم يفسد لأنه محل له وكره تنزيها لمخالفة ما التزمه بلا ضرورة) وفى الشامية (قوله: لمخالفة ما التزمه) أى من الاعتكاف فى المسجد الأول لأنه لما ابتدأ الاعتكاف فيه فكأنه عينه لذلك فيكره تحوله عنه مع إمكان الإتمام فيه بدائع. (الدر مع الرد: ۲/ ۴۴۵، ۴۴۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچى)
☐ مراقى الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان]. [حاشية الطحطاوى على المراقى: ص: ۳۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/ ص: ۵۷۸، ۵۷۹ باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.
☐ البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، ۳۰۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.
☐ الفتاوى الهنديه: ۱/ ۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيديه كوئٹه.

☆......ایسے اعذار کی بنا پر مسجد سے نکلنا جو مجبوری کے ہیں، مثلاً جس مسجد میں اعتکاف کیا ہو، اب وہاں جان، مال کا خطرہ لاحق ہو جائے یا مسجد منہدم ہونے لگے تو ایسی صورت میں مسجد سے نکل کر فوراً کسی دوسری مسجد میں اعتکاف کی نیت سے چلا جانا چاہیے۔(۱)

باہر نکال دیا جائے

اگر کسی معتکف کو مسجد سے باہر نکال دیا جائے تو اس کا اعتکاف باقی نہیں رہے گا، مثلاً کسی جرم میں عدالت یا وقت کے حاکم کی طرف سے گرفتاری کا وارنٹ جاری ہوا اور پولیس یا سپاہی اس کو گرفتار کر لیں اور مسجد سے باہر نکال لیں، یا کسی سے قرض لیا تھا اور معتکف نے ابھی تک ادا نہیں کیا اور قرض دینے والا اس کو مسجد سے باہر نکال لے، اسی طرح اگر معتکف کسی شرعی یا طبعی ضرورت سے مسجد سے باہر نکلا اور راستہ میں کوئی قرض خواہ یا سپاہی روک لے، یا بیمار ہو جائے اور مسجد تک واپس پہنچنے میں کچھ دیر ہو جائے تو ان تمام صورتوں میں اعتکاف باقی نہیں رہے گا، (۲) اور ایک دن ایک

---

(۱)(ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو طبيعية)(أو)حاجة(ضرورية كانهدام المسجد)وأداء شهادة تعينت عليه(وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله)لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو متاعه من المكابرين فيدخل مسجدا من ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به.
(مراقي الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان).[حاشية الطحطاوي على المراقي:ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچي/ ص: ۵۷۸،۵۷۹باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان]
الدرمع الرد: ۴۴۷/۲،كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچي.
البحر الرائق: ۳۰۲/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:سعيد كراچي.
الفتاوى الهنديه : ۲۱۲/۱ ،كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف،وأمامفسداته،ط:رشيديه كوئٹه.
(۲) أو أخرجه السلطان مكرها،أوأخرجه الغريم، أو خرج هو لبول أو غائط، فحبسه الغريم ساعة فسد اعتكافه في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى. (الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۲/۱ ،كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه) =

رات کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۱)

بجلی استعمال کرنا

مسجد کی بجلی دستور کے مطابق جب تک جلتی رہے استعمال کرنا درست ہے، مقررہ وقت کے بعد جلانا درست نہیں، اسی طرح پنکھے کا بھی یہی حکم ہے، اگر کمیٹی کی جانب سے ۲۴ گھنٹوں کے لیے اجازت ہے تو بہتر، ورنہ مقررہ وقت کے بعد بتی جلانے اور پنکھا چلانے کا بل مسجد میں جمع کرادیں، تاکہ مسجد کا کوئی حق اپنے ذمہ میں باقی نہ رہے۔(۲)

بچوں کو پڑھانا

اگر کوئی شخص مکتب کا استاذ ہے، اور پڑھانے کی تنخواہ بھی لیتا ہے، تو ایسا آدمی

= الد رمع الرد: ۴۴۸/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

مراقی الفلاح: ص: ۱۷۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: امدادیة ملتان.

(۱) (''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!)

(۲) وَلَا بَأسَ بِأن يَترُكَ سِرَاجَ المَسجِدِ فيه من المَغرِبِ إلَى وَقتِ العِشَاءِ وَلَا يَجُوزُ أن يَترُكَ فيه كُلَّ اللَّيلِ إلَّا فى مَوضِعٍ جَرَت العَادَةُ فيه بِذَلِكَ كَمَسجِدِ بَيتِ المَقدِسِ وَمَسجِدِ النبى وَالمَسجِدِ الحَرَامِ أو شَرَطَ الوَاقِفُ تَركَهُ فيه كُلَّ اللَّيلِ كما جَرَت العَادَةُ بِهِ فى زَمَانِنَا ؛وَيَجُوزُ الدَّرسُ بِسِرَاجِ المَسجِدِ إن كان مَوضُوعًا فيه لَا لِلصَّلَاةِ بِأن فَرَغَ القَومُ من الصَّلَاةِ وَذَهَبُوا إلَى بُيُوتِهِم وَبَقِيَ السِّرَاجُ فيه قالوا لَا بَأسَ بِأن يَدرُسَ بِنُورِهِ إلَى ثُلُثِ اللَّيلِ لِأنَّهُم لو أخَّرُوا الصَّلَاةَ إلَى ثُلُثِ اللَّيلِ لَا بَأسَ بِهِ فَلَا يَبطُلُ حَقُّهُ بِتَعجِيلِهِم وَفِيمَا زَادَ على الثُّلُثِ ليس لهم تَأخِيرُهَا فَلَا يَكُونُ لهم حَقُّ الدَّرسِ . (البحر الرائق: ۲۵۰/۵، كِتَابُ الوَقفِ، فَصلٌ لَمَّا اختَصَّ المَسجِدُ بِأحكَامٍ تُخَالِفُ أحكَامَ مُطلَقِ الوَقفِ، ط: سعید کراچی)

الفتاوى الهنديه : ۱۱۰/۱، كتاب الصلوة، الباب السابع فيمايفسد الصلوة، الفصل الثانى فيما يكره فى الصلوة ومالايكره ، ومما يتصل بذالك مسائل، ط: رشيديه كوئٹه.

خلاصة الفتاوى: ۴۲۲/۴ ، كِتَابُ الوَقفِ، الفصل الرابع فى المسجد واوقافه ومسائله، ط: مكتبه حبيبيه كوئٹه.

فتاوی رحیمیه: ۲۷۹/۷، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، سوال: ۳۵۶، ط: دار الاشاعت کراچی.

اعتکاف میں بیٹھنا چاہے تو اعتکاف کے ایام کی رخصت لے لے، تا کہ مسجد میں تنخواہ لے کر بچوں کی تعلیم دینے کی ضرورت نہ ہو، اور اگر رخصت نہیں ملتی تو مجبوراً اعتکاف کے دوران بچوں کو مسجد کے اندر پڑھا سکے گا، البتہ تعلیم اس طرح دے کہ دوسرے معتکفین اور نمازیوں کو خلل نہ ہو۔(۱)

بدبو آتی ہے

☆......اگر کسی آدمی کے جسم کے کسی حصہ سے بدبو آتی ہے، علاج معالجہ سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوتا، اور اس کی بدبو سے لوگوں کو ناگواری اور اذیت ہوتی ہے تو اس کو مسجد میں نہیں آنا چاہیے، اور اعتکاف میں بھی نہیں بیٹھنا چاہیے۔

☆......"وسیلہ احمدیہ شرح طریقۂ محمدیہ" میں ہے کہ جس شخص کے بدن میں ایسی ناگوار بدبو پائی جائے جس کی وجہ سے لوگوں کو اذیت اور تکلیف ہو تو اس کو نکال دینا چاہیے۔(۲)

☆......حدیث شریف میں ہے" جو اس بدبو دار درخت سے کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے، اس لیے کہ اس چیز سے فرشتے اذیت پاتے ہیں جس

---

(۱) وَيُكرَهُ كُلُّ عَمَلٍ من عَمَلِ الدُّنيَا فى المَسجِدِ وَلَو جَلَسَ المُعَلِّمُ فى المَسجِدِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ فَإن كَانَ المُعَلِّمُ يُعَلِّمُ لِلحِسبَةِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ لِنَفسِهِ فَلا بَأسَ بِهِ لأَنَّهُ قُربَةٌ وَإن كان بِالأُجرَةِ يُكرَهُ إلَّا أن يَقَعَ لَهُمَا الضَّرُورَةُ كَذَا فى مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ. (الفتاوى الهنديه : ۵/ ۳۲۱، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ ،البَابُ الخَامِسُ فى آدَابِ المَسجِدِ،ط:رشيديه كوئٹه)

حاشية الطحطاوى على المراقى:ص:۳۸۴، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچى/ص:۵۸۰، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان.

رد المحتار:۶/ ۴۲۸، كتاب الحظر والاباحة، فصل فى البيع،ط:سعيد كراچى.

(۲) قال الفقهاء:وكل من وجد فيه رائحة كريهة يتأذى به الانسان يلزم اخراجه. (وسيله احمديه شرح طريقة محمديه :بحواله"اسلام كانظام مساجد" لمولانا ظفير الدين ؒ: ص:۲۰۵،دربار الهٰى كى صفائى،مٹى كاتيل وغيره جلانا،ط: دار الاشاعت كراچى)

سے انسان اذیت پاتا ہے۔‘‘(۱)

☆......اور اگر بدبو ایسی ہے کہ نمازی حضرات اور اعتکاف میں بیٹھنے والے اسے برداشت کرلیتے ہیں یا عادی ہوگئے ہوں تو پھر اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے، تاہم ایسے آدمی کو مسجد میں آنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔(۲)

بدخوابی

’’احتلام ہوجائے‘‘عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۷۵)

بدن سے بدبو آنے والے آدمی کا اعتکاف میں بیٹھنا

’’بدبو آتی ہے‘‘عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۳۸)

بدن کو صاف رکھنا

’’بال کو صاف رکھنا‘‘عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۳۳)

بدن ناپاک ہوگیا

معتکف کا بدن یا کپڑے ناپاک ہوجائیں تو خود بھی مسجد سے باہر جاکر

---

(۱) عَن جَابِرٍ رضی الله عنه قَال: ’’نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَن أَكلِ البَصَلِ وَالكُرَّاثِ. فَغَلَبَتنَا الحَاجَةُ فَأَكَلنَا مِنهَا، فَقَالَ: مَن أَكَلَ مِن هٰذِهِ الشَّجَرَةِ المُنتِنَةِ فَلَا يَقرَبَنَّ مَسجِدَنَا فَإِنَّ المَلَائِكَةَ تَأَذّٰى مِمَّا يَتَأَذّٰى مِنهُ الإِنسُ‘‘. (صحیح مسلم: ۱/ ۲۰۹، کتاب الصلوۃ، کتاب المساجد، باب نهي مَن أَكَلَ ثُومًا أَو بَصَلًا أَو كُرَّاثًا أَو نَحوَهَا عَن حُضُورِ المَسجِدِ، ط: قدیمی کراچی)

🗀 صحیح البخاری: ۱/ ۱۱۸، کتاب الاذان، باب ما جاء فی الثوم النیء والبصل والکراث، ط: قدیمی کتب خانہ کراچی.

🗀 سنن أبی داود: ۲/ ۱۷۹، کتاب الأطعمة، باب فِي أَكلِ الثُّومِ، ط: حقانیہ ملتان.

🗀 (قوله: وأكل نحو ثوم). (الدر مع الرد: (۱/ ۶۶۱، ۶۶۲) کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة، أحكام المساجد، ط: سعید)

(۲) فتاویٰ رحیمیہ: ۷/ ۲۸۴، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، سوال: ۳۶۹، ط: دار الاشاعت کراچی.

دھو سکتا ہے، (۱)

کیونکہ ناپاکی اور ناپاک چیز سے مسجد کو بچانا واجب ہے۔ (۲)

برآمدہ

''مسجد کی حدود'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳۸۳)

برتن

☆ ...... معتکف مسجد میں اپنے ساتھ برتن رکھ سکتا ہے۔ (۳)

☆ ...... معتکف کے لیے برتن دھونے کی اجازت ہے، لیکن اس کی صورت یہ ہے کہ معتکف برتن دھوتے وقت خود مسجد کے اندر رہے اور پانی مسجد سے باہر

(۱) (ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو) حاجة (طبيعية) كالبول والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان.
(مراقي الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچي/ ص: ۵۷۸، ۵۷۹ باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

الدر مع الرد: ۴۴۵/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچي.

(۲) وَرُوِيَ عن عائشة رضي اللّٰهُ عنها أنها قالت كان رسول اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم يُخرِجُ رَأسَهُ من المَسجِدِ فَيَغسِلُ رَأسَهُ وَإن غَسَلَ رَأسَهُ في المَسجِدِ في إنَاءٍ لَا بَأسَ بِهِ إذَا لم يُلَوِّث المَسجِدَ بالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ. (بدائع الصنائع: ۱۱۵/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي)

حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچي/ ص: ۵۸۰، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

رد المحتار: ۴۴۵/۲، / البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچي.

(۳) (''اجازت ہے'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں)

کرے۔(۱)

☆ ......اگر معتکف صرف برتن دھونے کے لیے مسجد سے باہر جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

بڑی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی مسجد والے کی ذمہ داری ختم نہیں ہوگی

بڑی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی مسجد والوں کی ذمہ داری ختم نہیں ہوگی، اس لیے چھوٹی مسجد میں بھی اعتکاف کے لیے بیٹھنا ضروری ہے، ورنہ سنت کفایہ ادا نہیں ہوگی۔(۳)

---

(۱) عن عائشة رضي الله عنها: "أنها كانت ترجل النبي صلى الله عليه و سلم وهي حائض وهو معتكف في المسجد وهي في حجرتها يناولها رأسه". (صحيح البخاري: ۱/۲۷۳، كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب المعتكف يدخل رأسه البيت للغسل، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

🗁 صحيح مسلم: ۱/۱۴۳، كتاب الحيض، باب جواز غسل الحائض رأس زوجها، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

🗁 سنن الترمذي: ۱/۱۶۵، ابواب الصوم عن رسول الله صلى الله عليه و سلم، باب المعتكف يخرج لحاجته، ط: سعيد كراچي.

🗁 قَولُهُ: وَكَذَا إِذَا دَخَلَ دِهلِيزَهَا)...وَلَو أَدخَلَ رَأسَهُ أَو إِحدَى رِجلَيهِ أَو حَلَفَ لَا يَخرُجُ فَأَخرَجَ إِحدَاهُمَا أَو رَأسَهُ لَم يَحنَث وَبِهِ قَالَ الشَّافِعِيُّ وَأَحمَدُ وَمَالِكٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَقَد كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يُنَاوِلُ عَائِشَةَ رَأسَهُ لِتُصلِحَهُ وَهُوَ مُعتَكِفٌ فِي المَسجِدِ وَهِيَ فِي بَيتِهَا لِأَنَّ قِيَامَهُ بِالرِّجلَينِ فَلَا يَكُونُ بِإِحدَاهُمَا دَاخِلًا وَلَا خَارِجًا. (فتح القدير: ۵/۹۲، كِتَابُ الأَيمَانِ بَابُ اليَمِينِ فِي الدُّخُولِ وَالسُّكنَى، ط: رشيدية كوئٹه)

(۲) (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب) ولا إثم به. (مراقي الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

🗁 الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيديه.

🗁 الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/۲۲۲، كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيديه كوئٹه.

(۳) (انظر الى حاشية "اعتكاف مسنون "السابقة) (وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان) أي سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة (مستحب =

بستر

معتکف کا اپنا بستر مسجد میں لگانا درست ہے حدیث سے ثابت ہے۔(۱)

بستی

☆...... بڑی بستی یا شہر کے ایک سے زائد محلے ہوتے ہیں تو ہر محلے والے پر عشرۂ اخیر کا اعتکاف سنت مؤکدہ ہے، لہٰذا بڑی بستی یا شہر کے کسی ایک محلے کا اعتکاف دوسرے محلے والوں کے لیے کافی نہیں ہوگا۔(۲)

= فی غیره من الأزمنة)هو بمعنی غیر المؤکدة (وشرط الصوم) لصحة(الأول)اتفاقا(فقط)علی المذهب؛وفی "الشامیة":(قوله:أی سنة کفایة)نظیرهااقامة التراویح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقین فلم یأثموا بالمواظبة علی الترک بلا عذر، ولو کان سنة عین لأثموا بترک السنة المؤکدة إثما دون إثم ترک الواجب کما مر بیانه فی کتاب الطهارة. (الدرمع الرد: ۴۴۲/۲، کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۶۱۶/۲،البابُ الثّالث: الصّیامُ والاعتکاف،الفصلُ الثّاني: الاعتِکاف، المبحث الثاني:حکم الاعتکاف...،ط : الحقانیّة بشاور.

کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۴۹۲/۱ ، کتاب الصیام،کتاب الاعتکاف،اقسامه ومدته ، ط: دارالحدیث القاهرة.

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰه عنهما:"عن النبی صلی اللّٰه علیه و سلّم أنه کان إذا اعتکف طرح له فراشه ،أو یوضع له سریره وراء أسطوانة التوبة ". (سنن ابن ماجه:ص:۱۲۷ ،ابواب ماجاء فی الصیام،باب فی المعتکف یلزم مکانا من المسجد،ط:قدیمی کتب خانه کراچی)

مشکوٰة المصابیح: ۱۸۳/۱، کتاب الصوم،باب الاعتکاف،الفصل الثالث،ط:قدیمی کراچی.

وکان ﷺ إذا اعتکف طُرِحَ له فراشُه ووضِع له سریرُه فی معتکفه. (زاد المعاد فی هدی خیر العباد: ۹۰/۲، فصل: فی هَدیه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فی الاعتکاف : مؤسسة الرسالة بیروت)

(۲) (وسنة مؤکدة فی العشر الأخیر من رمضان)أی سنة کفایة کما فی البرهان وغیره لاقترانها بعدم الإنکار علی من لم یفعله من الصحابة (مستحب فی غیره من الأزمنة)هو بمعنی غیر المؤکدة (وشرط الصوم) لصحة(الأول)اتفاقا(فقط)علی المذهب؛وفی "الشامیة":(قوله:أی سنة کفایة)نظیرها إقامة التراویح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقین فلم یأثموا بالمواظبة علی الترک بلا عذر، ولو کان سنة عین لأثموا بترک السنة المؤکدة إثما دون إثم =

☆......اگر بستی یا محلے کے کسی ایک شخص نے بھی ثواب کے لیے اعتکاف کرلیا تو باقی تمام لوگوں سے یہ ذمہ داری ساقط ہو جائے گی۔(۱)

☆......بستی یا محلے میں کسی ایک شخص نے بھی مسنون اعتکاف نہیں کیا تو اس صورت میں تمام لوگ گناہ گار ہوں گے اور قیامت کے دن سب سے مؤاخذہ ہوگا۔(۲)

☆......جس محلّہ یا جس گاؤں یا جس بستی میں اعتکاف کیا گیا ہے اسی بستی یا گاؤں والوں کا سنت کفایہ ادا ہوگا، خواہ اعتکاف کرنے والے نے کسی دوسرے محلے یا بستی سے آکر اعتکاف کیا ہو۔(۳)

☆......کوئی بڑا قصبہ ہے، اس کے بغل میں کوئی چھوٹی بستی اور گاؤں ہے، تو بڑے قصبہ میں اعتکاف ہونے سے چھوٹی بستی والوں کا اعتکاف ساقط نہیں ہوگا، بلکہ اس چھوٹی بستی میں بھی اعتکاف کرنا لازم ہوگا۔(۴)

☆......معتکف خواہ کسی محلے یا بستی کا ہو جہاں اعتکاف کرے گا وہیں کے لوگوں کا مسنون اعتکاف ادا ہوگا۔(۵)

= ترک الواجب کما مر بیانه فی کتاب الطهارة؛)[الدرمع الرد : ۲/۴۴۲، کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

▭ الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ: ۲/ ۶۱۶،البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف، المبحث الثاني:حكم الاعتكاف...،ط : الحقانيّة بشاور.

▭ کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۱/ ۴۹۲ ، کتاب الصیام، کتاب الاعتکاف،اقسامه ومدته ، ط: دار الحدیث القاهرة.

(۱،۲،۳،۴،۵) (وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان)أي سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة (مستحب في غيره من الأزمنة)هو بمعنى غير المؤكدة (وشرط الصوم) لصحة(الأول) اتفاقا(فقط)على المذهب؛وفي "الشامية":(قوله:أي سنة كفاية)نظيرها إقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر، ولو كان سنة عين لأثموا بترك السنة المؤكدة إثما دون إثم ترك الواجب كما مر بيانه في كتاب الطهارة؛)[الدرمع الرد : ۲/۴۴۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی) =

☆......اگر کسی محلے یا بستی میں نابالغ مگر سمجھ دار بچے نے اعتکاف کیا ہے تو اس کا اعتکاف تو درست ہو جائے گا، اور یہ اعتکاف نفلی ہوگا، اس کے اعتکاف سے بستی اور محلے والوں کا سنت مؤکدہ ادا نہیں ہوگا۔(۱)

بھول کر پانی پی لیا

''بھول کر دن میں کھانا کھالیا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱٤٤)

بھول کر دن میں کھانا کھالیا

اگر معتکف نے دن میں بھول کر کھانا کھالیا یا پانی پی لیا تو روزہ اور اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

= الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: ۲/ ٦١٦،البابُ الثالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الثاني:حكم الاعتكاف...،ط : الحقانيّة بشاور.

كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: ۱/ ۲۹۲ ، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف،اقسامه ومدته ، ط: دار الحديث القاهرة.

(۱) وَأمَّا البُلُوغُ فَلَيسَ بِشَرطٍ لِصِحَّةِ الاِعتِكافِ فَيَصِحُّ من الصَّبيِّ العَاقِلِ لِأنَّهُ من أهلِ العِبَادَةِ كما يَصِحُّ منه صَومُ التَّطَوُّعِ. (بدائع الصنائع: ۲/ ۱۰۸، كِتَابُ الصَّومِ ،كِتَابُ الاِعتِكَافِ ، فَصلٌ وَأمَّا شَرَائِطُ صِحَّتِهِ ط: سعيد كراچی)

الفتاوى الهندية: ۱/ ۲۱۱، كِتَابُ الصَّومِ،البَابُ السَّابِعُ فِي الِاعتِكَافِ،وَأمَّا شُرُوطُهُ،ط:رشيديه كوئٹه.

الدرمع الرد: ۲/ ٤٤٠،/ البحر الرائق: ۲/ ۲۹۹، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی .

(۲) إذَا أكَلَ المُعتَكِفُ نَهَارًا نَاسِيًا لَا يَضُرُّهُ لِأنَّ حُرمَةَ الأكلِ لِأجلِ الصَّومِ لَا لِأجلِ الِاعتِكَافِ كَذَا فِي "النِّهَايَةِ" . (الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۱۳ ، كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحظوراته، ط: رشيديه)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/ ۲۲۲ ، كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه .

الدرمع الرد: (۲/ ٤٥٠) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: سعيد .

بھول کر نکل جائے

اگر معتکف بھولے سے ایک ساعت کے لیے بھی مسجد سے باہر نکل گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، مزید "فاسد کرنے والی چیزیں" عنوان کے تحت [اسٹار نمبر:۱۱] میں دیکھیں! (۱)

بھیڑ

"قبض" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۳۲٦)

بے عقل

"مدہوش" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۳٦٦)

بیت الخلاء کے لیے نکلنا

اگر معتکف پاخانہ کرنے کے لیے مسجد سے باہر جائے تو فارغ ہونے کے بعد وہاں قیام نہ کرے، اور جہاں تک ممکن ہو ایسی جگہ اپنی ضرورت پوری کرے جو اس مسجد سے زیادہ قریب ہو، ہاں اگر اس کی طبیعت ایسی ہے کہ قریب کے باتھ روم میں جانے سے ضرورت رفع نہ ہوتی ہو تو پھر دور کے باتھ روم میں جانے کی اجازت ہوگی۔ (۲)

---

(۱) (فلو خرج) ولو ناسيا (ساعة) زمانية لا رملية كما مر (بلا عذر فسد) فيقضيه إلا أفسده بالردة واعتبر أكثر النهار قالوا وهو الاستحسان وبحث فيه الكمال. (الدر المختار: (۴۴۷/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۳۰۲/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: ۱۱۴/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

(۲) (قوله: إلا لحاجة الإنسان الخ) ولا يمكث بعد فراغه من الطهور ولا يلزمه أن يأتي بيت صديقه القريب. واختلف فيما لو كان له بيتان فأتى البعيد منهما قيل فسد وقيل: لا وينبغي أن يخرج على القولين ما لو ترك بيت الخلاء للمسجد القريب وأتى بيته نهر ولا يبعد الفرق بين الخلافية وهذه لأن الإنسان قد لا يألف غير بيته رحمتي اى فإذا كان لا يألف غيره بان لا يتيسر له إلا في بيته =

بیت اللہ کو بنانے کا مقصد

بیت اللہ شریف کو بنانے کا مقصد طواف، اعتکاف اور نماز ہے۔(۱)

اور طواف نفل نماز سے مقدم ہے اور اطراف عالم سے جانے والے حجاج کے لیے نفل نماز پڑھنے سے طواف کرنا زیادہ افضل ہے۔(۲)

بیڑی

''سگریٹ'' کے عنوان کو دیکھیں!(ص:۲٦۳)

بیس دن کا اعتکاف

☆ ......بیس دن کا اعتکاف کرنا بھی حدیث سے ثابت ہے، البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عام عادت طیبہ دس دن کی تھی۔(۳)

= فلا یعد الجواز بلا خلاف ولیس کالمکث بعدها ما لو خرج لها ثم ذهب لعیادة مریض أو صلاة جنازة من غیر أن یکون خرج لذلک قصدا فإنه جائز کما فی البحر عن "البدائع".) [رد المحتار: ۴۴۵/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط، سعید کراچی. (الفتاوی الهندیة: ۲۱۲/۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأمامفسداته، ط: رشیدیة کوئٹه)

🗀 النهر الفائق: ۴٦/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: امدادیة ملتان.

(۱) ﴿وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ﴾ [سورة البقرة: ۱۲۵:۲].

(۲) وَإِنَّمَا قَالَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ كُلَّمَا بَدَا لَهُ لِيُنَبِّهَ بِهَذَا عَلَى أَنَّ الطَّوَافَ لِلْغُرَبَاءِ أَفْضَلُ مِنَ الصَّلَاةِ وَلِأَهْلِ مَكَّةَ الصَّلَاةُ أَفْضَلُ مِنْهُ لِأَنَّ الْغُرَبَاءَ يَفُوتُهُمُ الطَّوَافُ إِذَا رَجَعُوا إِلَى بِلَادِهِمْ وَلَا تَفُوتُهُمُ الصَّلَاةُ وَأَهْلُ مَكَّةَ لَا يَفُوتُهُمُ الْأَمْرَانِ وَعِنْدَ اجْتِمَاعِهِمَا فَالصَّلَاةُ أَفْضَلُ. (الجوهرة النيرة: ۱۸۷/۱، كِتَابُ الْحَجِّ، ط: قدیمی کتب خانه کراچی)

🗀 مراقی الفلاح: ص: ۱۸۷، کتاب الحج، فصل: فی کیفیة ترکیب أفعال الحج، ط: امدادیة ملتان.

(۳) عن أبی هریرة رضی الله عنه قال: "کان النبی صلی الله علیه و سلم یعتکف فی کل رمضان عشرة أیام فلما کان العام الذی قبض فیه اعتکف عشرین یوما". (صحیح البخاری: ۲۷۴/۱، کتاب الصوم، ابواب الاعتکاف، باب الاعتکاف فی العشر الاوسط من رمضان، ط: قدیمی کتب خانه کراچی) =

☆......جس سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی آپ نے بیس دن کا اعتکاف کیا، حضرت جبریل علیہ السلام ہر سال دس دن میں قرآن مجید کا ایک دور فرماتے تھے، آخری سال میں دو مرتبہ دور فرمایا، اس وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس دن کا اعتکاف فرمایا، یا اس وجہ سے کہ یہ آخری سال ہے زیادہ موقع مل جائے۔(۱)

بیسویں رات کے بعد اعتکاف میں بیٹھنا

اگر معتکف بیسویں رمضان کی رات کا کچھ حصہ یا پوری رات گزر جانے کے بعد اعتکاف میں داخل ہوا تو آخری دس دن کے اعتکاف کرنے کی سنت ادا نہیں ہوگی، البتہ نفل اعتکاف کا ثواب ملے گا۔(۲)

= سنن أبي داود: ۱/۳۴۱، كتاب الصوم، باب اين يكون الاعتكاف، ط: حقانيه ملتان.

سنن ابن ماجه: ص: ۱۲۶، ابواب ماجاء في الصيام، باب ماجاء في الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

(۱) عن أبي هريرة قال: "كان يعرض على النبي صلى الله عليه و سلم القرآن كل عام مرة فعرض عليه مرتين في العام الذي قبض فيه و كان يعتكف كل عام عشرا فاعتكف عشرين في العام الذي قبض فيه". (صحيح البخاري: ۲/۷۴۸، كتاب فضائل القرآن، باب كان جبريل يعرض القرآن على النبي صلى الله عليه و سلم، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

قوله: فعرض عليه مرتين في العام الذي قبض فيه في رواية إسرائيل عرضتين وقد تقدم ذكر الحكمة في تكرار العرض في السنة الأخيرة ويحتمل أيضا أن يكون السر في ذلك أن رمضان من السنة الأولى لم يقع فيه مدارسة لوقوع ابتداء النزول في رمضان ثم فتر الوحي ثم تتابع فوقعت المدارسة في السنة الأخيرة مرتين ليستوي عدد السنين والعرض قوله وكان يعتكف في كل عام عشرا فاعتكف عشرين في العام الذي قبض فيه ظاهره أنه اعتكف عشرين يوما من رمضان وهو مناسب لفعل جبريل حيث ضاعف عرض القرآن في تلك السنة. (فتح الباري لا بن حجر العسقلاني الشافعي شرح صحيح البخاري: ۹/۴۳، كتاب فضائل القرآن لبت قوله باب كان جبريل يعرض القرآن على النبي صلى الله عليه و سلم، ط: دار المعرفة بيروت)

(۲) وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان) أي سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة. (الدرمع الرد: ۲/۴۴۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي) =

بیمار ہو گیا

☆......اگر معتکف اعتکاف کی حالت میں بیمار ہو گیا اور دوا لا کر دینے والا کوئی نہیں یا ڈاکٹر کے پاس جانا ضروری ہے تو دوا کے لیے یا ڈاکٹر کے پاس جانے کے لیے مسجد سے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ کرنا لازم ہے، البتہ سخت مجبوری کی وجہ سے نکلنے سے گناہ نہیں ہوگا۔(۱)

☆......معتکف خود سخت بیمار ہو جائے اور مسجد میں ٹھہرنا مشکل ہو جائے تو معتکف گھر جا سکتا ہے، اس کے چلے جانے سے اعتکاف تو ٹوٹ جائے گا، لیکن گناہ نہ ہوگا لیکن بعد میں ایک رات ایک دن کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۲)

= الفتاوی الهندیة : ۱/ ۲۱۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما تفسیره، ط: رشیدیة کوئته.

مرقاة المفاتیح: ۴/ ۵۲۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف ، ط :حقانیة بشاور .

(۱) "اعتکاف توڑنا ان صورتوں میں جائز ہے" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) (قوله: فان خرج ساعة بلا عذر فسد)... وَرَجَّحَ المُحَقِّقُ فی فتحِ القَدِیرِ قولَهُ لِأَنَّ الضَّرُورَةَ التی یُنَاطُ بها التَّخفِیفُ اللَّازِمَةُ أو الغَالِبَةُ وَلَیسَ هُنَا کَذَلِکَ وَأَرَادَ بِالعُذرِ ما یَغلِبُ وُقُوعُهُ کَالمَوَاضِعِ التی قَدَّمَهَا وَإِلَّا لو أُرِیدَ مُطلَقُهُ لَکَانَ الخُرُوجُ نَاسِیًا أو مُکرَهًا غیر مُفسِدٍ لِکَونِهِ عُذرًا شَرعِیًّا وَلَیسَ کَذَلِکَ بَل هو مُفسِدٌ کما صَرَّحُوا بِهِ ، وَبِمَا قَرَّرنَاهُ ظَهَرَ القَولُ بِفَسَادِهِ فیما إذَا خَرَجَ لِانهِدَامِ المَسجِدِ أو لِتَفَرُّقِ أَهلِهِ أو أَخرَجَهُ ظَالِمٌ أو خَافَ علی مَتَاعِهِ کما فی "فتاوی قاضیخان" وَ"الظَّهِیرِیَّةِ" خِلَافًا لِلشَّارِحِ الزَّیلَعِیِّ أو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ وَإِن تَعَیَّنَت علیه أو لِنَفِیرٍ عَامٍّ أو لأداء شَهَادَةٍ أو لِعُذرِ المَرَضِ أو لِإِنقَاذِ غَرِیقٍ أو حَرِیقٍ فَفَرَّقَ الشَّارِحُ هُنَا بین هذه المسائل حَیثُ جَعَلَ بَعضَهَا مُفسِدًا وَالبَعضَ لَا تَبَعًا لِصَاحِبِ البَدَائِعِ مِمَّا لَا یَنبَغِی، نعم الکُلُّ عُذرٌ مُسقِطٌ لِلإِثمِ بَل قد یَجِبُ علیه الإِفسَادُ إذَا تَعَیَّنَت علیه صَلَاةُ الجِنَازَةِ أو أَدَاءُ الشَّهَادَةِ بِأَن کان یَتوِی حَقُّهُ إن لم یَشهَد أو لِإِنجَاءِ غَرِیقٍ وَنَحوِهِ وَالدَّلِیلُ علی ما ذَکَرَهُ القَاضِی ما ذَکَرَهُ الحَاکِمُ فی "کَافِیهِ" بِقَولِهِ: فَأَمَّا فی قول أبی حَنِیفَةَ فَاعتِکَافُهُ فَاسِدٌ إذَا خَرَجَ سَاعَةً لِغَیرِ غَائِطٍ أو بَولٍ أو جُمُعَةٍ اه. فَکَانَ مُفَسِّرًا لِلعُذرِ المُسقِطِ لِلفَسَادِ ... فَسَدَ بِصُنعِهِ لِعُذرٍ کما إذَا مَرِضَ فَاحتَاجَ إلَی الخُرُوجِ فَخَرَجَ أو بِغَیرِ صُنعِهِ رَأسًا کَالحَیضِ وَالجُنُونِ وَالإِغمَاءِ الطَّوِیلِ وَالقِیَاسُ فی الجُنُونِ الطَّوِیلِ أن یُسقِطَ القَضَاءَ کما فی صَومِ رَمَضَانَ إلَّا أَنَّ فی الِاستِحسَانِ یَقضِی لِأَنَّهُ لَا حَرَجَ فی قَضَاءِ الِاعتِکَافِ کَذَا فی البَدَائِعِ۔

(البحر الرائق: ۲/ ۳۰۲، ۳۰۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی) =

بیوی سے بات چیت کرنا

''بیوی سے ملاقات'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۵۰)

بیوی سے کام لینا

☆......اعتکاف کی حالت میں بیوی سے کام لینے کی گنجائش ہے اور معتکف کے لیے جسم کا کوئی حصہ مسجد سے باہر نکالنے کی اجازت ہے، مگر پورے جسم کو باہر نکالنا درست نہیں ۔(۱)

☆......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کی حالت میں ہوتے تھے اور اپنے سر مبارک کو میری جانب کر دیتے تھے، میں کنگھی کر دیتی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں ہوتے تھے۔(۲)

= ردالمحتار: ۲/۴۴۷، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

الفتاوی الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه.

(۱) وَلَا بَأسَ بِأَن يُخرِجَ رَأسَهُ إِلَى بَعضِ أَهلِهِ لِيَغسِلَهُ؛ لأَنَّ الْخُرُوْجَ يُنقِضُ الاعتِكَافَ، وَآلَةُ الخُرُوْجِ الرِّجلُ وَالرَّأسُ. (الفتاوىٰ الولوالجية: ۱/۲۴۴، الفصل الرابع فی الاعتكاف وصدقة الفطر، ط: مكتبه حرمين شريفين كوئٹه)

وَفِي "فَتَاوَى قَاضِي خَان": وَلَا بَأسَ أَن يُخرِجَ رَأسَهُ إِلَى بَعضِ أَهلِهِ لِيَغسِلَهُ كَذَا فِي التَّتَارخَانِيَّة. (الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۳، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/۲۲۳، كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه.

(۲) عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم قالت: "كان النبي صلى الله عليه وسلم يصغى اليّ رأسه وهو مجاور في المسجد فأرجّله وأنا حائض". (صحيح البخاری: ۱/۲۷۱، كتاب الصوم، أبواب الاعتكاف، باب الحائض ترجّل المعتكف، ط: قديمى كتب خانه)

1 صحيح مسلم: ۱/۱۴۲، كتاب الحيض، باب جواز غسل الحائض رأس زوجها، ط: قديمى كتب خانه كراچی. =

بیوی سے ملاقات

معتکف اعتکاف کی حالت میں مسجد میں رہ کر بیوی سے ملاقات اور بات چیت کرسکتا ہے۔(۱)

بیوی شوہر کی اجازت سے اعتکاف کرے

☆......اگر بیوی اعتکاف میں بیٹھنا چاہتی ہے تو شوہر سے اجازت لے کر اعتکاف میں بیٹھے اور شوہر کو بھی چاہیے کہ جب بیوی کے شوق اور رغبت کو دیکھے اور اس سے کوئی حرج نہ ہو تو اعتکاف کی اجازت دے دے۔(۲)

= سنن الترمذی: ۱/۱۶۵، ابواب الصوم عن رسول الله صلى الله عليه و سلم،باب المعتكف يخرج لحاجته،ط: سعيد كراچى.

(۱) حدثنا أبو اليمان أخبرنا شعيب عن الزهرى قال أخبرنى على بن الحسين رضى الله عنهما أن صفية زوج النبى صلى الله عليه و سلم أخبرته : أنها جاء ت رسول الله صلى الله عليه و سلم تزوره فى اعتكافه فى المسجد فى العشر الأواخر من رمضان فتحدثت عنده ساعة ثم قامت تنقلب فقام النبى صلى الله عليه و سلم معها يقلبها حتى إذا بلغت باب المسجد عند باب أم سلمة مر رجلان من الأنصار فسلما على رسول الله صلى الله عليه و سلم فقال لهما النبى صلى الله عليه و سلم على رسلكما إنما هى صفية بنت حيى . فقالا سبحان الله يا رسول الله و كبر عليهما فقال النبى صلى الله عليه و سلم إن الشيطان يبلغ من الإنسان مبلغ الدم وإنى خشيت أن يقذف فى قلوبكما شيئا ". (صحيح البخارى: ۱/۲۷۲، كتاب الاعتكاف هل يخرج المعتكف لحوائجه إلى باب المسجد؟،ط: قديمى كتب خانه كراچى)

سنن أبى داود: ۱/۳۴۱،۳۴۲، كتاب الصوم،باب المعتكف يدخل البيت لحاجته،ط:حقانيه ملتان.

سنن ابن ماجه: ص:۱۲۷، أبواب ماجاء فى الصيام،باب فى المعتكف يزوره أهله فى المسجد،ط:قديمى كتب خانه كراچى.

(۲) وَلَا تُشتَرَطُ الذُّكُورَةُ وَالحُرِّيَّةُ فَيَصِحُّ من المَرأةِ وَالعَبدِ بِإِذنِ المَولَى وَالزَّوجِ إن كان لها زَوجٌ كَذَا فى البَدَائِعِ فَإِن أذِنَ لها الزَّوجُ بِالاعتِكَافِ لم يَكُن له أن يَمنَعَهَا بَعدَ ذلك. (الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۱، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأماشروطه، ط: رشيديه)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/۲۲۳، كتاب الصوم،فصل فى الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه . =

☆......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رمضان المبارک کے آخری دس دن کے اعتکاف کرنے کی اجازت مانگی تو آپ نے ان کو اعتکاف کرنے کی اجازت دے دی۔(۱)

☆......مزید ''عورت کو اعتکاف کرنے کے لیے شوہر سے اجازت لینا'' عنوان کے تحت دیکھیں!

بیوی شوہر کے پاس آئے

''بیوی کا معتکف شوہر کے پاس آنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۵۱)

بیوی کا معتکف شوہر کے پاس آنا

☆......اگر کوئی ضروری کام ہے تو بیوی پردہ کے اہتمام کے ساتھ معتکف شوہر کے پاس مسجد میں جا کر ضروری بات کر سکتی ہے، اس میں قباحت نہیں ہے، مگر اس سے زائد کسی اور بات کی اجازت نہیں۔(۲)

☆......اگر بیوی یا مستورات میں سے کچھ مستورات معتکف کے پاس آئیں

= الدر المختار: ۲/ ۴۴۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

(۱) عن عائشة رضي الله عنها قالت: كان رسول الله صلى الله عليه و سلم يعتكف في كل رمضان وإذا صلى الغداة دخل مكانه الذي اعتكف فيه . قال فاستأذنته عائشة أن تعتكف فأذن لها فضربت فيه قبة فسمعت بها حفصة فضربت قبة وسمعت زينب بها فضربت قبة أخرى فلما انصرف رسول الله صلى الله عليه و سلم من الغد أبصر أربع قباب فقال: (ما هذا). فأخبر خبرهن فقال: (ماحملهن على هذا ؟ آلبر؟ انزعوها فلا أراها). فنزعت فلم يعتكف في رمضان حتى اعتكف في آخر العشر من شوال. (صحيح البخاري: ۱/ ۲۷۳، كتاب الصوم، أبواب الاعتكاف، باب الاعتكاف في شوال، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

صحيح مسلم: ۱/ ۳۷۱، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

سنن أبي داود: ۱/ ۳۳۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: حقانيه ملتان.

(۲) ''بیوی سے ملاقات'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

اورکوئی دوسرا شخص دیکھ رہا ہوتو اسی وقت صفائی کر دینی چاہیے کہ ان سے میرا یہ رشتہ ہے، یا یہ میری بیوی ہے، تاکہ دوسرے کو بدگمانی نہ ہو، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا ہی ثابت ہے۔(۱)

☆......موجودہ دور میں موبائل عام ہے اس لیے کوئی اہم بات ہوتو موبائل کے ذریعہ کرلی جائے اور معتکف موبائل کو ہمیشہ سائلینٹ میں رکھے، تاکہ دوسرے لوگوں کوتکلیف نہ ہو۔

بیوی کے لئے معتکف شوہر کی خدمت کرنا

اگر بیوی مسجد سے باہر رہ کر معتکف شوہر کی خدمت کرسکتی ہے تو کرے، یہ جائز ہے،سنت سے ثابت ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم (اعتکاف کی حالت میں) مسجد میں ہوتے، میری جانب سر مبارک فرمادیتے میں آپ کے بال مبارک میں کنگھا کردیتی۔(۲)

بے ہوش ہوجائے

اگر معتکف بے ہوش ہوجائے یا دیوانہ، پاگل ہوجائے، یا جن بھوت کے

---

(۱) ''بیوی سے ملاقات'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) عن عمرة بنت عبدالرحمٰن أنّ عائشة زوج النّبي صلى الله عليه وسلم قالت : وان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليدخل عليّ رأسه وهو في المسجد فارجله و كان لايدخل البيت الاّ لحاجة إذا كان معتكفا . (البخاري : (۱/۲۷۲) باب المعتكف لايدخل البيت إلاّ لحاجة، ط: قديمی)

ـــ عن عائشة قالت : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا اعتكف يُدني إلى رأسه ، فأرجّله ، وكان لايدخل البيت إلاّ لحاجة الإنسان . (سنن ابی داود : (۱/۳۳۴) كتاب الصيام ، باب المعتكف يدخل البيت لحاجته ، ط: سعيد كراچي)

اثرات سے بے عقل ہو جائے اور ایک رات دن سے زیادہ یہی حالت رہی تو ایک دن کا درمیان میں وقفہ ہو گیا اور تسلسل باقی نہ رہا، اس لیے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور اگر ایک رات دن گزرنے سے پہلے ہی ہوش میں آ گیا تو اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔(۱)

بے ہوشی

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک معتکف کو اگر چند روز تک یا ایک دن ایک رات سے زیادہ بے ہوشی لاحق رہے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، یہی حکم جنون کا بھی ہے، لیکن نشے کی حالت رات میں آئے اور دن میں ٹھیک رہے تو اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) وَمِنهَا الإِغمَاءُ وَالجُنُونُ نَفسُ الإِغمَاءِ وَالجُنُونُ لا تفسد بِلا خِلافٍ حتى لَا يَنقَطِعَ التَّتَابُعُ وَإِن أُغمِيَ عليه أَيَّامًا أو أَصَابَهُ لَمَمٌ يُفسِد اعتِكَافَهُ وَعَلَيهِ إِذَا بَرِئَ أَن يَستَقبِلَ فَإِن تَطَاوَلَ الجُنُونُ وَبَقِيَ سِنِينَ ثُمَّ أَفَاقَ يَجِبُ عليه أَن يَقضِيَ هَكَذَا في "البَدَائِعِ" وَإِن صَارَ مَعتُوهًا ثُمَّ أَفَاقَ بَعدَ سِنِينَ يَجِبُ عليه القَضَاءُ كَذَا في "فَتَاوَى قَاضِي خَانَ". (الفتاوى الهندية: (۲۱۳/۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: (۲۲۳/۱، ۲۲۴) كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه.

البحر الرائق: (۳۰۳/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

(۲) "بے ہوش ہو جائے" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

پ

پاخانہ

☆...... بیت الخلاء (باتھ روم) مسجد کے ساتھ نہ ہو، بلکہ محلے سے ہٹ کر آبادی سے باہر جانا پڑتا ہے تو جانا درست ہے، اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، البتہ راستہ میں رک کر کسی سے بات چیت نہ کرے ورنہ اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

☆...... بیت الخلاء مسجد میں نہیں ہے گھر میں ہے تو پاخانہ کے لیے گھر آنا درست ہے، خواہ مسجد کے قریب کسی دوسرے کے مکان میں بیت الخلاء ہو۔(۲)

(۱) قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ والغائط) أى لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عائشة كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ في بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا. (البحر الرائق: (۲/ ۳۰۱)، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۲)، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه.

الدر المختار: (۲/ ۴۴۵)، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

(۲) فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غائط لَا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا في المُحِيطِ وَلَو كان بِقُربِ المَسجِدِ بَيتُ صَدِيقٍ له لم يَلزَم قَضَاءُ الحَاجَةِ فيه. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۲)، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

شامى: (۲/ ۴۴۵) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد.

النهر الفائق: (۲/ ۴۶) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امداديه.

☆...... پاخانہ کے لیے بیت الخلاء گیا، قبض کی وجہ سے دیر ہوگئی تو کوئی حرج نہیں، اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

☆...... پاخانہ، پیشاب کے لیے نکلا اور واپسی میں وضو کر کے آیا تو اس میں کوئی حرج نہیں، اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) قولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إلّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ والغائط) أى لا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عائشة رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا :"كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلّا لِحَاجَةِ الإنسَانِ" وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ فى بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطهور لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يتقدر بِقَدرِهَا.(البحر الرائق:(۲/ ۳۰۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى)

▭ الهداية:(۱/ ۲۴۷) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:رحمانيه لاهور.

▭ المبسوط للسرخسى:(۳/ ۱۳۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط : دار الكتب العلميةبيروت لبنان.

▭ (الحنفية قالوا : خروج المعتكف من المسجد له حالتان :

الحالة الأولى : أن يكون الاعتكاف واجبا بنذر وفى هذه الحالة لا يجوز له الخروج من المسجد مطلقا ليلا أو نهارا عمدا أو نسيانا فمن خرج بطل اعتكافه إلا بعذر والأعذار التى تبيح للمعتكف اعتكافا واجبا الخروج من المسجد تنقسم إلى ثلاثة أقسام : الأول : أعذار طبيعية كالبول أو الغائط أو الجنابة بالاحتلام حيث لا يمكنه الاغتسال فى المسجد ونحو ذلك فإن المعتكف يخرج من المسجد للاغتسال من الجنابة ولقضاء حاجة الإنسان بشرط أن لا يمكث خارج المسجد إلا بقدر قضائها.(كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/ ۴۹۵) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف،ط: دار الحديث القاهرة)

(۲) وَمِن أعذَارِ الخُرُوجُ للغائط وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غائط لا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ ،وَلَو مَكَثَ فى بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبى حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا فى " المُحِيطِ ".(الفتاوى الهندية :(۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئته)

▭ إذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غائط لَا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ ،وَلَو مَكَثَ فى بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبى حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى.(الفتاوى التاتارخانيه:(۲/ ۲۱۲) كتاب الصوم،الفصل الثانى عشرفى الاعتكاف،ط:قديمى كتب خانه كراچى)

▭ المبسوط للسرخسى:(۳/ ۱۳۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط : دار الكتب العلميةبيروت لبنان.

☆...... مسجد کے قریب دوست کا گھر ہے اور اپنا گھر ذرا دور ہے، تو اسے دوست کے قریبی مکان میں جانا ضروری نہیں ہے، بلکہ اپنے گھر میں جا کر بیت الخلاء سے فارغ ہو کر آ سکتا ہے۔(۱)

☆...... اگر معتکف کے دو مکان ہیں، ایک مسجد سے قریب ہے، ایک مسجد سے دور ہے، تو وہ مسجد کے قریب والے مکان کے بیت الخلاء میں جائے، دور کے مکان میں نہیں، دور کے مکان کے بیت الخلاء میں جانے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

☆...... مسجد سے باہر پاخانہ ہے تو پاخانہ جانے کے لیے تیز رفتاری سے جانا ضروری نہیں، مناسب رفتار سے جا سکتا ہے۔(۳)

---

(۱) قوله:إلا لحاجة الإنسان الخ) ولا يمكث بعد فراغه من الطهور ولا يلزمه أن يأتي بيت صديقه القريب. واختلف فيما لو كان له بيتان فأتى البعيد منهما قيل فسد وقيل: لا وينبغي أن يخرج على القولين ما لو ترک بيت الخلاء للمسجد القريب وأتى بيته نهر ولا يبعد الفرق بين الخلافية وهذه لأن الإنسان قد لا يألف غير بيته رحمتي أى فإذا كان لا يألف غيره بأن لا يتيسر له إلا فى بيته فلا يبعد الجواز بلا خلاف وليس كالمكث بعدها ما لو خرج لها ثم ذهب لعيادة مريض أو صلاة جنازة من غير أن يكون خرج لذلک قصدا فإنه جائز كما فى البحر عن " البدائع ". (رد المحتار: ۴۴۵/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچى)

الفتاوى الهندية : ۲۱۲/۱ ، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته،ط:رشيدية كوئٹه .

النهر الفائق: ۲/ ۴۶، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:امدادية ملتان.

وَلَو كَانَ بِقُربِ المَسجِدِ بَيتُ صَدِيقٍ لَهُ لَم يَلزَمهُ قَضاءُ الحَاجَةِ فِيهِ وَإِن كَانَ لَهُ بَيتَانِ قَرِيبٌ وَبَعِيدٌ قَالَ بَعضُهُم لَا يَجُوزُ أَن يَمضِيَ إِلَى البَعِيدِ فَإِن مَضَى بَطَلَ اعتِكَافُهُ وَقَالَ بَعضُهُم يَجُوزُ وَيَأكُلُ المُعتَكِفُ وَيَنَامُ فِي مُعتَكَفِهِ لِأَنَّهُ يُمكِنُهُ ذَلِکَ فِي المَسجِدِ فَلَا ضَرُورَةَ إِلَى الخُرُوجِ. (الجوهرةالنيرة: (۱۷۷/۱) ، كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:قديمى كتب خانه كراچى)

(۲) انظر إلى الحاشية السابقة .

(۳) وَإِن كان خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ له أَن يَمشِيَ على التُّؤَدَةِ كَذَا فى النِّهَايَةِ وَهَكَذَا فى العِنَايَةِ . (الفتاوى الهندية : ۲۱۲/۱ ، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته،ط:رشيدية كوئٹه)

بدائع الصنائع: ۱۱۵/۲، كتاب الصوم،كتاب الاعتكاف، فصل:وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچى. =

☆...... مسجد میں بیت الخلاء ہے لیکن نہایت ہی گندا اور تکلیف کا باعث ہے، اور معتکف کو صاف بیت الخلاء استعمال کرنے کی عادت ہے اور مسجد کے بیت الخلاء میں یہ سہولت نہیں ہے تو گھر کے پاخانہ میں جاسکتا ہے، اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔(۱)

☆...... اگر پاخانہ، پیشاب کے لیے نکلا اور فارغ ہونے کے بعد آدھا منٹ بھی رُکا رہا تو اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

☆...... پاخانہ پیشاب کے لیے مسجد سے باہر نکلا، کسی شخص نے مسجد سے باہر ایک آدھ منٹ کے لیے زبردستی رُوک لیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۳)

= المبسوط للسرخسي: ۱۳۲/۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان.

(۱) قوله: إلا لحاجة الإنسان الخ) ولا يمكث بعد فراغه من الطهور ولا يلزمه أن يأتي بيت صديقه القريب. واختلف فيما لو كان له بيتان فأتى البعيد منهما قيل فسد وقيل: لا وينبغي أن يخرج على القولين ما لو ترك بيت الخلاء للمسجد القريب وأتى بيته نهر ولا يبعد الفرق بين الخلافية وهذه لأن الإنسان قد لا يألف غير بيته رحمتي أي فإذا كان لا يألف غيره بأن لا يتيسر له إلا في بيته فلا يبعد الجواز بلا خلاف وليس كالمكث بعدها ما لو خرج لها ثم ذهب لعيادة مريض أو صلاة جنازة من غير أن يكون خرج لذلك قصدا فإنه جائز كما في البحر عن البدائع. (رد المحتار: ۴۴۵/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچی)

(۲) وَمِنَ الْأَعْذَارِ الْخُرُوجُ لِلْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَأَدَاءِ الْجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَوْلٍ أو غائط لَا بَأْسَ بِأَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ وَيَرْجِعَ إلَى الْمَسْجِدِ كما فَرَغَ من الْوُضُوءِ وَلَوْ مَكَثَ في بَيْتِهِ فَسَدَ اعْتِكَافُهُ وَإِنْ كان سَاعَةً عِنْدَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا في الْمُحِيطِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الفتاوى التاتارخانية: ۳۱۳/۲، كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمي كراچي.

الجوهرة النيرة: ۱۷۶/۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

(۳) أو خرج هو لبول أو غائط، فحبسه الغريم ساعة فسد اعتكافه في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى. (الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۲/۱، كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه)

الدر مع الرد: (۴۴۷/۲)، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

خلاصة الفتاوى: ۲۶۸/۱، كتاب الصوم، الفصل السادس في الاعتكاف، جنس آخر، ط: مكتبه انصاريه كوئٹه.

☆...... مسجد میں پاخانے کم ہیں، یا معتکفین زیادہ ہیں، جس کی وجہ سے بسا اوقات انتظار کرنا پڑتا ہے تو شرعاً اس کی اجازت ہے، اس انتظار سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

☆...... اگر مسجد میں پاخانہ نہ ہونے کی وجہ سے معتکف گھر گیا تو اسے چاہیے کہ فراغت کے بعد ذرا بھی نہ رُکے، اگر ذرا بھی رکا، اور بات کرنے لگا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا، البتہ آتے جاتے چلتے ہوئے بات کرلی تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

☆...... اگر کپڑے میں پاخانہ پیشاب ہوگیا تو اس کو پاک کرنے کے لیے مسجد سے باہر جانا درست ہے اور دھوتے ہی فوراً مسجد میں واپس آجائے۔(۳)

---

(۱) قَوْلُهُ وَلَا يَخْرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرْعِيَّةٍ كَالْجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالْبَوْلِ و الغائط) أي لَا يَخْرُجُ الْمُعْتَكِفُ اعْتِكَافًا وَاجِبًا من مَسْجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطْلَقَةٍ لِحَدِيثِ عائشة كان عليه السَّلَامُ لَا يَخْرُجُ من مُعْتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الْإِنْسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعْلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الْخُرُوجِ في بَعْضِهَا فَيَصِيرُ الْخُرُوجُ لها مُسْتَثْنًى وَلَا يَمْكُثُ بَعْدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يتقدر بِقَدْرِهَا. (البحر الرائق: ۲/۳۰۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

تفصیلاً "پاخانہ" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) وَمِن الْأَعْذَارِ الْخُرُوجُ لِلْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وَأَدَاءِ الْجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَوْلٍ أو غائط لَا بَأْسَ بِأَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ وَيَرْجِعَ إلَى الْمَسْجِدِ كما فَرَغَ من الْوُضُوءِ، وَلَو مَكَثَ في بَيْتِهِ فَسَدَ اعْتِكَافُهُ وَإِنْ كان سَاعَةً عِنْدَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى؛ كَذَا في "الْمُحِيطِ". (الفتاوى الهندية: (۱/۲۱۲) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الفتاوى التاتارخانية: (۲/۳۱۳) كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمی کراچی۔

الجوهرة النيرة: (۱/۱۷۶) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمی كتب خانه كراچی۔

(۳) المبحث الرابع: ما يلزم المعتكف وما يجوز له) اتفق الفقهاء على أنه يلزم المعتكف في الاعتكاف الواجب البقاء في المسجد لتحقيق ركن الاعتكاف وهو المكث والملازمة والحبس ولا يخرج إلا لعذر شرعي أو ضرورة أو حاجة.

قال الحنفية :...وحرم على المعتكف اعتكافاً واجباً الخروج إلا لعذر شرعي كأداء صلاة الجمعة والعيدين فيخرج في وقت يمكنه إدراكها مع صلاة سنة الجمعة قبلها ثم يعود وإن أتم =

☆......جن کاموں کے لیے معتکف کو مسجد سے باہر نکلنا جائز ہے، ان کاموں کے لیے تیز چلنا یا دوڑ کر جانا ضروری نہیں ہے ، بلکہ اطمینان اور سکون کے ساتھ جائے ،اور اطمینان وسکون کے ساتھ ادا کر کے واپس آ جائے ۔(۱)

پاخانہ کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا

اگر پاخانہ کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا اور وہاں کچھ ٹھہر بھی گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا ۔(۲)

پاخانہ کے لیے نکلنا

''بیت الخلاء کے لیے نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱٤٥)

پاخانہ کے لیے جانا

''مسجد کی منزلہ ہو'' عنوان کے تحت دوسرے اشار میں دیکھیں!(ص:۳۸٤)

پاگل

''مجنون'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:٣٦١)

= اعتكافه فى الجامع صح و كره.أو لحاجة طبيعية: كالبول و الغائط وإزالة النجاسة والاغتسال من جنابة باحتلام؛ لأنه عليه الصلاة والسلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة.(الفِقهُ الإسلاميُ وادلّتُهُ: ٢/ ٦٢١، ٦٢٢، البَابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّانى : الاعتِكاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوزله،ط: الحقانيَة بشاور)

(أو)حاجة(طبيعية) كالبول،والغائط،وازالة نجاسة،واغتسال من جنابة باحتلام...الخ). (مراقى الفلاح:ص: ١٧٩ ،كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:امداديه ملتان)

حاشية الطحطاوى على المراقى:ص: ٣٨٣، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: مير محمد كتب خانه كراچى/ ص: ٥٧٩، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

''پاخانہ''عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۱)''پاخانہ''عنوان کے اشار:۷، کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲)''پاخانہ''عنوان کے اشار:۱۲، کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

پاگل ہو جائے

"بے ہوش ہو جائے" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۵۲)

پان

اگر پان اور تمبا کو بدبودار نہ ہو تو معتکف مسجد میں کھا سکتا ہے۔ (۱)

پانی بھول کر دن میں پی لیا

"بھول کر دن میں کھانا کھا لیا" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱٤٤)

پانی پینے کے لیے جانا

"پانی لانا" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱٦۳)

پانی حاصل کرنے میں تاخیر ہو گئی

پاخانہ، پیشاب یا واجب غسل یا ضروری وضو کرنے کے لیے نکلا، اور پانی حاصل کرنے میں کچھ تاخیر ہو گئی، مثلاً نل پر بھیڑ تھی یا مسجد میں پانی ختم ہو گیا تھا، کسی دوسری جگہ سے پانی حاصل کیا تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔ (۲)

---

(۱) عَن جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَن أَكلِ البَصَلِ وَالكُرَّاثِ. فَغَلَبَتنَا الحَاجَةُ فَأَكَلنَا مِنهَا فَقَالَ مَن أَكَلَ مِن هَذِهِ الشَّجَرَةِ المُنتِنَةِ فَلَا يَقرَبَنَّ مَسجِدَنَا فَإِنَّ الملائكة تَأَذَّى مِمَّا يَتَأَذَّى مِنهُ الإِنسُ. (صحيح مسلم: ۱/ ۲۰۹، كتاب الصلوة، كتاب المساجد، باب نَهي مَن أَكَلَ ثُومًا أَو بَصَلًا أَو كُرَّاثًا أَو نَحوَهَا عَن حُضُورِ المَسجِدِ، ط: قديمى كراچى)

صحيح البخارى: ۱/ ۱۱۸، كتاب الاذان، باب ما جاء فى الثوم النّىء والبصل والكراث، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

سنن الترمذى: ۲/ ۳، ابواب الاطعمة عن رسول الله صلى الله عليه و سلم، باب ما جاء فى كراهية اكل الثوم والبصل، ط: سعيد كراچى.

(۲) قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إِلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ والغائط) أى لا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إِلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عائشة كان عليه السَّلَامُ =

پانی ختم ہوگیا

مسجد میں وضو کا پانی ختم ہوگیا تو جہاں سے جلدی لاسکتا ہو وہاں جاکر پانی لاسکتا ہے، اور اگر گھر جانا پڑے تو گھر بھی جانا جائز ہے خواہ وہیں وضو کرکے آجائے یا مسجد میں آکر وضو خانے پر بیٹھ کر وضو کرلے، درمیان میں کہیں بلاضرورت نہ ٹھہرے۔(۱)

پانی خشک کرنا

وضو کے بعد وضو خانہ پر کھڑے ہوکر رومال سے وضو کا پانی خشک کرنے سے

= لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإنسَانِ وَلأَنَّهُ مَعلومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ فى بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنَى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا. (البحر الرائق:(۲/ ۳۰۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

تفصیلاً ''پاخانہ'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۱) قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ او طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أى لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإنسَانِ وَلأَنَّهُ مَعلومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ فى بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنَى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا.
(البحر الرائق:(۲/ ۳۰۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

وَمِن الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ او غَائِطٍ لَا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ، وَلَو مَكَثَ فى بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبى حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا فى " المُحِيطِ". وَلَو كان بِقُربِ المَسجِدِ بَيتُ صَدِيقٍ له لم يَلزَم قَضَاءُ الحَاجَةِ فيه وَإِن كان له بَيتَانِ قَرِيبٌ وَبَعِيدٌ قال بَعضُهُم لَا يَجُوزُ أَن يَمضِيَ إلَى البَعِيدِ فَإِن مَضَى بَطَلَ اعتِكَافُهُ كَذَا فى " السِّرَاجِ الوَهَّاجِ ". وَإِن كان خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ له أَن يَمشِيَ على التُّؤَدَةِ كَذَا فى " النِّهَايَةِ " وَهَكَذَا فى " العِنَايَةِ ". (الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الدر المختار: (۲/ ۴۴۵) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

الفتاوىٰ التاتار خانيه: (۲/ ۳۱۲) كتاب الصوم، الفصل الثانى عشر فى الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۱)

پانی گرم کرنا

معتکف غسل جنابت کے لیے نکل سکتا ہے، غسل جنابت کے علاوہ دوسرے غسل کے لیے نکل نہیں سکتا، اگر سردی کے موسم میں پانی ٹھنڈا ہے استعمال سے نقصان ہوتا ہے گرم پانی کا انتظام کرنے والا کوئی نہیں ہے، تو معتکف خود مسجد کے احاطہ میں چولہا جلا کر یا جلے ہوئے چولہے میں پانی گرم کر کے غسل کرسکتا ہے، یہ شرعی ضرورت ہے، لہٰذا اعتکاف میں کوئی حرج نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) قَولُهُ: وَلَا يَخرُجُ منه إِلَّا لِحَاجَةٍ... أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أى لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إِلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ...وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا.(البحر الرائق:(۳۰۱/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى)

احسن الفتاوى:(۵۱۷/۴،۵۱۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،(س: بعض امور مفسده و غير مفسده)، ط: سعيد كراچى.

تفصیلاً "پاخانہ" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) وَحَرُمَ عَلَيهِ) أى عَلَى المُعتَكِفِ اعتِكَافًا وَاجِبًا أَمَّا النَّفلُ فَلَهُ الخُرُوجُ لِأَنَّهُ مِنهُ لَا مُبطِلٌ كَمَا مَرَّ (الخُرُوجُ إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ) طَبِيعِيَّةٍ كَبَولٍ وَغَائِطٍ وَغُسلٍ لَو احتَلَمَ وَلَا يُمكِنُهُ الاغتِسَالُ فِى المَسجِدِ كَذَا فِى " النَّهرِ ".وفى " الشامية ": (قَولُهُ: وَغُسلٌ)عَدَّهُ مِن الطَّبِيعِيَّةِ تَبَعًا " للاختِيَارِ" وَ"النَّهرِ " وَغَيرِهِمَا، وَهُوَ مُوَافِقٌ لِمَا عَلِمته مِن تَفسِيرِهَا وَعَن هَذَا اعتَرَضَ بَعضُ الشُّرَّاحِ تَفسِيرَ "الكَنزِ " لَهَا بِالبَولِ وَالغَائِطِ بِأَنَّ الأَولَى تَفسِيرُهَا بِالطَّهَارَةِ وَمُقَدِّمَاتِهَا لِيَدخُلَ الاستِنجَاءُ وَالوُضُوءُ وَالغُسلُ لِمُشَارَكَتِهَا لَهُمَا فِى الاحتِيَاجِ وَعَدَمِ الجَوَازِ فِى المَسجِدِ اه. فَافهَم. (قَولُهُ:وَلَا يُمكِنُهُ إلَخ) فَلَو أَمكَنَهُ مِن غَيرِ أَن يَتَلَوَّثَ المَسجِدُ فَلَا بَأسَ بِهِ بَدَائِعُ أى بِأَن كَانَ فِيهِ بِركَةُ مَاءٍ أَو مَوضِعٌ مُعَدٌّ لِلطَّهَارَةِ أَو اغتَسَلَ فِى إِنَاءٍ بِحَيثُ لَا يُصِيبُ المَسجِدَ المَاءُ المُستَعمَلُ قَالَ فِى البَدَائِعِ : فَإِن كَانَ بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ بِالمَاءِ المُستَعمَلِ يُمنَعُ مِنهُ لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ اه. وَالتَّقيِيدُ بِعَدَمِ الإِمكَانِ يُفِيدُ أَنَّهُ لَو أَمكَنَ كَمَا قُلنَا فَيَخرُجُ أَنَّهُ يَفسُدُ.(الدرمع الرد:(۴۴۵/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى)

(المبحث الرابع: ما يلزم المعتكف وما يجوز له)اتفق الفقهاء على أنه يلزم المعتكف فى الاعتكاف الواجب البقاء فى المسجد لتحقيق ركن الاعتكاف وهو المكث والملازمة والحبس =

پانی لانا

معتکف کو بہت سخت پیاس لگ رہی ہے، مسجد میں پانی نہیں ہے، اور پانی لاکر دینے والا بھی کوئی نہیں ہے، تو خود مسجد سے باہر جہاں پانی جلدی مل سکتا ہے جا کر لا سکتا ہے، اگر پانی کا برتن نہ ہو تو ایسی جگہ پانی پی کر بھی آسکتا ہے، گرمیوں کے موسم میں کبھی سحری کے وقت ایسی صورت معتکف کو پیش آجاتی ہے۔(۱)

پائپ

جہاں ''پائپ'' لگا رہتا ہے وہ حصہ بھی مسجد سے باہر ہوتا ہے۔(۲)

= ولا يخرج إلا لعذر شرعي أو ضرورة أو حاجة. قال الحنفية : ...وحرم على المعتكف اعتكافاً واجباً الخروج إلا لعذر شرعي كأداء صلاة الجمعة والعيدين فيخرج في وقت يمكنه إدراكها مع صلاة سنة الجمعة قبلها ثم يعود وإن أتم اعتكافه في الجامع صح وكره. أو لحاجة طبيعية: كالبول والغائط وإزالة النجاسة والاغتسال من جنابة باحتلام؛ لأنه عليه الصلاة والسلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة.(الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۶۲۱، ۶۲۲)البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكَاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوز له،ط: الحقانيّة بشاور)

بدائع الصنائع:(۲/ ۱۱۶) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فَصلٌ وَأَمَّا رُكنُ الاعتِكَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما يُفسِدُهُ وما لا يُفسِدُهُ،ط: سعيد كراچي.

(۱) قَولُهُ : وَأَكلُهُ وَشُربُهُ وَنَومُهُ وَمُبَايَعَتُهُ فِيهِ)يَعني يَفعَلُ المُعتَكِفُ هَذِهِ الأَشيَاءَ فِي المَسجِدِ فَإِن خَرَجَ لِأَجلِهَا بَطَلَ اعتِكَافُهُ ؛ لِأَنَّهُ لَا ضَرُورَةَ إلَى الخُرُوجِ حَيثُ جَازَت فِيهِ وَ"الفَتَاوَى الظَّهِيرِيَّةِ" وَقِيلَ يَخرُجُ بَعدَ الغُرُوبِ وَلِلأَكلِ وَالشُّربِ.اه.وَيَنبَغِي حَملُهُ عَلَى مَا إذَا لَم يَجِد مَن يَأتِي لَهُ بِهِ فَحِينَئِذٍ يَكُونُ مِن الحَوَائِجِ الضَّرُورِيَّةِ كَالبَولِ وَالغَائِطِ.(البحر الرائق:(۲/ ۳۰۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي)

ردالمحتار:(۲/ ۴۴۸، ۴۴۹)باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: سعيد كراچي.

حاشية الطحطاوي على المراقي:(ص: ۳۸۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:مير محمد كتب خانه كراچي/ (ص: ۵۸۰)باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

(۲)''احاطہ مسجد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

پردہ

اعتکاف میں پردہ ڈالنا اور نہ ڈالنا دونوں طرح نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے، اگر پردہ ڈالنے سے ریاکاری، کبر وغیرہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو تو نہ ڈالیں، اور اگر ان امور کا اندیشہ نہ ہو تو یکسوئی کے لیے پردہ ڈال لینا بہتر ہے۔ البتہ فرض نماز کی جماعت ہونے لگے اور پردہ پڑے رہنے سے جماعت میں خلا رہ جانے کا خطرہ ہو تو پردہ ہٹا دینا چاہیے، بلکہ بستر اور سامان بھی اٹھا لینا چاہیے۔(۱)

پڑھانا

''بچوں کو پڑھانا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۳۷)

---

(۱) عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَعتَكِفُ فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ مِن رَمَضَانَ فَكُنتُ أَضرِبُ لَهُ خِبَاءً فَيُصَلِّي الصُّبحَ ثُمَّ يَدخُلُهُ فَاستَأذَنَت حَفصَةُ عَائِشَةَ أَن تَضرِبَ خِبَاءً فَأَذِنَت لَهَا فَضَرَبَت خِبَاءً فَلَمَّا رَأَتهُ زَينَبُ ابنَةُ جَحشٍ ضَرَبَت خِبَاءً آخَرَ فَلَمَّا أَصبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ رَأَى الأَخبِيَةَ فَقَالَ مَا هَذَا فَأُخبِرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ البِرَّ تُرَونَ بِهِنَّ فَتَرَكَ الِاعتِكَافَ ذَلِكَ الشَّهرَ ثُمَّ اعتَكَفَ عَشرًا مِن شَوَّالٍ. (صحيح البخاري: ۱/۲۷۲، كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف النسآء، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

🗀 سنن ابن ماجه: ص: ۱۲۷، ابواب ماجاء في الصيام، باب في ليلة القدر، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

🗀 صحيح مسلم: ۱/۳۷۰، كتاب الصيام، باب فَضلِ لَيلَةِ القَدرِ وَالحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا وَبَيَانِ مَحَلِّهَا وَأَرجَى أَوقَاتِ طَلَبِهَا، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

🗀 واعتكف مرة في قبة تركية وجعل على سُدتها حصيراً كلّ هذا تحصيلاً لمقصود الاعتكاف وروحه عكسَ ما يفعله الجهالُ من اتخاذ المعتكف موضعَ عِشرة ومجلبة للزائرين وأخذهم بأطراف الأحاديث بينهم فهذا لون والاعتكاف النبوي لون. والله الموفق. (زاد المعاد في هدى خير العباد: ۲/۹۰، فصل: في هديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت)

🗀 قوله: وأنه أمر بخبائه فضرب) قالوا فيه دليل على جواز اتخاذ المعتكف لنفسه موضعا من المسجد ينفرد فيه مدة اعتكافه مالم يضيق على الناس واذا اتخذه يكون في آخر المسجد ورحابه لئلا يضيق على غيره وليكون أخلى له وأكمل في انفراده. (شرح نووى على مسلم: ۱/۳۷۱، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

پلنگ

اگر پلنگ پر سونے کی ضرورت ہے تو معتکف اپنے اعتکاف کی جگہ میں پلنگ پر سو سکتا ہے اور اگر ضرورت نہیں تو مسجد میں پلنگ نہ لائے، چارپائی کا بھی یہی حکم ہے۔ (۱)

پنجگانہ میں اعتکاف کرنا

☆......اگر کسی بستی میں مسجد نہیں ہے، لیکن ایک مکان میں پانچ وقت کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنے کا انتظام ہے (عرف میں اس کو "پنجگانہ" کہتے ہیں) تو اس میں اعتکاف کرنے کی صورت میں سنت مؤکدہ کا ثواب ملنے کی امید ہے، لہٰذا اعتکاف کرنا چاہیے، باقی قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ (۲)

☆......جس مکان میں نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتے ہیں، وہاں جماعت کا ثواب مل جائے گا، لیکن مسجد کے ثواب سے محروم رہیں گے، اس لیے مسجد

---

(۱) عن ابن عمر رضی الله عنهما: "عن النبی صلى الله عليه و سلم أنه كان إذا اعتكف طرح له فراشه، أو يوضع له سريره وراء أسطوانة التوبة". (سنن ابن ماجه: ص:۱۲۷، ابواب ماجاء فی الصيام، باب فی المعتكف يلزم مكانا من المسجد، ط: قديمی كتب خانه كراچی)

مشكوة المصابيح: ۱/۱۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثالث، ط: قديمی كراچی.

زاد المعاد فی هدی خير العباد: ۲/۹۰، فصل: فی هَدیه صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فی الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت.

(۲) قال المفتی سيدعبد الرحيم لاجفوریؒ: جب کہ بستی میں مسجد ہی نہیں ہے، تو جس مکان میں پنج وقتہ نماز باجماعت ادا کرنے کا انتظام ہو، اس میں اعتکاف کیا جائے امید ہے کہ سنت مؤکدہ کا ثواب ملے گا، نہ کیا تو کوتاہی کا بار رہے گا جتنا ہو سکے کر گذرنا چاہیے، قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے. وقالوا: كما سقط عن المرأة فی صلوتها المسجد الجامع كذلك سقط فی اعتكافها المسجد الجامع أيضًا. (رسائل الاركان: (ص: ۲۲۹) باب الاعتكاف، خاتمة في الاعتكاف، ط: مطبع يوسفی فرنگی محل لكهنو)

فتاویٰ رحیمیہ: (۲۸۲/۷) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [س:۳۶۴: مسجد نہ ہونے کی وجہ سے ایسے مکان میں اعتکاف کرنا جہاں پنجوقتہ جماعت ہوتی ہے]، ط: دارالاشاعت کراچی.

بنانے کی کوشش جاری رکھنی چاہیے۔(۱)

پنکھا

''بجلی استعمال کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۳۷)

پورے ماہ کا اعتکاف

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دفعہ پورے رمضان المبارک کا اعتکاف کرنا بھی ثابت ہے، اس لیے پورے ماہ کا اعتکاف کرنا بھی ثواب کا کام ہے۔(۲)

---

(۱) قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ : صَلاةُ الرَّجُلِ فِي الجَمَاعَةِ تُضَعَّفُ عَلَى صَلاتِهِ فِي بَيتِهِ وَفِي سُوقِهِ خَمسَةً وَعِشرِينَ ضِعفًا وَذٰلِكَ أَنَّهُ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحسَنَ الوُضُوءَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى المَسجِدِ لا يُخرِجُهُ إِلا الصَّلاةُ لَم يَخطُ خُطوَةً إِلا رُفِعَت لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ وَحُطَّ عَنهُ بِهَا خَطِيئَةٌ فَإِذَا صَلَّى لَم تَزَلِ المَلائِكَةُ تُصَلِّي عَلَيهِ مَا دَامَ فِي مُصَلَّاهُ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيهِ اللّٰهُمَّ ارحَمهُ وَلا يَزَالُ أَحَدُكُم فِي صَلاةٍ مَا انتَظَرَ الصَّلاةَ". (صحيح البخاري: (۱/۸۹) كتاب الأذان، باب فضل صلاة الجماعة، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

البحث الثالث: قوله صلى الله عليه وآله وسلم: " صلاة الرجل في جماعة تضعف على صلاته في بيته وفي سوقه" يتصدى النظر هنا هل صلاته في جماعة في المسجد تفضل على صلاته في بيته وسوقه جماعة أو تفضل عليها منفردا أما الحديث فمقتضاه أن صلاته في المسجد جماعة تفضل على صلاته في بيته وسوقه جماعة وفرادى بهذا القدر لأن قوله صلى الله عليه وسلم:" صلاة الرجل في جماعة " محمول على الصلاة في المسجد لأنه قوبل بالصلاة في بيته وسوقه. (إحكام الأحكام شرح عمدة الأحكام لدقيق العيد: (۱/۱۱۳-۱۱۵) باب فضل الجماعة ووجوبها، ط: مؤسسة الرسالة)

فتاوی رحیمیہ: (۲۸۲/۷) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [ص:۳۶۴: مسجد نہ ہونے کی وجہ سے ایسے مکان میں اعتکاف کرنا جہاں پنجوقتہ جماعت ہوتی ہے]، ط: دارالاشاعت کراچی.

(۲) وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ الأَعلَى... عَن أَبِي سَعِيدِ الخُدرِيِّ رضى الله عنه قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اعتَكَفَ العَشرَ الأَوَّلَ مِن رَمَضَانَ ثُمَّ اعتَكَفَ العَشرَ الأَوسَطَ فِي قُبَّةٍ تُركِيَّةٍ عَلَى سُدَّتِهَا حَصِيرٌ قَالَ فَأَخَذَ الحَصِيرَ بِيَدِهِ فَنَحَّاهَا فِي نَاحِيَةِ القُبَّةِ ثُمَّ أَطلَعَ رَأسَهُ فَكَلَّمَ النَّاسَ فَدَنَوا مِنهُ فَقَالَ إِنِّي اعتَكَفتُ العَشرَ الأَوَّلَ أَلتَمِسُ هٰذِهِ اللَّيلَةَ ثُمَّ اعتَكَفتُ العَشرَ الأَوسَطَ ثُمَّ أُتِيتُ فَقِيلَ لِي إِنَّهَا فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ فَمَن أَحَبَّ مِنكُم أَن يَعتَكِفَ فَليَعتَكِف . فَاعتَكَفَ النَّاسُ مَعَهُ قَالَ =

پہلا عشرہ

☆......رمضان المبارک کے پہلے اور دوسرے عشرہ کا اعتکاف نفلی ہے، اگر کسی نے اعتکاف کیا تو اس پر نفلی اعتکاف کے احکام جاری ہوں گے۔(مزید "نفلی اعتکاف" کے عنوان کے تحت دیکھیں!)(۱)

☆......اگر کسی نے رمضان کے پہلے یا دوسرے عشرہ کا اعتکاف لازم کرلیا تو اس پر اعتکاف واجب کے احکام جاری ہوں گے۔(مزید "اعتکاف واجب" کے عنوان کے تحت دیکھیں!)(۲)

= وَإِنِّي أُرِيتُهَا لَيْلَةَ وِترٍ وَأَنِّي أَسجُدُ صَبِيحَتَهَا فِي طِينٍ وَمَاءٍ . فَأَصبَحَ مِن لَيلَةِ إِحدَى وَعِشرِينَ وَقَد قَامَ إِلَى الصُّبحِ فَمَطَرَتِ السَّمَاءُ فَوَكَفَ المَسجِدُ فَأَبصَرتُ الطِّينَ وَالمَاءَ فَخَرَجَ حِينَ فَرَغَ مِن صَلَاةِ الصُّبحِ وَجَبِينُهُ وَرَوثَةُ أَنفِهِ فِيهِمَا الطِّينُ وَالمَاءُ وَإِذَا هِيَ لَيلَةُ إِحدَى وَعِشرِينَ مِنَ العَشرِ الأَوَاخِرِ.(صحيح مسلم: ۱/ ۳۷۰،كتاب الصيام، باب فَضلِ لَيلَةِ القَدرِ وَالحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا وَبَيَانِ مَحِلِّهَا، وَأَرجَى أَوقَاتِ طَلَبِهَا،ط:قديمى كتب خانه كراچى)

☐ صحيح ابن خزيمة:۳/ ۳۲۱،۳۲۲،بَابُ ذِكرِ الدَّلِيلِ عَلَى أَنَّ لَيلَةَ القَدرِ فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ مِن رَمَضَانَ،ط: المكتب الإسلامي بيروت.

(۱) وَيَنقَسِمُ إِلَى وَاجِبٍ وهو المَنذُورُ تَنجِيزًا أو تَعلِيقًا وَإِلَى سُنَّةٍ مُؤَكَّدَةٍ وهو فى العَشرِ الأَخِيرِ مِن رَمَضَانَ وَإِلَى مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هَكَذَا فى " فَتحِ القَدِيرِ ".(الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۱)، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأمافسيره،ط:رشيدية كوئٹه)

☐ حاشية الطحطاوى على المراقى:(ص: ۳۸۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:مير محمد كتب خانه كراچى/(ص:۵۷۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان.

☐ البحر الرائق:(۲/ ۲۹۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچى.

(۲) والاعتكاف)المطلوب شرعاً(على ثلاثة أقسام: واجب فى المنذور)تنجيزاً أو تعليقاً.)وتحته فى حاشيته:(قوله:تنجيزا) كقوله لله على أن اعتكف كذا.(قوله:أو تعليقا)كقوله إن شفى الله مريضى فلانا لاعتكفن كذا. (حاشية الطحطاوى على المراقى:(ص: ۳۸۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچى،/(ص:۵۷۷) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان) =

پیاس

معتکف کو پیاس لگ رہی ہے، پانی مسجد سے باہر ہے، کوئی لاکر دینے والا نہیں تو معتکف کا پانی لانے یا پینے کے لیے مسجد سے باہر جانا درست ہے، اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

پیشاب خانہ کے باہر انتظار کرنا

پیشاب خانہ کے باہر لائن لگی ہو تو وہاں انتظار میں کھڑے ہونے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

= (وهو) ثلاثة أقسام (واجب بالنذر)بلسانه وبالشروع وبالتعليق ذكره ابن الكمال.وتحته في حاشيه: (قَولُهُ: بِلِسَانِهِ)فَلا يَكفِي لِإِيجَابِهِ النِّيَّةُ "مِنَحٌ" عَن شَمسِ الأَئِمَّةِ. (قَولُهُ: وَبِالشُّرُوعِ) نَقَلَهُ فِي "البَحرِ" عَن "البَدَائِعِ" ثُمَّ قَالَ: وَلا يَخفَى أَنَّهُ مُفَرَّعٌ عَلَى ضَعِيفٍ وَهُوَ اشتِرَاطُ زَمَنٍ لِلتَّطَوُّعِ وَأَمَّا عَلَى المَذهَبِ مِن أَنَّ أَقَلَّ النَّفلِ سَاعَةٌ فَلا اهـ وَسَيَأتِي قَرِيبًا أَيضًا مَعَ جَوَابِهِ (قَولُهُ: وَبِالتَّعلِيقِ) عَطفٌ عَلَى قَولِهِ بِالنَّذرِ وَهَذَا قَرِينَةٌ عَلَى أَنَّهُ أَرَادَ بِالنَّذرِ النَّذرَ المُطلَقَ كَمَا قَيَّدَ بِهِ فِي "البَدَائِعِ" فَلا يَرِدُ أَنَّ صُورَةَ التَّعلِيقِ نَذرٌ أَيضًا وَأَن مُقتَضَى العَطفِ خِلافُهُ نَعَم الأَظهَرُ أَن يَقُولَ وَاجِبٌ بِالنَّذرِ مُنَجَّزًا أَو مُعَلَّقًا كَمَا عَبَّرَ فِي "البَحرِ" وَ"الإِمدَادِ" فَافهَم. (الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۱، ۴۴۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

الفتاوی الهندية: (۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتكاف، وأماشروطه،ط:رشيدية كوئٹه.

(۱) (قَولُهُ: وَأَكلُهُ وَشُربُهُ وَنَومُهُ وَمُبَايَعَتُهُ فِيهِ) يَعنِي يَفعَلُ المُعتَكِفُ هَذِهِ الأَشيَاءَ فِي المَسجِدِ فَإِن خَرَجَ لِأَجلِهَا بَطَلَ اعتِكَافُهُ؛ لِأَنَّهُ لا ضَرُورَةَ إلَى الخُرُوجِ حَيثُ جَازَت فِيهِ وفی الفتاویٰ الظهيرية وَقِيلَ يَخرُجُ بَعدَ الغُرُوبِ وَلِلأَكلِ وَالشُّربِ.اه.وَيَنبَغِي حَملُهُ عَلَى مَا إذَا لَم يَجِد مَن يَأتِي لَهُ بِهِ فَحِينَئِذٍ يَكُونُ مِن الحَوَائِجِ الضَّرُورِيَّةِ كَالبَولِ وَالغَائِطِ. (البحر الرائق: ۲/ ۳۰۳،كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچی)

ردالمحتار: ۲/ ۴۴۸، ۴۴۹،باب الاعتكاف،كتاب الصوم، ط: سعيد كراچی.

حاشية الطحطاوی علی المراقی:ص: ۳۸۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:میرمحمد كتب خانه كراچی.

النهر الفائق: ۲/ ۴۷،باب الاعتكاف،ط:امداديه ملتان.

(۲) (قَولُهُ وَلا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ او طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أی لَا يَخرُجُ =

پیشاب کے لیے جانا

''مسجد کئی منزلہ ہو'' عنوان کے تحت دوسرے اسٹار میں دیکھیں! (ص: ۳۸٤)

پیشاب کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا

''پاخانہ کے لیے نکلا اور گھر چلا گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱٥۹)

پینے کی ضروری چیزیں

''کھانے پینے کی ضروری چیزیں'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳٤٤)

= الْمُعْتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإنسَانِ وَلأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ فی بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا. (البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

🗁 المبسوط للسرخسی: ۳/ ۱۳۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان.

🗁 احسن الفتاوی: ۴/ ۵۱۷، ۵۱۸، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، بعض امور مفسده و غير مفسده، ط: سعيد كراچی.

ت

تالاب کنارے مسجد

''ندی کنارے مسجد'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۴۱۳)

تجارت کی ہدایت دینا

معتکف اگر تاجر یا کارخانہ دار ہو تو اپنے قائم مقام یا ماتحت ملازمین کو تجارت کی ضروری ہدایت دے سکتا ہے اور اس کے متعلق باتیں بھی دریافت کر سکتا ہے، کسی خریدار سے ضروری باتیں کرنی ہوں تو بقدر ضرورت لین دین، سودا سلف کی باتیں کرنے کی گنجائش ہے۔ (۱)

تجارت کے لیے سامان خریدنا

اعتکاف کی حالت میں تجارت کرنے کے لیے کوئی سامان خریدنا تاکہ اسے بعد میں فروخت کرے گا، مکروہ ہے۔ (۲)

---

(۱) وَلَا بَأسَ لِلْمُعتَكِفِ أن يَبِيعَ وَيَشتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأكُلَ وَيَشرَبَ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ إلَى طُلُوعِ الفَجرِ وَيَتَحَدَّثَ مَا بَدَا لَهُ بَعدَ أن لَا يَكُونَ صَائِمًا وَيَنَامَ فِي المَسجِدِ. وَالمُرَادُ مِنَ البَيعِ وَالشِّرَاءِ هُوَ كَلَامُ الإِيجَابِ وَالقَبُولِ مِن غَيرِ نَقلِ الأَمتِعَةِ إلَى المَسجِدِ؛ لِأَنَّ ذَلِكَ مَمنُوعٌ عَنهُ لِأَجلِ المَسجِدِ لِمَا فِيهِ مِنِ اتِّخَاذِ المَسجِدِ مَتجَرًا لَا لِأَجلِ الِاعتِكَافِ. (بدائع الصنائع: ۱۱۶/۲، ۱۱۷، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصلٌ وَأَمَّا رُكنُ الِاعتِكَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما يُفسِدُهُ وما لا يُفسِدُهُ، ط: سعيد كراچي)

البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

الجوهرة النيرة: ۱۷۷/۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

(۲) (وَخُصَّ) المُعتَكِفُ (بِأَكلٍ وَشُربٍ وَنَومٍ وَعَقدٍ احتَاجَ إِلَيهِ) لِنَفسِهِ أو عِيَالِهِ فَلَو لِتِجَارَةٍ كُرِهَ. وفي "الشامية": (قَولُهُ: فَلَو لِتِجَارَةٍ كُرِهَ) أَي وَإِن لَم يُحضِرِ السِّلعَةَ وَاختَارَهُ قَاضِي خَان وَرَجَّحَهُ=

تجارتی سامان

تجارتی یا غیر تجارتی سامان مسجد میں لاکر بیچنا یا خریدنا ناجائز ہے۔(۱)

تجدید وضو

"وضو پر وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۴۳۱)

تحیۃ المسجد

☆ معتکف کے لیے دن میں ایک بار تحیۃ المسجد پڑھنا کافی ہے، بار بار پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔(۲)

= الزَّيلَعِيُّ لأنَّهُ مُنقَطِعٌ إلَى اللهِ تَعَالَى فَلا يَنبَغِي لَهُ أن يَشتَغِلَ بِأُمُورِ الدُّنيَا بَحرٌ.(الدر مع الرد : ۴۴۸/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي).

🗀 مزید "تجارت کی ہدایت دینا" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۱) "تجارت کی ہدایت دینا" عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) وَتُستَحَبُّ التَّحِيَّةُ لِدَاخِلِهِ .فَإِن كَانَ مِمَّن يَتَكَرَّرُ دُخُولُهُ كَفَتهُ رَكعَتَانِ كُلَّ يَومٍ.

وفي الشرح:(قَولُهُ:فَإن كَانَ مِمَّن يَتَكَرَّرُ دُخُولُهُ كَفَتهُ رَكعَتَانِ كُلَّ يَومٍ).أقُولُ عَلَّلَهُ بَعضُهُم بِالحَرَجِ وَفِيهِ بَحثٌ ؛ لِأنَّ مَا سَلَفَ عَن الصَّحِيحَينِ يَقتَضِي التَّكرَارَ سِيَّمَا وَمَزِيدُ القُربِ يَحصُلُ بِمَا يُوجِبُ التَّقَرُّبَ اللَّهُمَّ لا أن يَختَصَّ عَدَمُ التَّكرَارِ بِشَيءٍ مِن الآثَارِ .

وَفِي السِّرَاجِ الوَهَّاجِ : فَإن قِيلَ هَل تُسَنُّ تَحِيَّةُ المَسجِدِ كُلَّمَا دَخَلَهُ أم لا قِيلَ فِيهِ خِلافٌ قَالَ بَعضُهُم : نَعَم ؛ لِأنَّهُ مُعتَبَرٌ بِتَحِيَّةِ الإنسَانِ فَإنَّهُ يُحَيِّيهِ كُلَّمَا لَقِيَهُ وَقَالَ بَعضُهُم مَرَّةً وَاحِدَةً وَهَذَا إذَا كَانَ نَائِيًا أمَّا إذَا كَانَ جَارَ المَسجِدِ لا يُصَلِّيهَا كَمَا لا يَحسُنُ لِأهلِ مَكَّةَ طَوَافُ القُدُومِ . انتهى). (غمز عيون البصائر في شرح الأشباه والنظائر ، الفن الثالث ، القول في أحكام المسجد ، (۵۸،۵۷/۴) ط: دار الكتب العلمية)

وَتُستَحَبُّ التَّحِيَّةُ لِدَاخِلِهِ .فَإن كَانَ مِمَّن يَتَكَرَّرُ دُخُولُهُ كَفَتهُ رَكعَتَانِ كُلَّ يَومٍ.(الأشباه والنظائر:ص:۳۶۰،الفن الثالث،في احكام المسجد،ط:قديمي كتب خانه كراچي)

🗀 ومنها: رَكعتاتَحِيَّةُ المَسجِدِ...وَيَكفِيهِ لِكُلِّ يومٍ رَكعتانِ وَ لايتكَرَّرُ بتكرُّرِ الدخولِ.(حلبي كبيرى":ص:۴۳۰،كتاب الصلات،فصل في النوافل،تتمات من النوافل،منها: ركعتاتحية المسجد،ط:سهيل اكيڈيمي لاهور)

🗀 وَلَا بُدَّ أن نَذكُرَ أحكَامَ تَحِيَّةِ المَسجِدِ و...... قد قَدَّمنَا أنَّهُ إذَا تَكَرَّرَ دُخُولُهُ في كل يومٍ فإنه يَكفِيهِ رَكعَتَانِ لها في اليَومِ .(البحر الرائق : ۳۶/۲،كتاب الصلاة،فصل لمَّافرغ من بيان الكراهة في الصلاة شرع في بيانهاخارجها مما هو من توابعها،ط:سعيد كراچي)

☆......تحیۃ المسجد کی نماز اس شخص کے لیے سنت ہے، جو مسجد میں داخل ہو، اس نماز سے مقصود مسجد کی تعظیم ہے، جو حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہی کی تعظیم ہے اس لیے کہ مکان کے مالک کا خیال کر کے مکان کی تعظیم کی جاتی ہے۔(۱)

☆......اگر مسجد میں آنے کے بعد مکروہ وقت نہیں ہے تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھنے کو تحیۃ المسجد کی نماز کہتے ہیں۔(۲)

☆......اگر مسجد میں داخل ہونے کے بعد مکروہ وقت ہے تو نماز نہ پڑھے بلکہ صرف ان کلمات کو چار مرتبہ کہے ''سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' اور اس کے بعد کوئی سا درود شریف پڑھتا رہے۔(۳)

---

(۱) (قوله يسن تحية) ...... لان المقصود عنها التقرب الى الله تعالىٰ لاالى المسجد لان الانسان اذا دخل بيت الملك يحي الملك لا بيته. (شامي: ۱۸/۲، مطلب في تحية المسجد، ط: سعيد كراچى)

🗀 حاشية الطحطاوى على مراقي الفلاح، ص: ۲۱۵، فصل في تحية المسجد، ط: قديمى كراچى. و ص: ۳۹۴، ط: قديمى جديد.

(۲) سن تحية المسجد بركعتين يصليهما في غير وقت مكروه قبل الجلوس. (حاشية الطحطاوى على مراقي الفلاح، ص: ۲۱۵، فصل في تحية المسجدوصلاة الضحىٰ، ط: قديمى كراچى، و (ص: ۳۹۴) ط: قديمى جديد)

🗀 مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۴۱۰/۲، كتاب الصلاة، باب المساجد ومواضع الصلاة، الفصل الاول، ط: رشيدية كوئٹه.

🗀 شامي: ۱۸/۲، مطلب في تحية المسجد، ط: سعيد كراچى.

(۳) إلاّ إذا دخل فيه بعد الفجر أو العصر فانه يسبح ويهلل ويصلي على النبي صلى الله عليه وسلم فانه حينئذ يؤدي حق المسجد. (شامي:۱۸/۲، مطلب في تحية المسجد، ط:سعيد كراچى)

🗀 حاشية الطحطاوى على مراقي الفلاح، ص: ۲۱۵، فصل في تحية المسجد، ط: قديمى كراچى، و (ص: ۳۹۴) ط: قديمى جديد كراچى.

🗀 مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۴۱۰/۲، كتاب الصلاة، باب المساجدومواضع الصلاة، الفصل الاول، ط: رشيدية كوئٹه.

☆......تحیۃ المسجد کی نماز کی نیت یہ ہے: نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ تَحِیَّۃَ الْمَسْجِدِ، یا اپنی زبان میں یوں کہے کہ میں دو رکعت تحیۃ المسجد کی نماز پڑھ رہا ہوں اَللّٰہُ اَکْبَرُ.

☆......دو رکعت کی کچھ تخصیص نہیں، اگر اس سے زیادہ پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔(۱)

☆......اگر مسجد میں آتے ہی بیٹھنے سے پہلے کوئی فرض نماز پڑھی جائے، یا اور کوئی سنت ادا کی جائے تو وہی فرض یا سنت تحیۃ المسجد کے قائم مقام ہو جائے گی۔(۲)

☆......اگر مسجد میں آ کر کوئی شخص بیٹھ جائے، اور اس کے بعد تحیۃ المسجد پڑھے تب بھی کچھ حرج نہیں، مگر بہتر یہ ہے کہ بیٹھنے سے پہلے پڑھے۔(۳)

☆......نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی مسجد جایا کرے تو جب تک دو رکعت نماز نہ پڑھ لے، نہ بیٹھے۔(۴)

---

(۱) وسن تحیة المسجد ...... برکعتین وان شاء باربع والثنتان افضل قهستانی. (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، (ص: ۲۱۵) ، فصل فی تحیة المسجد، ط: قدیمی کراچی، و (ص: : ۳۹۴) ط: قدیمی جدید)

☐ شامی ۲/ ۱۸، باب الوتر والنوافل ،مطلب فی تحیة المسجد، ط:سعید.

(۲) وینوب عنها کل صلاة صلاها عند الدخول فرضاً کانت أوسنة. (شامی: ۲/ ۱۸، مطلب فی تحیة المسجد، ط: سعید کراچی)

☐ حاشیة الطحطاوی علی المراقی ص:۲۱۵، فصل فی تحیة المسجد، ط: قدیمی کراچی، و: ص:۳۹۴، ط: قدیمی جدید .

(۳) قوله لا تسقط بالجلوس عندنا...... واما حدیث الصحیحین اذا دخل احدکم المسجد فلا یجلس حتیٰ یصلی رکعتین فهو بیان للاولیٰ . (شامی: ۲/ ۱۹، مطلب فی تحیة المسجد، ط:سعید کراچی)

☐ حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح، ص: ۲۱۵، فصل فی تحیة المسجد، ط: قدیمی کراچی، و (ص: ۳۹۴) ط: قدیمی جدید .

(۴) سن تحیة المسجد برکعتین یصلیهما فی غیر وقت مکروه قبل الجلوس لقوله علیه الصلاة والسلام اذا دخل احدکم المسجد فلا یجلس حتیٰ یرکع رکعتین. (حاشیة الطحطاوی علی=

☆......اگر مسجد میں ایک سے زائد مرتبہ جانے کا اتفاق ہو، تو صرف ایک مرتبہ تحیۃ المسجد پڑھ لینا کافی ہے، خواہ پہلی مرتبہ پڑھ لے یا اخیر میں، دونوں صحیح ہیں(۱)

☆......مسجد کے آداب میں سے یہ ہے کہ مسجد میں داخل ہونے والا شخص بیٹھنے سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد کی نماز پڑھے، اگر مکروہ وقت نہیں ہے تو مسجد میں آتے ہی بیٹھ جانا سنت کے خلاف ہے، بلکہ دو رکعت پڑھ کر بیٹھنا سنت کے مطابق ہے، ہاں اگر کسی عذر کی وجہ سے بیٹھ جائے تو کوئی حرج نہیں۔(۲)

☆......صبح صادق اور سورج غروب ہونے کے بعد فرض سے پہلے تحیۃ المسجد پڑھنا حنفیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔(۳)

= المراقی، ص:۲۱۵، فصل فی تحیۃ المسجد، وصلاۃ الضحیٰ، ط: قدیمی کراچی، و: (ص: ۳۹۴) ط: قدیمی جدید)

شامی: (۱۹/۲) باب الوتر والنوافل، مطلب فی تحیۃ المسجد، ط: سعید کراچی.

(۱) (قوله وتكفيه لكل يوم مرة) اى إذا تكرر دخوله لعذر وظاهر اطلاقه انه مخير بين ان يؤديها فی اول المرات اوآخرها. (شامی: (۱۹/۲) مطلب فی تحیۃ المسجد، ط: سعید کراچی)

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی، ص: ۲۱۵، فصل فی تحیۃ المسجد، ط: قدیمی کراچی، و: (ص: ۳۹۴) ط: قدیمی جدید.

حلبی کبیر: (ص: ۳۷۳) تحیۃ المسجد، ط: مکتبہ نعمانیۃ کوئٹہ، و: (ص: ۳۳۰) ط: سہیل اکیڈمی لاہور.

(۲) سن تحية المسجد بركعتين يصليهما فی غير وقت مكروه قبل الجلوس لقوله عليه الصلاة والسلام اذا دخل احدكم المسجد فلا يجلس حتیٰ يركع ركعتين. (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی، ص:۲۱۵، فصل فی تحیۃ المسجد، وصلاۃ الضحیٰ، ط: قدیمی کراچی، و: (ص: ۳۹۴) ط: قدیمی جدید)

شامی: (۱۹/۲) باب الوتر والنوافل، مطلب فی تحیۃ المسجد، ط: سعید کراچی.

(۳) غير ان اصحابنا يكرهونها فی الاوقات المكروهة، تقديما لعموم الحاظر علی عموم المبيح (شامی: (۱۸/۲) مطلب فی تحیۃ المسجد، ط: سعید کراچی)

تبیین الحقائق: (۱/ ۲۳۴) کتاب الصلاۃ، ط: سعید کراچی.

البنایۃ فی شرح الہدایۃ: (۸۷/۲) فصل فی الاوقات التی تکرہ فیہا الصلاۃ، ط: رشیدیۃ کوئٹہ.

تحیۃ الوضو

☆ معتکف کے لیے وضو کے بعد دن میں ایک بار تحیۃ الوضو پڑھنا کافی نہیں ہے، بلکہ مکروہ وقت نہ ہونے کی صورت میں ہر وضو کے بعد پڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔(۱)

☆......وضو کرنے کے بعد جسم خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔اس نماز کو"تحیۃ الوضو" کی نماز کہتے ہیں۔(۲)

☆......اگر دو رکعت کی جگہ پر چار رکعت پڑھ لے تو بھی صحیح ہے، اور اگر کوئی شخص وضو کرنے کے بعد کوئی فرض یا سنت وغیرہ پڑھ لے، تب بھی کافی ہے، ثواب مل جائے گا۔(۳)

---

(۱) وندب رکعتان بعد الوضوء .... (الدر مع الرد: (۲۲/۲) کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، مطلب: سنۃ الوضوء، ط: سعید)

ومن المندوبات رکعتان عقیب الوضوء. (البحر الرائق: (۵۲/۲) کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ط: سعید)

طحطاوي علي المراقي: (ص: ۳۹۵) کتاب الصلاۃ، باب الوتر وأحکامہ، فصل: في تحیۃ المسجد، ط:قدیمی)

(۲) وندب رکعتان بعد الوضوء، یعنی قبل الجفاف کما فی الشرنبلالیۃ عن المواھب. (الدر المختار مع الرد: (۲۲/۲) باب الوترو النوافل، ط: سعید کراچی)

حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی، ص: ۲۱۶، کتاب الصلاۃ، فصل فی تحیۃ المسجد، ط: قدیمی کراچی، و: (ص: ۳۹۵)، ط: قدیمی جدید.

ھندیۃ: (۱۱۲/۱) الباب التاسع فی النوافل، ط رشیدیۃ کوئٹہ.

شامی: (۲۲/۲) باب الوتر والنوافل، مطلب سنۃ الوضوء، ط: سعید کراچی.

البحر الرائق: (۵۲/۲) باب الوتر والنوافل، ط: سعید کراچی.

(۳) ولو صلی عقب الوضوء فریضۃ حصلت لہ ھذہ الفضیلۃ کما تحصل تحیۃ المسجد بذلک. =

☆......عورتیں بھی تحیۃ الوضو کی نماز پڑھ سکتی ہیں۔

☆......صبح صادق اور سورج غروب ہونے کے بعد فرض نماز سے پہلے تحیۃ الوضو پڑھنا مکروہ ہے۔(۱)

تعلیم دینا

☆......معتکف کا اعتکاف کی حالت میں تنخواہ لے کر بچوں کو تعلیم دینا مکروہ ہے۔

☆......اگر معلم اعتکاف میں بیٹھا ہے اور اس کا گزارہ صرف تعلیم ہی پر ہے، اس کے علاوہ اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے، تو بعض فقہاء نے اعتکاف کی حالت میں تنخواہ لے کر تعلیم دینے کی اجازت دی ہے۔(۲)

= (مراقی الفلاح مع حاشیۃ الطحطاوی: (ص ۲۱۶) فصل فی تحیۃ المسجد، ط: قدیمی کراچی، و(ص: ۳۱۲) ط: مصطفیٰ البابی مصر، و: (ص: ۳۹۵) ط: قدیمی جدید)

🗀 مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح: (۳۲۵/۱) کتاب الطهارة، الفصل الاول ط: امدادیہ ملتان.

🗀 وعن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لبلال" یا بلال! حدثنی بارجی عمل، عملته فی الاسلام فانی سمعت دف نعلیک بین یدی فی الجنة، قال: ما عملت عملا ارجی عندی من انی لم اطهر طهورا فی ساعة من لیل او نهار الا صلیت بذلک الطهور، ما کتب لی ان اصلی،راوه البخاری. (طحطاوی علی المراقی: (ص: ۳۲۱) فصل فی تحیۃ المسجد، ط: مصطفیٰ البابی مصر، و: (ص: ۳۹۵) ط: قدیمی جدید.

🗀 بخلاف تحیة المسجد، وشکر الوضوء، فانه لیس لهما صلاة علی حدة. (شامی: (۲۲/۲) باب الوتر والنوافل ط: سعید کراچی)

(۱) تسعة اوقات یکره فیها النوافل وما فی معناها لا الفرائض...... منها ما بعد طلوع الفجر قبل صلاة الفجر...... یکره فیه التطوع باکثر من سنة الفجر، ومنها بعد غروب الشمس قبل صلاة المغرب، . (هندیة: (۵۲/۱) الباب الاول فی المواقیت، الفصل الثالث، ط بلوچستان بک ڈپو)

🗀 شامی: (۳۷۶/۱) کتاب الصلاة، ط: سعید کراچی.

🗀 فتح القدیر: (۲۰۹/۱) فصل فی الاوقات التی تکره فیها الصلاة، ط: رشیدیة کوئٹه.

(۲) ولا یجوز البیع والشراء فی المسجد وکذا کره فیه التعلیم والکتابة والخیاطة بأجر واستثنى البزازی من کراهة التعلیم بأجر فیه أن یکون لضرورة .... (مجمع الأنهر فی شرح ملتقی الأبحر لشیخی زاده: (۳۷۹/۱)ط: دار الکتب العلمیة لبنان بیروت) =

تکیہ

معتکف کے لیے اپنے ساتھ تکیہ رکھنا درست ہے، سنت کے خلاف نہیں ہے۔(۱)

تلاوت کے لیے وضو کرنا

"وضو کے لیے نکلنا" عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:٤٣٤)

تمباکو

"پان" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:١٦٠)

تنخواہ لے کر تعلیم دینا

"تعلیم دینا" عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:١٧٦)

= الجوهرة النيرة: (١/١٧٧) باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

وَيُكرَهُ كُلُّ عَمَلٍ من عَمَلِ الدُّنيَا في المَسجِدِ وَلَو جَلَسَ المُعَلِّمُ في المَسجِدِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ فَإِن كان المُعَلِّمُ يُعَلِّمُ لِلحِسبَةِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ لِنَفسِهِ فَلا بَأسَ بِهِ لِأَنَّهُ قُربَةٌ وَإِن كان بِالأُجرَةِ يُكرَهُ إِلَّا أَن يَقَعَ لَهُمَا الضَّرُورَةُ كَذَا في "مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ". (الفتاوىٰ الهندية: (٥/٣٢١) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ في آدَابِ المَسجِدِ...اه، ط: رشيديه كوئٹه)

حاشية الطحطاوى على المراقى: ص: ٣٨٣، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى.

(١) عن ابن عمر رضى الله عنهما أنّ النبي صلى الله عليه وسلم، كان إذا اعتكف طرح له فراشه أو يوضع له سريره وراء اسطوانة التوبة. (إعلاء السنن: (٩/١٨٣) رقم الحديث: (٢٥٣٧) أبواب الإعتكاف، باب جواز طرح الفراش في المسجد للمعتكف، ط: إدارة القرآن)

الجوهرة النيرة: (١/١٧٧) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمى.

طحطاوي على المراقي: (ص: ٣٨٣) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه.

الدر مع الرد: (٢/٣٤٩) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد.

"اجازت ہے" عنوان کے تحت تخریج دیکھیں۔

تنخواہ لینے کے لیے نکلنا

''وظیفہ لینے کے لیے نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۴۳۹)

تھوکنا

☆......معتکف تھوکنے کے لیے، ناک صاف کرنے، کھانا کھانے سے پہلے یا بعد میں ہاتھ دھونے، کلی کرنے کے لیے مسجد سے باہر نہ جائے، ورنہ اعتکاف فاسد ہو جائے گا، قضا لازم ہوگی۔(۱)

☆......وضو کرنے کی جگہ مسجد سے باہر ہوتی ہے وہاں بھی نہ جائے، مسجد میں ہی انتظام ہوسکتا ہے، اگال دان یا کسی برتن میں تھوڑی سی راکھ یا مٹی ڈال کر رکھ لے، اس میں تھوکے، ناک صاف کرے، اور چلمچی یا کسی برتن میں ہاتھ دھولیا کرے یا وضو کی نالی میں اس طرح کھڑا ہو جائے کہ قدم مسجد کے صحن میں رہیں، اور ناک یا تھوک وغیرہ نالی میں گرے، کیوں کہ مسجد میں رہتے ہوئے سر اور ہاتھوں کو باہر کر سکتا ہے۔(۲)

---

(۱) ولا باس أن يأكل المعتكف فى المسجد ويضع سُفرة كيلا يلوث المسجد ويغسل يده في الطست ولا يجوز أن يخرج لغسل يده؛ لأن من ذلك بداً. (الفِقهُ الإسلاميُ وأدلَّتُهُ: (۲/۲۲۸) البابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: الاعتِكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوز له، ط: الحقانيّة بشاور)

🗀 (ولا يخرج منه) أى من معتكفه، ... (إلا لحاجة شرعية)... (أو) حاجة (طبيعية) كالبول والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام "لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان"... (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب) ولا إثم عليه به. (مراقي الفلاح: (ص: ۱۷۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

🗀 الفتاوى الهندية: (۱/۲۱۲) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئته.

🗀 (فَلَو (خَرَجَ) وَلَو نَاسِيًا (سَاعَةً) زَمَانِيَّةً لَا رَمْلِيَّةً كَمَا مَرَّ (بِلَا عُذرٍ فَسَدَ) فَيَقضِيهِ إلَّا إذَا أفسَدَهُ بِالرِّدَّةِ وَ اعتبر أكثر النَّهَارِ قَالُوا: وَهُوَ الاستِحسَان. (الدر المختار: (۲/۴۴۷) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراجى)

(۲) ولا باس أن يأكل المعتكف فى المسجد ويضع سُفرة كيلا يلوث المسجد ويغسل يده في=

تیل

معتکف کے لیے مسجد میں اپنے ساتھ تیل رکھنا جائز ہے، البتہ تیل مسجد میں نہ گرے، اس کا خیال رکھنا ضروری ہے۔(۱)

= الطست ولا يجوز أن يخرج لغسل يده؛ لأن من ذلك بداً. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۱۲۸/۲) الباب الثالث: الصيام والاعتكاف، الفصل الثاني: الاعتكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوز له، ط: الحقانية بشاور)

(قَولُهُ: فَإِن خَرَجَ سَاعَةً بِلَا عُذرٍ فَسَدَ)...وَأَرَادَ بِالخُرُوجِ انفِصَالَ قَدَمَيهِ احتِرَازًا عَمَّا إذَا خَرَجَ رَأسُهُ إلَى دَارِهِ فَإِنَّهُ لَا يَفسُدُ اعتِكَافُهُ؛ لِأَنَّهُ لَيسَ بِخُرُوجٍ أَلَا تَرَى أَنَّهُ لَو حَلَفَ أَنَّهُ لَا يَخرُجُ مِن الدَّارِ فَفَعَلَ ذَلِكَ لَا يَحنَثُ كَذَا فِي البَدَائِعِ. (البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)

وَلَا بَأسَ بِأَن يُخرِجَ رَأسَهُ إلَى بَعضِ أَهلِهِ لِيَغسِلَهُ؛ لِأَنَّ الخُرُوجَ يُنقِضُ الاعتِكَافَ، وَآلَةُ الخُرُوجِ الرِّجلُ وَالرَّأسُ. (الفتاوی الولوالجية: ۲۴۴/۱، الفصل الرابع فی الاعتكاف وصدقة الفطر، ط: مكتبه حرمين شريفين كوئٹه)

وَفِي "فَتَاوَى قَاضِي خَان": وَلَا بَأسَ أَن يُخرِجَ رَأسَهُ إلَى بَعضِ أَهلِهِ لِيَغسِلَهُ كَذَا فِي التَّتَارخَانِيَّةِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۳/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

(۱) وَلَا بَأسَ لِلمُعتَكِفِ أَن يَبِيعَ وَيَشتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأكُلَ وَيَشرَبَ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ إلَى طُلُوعِ الفَجرِ ...... وقد رُوِيَ أَنَّ النبي صلى اللّٰهُ عليه وسلم: "كان يَفعَلُ ذلك فی حَالِ اعتِكَافِهِ فی المَسجِدِ مع ما إن الأَكلَ وَالشُّربَ وَالنَّومَ فی المَسجِدِ فی حَالِ الإعتكاف لو مُنِعَ منه لَمُنِعَ من الإعتكاف إذ ذلك أَمرٌ لَا بُدَّ منه. (بدائع الصنائع: ۱۱۶/۲...۱۱۷، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأماركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي)

الفتاوى الهندية: ۲۱۳/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامحظوراته، ط: رشيدية كوئٹه.

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۲/۱، كتاب الصوم، فصل فی الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه.

(قَولُهُ لَكِن إلَخ) ...... وَالظَّاهِرُ أَنَّ مِثلَ النَّومِ الأَكلُ وَالشُّربُ إذَا لَم يَشغَلِ المَسجِدَ وَلَم يُلَوِّثهُ لِأَنَّ تَنظِيفَهُ وَاجِبٌ كَمَا مَرَّ. (رد المحتار: ۴۴۹/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)

تیل لگانا

معتکف اعتکاف کی حالت میں سر، داڑھی اور بدن پر تیل لگا سکتا ہے۔(۱)

تیمارداری کے لیے نکلنا

معتکف کی بیوی یا والدین یا اولاد سخت بیمار ہو گئے، ان کی تیمارداری کے لیے کوئی نہیں اور معتکف مجبور ہو کر بھی ان کی تیمارداری کے لیے مسجد سے باہر نکلا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اگر چہ وہ گناہ گار نہیں ہوگا، لیکن قضا لازم ہوگی۔(۲)

---

(۱) وَلَا بَأْسَ أَنْ يَتَنَظَّفَ بِأَنْوَاعِ التَّنْظِيفِ؛ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "كَانَ يُرَجِّلُ رَأْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ" وَلَهُ أَنْ يَتَطَيَّبَ وَيَلْبَسَ الرَّفِيعَ مِنَ الثِّيَابِ، وَلٰكِنْ لَيْسَ ذٰلِكَ بِمُسْتَحَبٍّ. (الفقه الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: (۲/۲۲۸) البابُ الثّالثُ: الصّيامُ والاعتكاف، الفصلُ الثّاني: الاعتكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوزله، ط: الحقانيّة بشاور)

بدائع الصنائع: (۲/۱۱۶، ۱۱۷) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراجي.

وَيَلْبَسُ الْمُعْتَكِفُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَدْهُنُ رَأْسَهُ كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ. (الفتاوى الهندية (۱/۲۱۳) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحظوراته، ط: رشيدية كوئٹه)

خلاصة الفتاوى: (۱/۲۶۸) كتاب الصوم، الفصل السادس في الاعتكاف، جنس آخر، ط: مكتبه حبيبيه كوئٹه.

(۲) وَلَا يَخْرُجُ لِعِيَادَةِ الْمَرِيضِ كَذَا فِي "الْبَحْرِ الرَّائِقِ". وَلَوْ خَرَجَ لِجَنَازَةٍ يَفْسُدُ اعْتِكَافُهُ وَكَذَا لِصَلَاتِهَا وَلَوْ تَعَيَّنَتْ عليه أو لِإِنْجَاءِ الْغَرِيقِ أو الْحَرِيقِ أو الْجِهَادِ إذَا كان النَّفِيرُ عَامًّا أو لِأَدَاءِ الشَّهَادَةِ هٰكَذَا في "التَّبْيِينِ" وَكَذَا إذَا خَرَجَ سَاعَةً بِعُذْرِ الْمَرَضِ فَسَدَ اعْتِكَافُهُ هٰكَذَا في "الظَّهِيرِيَّةِ". (الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

(أو لِعُذْرِ الْمَرَضِ أو لِإِنْقَاذِ غَرِيقٍ أو حَرِيقٍ فَفَرَّقَ الشَّارِحُ هُنَا بَيْنَ الْمَسَائِلِ حَيْثُ جَعَلَ بَعْضَهَا مُفْسِدًا وَالْبَعْضَ لَا تَبَعًا لِصَاحِبِ الْبَدَائِعِ مِمَّا لَا يَنْبَغِي نَعَمِ الْكُلُّ عُذْرٌ مُسْقِطٌ لِلْإِثْمِ بَلْ قَدْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْإِفْسَادُ إذَا تَعَيَّنَتْ عَلَيْهِ صَلَاةُ الْجَنَازَةِ أو أَدَاءُ الشَّهَادَةِ بِأَنْ كَانَ يَتْوَى حَقُّهُ إنْ لَمْ يَشْهَدْ أو لِإِنْجَاءِ غَرِيقٍ وَنَحْوِهِ وَالدَّلِيلُ عَلَى مَا ذَكَرَهُ الْقَاضِي مَا ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ فِي كَافِيهِ بِقَوْلِهِ فَأَمَّا فِي قَوْلِ أَبِي حَنِيفَةَ فَاعْتِكَافُهُ فَاسِدٌ إذَا خَرَجَ سَاعَةً لِغَيْرِ غَائِطٍ أو بَوْلٍ أو جُمُعَةٍ (البحر الرائق: ۲/۳۰۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى) =

ٹ

ٹوپی

وضو کرنے سے پہلے وضوخانہ پر چڑھ کر اپنی ٹوپی یا رومال وضوخانہ کے مچان یا کھونٹی پر رکھنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

ٹہلنا

اگر معتکف کو کسی مرض کی وجہ سے ٹہلنے کی ضرورت ہو تو مسجد میں ٹہل سکتا ہے، جب کہ ٹہلنا مسجد کے احترام کے خلاف نہ ہو، مزید ''چہل قدمی'' کے عنوان کے تحت بھی دیکھیں!(۲)

الدر مع الرد: ۲/۴۴۷، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۴، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی.

(۱) قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أي لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ في بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا . (البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

المبسوط للسرخسی: ۳/ ۱۳۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیة بیروت لبنان.

احسن الفتاوی: ۴/ ۵۱۷، ۵۱۸، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، بعض امور مفسدہ وغیر مفسدہ، ط: سعید کراچی۔

(۲) فتاوی رحیمیہ: ۷/ ۲۸۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، سوال: ۳۶۱، معتکف مسجد میں ضرورتاً چہل قدمی کر سکتا ہے ط: دار الاشاعت کراچی۔

امداد الفتاوی: ۲/ ۶۷۱، ۶۷۲، کتاب الوقف، احکام المسجد، تفرج ومشی در مسجد، سوال: ۸۰۷، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

احسن الفتاوی: ۴/ ۵۱۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، معتکف کا مسجد میں ٹہلنا، ط: سعید کراچی۔

ٹھنڈک کے لیے غسل کرنا

"غسل تبرید" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۳۰۳)

ج

جانا جائز نہیں

☆...... مسجد کے صحن کے علاوہ جتنی جگہ مسجد کی دوسری ضرورتوں کے لیے مقرر ہوتی ہے، مثلاً وضو کرنے کی جگہ، وضو کی ٹونٹیاں، نالیاں، وضو کے لیے بیٹھنے کی جگہ، غسل خانے، امام ومؤذن کا کمرہ، جنازہ کی نماز پڑھنے کی جگہ، دالان وغیرہ کا صدر دروازہ، یا کوئی دوسرا دروازہ جہاں تک جوتے پہنے ہوئے آجاتے ہیں اور ان سب کی چھتیں، کوئی افتادہ پلاٹ، اسی قسم کی وہ تمام جگہیں جو مسجد کی کسی ضرورت ومصلحت کے لیے یا نمازیوں کے آرام کے لیے بنائی گئی ہوں، اگرچہ یہ مسجد کے احاطہ کے اندر ہی ہوں، لیکن معتکف کے لیے یہ مسجد کے حکم میں نہیں ہیں، ان سب جگہوں پر معتکف کو جانا جائز نہیں، مگر یہ کہ وہاں شریعت نے ضرورت پڑنے پر جانے کی اجازت دی ہے، جیسے نماز یا تلاوت کرنے کے لیے وضو کرنا، پیشاب پاخانہ کرنا، جنابت کے غسل کے لیے جانا یہ سب ضرورت کے بقدر جائز ہے۔

☆...... مسجد کے صحن میں حوض بنا ہوتا ہے وہاں بھی وضو کرنے تو جا سکتا ہے، لیکن کسی دوسرے کام مثلاً کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھونے، کلی کرنے کے لیے، کھانے کے برتن دھونے کے لیے جانا جائز نہیں، یہی حکم ہر وضو کی جگہ کا ہے۔

☆...... معتکف کو جن مقامات پر شرعی اور طبعی ضرورت کے بغیر جانا جائز نہیں ہے، ان مقامات کو بار بار پوری توجہ سے پڑھیں، اکثر وبیشتر معتکف حضرات بے دھیانی یا مسائل سے لاعلمی کی بنا پر کبھی ہاتھ دھونے، کبھی کلی کرنے، کبھی ناک صاف کرنے، کبھی برتن دھونے اور اسی طرح دوسرے متفرق کاموں کے لیے چلے جاتے

ہیں، جس سے ان کا اعتکاف فاسد ہوجاتا ہے اور انہیں اس کا علم بھی نہیں ہوتا۔(۱)

☆......یاد رہے کہ شرعی اور طبعی حاجت کے بغیر مذکورہ بالا مقامات پر چلے جانے سے خواہ ایک منٹ ہی کے لیے سہی...اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔

جان بچانے کے لیے نکلنا

"فاسد کرنے والی چیزیں" عنوان کے تحت [اشار نمبر: ۱۰] میں دیکھیں!(ص: ۳۱۰)

---

(۱) (ولا يخرج منه)أى من معتكفه،...(إلا لحاجة شرعية)... (أو)حاجة(طبيعية) كالبول والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام "لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان"... (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به. (مراقي الفلاح: ص:۱۷۹، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان)

🗀 (ولايخرج) من يعتكف للواجب ليلاً أو نهارًا (منه) أي المسجد ، وسطحه كداخله (إلا لحاجة الإنسان) أي لما فيه ضرورة كأداء الشهادة وقضاء الدين وحمل الطعام والشراب إذا لم يكن له خادم كما في النظم وكالخوف على النفس والمال وإخراج ظالم له كما في المضمرات وكإجابة السلطان والبول والغائط والغسل والوضوء ، ولا يتوضأ في المسجد أو عرصته الخ. (جامع الرموز : للإمام شمس الدين محمد الخراساني القهستاني المتوفى سنة ۹۶۲ هـ، (۳۷۸/۱) فصل الاعتكاف ، ط: مكتبة الإسلامية كنبد قابوس ، إيران)

🗀 (فلايخرج المعتكف من معتكفه ليلا ولانهارا الابعذر،وان خرج من غيرعذر ساعة فسد اعتكافه)... (وَمِن الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ لا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا في المُحِيطِ. (الفتاوى الهندية :۲۱۲/۱، كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئته)

🗀 فلو(خَرَجَ) وَلَو نَاسِيًا (سَاعَةً) زَمَانِيَّةً لا رَمْلِيَّةً كَمَا مَرَّ (بِلَا عُذرٍ فَسَدَ) فَيَقضِيهِ إلَّا إذَا أَفسَدَهُ بِالرِّدَّةِ وَاعتَبَرَا أَكثَرَ النَّهَارِ قَالُوا : وَهُوَ الاستِحسَانُ . (الدرالمختار: ۴۴۷/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراجي)

🗀 البحر الرائق:۳۰۱/۲، ۳۰۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:سعيد كراجي.

جان کا خطرہ ہو

''خطرہ ہو''عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۳۴)

جس مسجد میں پانچوں وقت کی جماعت نہیں ہوتی

''مسجد میں پنجگانہ نماز نہیں ہوتی''عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳۸۷)

جگہ بدلنا

معتکف نے مسجد میں اعتکاف کرنے کے لیے جگہ مقرر کرلی تو اعتکاف ختم ہونے تک اس جگہ پر رہنا ضروری نہیں، بلکہ پوری مسجد میں جہاں بھی چاہے رہ کر اعتکاف پورا کرسکتا ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔(۱)

جگہ پر رومال رکھنا

''رومال رکھنا''عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۵۵)

جگہ کو گھیر لینا

اعتکاف کی جگہ کو کپڑے وغیرہ سے گھیر لینا مسنون ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتکاف کی جگہ کو کپڑے یا کھجور کے پتوں سے گھیرا گیا تھا اور چٹائی کا دروازہ

---

(۱) (قَولُهُ: هُوَ لُغَةً اللُّبثُ) أَی المُکثُ فِی أَیِّ مَوضِعٍ کَانَ وَحَبسُ النَّفسِ فِیهِ. قَالَ فِی "البَحرِ" هُوَ لُغَةً افتِعَالٌ مِن عَکَفَ إِذَا دَامَ مِن بَابِ طَلَبَ وَعَکَفَهُ حَبَسَهُ وَمِنهُ ﴿وَالهَدیَ مَعکُوفًا﴾ سُمِّیَ بِهِ هَذَا النَّوعُ مِنَ العِبَادَةِ لِأَنَّهُ إِقَامَةٌ فِی المَسجِدِ مَعَ شَرَائِطَ. "مُغرِبٌ". (ردالمحتار: (۴۴۰/۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

☐ (قَولُهُ: وَخُصَّ المُعتَکِفُ بِأَکلٍ إلخ) أَی فِی المَسجِدِ وَالبَاءُ دَاخِلَةٌ عَلَی المَقصُورِ عَلَیهِ بِمَعنَی أَنَّ المُعتَکِفَ مَقصُورٌ عَلَی الأَکلِ وَنَحوِهِ فِی المَسجِدِ لَا یَحِلُّ لَهُ فِی غَیرِهِ وَلَو کَانَت دَاخِلَةً عَلَی المَقصُورِ کَمَا هُوَ المُتَبَادِرُ یَرِدُ عَلَیهِ أَنَّ النِّکَاحَ وَالرَّجعَةَ غَیرُ مَقصُورَینِ عَلَیهِ لِعَدَمِ کَرَاهَتِهِمَا لِغَیرِهِ فِی المَسجِدِ. (ردالمحتار: (۴۴۸/۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

☐ امداد الأحکام: (۱۳۵/۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [س: ۹، معتکف مسجد میں جہاں چاہے اُٹھ بیٹھ سکتا ہے] ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

بنادیا گیا تھا۔(۱)

جماع

☆......اعتکاف کے دوران جماع خواہ قصداً کیا جائے یا بھول کر، اعتکاف کا خیال نہ رہنے کی وجہ سے مسجد میں کیا جائے یا مسجد سے باہر، ہر حال میں اعتکاف باطل ہوجائے گا، اور جو افعال اکثر و بیشتر جماع کا باعث ہوتے ہیں، مثلاً بیار لینا، معانقہ کرنا وغیرہ وہ بھی اعتکاف کی حالت میں جائز نہیں ہے، مگران افعال سے اس وقت تک اعتکاف فاسد نہیں ہوگا جب تک کہ منی خارج نہ ہو، ہاں اگران افعال سے منی نکل گئی تو پھر اعتکاف فاسد ہوجائے گا، البتہ صرف خیال اور فکر سے اگر منی

---

(۱) حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: "كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَكِفُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَكُنْتُ أَضْرِبُ لَهُ خِبَاءً فَيُصَلِّي الصُّبْحَ ثُمَّ يَدْخُلُهُ فَاسْتَأْذَنَتْ حَفْصَةُ عَائِشَةَ أَنْ تَضْرِبَ خِبَاءً فَأَذِنَتْ لَهَا فَضَرَبَتْ خِبَاءً فَلَمَّا رَأَتْهُ زَيْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ ضَرَبَتْ خِبَاءً آخَرَ فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى الْأَخْبِيَةَ فَقَالَ مَا هَذَا فَأُخْبِرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آلْبِرَّ تُرَوْنَ بِهِنَّ فَتَرَكَ الِاعْتِكَافَ ذَلِكَ الشَّهْرَ ثُمَّ اعْتَكَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ". (صحيح البخاري: (۱/۲۷۴) كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف النسآء، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ "أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَكَفَ فِي قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ عَلَى سُدَّتِهَا قِطْعَةُ حَصِيرٍ قَالَ فَأَخَذَ الْحَصِيرَ بِيَدِهِ فَنَحَّاهَا فِي نَاحِيَةِ الْقُبَّةِ ثُمَّ أَطْلَعَ رَأْسَهُ فَكَلَّمَ النَّاسَ". (سنن ابن ماجه: (ص:۱۲۷) ابواب ماجاء في الصيام، باب في ليلة القدر، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

صحيح مسلم: (۱/۳۷۰) كتاب الصيام، باب فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَالْحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا وَبَيَانِ مَحَلِّهَا وَأَرْجَى أَوْقَاتِ طَلَبِهَا، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

(قوله: وأنه أمر بخبائه فضرب) قالوا فيه دليل على جواز اتخاذ المعتكف لنفسه موضعا من المسجد ينفرد فيه مدة اعتكافه مالم يضيق على الناس واذا اتخذه يكون في آخر المسجد ورحابه لئلا يضيق على غيره وليكون اخلى له واكمل في انفراده. (شرح نووي على مسلم: (۱/۳۷۱) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

خارج ہو جائے تو اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

☆......اعتکاف کی حالت میں شہوت انگیز حرکتوں کا ارتکاب کرنا حرام ہے، ہاں اگر محض خیال کرنے یا دیکھنے سے یا احتلام میں انزال ہو جائے تو اعتکاف باطل نہیں ہوگا، خواہ ایسا ہونا اس کی عادت ہو یا نہ ہو۔(۲)

(۲،۱) وقوله سبحانه: ﴿ولا تباشروهن وأنتم عاكفون في المساجد تلك حدود الله فلا تقربوها كذلك يبين الله آياته للناس لعلهم يتقون﴾ [البقرة:۲: ۱۸۷].

(حدثنا وهب بن بقية أخبرنا خالد عن عبد الرحمن يعني ابن إسحق عن الزهري عن عروة عن عائشة أنها قالت: السنة على المعتكف أن لا يعود مريضا ولا يشهد جنازة ولا يمس امرأة ولا يباشرها ولا يخرج لحاجة إلا لما لا بد منه ولا اعتكاف إلا بصوم ولا اعتكاف إلا في مسجد جامع.

قال أبو داود غير عبد الرحمن لا يقول فيه قالت السنة قال أبو داود جعله قول عائشة.

(سنن أبي داود: ۱/ ۳۴۲، كتاب الصوم، باب المعتكف يعود المريض، ط: حقانيه ملتان)

☜ مشكوة المصابيح: ۱/ ۱۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثاني، ط: قديمي كراچي.

☜ أما مفسدات الاعتكاف منها: الجماع عمدا ولو بدون إنزال سواء كان بالليل أو النهار باتفاق. أو الجماع نسيانا فإنه يفسد الاعتكاف عند ثلاثة ...... أما دواعي الجماع من تقبيل بشهوة ومباشرة ونحوها فإنها لا تفسد الاعتكاف إلا بالإنزال باتفاق ثلاثة ...... ولكن يحرم على المعتكف أن يفعل تلك الدواعي بشهوة ولا يفسده إنزال المني بفكر أو نظر أو احتلام سواء كان ذلك عادة له أو لا عند الحنفية والحنابلة .... (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: ۱/ ۴۹۴، ۴۹۵، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف، ط: دار الحديث القاهرة)

☜ (قوله: ويحرم الوطء ودواعيه) لقوله تعالى ﴿ولا تباشروهن وأنتم عاكفون في المساجد﴾؛ لأن المباشرة تصدق على الوطء ودواعيه فيفيد تحريم كل فرد من أفراد المباشرة جماع أو غيره؛ لأنه في سياق النهي فيفيد العموم والمراد بدواعيه المس والقبلة ...... أطلقه فشمل ما إذا كان عامدا أو ناسيا نهارا أو ليلا أنزل أو لا بخلاف الصوم إذا كان ناسيا والفرق أن حالة المعتكف مذكرة كحالة الإحرام والصلاة وحالة الصائم غير مذكرة وقيد بالوطء؛ لأن الجماع فيما دون الفرج أو التقبيل أو اللمس لا يفسد إلا إذا أنزل وإن أمنى بالتفكر أو النظر لا يفسد اعتكافه .... (البحر الرائق: ۲/ ۳۰۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)

جماعت کے لیے دوسری مسجد میں جانا

☆...... معتکف کو اپنی مسجد میں کسی وجہ سے جماعت نہ مل سکی، مثلاً پیشاب یا پاخانہ کے لیے چلا گیا تھا مسجد میں آیا تو معلوم ہوا کہ جماعت ختم ہوگئی ہے، تو اب دوسری مسجد میں جماعت کی خاطر باہر چلے جانا جائز نہیں ہے، اس سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۱)

☆...... اگر معتکف کسی طبعی ضرورت یعنی پیشاب پاخانہ کے لیے باہر چلا جائے اور اس کو یہ اندازہ ہوجائے کہ مجھے اپنی اعتکاف والی مسجد میں جماعت نہیں ملے گی، اور راستے میں کوئی مسجد ہے جس میں جماعت ہورہی ہے یا تیار ہے تو ایسی صورت میں راستہ کی مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اور فارغ ہوتے ہی چلے آنا جائز ہے۔(۲)

جماعت والی مسجد میں اعتکاف کرے

''اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۱۳)

(۲،۱)(وَيَجُوزُ حَملُ الرُّخصَةِ عَلَى مَا لَو خَرَجَ لِوَجهٍ مُبَاحٍ كَحَاجَةِ الإِنسَانِ أَو الجُمُعَةِ وَعَادَ مَرِيضًا أَو صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَخرُجَ لِذَلِكَ قَصدًا وَذَلِكَ جَائِزٌ اهـ وَبِهِ عُلِمَ أَنَّهُ بَعدَ الخُرُوجِ لِوَجهٍ مُبَاحٍ إِنَّمَا يَضُرُّ المُكثُ لَو فِي غَيرِ مَسجِدٍ لِغَيرِ عِيَادَةٍ ...... تَتِمَّةٌ لَم يَذكُر جَوَازَ خُرُوجِهِ لِجَمَاعَةٍ وَقَدَّمنَا عَن النَّهرِ وَالفَتحِ مَا يُفِيدُهُ وَيَأتِي فِي كَلَامِهِ مَا يُفِيدُهُ أَيضًا وَفِي البَحرِ عَن البَدَائِعِ: لَو أَحرَمَ بِحَجٍّ أَو عُمرَةٍ أَقَامَ فِي اعتِكَافِهِ إِلَى فَرَاغِهِ مِنهُ فَإِن خَافَ فَوتَ الحَجِّ يَحُجُّ ثُمَّ يَستَقبِلُ الاعتِكَافَ لِأَنَّ الحَجَّ أَهَمُّ وَإِنَّمَا يَستَقبِلُهُ لِأَنَّ هَذَا الخُرُوجَ وَإِن وَجَبَ شَرعًا فَإِنَّمَا وَجَبَ بِعَقدِهِ لَم يَكُن مَعلُومَ الوُقُوعِ فَلَا يَصِيرُ مُستَثنًى فِي الاعتِكَافِ اهـ . (ردالمحتار: ۴۴۶/۲، ۴۴۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

🗁 البحر الرائق: ۳۰۲/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

🗁 بدائع الصنائع: ۱۱۴/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته ...... الخ، ط: سعيد كراچی.

جمع ہونا

اعتکاف کرنے والے عبادت کے لیے، مولیٰ کو راضی کرنے اور ثواب حاصل کرنے کے لیے مسجد میں بیٹھتے ہیں، اگر ضرورت کے بغیر ایک جگہ جمع ہو کر دنیاوی باتوں میں مشغول رہیں گے تو اجر و ثواب کے بجائے فرشتوں کی لعنت اور بددعا لے کر واپس جائیں گے۔(۱)

اس لیے اعتکاف کرنے والوں کو چاہیے کہ ایک جگہ پر جمع نہ ہوں، اپنے اپنے خیمہ میں یا مسجد کی کسی جگہ پر تلاوت، دعا، نوافل، ذکر اور درود شریف وغیرہ میں مشغول رہیں۔(۲)

اور جو دنیوی کام مسجد سے باہر غیر معتکف کے لیے درست نہیں وہ مسجد میں

(۱) قال النبي صلى الله عليه وسلم : يأتي على الناس زمان يكون حديثهم في مساجدهم في أمر دنياهم ليس الله فيهم حاجة فلاتجالسوهم .

قال العراقي : أخرجه البيهقي في الشعب من حديث الحسن مرسلاً وأسنده الحاكم في حديث أنس وصحح إسناده ولابن حبان نحوه من حديث ابن مسعود اهـ .

قلت : لفظ حديث ابن مسعود سيأتي على الناس زمان يقعدون في المجالس حلقاً حلقاً إنما همتهم الدنيا فلاتجالسوهم فإنّه ليس للّٰه فيهم حاجة ولفظ حديث أنس عند الحاكم يأتي على الناس زمان يتحلقون في مساجدهم وليس همهم إلاّ الدنيا ليس للّٰه فيهم حاجة فلاتجالسوهم ولفظ البيهقي المرسل مثل ما ساقه المصنف غير أنه قال فلا تجالسوهم فليس للّٰه فيهم حاجة وأورد ابن الحاج في المدخل حديثاً مرفوعاً بلفظ إذا أتى الرجل المسجد فأكثر من الكلام فتقول الملائكة له اسكت يا ولي اللّٰه فإن زاد فتقول له اسكت يا بغيض اللّٰه فإن زاد فتقول اسكت عليك لعنة اللّٰه واللّٰه أعلم . (إحياء علوم الدين : (۱/ ۲۲۰) الباب روى عمر ابن عبد الله ، ط: دار العاصمة للنشر الرياض)

(۲) وأما آدابه :... ومنها مكثه بمؤخر المسجد ليبعد عمن يشغله بالكلام معه ...وأما آدابه : فمنها أن لا يتكلم إلا بخير ...ويلازم التلاوة والحديث والعلم وتدريسه ونحو ذلك . (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: ۱/ ۳۹۸ ، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف وآدابه،ط: دارالحديث القاهرة)

☜ وَيُلَازِمُ قِرَاءَةَ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيثِ وَالْعِلْمِ وَالتَّدْرِيسِ وَسِيَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَصَصِ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَحِكَايَاتِ الصَّالِحِينَ وَكِتَابَةَ أُمُورِ الدِّينِ وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيْرِ الْخَيْرِ فَإِنَّهُ يُكْرَهُ لِغَيْرِ الْمُعْتَكِفِ فَمَا ظَنُّكَ بِالْمُعْتَكِفِ. (تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: ۱/ ۲۳۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط: دار الكتب العلمية بيروت) =

اور پھر معتکف کے لیے کیسے درست ہو سکتے ہیں؟(۱)

جمعہ ادا کرنے کے بعد جامع مسجد میں ٹھہرنا

معتکف کی مسجد میں جمعہ نہیں ہوتا اس لیے وہ جامع مسجد میں جمعہ کی نماز ادا کرنے چلا گیا اور وہیں ایک رات دن یا اس سے کم وبیش ٹھہرا رہے، یا بقیہ اعتکاف وہیں پورا کرنے لگے تب بھی جائز ہے، اعتکاف نہیں ٹوٹے گا، لیکن ایسا کرنا مکروہ ہے، اس لیے واپس چلے جانا بہتر ہے۔(۲)

مزید ''حاجت شرعیہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۱۱)

جمعہ ادا کرنے کے بعد جامع مسجد میں کتنی دیر ٹھہر سکتا ہے؟

''حاجت شرعیہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۱۱)

جمعہ کا غسل

''غسل'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۰۰)

جمعہ کی نماز کے لیے نکلنا

''حاجت شرعیہ'' کے تحت دیکھیں!(ص:۲۱۱)

= فتاوی الهندیه : ۱/۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما آدابه، ط: رشیدیه کوئٹه.

(۱) وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أَنَّهُ لا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِخَيرٍ فَلِقَولِهِ تَعَالَى: "وَقُل لِعِبَادِي يَقُولُوا التي هِيَ أَحسَنُ". [الإسراء:۵۳] وهو بِعُمُومِهِ يَقتَضِي أَن لا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ المَسجِدِ إِلَّا بِخَيرٍ فَالمَسجِدُ أَولَى كَذَا فِي "غَايَةِ البَيَانِ". وفي "التَّبيِينِ": وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ خَيرٍ فإنه يُكرَهُ لِغَيرِ المُعتَكِفِ فما ظَنُّكَ لِلمُعتَكِفِ اه. وَظَاهِرُهُ أَنَّ المُرَادَ بِالخَيرِ هُنَا ما لَا إِثمَ فيه فَيَشمَلُ المُبَاحَ وَبِغَيرِ الخَيرِ ما فيه إِثمٌ وَالأَولَى تَفسِيرُهُ بِمَا فيه ثَوَابٌ يَعنِي أَنَّهُ يُكرَهُ لِلمُعتَكِفِ أَن يَتَكَلَّمَ بِالمُبَاحِ بِخِلَافِ غَيرِهِ وَلِهَذَا قالوا الكَلَامُ المُبَاحُ في المَسجِدِ مَكرُوهٌ يَأكُلُ الحَسَنَاتِ كما تَأكُلُ النَّارُ الحَطَبَ صَرَّحَ بِهِ "فتح القَدِيرِ" قُبَيلَ بَابِ الوِترِ لَكِن قال الأسبيجابي: وَلَا بَأسَ أَن يَتَحَدَّثَ بِمَا لَا إِثمَ فيه، وقال في "الهِدَايَةِ": لَكِنَّهُ يَتَجَانَبُ ما يَكُونُ مَأثَمًا. (البحر الرائق: (۲/۳۰۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

(۲) انظر إلى الحاشية الآتية.

جمعہ کے لیے جانا

☆...... اگر معتکف نے کسی ایسی آبادی کی مسجد میں اعتکاف کیا جہاں پر جمعہ کی نماز نہیں ہوتی تو وہ مقامی جامع مسجد میں جمعہ کی نماز کے لیے جاسکتا ہے، راستہ میں کہیں رُکے نہیں، جمعہ کی نماز سے فارغ ہوتے ہی واپس آجائے، البتہ مقامی جامع مسجد کے علاوہ دوسرے قصبہ میں جمعہ کے لیے جانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

☆...... مقامی جامع مسجد میں جمعہ کی نماز کے لیے ایسے وقت جائے کہ تحیۃ المسجد اور جمعہ کی سنت وہاں پڑھ سکے اور نماز کے بعد بھی سنت پڑھنے کے لیے جامع مسجد میں ٹھہرنا جائز ہے۔ گھڑی دیکھ کر وقت کا اندازہ کرلے پھر اس اعتبار سے نکلے اور واپس آجائے۔ اگر اندازہ غلط ہوجائے اور کچھ پہلے پہنچ جائے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ (۲)

☆...... اگر جمعہ کی نماز کے لیے کسی مسجد میں جائے اور نماز کے بعد وہیں ٹھہر جائے اور وہیں اعتکاف کو پورا کرے تب بھی جائز ہے، مگر مکروہ ہے۔ (۳)

☆...... واضح رہے کہ اعتکاف ایسی مسجد میں کرنا بہتر ہے کہ اس میں جمعہ کی نماز ہوتی ہو۔

☆...... اگر جامع مسجد کا فاصلہ دور ہے زوال کے بعد نکلنے سے سنت و مستحبات ادا نہیں کرسکتا تو معتکف زوال سے پہلے جاسکتا ہے، ورنہ زوال کے بعد نکلے۔

☆...... آج کل جمعہ سے پہلے وعظ کہنے کا رواج ہے دوسری مسجد کے معتکف کو وعظ سننے کے لیے جامع مسجد میں نہیں جانا چاہیے، ہاں اگر تحیۃ المسجد اور جمعہ کی سنت پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہونے میں اندازہ سے زیادہ دیر لگ گئی تو ایسے وقت اگر جماعت کے انتظار کی حالت میں وعظ بھی سنتا رہا تو کچھ حرج نہیں۔ (۴)

(۱،۲،۳،۴) (قَولُهُ : وَلَا يَخرُجُ مِنهُ إِلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أَو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أَي لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا مِن مَسجِدِهِ إِلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كَانَ عَلَيهِ السَّلَامُ لَا يَخرُجُ مِن مُعتَكَفِهِ إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ مِنَ الخُرُوجِ فِي بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لَهَا مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ مِنَ الطُّهُورِ ؛ لِأَنَّ مَا ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ =

☆...... جمعہ کے بعد چھ رکعات پڑھے اس کے بعد واپس مسجد آجائے۔

☆...... سنتوں سے فارغ ہونے کے بعد جامع مسجد میں کچھ زیادہ ٹھہر جانا مکروہ تنزیہی ہے۔

☆...... معتکف نے جس بستی یا گاؤں میں اعتکاف کیا ہے وہاں شرعاً جمعہ واجب نہیں، تو ایسی صورت میں معتکف کو جمعہ کے لیے شہر یا قصبہ میں جانا درست نہیں، اگر جمعہ کے لیے گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

= يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا وَأَمَّا الجُمُعَةُ فَإِنَّهَا مِن أَهَمّ حَوَائِجِهِ وَهِيَ مَعلُومَةٌ وُقُوعُهَا وَيَخرُجُ حِينَ تَزُولُ الشَّمسُ ؛ لِأَنَّ الخِطَابَ يَتَوَجَّهُ بَعدَهُ وَإِن كَانَ مَنزِلُهُ بَعِيدًا عَنهُ يَخرُجُ فِي وَقتٍ يُمكِنُهُ إدرَاكُهَا وَصَلَاةُ أَربَعٍ قَبلَهَا وَرَكعَتَانِ تَحِيَّةُ المَسجِدِ يُحكِّمُ فِي ذَلِكَ رَأيَهُ أَن يَجتَهِدَ فِي خُرُوجِهِ عَلَى إدرَاكِ سَمَاعِ الخُطبَةِ ؛ لِأَنَّ السُّنَّةَ إنَّمَا تُصَلَّى قَبلَ خُرُوجِ الخَطِيبِ كَذَا قَالُوا مَعَ تَصرِيحِهِم بِأَنَّهُ إذَا شَرَعَ فِي الفَرِيضَةِ حِينَ دَخَلَ المَسجِدَ أَجزَأَهُ عَن تَحِيَّةِ المَسجِدِ ؛ لِأَنَّ التَّحِيَّةَ تَحصُلُ بِذَلِكَ فَلَا حَاجَةَ إلَى تَحِيَّةٍ غَيرِهَا فِي تَحقِيقِهَا وَكَذَا السُّنَّةُ فَمَا قَالُوهُ هُنَا مِن صَلَاةِ التَّحِيَّةِ وَيُصَلِّي بَعدَهَا السُّنَّةَ أَربَعًا عَلَى قَولِهِ وَسِتًّا عَلَى قَولِهِمَا وَلَو أَقَامَ فِي الجَامِعِ أَكثَرَ مِن ذَلِكَ لَم يَفسُد اعتِكَافُهُ ؛ لِأَنَّهُ مَوضِعُ الِاعتِكَافِ إلَّا أَنَّهُ يُكرَهُ ؛ لِأَنَّهُ التَزَمَ أَدَاءَهُ فِي مَسجِدٍ وَاحِدٍ فَلَا يُتِمُّهُ فِي مَسجِدَينِ مِن غَيرِ ضَرُورَةٍ وَقَد ظَهَرَ بِمَا ذَكَرُوهُ هُنَا أَنَّ الأَربَعَ الَّتِي تُصَلَّى بَعدَ الجُمُعَةِ وَيَنوِي بِهَا آخِرَ ظُهرٍ عَلَيهِ لَا أَصلَ لَهَا فِي المَذهَبِ ؛ لِأَنَّهُم نَصُّوا هُنَا عَلَى أَنَّ المُعتَكِفَ لَا يُصَلِّي إلَّا السُّنَّةَ البَعدِيَّةَ فَقَط وَلِأَنَّ مَن اختَارَهَا مِن المُتَأَخِّرِينَ فَإِنَّمَا اختَارَهَا لِلشَّكِّ فِي أَنَّ جُمُعَتَهُ سَابِقَةٌ أَو لَا بِنَاءً عَلَى عَدَمِ جَوَازِ تَعَدُّدِهَا فِي مِصرٍ وَاحِدٍ وَقَد نَصَّ الإِمَامُ شَمسُ الأَئِمَّةِ السَّرَخسِيُّ عَلَى أَنَّ الصَّحِيحَ مِن مَذهَبِ أَبِي حَنِيفَةَ جَوَازُ إقَامَتِهَا فِي مِصرٍ وَاحِدٍ فِي مَسجِدَينِ فَأَكثَرَ قَالَ وَبِهِ نَأخُذُ وَفِي فَتحِ القَدِيرِ وَهُوَ الأَصَحُّ. (البحر الرائق : ۲/ ۳۰۱، ۳۰۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

الجوهرة النيرة: ۱/ ۱۷۶، ۱۷۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط : قديمى كتب خانه كراچى.

المبسوط للسرخسى: ۳/ ۱۳۰، ۱۳۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط : دار الكتب العلمية بيروت لبنان.

بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۴، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته ...... الخ ، ط: سعيد كراچى.

الفتاوى الهندية : (۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته.

(۱) ’’کفایت المفتی‘‘: ۴/ ۲۲۴، ۲۲۵، کتاب الصوم، تیسرا باب اعتکاف، ط: دار الاشاعت کراچی)۔(اسی طرح =

☆......متعدد جگہ جمعہ ہوتا ہو تو قریبی جامع مسجد میں جمعہ کے لیے جائے۔

آج کل جمعہ سے پہلے وعظ کہنے کا رواج ہے، دوسری مسجد کے معتکف کو وعظ سننے کے لئے جامع مسجد میں نہیں جانا چاہیے، ہاں اگر تحیۃ المسجد اور جمعہ کی سنت پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہونے میں اندازے سے زیادہ دیر لگ گئی تو ایسے وقت اگر جماعت کے انتظار کی حالت میں وعظ بھی سنتا رہا تو کوئی حرج نہیں۔(۱)

جمعہ کے لیے جائے اور وہیں اعتکاف پورا کرے

"جمعہ کے لیے جانا" عنوان کے تحت [اسٹار نمبر:۳۰] دیکھیں! (ص:۱۹۱)

جنابت کا غسل

"غسل جنابت" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۳۰۴)

جنازہ آگیا

پاخانہ، پیشاب کے لیے نکلا اور فراغت کے بعد وضو سے فارغ ہوا تو کوئی

= "فتاویٰ محمودیہ" کے [س:۴۸۸۷] کے تخریج میں مذکور ہے: [" معتکف صرف حاجتِ شرعیہ اور حاجتِ طبعیہ کے لیے نکل سکتا ہے، جب کہ جمعہ اس پر فرض نہیں تو جمعہ کے لئے نکلنا بغیر حاجت کے نکلنا ہے اور بغیر حاجت کے نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ: (۲۲۱/۱۰) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [س:۴۸۸۷] ط: ادارہ الفاروق کراچی)

☐ فتاویٰ محمودیہ: (۲۲۱/۱۰) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [س:۴۹۱۳] دیہاتی معتکف کا نماز جمعہ کے لئے نہ جانا، ط: ادارہ الفاروق کراچی۔

☐ اور "فتاویٰ ہندیہ" میں ہے: (منها المصرُ) ...... وَمَن كَانَ مُقِيمًا بِمَوضِعٍ بَينَهُ وَبَينَ المِصرِ فُرجَةٌ مِن المَزَارِعِ وَالمَرَاعِي نَحوُ القِلَعِ بِبُخَارَى لَا جُمُعَةَ عَلَى أَهلِ ذٰلِكَ المَوضِعِ وَإِن كَانَ النِّدَاءُ يَبلُغُهُم وَالغَلوَةُ وَالمِيلُ وَالأَميَالُ لَيسَ بِشَيءٍ هٰكَذَا فِي الخُلَاصَةِ. هٰكَذَا رَوَى الفَقِيهُ أَبُو جَعفَرٍ عَن أَبِي حَنِيفَةَ وَأَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالَى وَهُوَ اختِيَارُ شَمسِ الأَئِمَّةِ الحَلوَانِيِّ كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَان. (الفتاوی الهندية: ۱/ ۱۴۵، كتاب الصلوة، البَابُ السَّادِسَ عَشَرَ فِي صَلَاةِ الجُمُعَةِ، وَأَدَاؤُهَا شَرَائِطُ فِي غَيرِ المُصَلِّي، ط: رشيدية كوئٹه)

(۱) "جمعہ کے لئے جانا" عنوان کے تحت (۴،۳،۲،۱) حاشیہ دیکھیں۔

جنازہ آ گیا اس میں شریک ہو گیا، پہلے سے جنازہ میں شریک ہونے کا کوئی ارادہ نہیں تھا، اتفاقاً ایسا ہوا تو اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔(۱)

جنازہ تیار تھا

معتکف پاخانہ یا استنجا کے لیے نکلا، مسجد سے باہر ایک جنازہ بالکل تیار تھا وضو کے بعد جنازہ کی نماز میں شریک ہو گیا تو اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔(۲)

جنازہ کی نماز کے لیے نکلنا

☆......اگر معتکف مسجد سے نکل کر جنازہ کی نماز پڑھے گا تو اعتکاف ٹوٹ

---

(۱) (قَولُهُ: لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ) أي مَسجِدُ الجُمُعَةِ مَحَلٌّ لِلاعتِكَافِ وَفِيهِ إشَارَةٌ إلَى الفَرقِ بَينَ هَذَا وَبَينَ مَا لَو خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ وَدَخَلَ مَنزِلَهُ وَمَكَثَ فِيهِ حَيثُ يَفسُدُ كَمَا مَرَّ وَفِي البَدَائِعِ وَمَا رُوِيَ عَنهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مِن الرُّخصَةِ فِي عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجَنَازَةِ فَقَد قَالَ أَبُو يُوسُفَ: ذَلِكَ مَحمُولٌ عَلَى اعتِكَافِ التَّطَوُّعِ وَيَجُوزُ حَملُ الرُّخصَةِ عَلَى مَا لَو خَرَجَ لِوَجهٍ مُبَاحٍ كَحَاجَةِ الإِنسَانِ أو الجُمُعَةِ وَعَادَ مَرِيضًا أو صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَخرُجَ لِذَلِكَ قَصدًا وَذَلِكَ جَائِزٌ اهـ وَبِهِ عُلِمَ أَنَّهُ بَعدَ الخُرُوجِ لِوَجهٍ مُبَاحٍ إنَّمَا يَضُرُّ المَكثُ لَو فِي غَيرِ مَسجِدٍ لِغَيرِ عِيَادَةٍ.....

(ردالمحتار: (۲/۴۴۶) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی).

البحر الرائق: (۲/۳۰۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۲/۱۱۴) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته ...... الخ. ط: سعيد كراچی.

(۲) (قَولُهُ: لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ) أي مَسجِدُ الجُمُعَةِ مَحَلٌّ لِلاعتِكَافِ وَفِيهِ إشَارَةٌ إلَى الفَرقِ بَينَ هَذَا وَبَينَ مَا لَو خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ وَدَخَلَ مَنزِلَهُ وَمَكَثَ فِيهِ حَيثُ يَفسُدُ كَمَا مَرَّ وَفِي البَدَائِعِ وَمَا رُوِيَ عَنهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مِن الرُّخصَةِ فِي عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجَنَازَةِ فَقَد قَالَ أَبُو يُوسُفَ: ذَلِكَ مَحمُولٌ عَلَى اعتِكَافِ التَّطَوُّعِ وَيَجُوزُ حَملُ الرُّخصَةِ عَلَى مَا لَو خَرَجَ لِوَجهٍ مُبَاحٍ كَحَاجَةِ الإِنسَانِ أو الجُمُعَةِ وَعَادَ مَرِيضًا أو صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَخرُجَ لِذَلِكَ قَصدًا وَذَلِكَ جَائِزٌ اهـ وَبِهِ عُلِمَ أَنَّهُ بَعدَ الخُرُوجِ لِوَجهٍ مُبَاحٍ إنَّمَا يَضُرُّ المَكثُ لَو فِي غَيرِ مَسجِدٍ لِغَيرِ عِيَادَةٍ.....

(ردالمحتار: (۲/۴۴۶) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

البحر الرائق: (۲/۳۰۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۲/۱۱۴) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته ...... الخ. ط: سعيد كراچی.

جائے گا۔(۱) اور ایک دن ایک رات کی قضا لازم ہوگی۔(۲)

☆......اگر معتکف نے مسجد کے اندر رہ کر جنازہ کی نماز پڑھی ہے تو اعتکاف ٹوٹے گا نہیں۔

☆......نذر کے اعتکاف میں جنازہ کی نماز، مریض کی عیادت اور علمی مجلس میں حاضری کے لیے نکلنے کا استثنا صحیح ہے، اور استثنا کرنے کے بعد نکلنا جائز ہے۔(۳)

(۱) وَلَو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ يَفسُدُ اعتِكَافُهُ وَكَذَا لِصَلَاتِهَا وَلَو تَعَيَّنَت عَلَيهِ أَو لِإِنجَاءِ الغَرِيقِ أَو الحَرِيقِ أَو الجِهَادِ إِذَا كَانَ النَّفِيرُ عَامًّا أَو لِأَدَاءِ الشَّهَادَةِ هٰكَذَا فِي التَّبيِينِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: ۲۲۶/۲، ۲۲۸، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

رد المحتار: ۴۴۷/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

(۲) (ثم رأيت المحقق ابن الهمام قال: ومقتضى النظر لو شرع في المسنون أعني العشر الأواخر بنيته ثم أفسده أن يجب قضاؤه تخريجا على قول أبي يوسف في الشروع في نفل الصلاة ناويا أربعا لا على قولهما اه أي يلزمه قضاء العشر كله لو أفسد بعضه كما يلزمه قضاء أربع لو شرع في نفل ثم أفسد الشفع الأول عند أبي يوسف، لكن صحح في الخلاصة أنه لا يقضي إلا ركعتين كقولهما نعم اختار في شرح المنية قضاء الأربع اتفاقا في الراتبة كالأربع قبل الظهر والجمعة وهو اختيار الفضلي وصححه في النصاب وتقدم تمامه في النوافل وظاهر الرواية خلافه وعلى كل فيظهر من بحث ابن الهمام لزوم الاعتكاف المسنون بالشروع وإن لزم قضاء جميعه أو باقيه مخرج على قول أبي يوسف أما على قول غيره فيقضي اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه وإنما قلنا أي باقية بناء على أن الشروع ملزم كالنذر وهو لو نذر العشر يلزمه كله متتابعا ولو أفسد بعضه قضى باقيه على ما مر في نذر صوم شهر معين.

والحاصل أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناء على لزوم صومه بخلاف الباقي لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو اعتكاف العشر بتمامه تأمل. (رد المحتار: ۴۴۴/۲، ۴۴۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچي)

فتح القدير لابن الهمام: ۳۹۸/۲، ۳۹۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: رشيديه كوئٹه.

(وفي "الهِدَايَة": وَلَو شَرَعَ فِيهِ ثُمَّ قَطَعَهُ لَا يَلزَمُهُ القَضَاءُ فِي رِوَايَةِ الأَصلِ. وَفِي رِوَايَةِ الحَسَنِ: يَلزَمُهُ. وَفِي "الظَّهِيرِيَّة": عَن أَبِي حَنِيفَةَ أنه يَلزَمُهُ يوماً. (التاتارخانية: ۳۱۳/۲، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

(۳) وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَ الِالتِزَامَ أَن يَخرُجَ إِلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ =

بشرطیکہ اعتکاف کی نذر کی طرح استثنا بھی زبان سے کیا ہو، صرف دل کی نیت کافی نہیں ہے،(۱) مگر مسنون اعتکاف میں استثنا کی نیت کرنے سے نفل اعتکاف ہو جائے گا، سنت ادا نہیں ہوگی، مسنون اعتکاف صرف وہی ہے جس میں کوئی استثنا نہ کیا ہو، اس میں نکلنا مفسد ہے،(۲) البتہ قضاءِ حاجت جیسی ضرورت کے لیے نکلنے پر دیکھا کہ راستہ میں جنازہ کی نماز شروع ہو رہی ہے تو اس میں شریک ہو سکتا ہے۔(۳)

☆...... جنازہ کی نماز شروع ہونے سے پہلے انتظار، اور نماز ختم ہونے کے بعد وہاں ٹھہرنا جائز نہیں، اسی طرح قضاءِ حاجت کے لیے اپنے راستہ پر چلتے چلتے عیادت کر سکتا ہے، عیادت اور جنازہ کی نماز کے لیے راستہ سے کسی جانب مڑنا

=مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَه ذلك كَذا فى التَّتارخانيَّة ناقِلًا عن الحُجَّة. (الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيديه كوئٹه)

🗀 التاتارخانيه: ۳۱۲/۲، كتاب الصوم، الفصل الثانى عشر فى الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

🗀 حاشية الطحطاوى على المراقى: (ص: ۳۸۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/ص: ۵۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

🗀 الدر مع الرد: (۴۴۸/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچى.

(۱، ۲، ۳) وفى "التاترخانية" عن "الحجة": لو شرط وقت النذر أن يخرج لعيادة مريض وصلاة جنازة وحضور مجلس علم جاز ذلك فليحفظ؛ و فى "الشامية": (قوله: وفى التاترخانية) وطله فى القهستانى (قوله: لو شرط) فيه إيماء إلى عدم الاكتفاء بالنية أبو السعود؛ (قوله: جاز ذلك) قلت: يشير إليه قوله فى الهداية وغيرها عند قوله ولا يخرج إلا لحاجة الإنسان لأنه معلوم وقوعها فلا بد من الخروج فيصير مستثنى اهـ. و الحاصل أن ما يغلب وقوعه يصير مستثنى حكما وإن لم يشترطه وما لا فلا إلا إذا شرطه. (الدر مع الرد: (۴۴۸/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچى)

🗀 (وَمِمَّا يَتَّصِلُ بِذٰلِكَ مَسَائِلُ): إِذَا أَرَادَ إِيجَابَ الِاعتِكَافِ على نَفسِهِ يَنبَغِي أن يَذكُرَ بِلِسَانِهِ وَلَا يَكفِي لِإِيجَابِهِ النِّيَّةُ بِالقَلبِ ذَكَرَهُ شَمسُ الأَئِمَّةِ كَذَا فى النِّهَايَةِ وَهٰكَذَا فى الخُلَاصَةِ. (الفتاوى الهنديه: ۲۱۳/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وَمِمَّا يَتَّصِلُ بِذٰلِكَ مَسَائِلُ، ط: رشيديه كوئٹه)

🗀 التاتارخانيه: ۳۱۱/۲، كتاب الصوم، الفصل الثانى عشر فى الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

ٹھہرنا جائز نہیں۔(۱)

ہٰذا...... معتکف بیوی، یا بیٹی، یا ماں، باپ کے جنازہ کے لیے بھی مسجد سے باہر نکلے گا، تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

جنازہ گاہ

بعض مسجد کے بغل میں کبھی جنازہ وغیرہ کے لیے جگہ چھوڑ دی جاتی ہے، خواہ اس پر چھت ہو یا نہ ہو اس میں اعتکاف کرنا درست نہیں، کیوں کہ یہ مسجد نہیں،

(۱) عن عائشة رضي الله عنها قال النفيلي: قالت: "كان النبي صلى الله عليه وسلم يمر بالمريض وهو معتكف فيمر كما هو ولا يعرج يسأل عنه". وقال ابن عيسى: قالت: "إن كان النبي صلى الله عليه وسلم يعود المريض وهو معتكف". (سنن أبي داود: (۱/۳۳۲) كتاب الصوم، باب المعتكف يعود المريض، ط: حقانيه ملتان)

☐ سنن ابن ماجه: (ص: ۱۲۷) ابواب ماجاء في الصيام، باب في المعتكف يعود المريض، ويشهد الجنائز، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

☐ ويجوز أن تحمل الرخصة على ما إذا كان خرج المعتكف لوجه مباح كحاجة الإنسان أو ... ثم عاد مريضا أو صلى على جنازة من غير أن كان خروجه لذلك قصدا وذلك جائز. (بدائع الصنائع: (۲/۱۱۴) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي)

☐ رد المحتار: (۲/۴۴۵) باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: سعيد كراچي.

☐ (قوله: أو حاجة طبيعية) أي يدعو إليها طبع الإنسان ولو ذهب بعد أن خرج إليها لعيادة مريض أو صلاة جنازة من غير أن يكون لذلك قصدا جاز بخلاف ما إذا خرج لحاجة الإنسان ومكث بعد فراغه فإنه ينتقض اعتكافه عند الإمام؛" بحر". (حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۳۸۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچي؛ و: (ص: ۵۷۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان)

(۲) (قوله: بلا عذر معتبر) أي في عدم الفساد فلو خرج لجنازة محرمة أو زوجته فسد لأنه وإن كان عذرا إلا أنه لم يعتبر في عدم الفساد. (مراقي الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امداديه ملتان)

☐ الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته.

☐ تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: ۲/۲۲۶، ۲۲۸، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

بلکہ مسجد سے خارج ہے۔(۱)

جن بھوت

"بے ہوش ہو جائے" عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۵۲)

جنگلہ

"دیوار" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۴۵)

جنگلے

"کھڑکی" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۴۴)

جنون

"بے ہوشی" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۵۳)

---

(۱) وأمّا الّذي يرجع إلى المعتكف فيه: فالمسجد وإنّه شرطٌ في نوعي الاعتكاف: الواجب والتطوّع؛ لقوله تعالى ولا تُباشروهنّ وأنتم عاكفون في المساجد وصفهم بكونهم عاكفين في المساجد مع أنّهم لم يُباشروا الجماع في المساجد؛ لينهوا عن الجماع فيها فدلّ أنّ مكان الاعتكاف هو المسجد ويستوي فيه الاعتكاف الواجب والتطوّع؛ لأنّ النصّ مطلق ثم ذكر الكرخيّ أنّه لا يصحّ الاعتكاف إلّا في مساجد الجماعات يريد به الرّجل وقال الطّحاويّ: إنّه يصحّ في كلّ مسجد.

وروى الحسن بن زياد عن أبي حنيفة أنّه لا يجوز إلّا في مسجد تُصلّى فيه الصّلوات كلّها. (بدائع الصنائع:۲/۱۱۲، ۱۱۳، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، قبيل فصل: وأمّا ركن الاعتكاف ومحظوراته... الخ، ط: سعيد كراجي)

☜ ومنه ﴿والهدي معكوفًا﴾ [الفتح:۲۵]؛ وسمّي به هذا النّوع من العبادة لأنّه إقامة في المسجد مع شرائط كذا في المغرب. وفي الصّحاح الاعتكاف الاحتباس... وشرعًا اللّبث في المسجد مع نيّته فالرّكن هو اللّبث، والكون في المسجد. (البحر الرائق:۲/۲۹۸، ۲۹۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراجي)

☜ فهو اللّبث في المسجد مع نيّة الاعتكاف كذا في النّهاية. (الفتاوى الهندية:۱/۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأمّا تفسيره، ط: رشيدية كوئته)

جوتے اتارنے کی جگہ

جوتے اتارنے کی جگہ مسجد سے باہر ہوتی ہے، اس لیے معتکفین شرعی اور طبعی ضرورت کے بغیر وہاں نہ جائیں۔(۱)

جھگڑا

''لڑائی'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۳۵۲)

---

(۱)(ولا يخرج منه)أى من معتكفه،...(إلا لحاجة شرعية)... (أو)حاجة(طبيعية) كالبول والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام "لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان"... (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم عليه به. (مراقى الفلاح: (ص:۹ ۱۷) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان)

▭ الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۲)كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئٹه .

▭ الدرالمختار:(۲/ ۴۴۷) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراجي.

▭ البحر الرائق:(۲/ ۳۰۱، ۳۰۲)كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:سعيد كراجي.

چ

چادر

☆......اگر مسجد میں اعتکاف کرنے والوں کے لیے خاص طور پر چادریں رکھی ہوئی ہیں، تو اعتکاف کرنے والوں کے لیے ان چادروں کو استعمال کرنا، اور ان سے خیمہ بنانا جائز ہے۔ اور اگر وہ چادریں اعتکاف کرنے والوں کے لیے نہیں ہیں، تو اعتکاف کرنے والوں کے لیے ان چادروں کو استعمال کرنا اور ان سے خیمہ بنانا جائز نہیں ہے۔ ایسی صورت میں اپنی ذاتی چادریں استعمال کریں۔(۱)

☆......اعتکاف کے مقام کو چادر یا کپڑے وغیرہ سے گھیر کر حجرہ کے مانند بنالینا سنت ہے۔(۲)

☆......معتکف کے لیے مسجد میں اپنے ساتھ ذاتی چادر رکھنا جائز ہے، یہ سنت کے خلاف نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) وفی "الإسعافِ": وَلَيسَ لِمُتَوَلّي المَسجِدِ أن يَحمِلَ سِرَاجَ المَسجِدِ إلَى بَيتِهِ وَلَا بَأسَ بِأن يَترُكَ سِرَاجَ المَسجِدِ فيه من المَغرِبِ إلَى وَقتِ العِشَاءِ وَلَا يَجُوزُ أن يَترُكَ فيه كُلَّ اللَّيلِ إلّا في مَوضِعٍ جَرَت العَادَةُ فيه بِذَلِكَ كَمَسجِدِ بَيتِ المَقدِسِ وَمَسجِدِ النبي وَالمَسجِدِ الحَرَامِ أو شَرَطَ الوَاقِفُ تَركَهُ فيه كُلَّ اللَّيلِ كما جَرَت العَادَةُ بِهِ في زَمَانِنَا . (البحر الرائق: ۵/۲۵۰، كتاب الوقف، فصل فی احكام المساجد، ط: سعيد كراچی)

🗀 الفتاوی الهندية: ۱/۱۱۰، كتاب الصلوة، الباب السابع فيما يفسد الصلوة وما يكره فيها، فصل: أحكام المسجد، ط: رشيدية كوئٹه.

🗀 الفتاوی الخانية علی هامش الهندية: ۳/۲۹۴، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجدا... الخ، ط: رشيدية كوئٹه.

(۲) تفصیلاً "جگہ کو گھیر لینا" عنوان کے تحت تخریج دیکھیں۔

(۳) (وأمّا آدابه: فمنها أن يستصحب ثوبا غير الذی عليه لأنه ربما احتاج. (كتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۱/۲۹۸، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه، ط: دار الحديث القاهرة)

چادر سے گھیرنے کا فائدہ

مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے، ہر خاص و عام کی عبادت کے لئے عام اور کھلی جگہ ہے، اس میں لوگوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہے، لوگوں کی نگاہیں اعتکاف کرنے والوں پر پڑیں گی، وہ دیکھنا چاہیں گے کہ معتکفین یہاں کیا کرتے ہیں، ان کا مشغلہ کیا ہے، ان کی مصروفیات کیا ہیں، وغیرہ، اس سے عام طور پر معتکف کے ذہن میں انتشار اور الجھن پیدا ہوتی ہے۔ یکسوئی میں خلل پیدا ہوتا ہے، ادھر معتکف چاہے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے خلوص اور اعتقاد کے ساتھ مناجات اور دعا کرے، اس سے آہ و زاری کرے، اور وہ یہ بھی چاہے گا کہ میرے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی حائل اور رکاوٹ نہ ہو، تنہائی، یکسوئی اور وحدت چاہے گا، یہ تمام چیزیں معتکف کو مسجد میں کیسے نصیب ہوں اس کے لئے اعتکاف کی جگہ کو چادر وغیرہ سے گھیر کر حجرہ کی طرح بنالیا جاتا ہے تا کہ اسے تنہائی، یکسوئی اور وحدت نصیب ہو، اور سکون اور اطمینان سے وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مستغرق رہے، اور جس طرح چاہے اللہ تعالیٰ سے راز و نیاز کی باتیں کرے، اور آہ و زاری کرے یا اس کی شکل بنا کر اللہ تعالیٰ کو خوش کرے۔

چادروں کا اہتمام کرنا

☆......اعتکاف کرنے والے کے لیے مسجد کے گوشہ میں چادر وغیرہ کا حجرہ بنالینا مستحب ہے۔ یہ ستر وغیرہ کی حفاظت اور عبادت و تلاوت میں اطمینان و سکون کا

الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۷، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف ط: مير محمد كتب خانه كراچي / ص: ۵۸۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

باعث ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی مصلحتیں ہیں۔ (۱)

☆......حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چٹائی کا حجرہ بنانا ثابت ہے، بدعت نہیں ہے۔ البتہ معتکف ان باتوں کا خیال رکھے کہ ضرورت سے زیادہ جگہ نہ روکے، نمازیوں کی تکلیف کا سبب نہ بنے، صفوں کی درستگی میں مخل نہ ہو۔ (۲)

چارپائی

''پلنگ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۶۵)

چاشت کی نماز

☆......نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے چاشت کے وقت بارہ رکعتیں پڑھیں، تو اللہ تعالی اس کے بدلہ میں جنت کے اندر ایک سونے

(۱، ۲) حَدَّثَنَا أَبُو النُّعمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيدٍ حَدَّثَنَا يَحيَى عَن عَمرَةَ عَن عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَت: "كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَعتَكِفُ فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ مِن رَمَضَانَ فَكُنتُ أَضرِبُ لَهُ خِبَاءً فَيُصَلِّي الصُّبحَ ثُمَّ يَدخُلُهُ فَاستَأذَنَت حَفصَةُ عَائِشَةَ أَن تَضرِبَ خِبَاءً فَأَذِنَت لَهَا فَضَرَبَت خِبَاءً فَلَمَّا رَأَتهُ زَينَبُ ابنَةُ جَحشٍ ضَرَبَت خِبَاءً آخَرَ فَلَمَّا أَصبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ رَأَى الأَخبِيَةَ فَقَالَ مَا هَذَا فَأُخبِرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ آلبِرَّ تُرَونَ بِهِنَّ فَتَرَكَ الاعتِكَافَ ذَلِكَ الشَّهرَ ثُمَّ اعتَكَفَ عَشرًا مِن شَوَّالٍ". (صحيح البخاري: (۱/ ۲۷۲) كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف النساء، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

🗀 حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ الأَعلَى الصَّنعَانِيُّ حَدَّثَنَا المُعتَمِرُ بنُ سُلَيمَانَ حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بنُ غَزِيَّةَ قَالَ سَمِعتُ مُحَمَّدَ بنَ إِبرَاهِيمَ عَن أَبِي سَلَمَةَ عَن أَبِي سَعِيدٍ الخُدرِيِّ "أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اعتَكَفَ فِي قُبَّةٍ تُركِيَّةٍ عَلَى سُدَّتِهَا قِطعَةُ حَصِيرٍ قَالَ فَأَخَذَ الحَصِيرَ بِيَدِهِ فَنَحَّاهَا فِي نَاحِيَةِ القُبَّةِ ثُمَّ أَطلَعَ رَأسَهُ فَكَلَّمَ النَّاسَ". (سنن ابن ماجه: (ص: ۱۲۷) ابواب ماجاء في الصيام، باب في ليلة القدر، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

🗀 صحيح مسلم: (۱/ ۳۷۰) كتاب الصيام، باب فَضلِ لَيلَةِ القَدرِ وَالحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا وَبَيَانِ مَحَلِّهَا وَأَرجَى أَوقَاتِ طَلَبِهَا، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

کامحل تیار کرتے ہیں۔ (۱)

☆...... چاشت کی نماز مستحب ہے، پڑھنے سے ثواب ملتا ہے اور نہ پڑھنے کی صورت میں ثواب سے محروم ہو جاتا ہے، اور چار رکعات سے بارہ رکعت تک منقول ہیں چاہے چار رکعت پڑھے چاہے اس سے زیادہ پڑھے دونوں صحیح ہیں۔ (۲)

☆...... چاشت کی نماز کا وقت سورج اچھی طرح نکل آنے کے بعد سے زوال سے پہلے تک رہتا ہے۔ (۳)

☆...... چاشت کی نماز کے لئے صرف نفل نماز کی نیت کر لینا کافی ہے اور اگر لمبی نیت کرنا چاہے تو اس طرح نیت کر سکتا ہے۔

---

(۱) انه صلى الله عليه وسلم قال " من صلى الضحىٰ ثنتى عشرة ركعة بنى الله له قصراً من ذهب فى الجنة . (مشكوة،ص: ۱۱۶، حلبى كبير،ص: ۳۹۰، فصل فى النوافل فروع لو ترك ، ط: سهيل اكيڈمى لاهور)

🗀 هندية: ۱۱۲/۱، الباب التاسع فى النوافل، ط: رشيدية كوئٹه.

(۲) (و) ندب (اربع فصاعدا فى الضحىٰ) على الصحيح...... وفى المنية اقلها ركعتان واكثرها اثنى عشر واوسطها ثمان وهو افضلها. (شامى: ۲۲/۲، باب الوتر والنوافل، مطلب سنة الضحىٰ ، ط: سعيد كراچى)

🗀 حلبى كبير،ص: ۳۹۰، فصل فى النوافل، فروع لو ترك، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

🗀 هندية: ۱۱۲/۱، الباب التاسع فى النوافل، ط: رشيدية كوئٹه.

(۳) ووقت صلوة الضحىٰ من ارتفاع الشمس الى ما قبل الزوال ، قال صاحب الحاوى ووقتها المختار اذا مضى ربع النهار الخ. (حلبى كبير،ص: ۳۹۰، فصل فى النوافل، فروع لو ترك، ط: سهيل اكيڈمى لاهور)

🗀 الدر مع الرد: ۲۲/۲، باب الوتر والنوافل، مطلب سنة الضحى، ط: سعيد.

🗀 هندية: ۱۱۲/۱، الباب التاسع، فى النوافل، ط: رشيدية كوئٹه.

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ صَلٰوةَ الضُّحٰى سُنَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (۱)

☆......چاشت کی نماز کے لئے صرف نفل نماز کی نیت کر لینا کافی ہے، خاص وقت یا خاص نماز کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے۔ (۲)

چال کیسی ہونی چاہیے؟

''چلنے کا انداز'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۰۵)

چپ بیٹھنا

اعتکاف کی حالت میں بالکل چپ بیٹھنا بھی مکروہ تحریمی ہے، ہاں بری باتیں زبان سے نہ نکالے، جھوٹ نہ بولے، غیبت نہ کرے، بلکہ قرآن شریف کی تلاوت یا کسی دینی علم کے پڑھنے پڑھانے یا کسی اور عبادت میں اپنے اوقات صرف کرے، خلاصہ یہ کہ چپ بیٹھنا کوئی عبادت نہیں۔ مزید ''ممنوعات'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (۳)

---

(۱) والاحتياط في التراويح أن ينوى التراويح أوسنة الوقت أوقيام الليل كذا في منية المصلي والاحتياط في السنن ان ينوى الصلاة متابعا لرسول الله صلى الله عليه وسلم كذا في الذخيرة. (هندية: ۱/۶۵، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الرابع في النية، ط: رشيدية)

(۲) ويكفيه مطلق النية للنفل والسنة والتراويح، هو الصحيح . (هندية: ۱/۶۵، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الرابع في النية، ط: رشيدية كوئٹه)

🗀 بدائع الصنائع: ۱/۱۲۸، فصل في شرائط الاركان،، منها النية، ط؛ سعيد كراچي.

🗀 البحرالرائق: ۱/۲۷۸، باب شروط الصلاة، ط: سعيد كراچي، و: (۱/۳۸۴) ط: عباس احمد الباز مكة المكرمة.

(۳) (وَكُرِهَ إحضار المبيع والصمت والتكلم إِلَّا بِخَيرٍ)...وَأَمَّا الثَّاني وهو الصَّمتُ فَالمُرَادُ بِهِ تَركُ التَّحَدُّثِ مع الناس من غَيرِ عُذرٍ وقد وَرَدَ النَّهيُ عنه. وَقَالُوا إِنَّ صَومَ الصَّمتِ من فِعلِ المَجُوسِ لَعَنَهُم اللّٰهُ تَعَالَى؛ وَخَصَّهُ الإمَامُ حَمِيدُ الدِّينِ الضَّرِيرُ بِمَا إذَا اعتَقَدَهُ قُربَةً أَمَّا إذَا لم يَعتَقِدهُ قُربَةً فَلا يُكرَهُ لِلحَدِيثِ من صَمَتَ نَجَا. =

چلنے کا انداز

☆...... معتکف جب حاجت شرعیہ اور حاجت طبعیہ کے لیے جائے تو اپنی عادت کے مطابق چال سے چلے، جلدی چلنا ضروری نہیں، بلکہ ذرا ہلکی آہستہ چال چلنا اس کے لیے بہتر ہے، تاکہ چلتے ہوئے سلام کرنے اور جواب دینے میں آسانی ہو۔(۱)

☆...... بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ جس کو اس کا معتکف ہونا معلوم نہیں وہ اسے روکنا چاہتا ہے، یا خود اس کو جواب دینا ہوتا ہے، تو ایسی صورت میں ٹھہرے بغیر یہ سب کام ہو سکتے ہیں۔ تیز چال میں ٹھہر جانے یا کسی کے روک لینے کا اندیشہ ہے، اور ایک منٹ بھی ٹھہر جائے تو اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے، اس لیے ہلکی چال بہتر ہے ورنہ یوں ہر چال چلنا جائز ہے۔(۲)

= وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أَنَّهُ لَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِخَيرٍ فَلِقَولِهِ تَعَالَى: "وَقُل لِعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحسَنُ". [الإسراء:۵۳] وهو بِعُمُومِهِ يَقتَضِي أَن لَا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ المَسجِدِ إِلَّا بِخَيرٍ فَالمَسجِدُ أَولَى كَذَا فِي "غَايَةِ البَيَانِ". وفي "التَّبيِينِ": وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ خَيرٍ فَإِنَّهُ يُكرَهُ لِغَيرِ المُعتَكِفِ فما ظَنُّكَ لِلمُعتَكِفِ اهـ...... . (البحر الرائق: ۳۰۴/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

الدر مع الرد: ۴۴۹/۲، ۴۵۰، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: سعيد كراچی.

الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، ۲۱۳، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما آدابه، وأما محظوراته، ط: رشيدية كوئٹه.

(۱) وَإِن كَانَ خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ له أَن يَمشِيَ على التُّؤَدَةِ كَذَا في النِّهَايَةِ وَهٰكَذَا في العِنَايَةِ.

(الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

بدائع الصنائع: ۱۱۵/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچی.

المبسوط للسرخسي: ۱۳۲/۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان.

(۲) وَمِنَ الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فَإِذَا خَرَجَ لِبَولٍ أَو غَائِطٍ لَا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إِلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كَانَ =

چوری کرنا

☆...... چوری کرنا بہت بڑا گناہ ہے اس سے انسان کا ایمان نکل کر اوپر سائبان کی طرح معلق ہو جاتا ہے، اور کسی چیز کو اس کے مالک کی اجازت کے بغیر لینا اور کھانا ناجائز اور حرام ہے۔ آخرت میں ایسے آدمی پر سخت عذاب ہوگا۔(۱)

☆......اگر کسی معتکف نے کسی کی کوئی چیز چرالی، یا مالک کی اجازت کے بغیر

= سَاعَةً عِنْدَ أبی حَنِیفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا فی المُحِيطِ ...وَلَو خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ فَحَبَسَهُ الغَرِيمُ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ عِندَ أبِی حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى وَعِندَهُمَا لَا يَفسُدُ قَالَ الإمَامُ السَّرَخسِیُّ قَولُهُمَا أيسَرُ عَلَى المُسلِمِينَ هٰكَذَا فِی الخُلَاصَةِ .(الفتاوی الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئٹه)

الفتاوی الخانية علی هامش الهندية: ۲۲۱/۱، ۲۲۲، كتاب الصوم، فصل فی الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه.

الدر مع الرد: ۴۴۵/۲، ۴۴۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

(۱) حَدَّثَنَا أحمَدُ بنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بنُ حُمَيدٍ عَنِ الأعمَشِ عَن أبِی صَالِحٍ عَن أبِی هُرَيرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَزنِی الزَّانِی حِينَ يَزنِی وَهُوَ مُؤمِنٌ وَلَا يَسرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسرِقُ وَهُوَ مُؤمِنٌ وَلٰكِنَّ التَّوبَةَ مَعرُوضَةٌ". وَفِی البَابِ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَعَبدِ اللّٰهِ بنِ أبِی أوفَى قَالَ أبُو عِيسَى حَدِيثُ أبِی هُرَيرَةَ حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ مِن هٰذَا الوَجهِ وَقَد رُوِیَ عَن أبِی هُرَيرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ إذَا زَنَى العَبدُ خَرَجَ مِنهُ الإيمَانُ فَكَانَ فَوقَ رَأسِهِ كَالظُّلَّةِ فَإذَا خَرَجَ مِن ذٰلِكَ العَمَلِ عَادَ إلَيهِ الإيمَانُ وَقَد رُوِیَ عَن أبِی جَعفَرٍ مُحَمَّدِ بنِ عَلِیٍّ أنَّهُ قَالَ فِی هٰذَا خَرَجَ مِنَ الإيمَانِ إلَى الإسلَامِ وَقَد رُوِیَ مِن غَيرِ وَجهٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ أنَّهُ قَالَ فِی الزِّنَا وَالسَّرِقَةِ مَن أصَابَ مِن ذٰلِكَ شَيئًا فَأُقِيمَ عَلَيهِ الحَدُّ فَهُوَ كَفَّارَةُ ذَنبِهِ وَمَن أصَابَ مِن ذٰلِكَ شَيئًا فَسَتَرَ اللّٰهُ عَلَيهِ فَهُوَ إلَى اللّٰهِ إن شَاءَ عَذَّبَهُ يَومَ القِيَامَةِ وَإن شَاءَ غَفَرَ لَهُ رَوَى ذٰلِكَ عَلِیُّ بنُ أبِی طَالِبٍ وَعُبَادَةُ بنُ الصَّامِتِ وَخُزَيمَةُ بنُ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ.(سنن الترمذی: ۹۰/۲، ابواب الإيمَانِ عَن رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ، بَابُ مَا جَاءَ لَا يَزنِی الزَّانِی وَهُوَ مُؤمِنٌ، ط:سعيد كراچی)

مشكوٰة المصابيح: ۱۸/۱، كتاب الايمان، باب الكبائر وعلامات النفاق، الفصل الثانی ط:قديمی كراچی.

کوئی چیز لے کر کھا پی لی، تو سخت گناہ گار ہوگا۔(۱) البتہ اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

چھت

مسجد کی چھت، مسجد کے حکم میں آتی ہے، اس لیے معتکف مسجد کی چھت پر آجا سکتا ہے،(۳) بشرطیکہ چھت کا زینہ مسجد کے اندر ہو، اگر زینہ مسجد کے باہر ہو تو پھر

(۱) لا یحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه. (کنز العمال فی سنن الأقوال: ۹۲/۱، رقم الحدیث: ۳۹۷، الکتاب الأول من حرف الهمزة، الباب الأول، الفصل الرابع فی أحکام الإیمان و الإسلام، الفرع الثانی فی أحکام الإیمان المتفرقة، ط: مؤسسة الرسالة بیروت)

سنن الدارقطنی: ۲۶/۳، رقم الحدیث: ۹۲، کتاب البیوع، ط: الناشر: دار المعرفة بیروت.

مسند احمد: ۸۸/۵، رقم الحدیث: ۲۰۷۲۲، ط:]. [المبسوط للسرخسی: ۵۳/۱۱، کتاب الغصب، ط: دار الکتب العلمیة بیروت لبنان.

انظر الحاشیة السابقة آنفًا أیضًا.

(۲) وإذا سَكِرَ الْمُعتَكِفُ لَيلًا لم يُفسِد اعتِكَافَهُ لِأَنَّهُ تَنَاوَلَ مَحظُورَ الدِّينِ لَا مَحظُورَ الِاعتِكَافِ كما لو أَكَلَ مَالَ الغَيرِ كَذَا فی فَتَاوَی قَاضِی خَان. (الفتاوی الهندیة: ۲۱۳/۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأمامحظوراته، ط: رشیدیة کوئٹه)

الفتاوی الخانیة علی هامش الهندیة: ۲۲۵/۱، کتاب الصوم، فصل فی الاعتکاف، ط: رشیدیة کوئٹه.

التاتارخانیة: ۳۱۴/۲، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قدیمی کتب خانه کراچی.

(۳) (قَولُهُ وَالوَطءُ فَوقَهُ وَالبَولُ وَالتَّخَلِّی) أی وَكُرِهَ الوَطءُ فَوقَ المَسجِدِ وَكَذَا البَولُ وَالتَّغَوُّطُ لِأَنَّ سَطحَ المَسجِدِ لَهُ حُكمُ المَسجِدِ حَتَّى يَصِحُّ الِاقتِدَاءُ مِنهُ بِمَن تَحتَهُ وَلَا يَبطُلُ الِاعتِكَافُ بِالصُّعُودِ إِلَيهِ. (البحر الرائق: ۳۴/۲، کتاب الصلاة، فصل لمّافرغ من بیان الکراهة فی الصلاة شرع فی بیانها خارجها مما هو من توابعها، ط: سعید کراچی)

تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق للزیلعی: ۴۱۹/۱، کتاب الصلوة، فَصلٌ: كُرِهَ استِقبَالُ القِبلَةِ بِالفَرجِ فِی الخَلَاءِ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت.

(قَالَ): (وَصُعُودُ المُعتَكِفِ عَلَى المِئذَنَةِ لَا يُفسِدُ اعتِكَافَهُ) أَمَّا إِذَا كَانَ بَابُ المِئذَنَةِ فِی =

زینہ پر جانا جائز نہیں، البتہ اعتکاف میں بیٹھتے وقت یہ نیت کر لے کہ اس زینہ کے ذریعہ مسجد کی چھت پر جاؤں گا تو پھر معتکف کو اس زینے کے ذریعے مسجد کی چھت پر جانا جائز ہے، (۱) پھر اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، البتہ بلاضرورت چھت پر نہیں جانا چاہیے۔(۲)

= المَسجِدِ فَهُوَ وَالصُّعُودُ عَلَى سَطحِ المَسجِدِ سَوَاءٌ وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ فَكَذَلِكَ مِن أَصحَابِنَا مَن يَقُولُ: هَذَا قَولُهُمَا فَأَمَّا عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنهُ فَيَنبَغِي أَن يَفسُدَ اعتِكَافُهُ لِلخُرُوجِ مِنَ المَسجِدِ مِن غَيرِ ضَرُورَةٍ وَالأَصَحُّ أَنَّهُ قَولُهُم جَمِيعًا وَاستَحسَنَ أَبُو حَنِيفَةَ هَذَا ؛ لِأَنَّهُ مِن جُملَةِ حَاجَتِهِ فَإِنَّ مَسجِدَهُ إِنَّمَا كَانَ مُعتَكِفًا لِإِقَامَةِ الصَّلَاةِ فِيهِ بِالجَمَاعَةِ وَذَلِكَ إِنَّمَا يَتَأَتَّى بِالأَذَانِ وَهُوَ بِهَذَا الخُرُوجِ غَيرُ مُعرِضٍ عَن تَعظِيمِ البُقعَةِ أَصلًا بَل هُوَ سَاعٍ فِيمَا يَزِيدُ فِي تَعظِيمِ البُقعَةِ فَلِهَذَا لَا يَفسُدُ اعتِكَافُهُ. (المبسوط للسرخسی:۱۲۰/۳، کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط : دار الكتب العلميةبيروت لبنان)

▭ بدائع الصنائع: ۱۴۵/۱، ۱۴۶، کتاب الصلوة، فصلٌ : شَرَائِطُ أَركَانِ الصَّلَاةِ،ط:سعید کراچی

(۱) (وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَالِالتِزَامِ أَن يَخرُجَ إِلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَهُ ذَلِكَ كَذَا فِي التَّاتَارخَانِيَّةِ نَاقِلًا عَنِ الحُجَّةِ. (الفتاوى الهنديه : ۲۱۲/۱، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف،وأمامفسداته،ط:رشيديه كوئٹه)

▭ التاتارخانيه: ۳۱۲/۲ ، كتاب الصوم،الفصل الثانی عشرفی الاعتکاف،ط:قدیمی کتب خانه کراچی.

▭ حاشية الطحطاوی علی المراقی:ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:میرمحمدکتب خانه کراچی، و: (ص: ۵۷۹) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط:مکتبه انصارية هرات افغانستان.

▭ الدرمع الرد: ۴۴۸/۲،کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط،سعيد كراچی.

(۲) (قَولُهُ الوَطءُ فَوقَهُ) ...ثُمَّ رَأَيتُ القُهُستَانِيَّ نَقَلَ عَنِ المُفِيدِ كَرَاهَةَ الصُّعُودِ عَلَى سَطحِ المَسجِدِ. (ردالمحتار) :(۶۵۶/۱) كِتَابُ الصَّلَاةِ ، بَابُ مَا يُفسِدُ الصَّلَاةَ وَمَا يُكرَهُ فِيهَا،مطلب فی أحكام المسجد ، ط: سعيد كراچی)

▭ الصُّعُودُ عَلَى سَطحِ كُلِّ مَسجِدٍ مَكرُوهٌ . (الفتاوى الهندية : ۳۲۲/۵،كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ،البَابُ الخَامِسُ فِي آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ وَالمُصحَفِ وَمَا كُتِبَ فِيهِ شَيءٌ مِنَ القُرآنِ،ط:رشيدية كوئٹه)

چہل قدمی

مسجد کے اندر ٹہلنا، چہل قدمی کرنا جائز نہیں ہے، مسجد اس کام کے لیے نہیں بنائی گئی، البتہ اگر معتکف بیمار ہے چہل قدمی ضروری ہے تو بقدر ضرورت اجازت ہوگی، مگر ٹہلنے کا انداز مسجد کے احترام کے خلاف نہ ہو۔ (۱)

---

(۱) وَقَالُوا وَلَا يَجُوزُ أَن تُعمَلَ فيه الصَّنَائِعُ لِأَنَّهُ مُخلَصٌ لِلّٰهِ تَعَالَى فَلَا يَكُونُ مَحَلًّا لِغَيرِ العِبَادَةِ غير أَنَّهُم قالوا في الخَيَّاطِ إِذَا جَلَسَ فيه لِمَصلَحَتِهِ من دَفعِ الصِّبيَانِ وَصِيَانَةِ المَسجِدِ لَا بَأسَ بِهِ لِلضَّرُورَةِ وَلَا يَدُقُّ الثَّوبَ عِندَ طَيِّهِ دَقًّا عَنِيفًا... وفي الخُلَاصَةِ رَجُلٌ يَمُرُّ في المَسجِدِ وَيَتَّخِذُهُ طَرِيقًا إن كان لِغَيرِ عُذرٍ لَا يَجُوزُ وَبِعُذرٍ يَجُوزُ ثُمَّ إِذَا جَازَ يُصَلِّي كُلَّ يَومٍ تَحِيَّةَ المَسجِدِ مَرَّةً اهـ. (البحر الرائق: ۳۵/۲، كتاب الصلاة، فصل لمّا فرغ من بيان الكراهة في الصلاة شرع في بيانها خارجها مما هو من توابعها، ط: سعيد كراجي)

امداد الفتاوی: ۶۷۱/۲، ۶۷۲، کتاب الوقف، احکام المسجد، تفرج و مشی در مسجد، سوال: ۸۰۷، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

احسن الفتاوی: ۵۱۱/۴، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، معتکف کا مسجد میں ٹہلنا، ط: سعید کراچی۔

ح

حاجت روائی

☆......کسی مسلمان کی جائز حاجت پوری کرنا دس برس کے اعتکاف سے افضل ہے۔(۱)

☆......اسی وجہ سے صوفیہ کرام کا مقولہ ہے: ''اللہ جل شانہ کے یہاں ٹوٹے دل کی جتنی قدر ہے اتنی کسی چیز کی نہیں۔'' یہی وجہ ہے کہ مظلوم کی بددعا سے احادیث میں بہت ڈرایا گیا ہے۔ حضور ﷺ جب کسی شخص کو حاکم بنا کر بھیجتے تو اور نصیحتوں کے ساتھ: ''اتق دعوة المظلوم'' بھی ارشاد فرماتے کہ مظلوم کی بددعا سے بچو:

؎ بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن　　اجابت از در حق بہر استقبال می آید

☆...... مزید ''ایک دن کے اعتکاف کی فضیلت'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!

---

(۱) وعن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما أنّه كان معتكفا في مسجد رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، فأتاه رجل فسلم عليه ثم جلس فقال له ابن عباس يا فلان أراک مكتئبا حزينا ؟ قال : نعم يابن عم رسول اللّٰه ، لفلان علي حق ولاءٍ وحرمة صاحب هذا القبر ماأقدر عليه ، قال ابن عباس أفلا أكلمه فيک ، فقال إن أحببت ؟ قال : فانتعل ابن عبّاس ثم خرج من المسجد . فقال له الرجل : أنسيت ما كنت فيه ؟ قال : لا ، ولكني سمعت صاحب هذا القبر صلى اللّٰه عليه وسلم ، والعهد به قريب فدمعت عيناه هو يقول: من مشى في حاجة أخيه وبلغ فيها كان خيرًا له من اعتكاف عشر سنين ، ومن اعتكف يوما ابتغاء وجه اللّٰه تعالىٰ جعل اللّٰه بينه و بين النار ثلاث خنادق أبعد مما بين الخافقين رواه الطبراني في الأوسط والبيهقي واللفظ له ، والحاكم مختصر ، وقال صحيح الإسناد ، كذا قال . (الترغيب والترهيب : (٢/٢٧٢،٢٧٣) الترغيب في الإعتكاف ، ط: شركة مكتبه ومطبعه البابي الحلبي وأولاده بمصر)

حاجت شرعیہ

☆...... حاجت شرعیہ کی تعریف: جن چیزوں کی ادائیگی شرعاً فرض اور واجب ہو، اور اعتکاف کی جگہ میں معتکف ان چیزوں کو ادا نہ کر سکے، ان کو حاجت شرعیہ کہتے ہیں۔ مثلاً: جمعہ اور عیدین کی نماز، اور اذان بھی حاجت شرعیہ میں سے ہے۔ لہٰذا اذان دینے کے لیے مسجد سے باہر نکلنا جائز ہے۔

☆...... معتکف کی مسجد میں اگر جمعہ کی نماز نہیں ہوتی ہے تو اس کو جامع مسجد اتنی دیر پہلے جانا چاہیے کہ خطبہ شروع ہونے سے پہلے وہاں دو رکعت نفل تحیۃ المسجد اور چار سنتیں اطمینان سے پڑھ لے، اس کا اندازہ گھڑی دیکھ کر کر سکتا ہے، پھر جمعہ کے فرضوں کے بعد چھ رکعت سنتیں اور نفل پڑھ کر اپنی اعتکاف والی مسجد میں آجانا چاہیے۔

☆...... جمعہ کی سنتوں سے فارغ ہونے کے بعد جامع مسجد میں اگر کچھ زیادہ ٹھہر جائے تو جائز ہے، لیکن مکروہ تنزیہی ہے۔ کیوں کہ جس مسجد میں اعتکاف کا التزام کیا ہے اس کی ایک طرح کی مخالفت ہے۔

☆...... معتکف، جامع مسجد میں جمعہ ادا کرنے کے لیے جائے اور وہیں ایک رات دن یا اس سے کم وبیش ٹھہرا رہے، یا بقیہ اعتکاف وہیں پورا کرنے لگے، تب بھی جائز ہے، یعنی اعتکاف نہیں ٹوٹے گا، لیکن ایسا کرنا مکروہ ہے۔ (۱)

---

(۱) (وَحَرُمَ عَلَيهِ) ... أي عَلَى المُعتَكِفِ اعتِكَافًا وَاجِبًا أمَّا النَّفلُ فَلَهُ الخُرُوجُ لِأنَّهُ مِنهُ لا مُبطِلٌ كَمَا مَرَّ (الخُرُوجُ إلَّا لِحَاجَةِ الإنسَانِ) طَبِيعِيَّةٍ كَبَولٍ وَغَائِطٍ وَغُسلٍ لَو احتَلَمَ وَلَا يُمكِنُهُ الاغتِسَالُ فِي المَسجِدِ كَذَا فِي النَّهرِ (أو) شَرعِيَّةٍ كَعِيدٍ وَأذَانٍ لَو مُؤَذِّنًا وَبَابُ المَنَارَةِ خَارِجَ المَسجِدِ وَ(الجُمُعَةِ وَقتَ الزَّوَالِ وَمَن بَعُدَ مَنزِلُهُ) أي مُعتَكَفُهُ (خَرَجَ فِي وَقتٍ يُدرِكُهَا) مَعَ سُنَّتِهَا يُحَكِّمُ فِي ذَلِكَ رَأيَهُ وَيُستَنُّ بَعدَهَا أربَعًا أو سِتًّا عَلَى الخِلَافِ وَلَو مَكَثَ أكثَرَ لَم يَفسُد لِأنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ وَكُرِهَ تَنزِيهًا لِمُخَالَفَةِ مَا التَزَمَهُ بِلَا ضَرُورَةٍ. (الدر المختار: ۲/۴۴۴، ۴۴۵، ۴۴۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی) =

☆...... معتکف کو اپنی مسجد میں کسی وجہ سے جماعت نہ مل سکی، مثلاً: پیشاب یا پاخانہ کرنے چلا گیا تھا، مسجد میں آیا تو معلوم ہوا کہ جماعت ختم ہوگئی ہے، تو اب دوسری مسجد میں جماعت کی خاطر باہر چلے جانا جائز نہیں۔

☆...... اگر معتکف کسی طبعی ضرورت سے یعنی پیشاب و پاخانہ کے لیے باہر چلا جائے اور اس کو یہ اندازہ ہو جائے کہ مجھے اپنی اعتکاف والی مسجد میں جماعت نہیں ملے گی، اور راستے میں کوئی مسجد ہے جس میں جماعت ہو رہی ہے یا تیار ہے تو ایسی صورت میں راستہ کی مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اور فارغ ہوتے ہی چلے آنا جائز ہے۔(۱)

☆...... عیدین کے دن اعتکاف کرنا گناہ ہے، لیکن اگر کوئی شخص اعتکاف کر ہی لے تو اس کو عید کی نماز کے لیے جمعہ کی نماز کی طرح چلے جانا چاہیے، اور عید کی نماز سے فارغ ہو کر فوراً اعتکاف والی مسجد میں آجانا چاہیے۔ عید کی نماز کے لیے جانا حاجتِ شرعیہ میں داخل ہے۔(۲)

= البحر الرائق : ۲/ ۳۰۱، ۳۰۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

الجوهرة النيرة : ۱/ ۱۷۶، ۱۷۷، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط : قدیمی کتب خانہ کراچی.

کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: (۱/ ۴۹۵) کتاب الصیام، کتاب الاعتکاف، مفسدات الاعتکاف، ط: دار الحديث القاهرة .

"جمعہ کے لیے جانا" عنوان تحت تفصیلاً تخریج دیکھیں۔

(۱) "جماعت کے لیے دوسری مسجد میں جانا" عنوان تحت تفصیلاً تخریج دیکھیں۔

(۲) (أَو) شَرعِيَّةٍ كَعِيدٍ وَأَذَانٍ لَو مُؤَذِّنًا وَبَابُ المَنَارَةِ خَارِجَ المَسجِدِ وَ (الجُمُعَةِ وَقتَ الزَّوَالِ وَمَن بَعُدَ مَنزِلُهُ) أَي مُعتَكَفُهُ (خَرَجَ فِي وَقتٍ يُدرِكُهَا) مَعَ سُنَّتِهَا يُحَكِّمُ فِي ذَلِكَ رَأيَهُ وَيُسَنُّ بَعدَهَا أَربَعًا أَو سِتًّا عَلَى الخِلَافِ وَلَو مَكَثَ أَكثَرَ لَم يَفسُد لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ وَكُرِهَ تَنزِيهًا لِمُخَالَفَةِ مَا التَزَمَهُ بِلَا ضَرُورَةٍ . وفي " الشامية ": (قَولُهُ: وَعِيدٍ) أَفَادَ صِحَّةَ النَّذرِ بِالاعتِكَافِ فِي الأَيَّامِ الخَمسَةِ المَنهِيَّةِ وَفِيهِ الاختِلَافُ السَّابِقُ فِي نَذرِ صَومِهَا لِأَنَّ الصَّومَ مِن لَوَازِمِ الاعتِكَافِ الوَاجِبِ فَعَلَى رِوَايَةِ مُحَمَّدٍ عَنِ الإِمَامِ يَصِحُّ لَكِن يُقَالُ لَهُ اقضِ فِي وَقتٍ آخَرَ وَيُكَفِّرُ اليَمِينَ إن أَرَادَ وَإِن =

حاجت ضروریہ

☆......**حاجت ضروریہ کی تعریف:** معتکف کو اچانک کوئی ایسی شدید ضرورت پیش آجائے جس کی وجہ سے اسے اعتکاف والی مسجد سے نکلنا پڑے تو ایسی باتوں کو ''حاجت ضروریہ'' کہتے ہیں۔ مثلاً: مسجد گرنے لگے اور معتکف کو دب جانے کا خطرہ ہوجائے، یا ظالم حاکم گرفتار کرنے آجائے یا ایسی شہادت دینا ضروری ہوگیا جو شرعاً معتکف کے ذمے واجب ہے، کہ مدعی کا حق اس کی شہادت پر موقوف ہے، دوسرا کوئی نہیں ہے، اگر معتکف گواہ گواہی نہ دے تو مدعی کا حق فوت ہوجائے گا، یا کوئی آدمی یا بچہ پانی میں ڈوب رہا ہے، یا آگ میں گر پڑا ہے یا خطرہ ہے یا سخت بیمار ہوگیا ہے، یا گھر والوں میں سے کسی کی جان، مال، آبرو کا خطرہ ہے، یا سخت بیمار ہوگیا، یا جنازہ آگیا اور جنازہ کی نماز پڑھانے والا کوئی نہیں، یا جہاد کا حکم ہوگیا، اور جہاد میں شریک ہونا فرض عیـ ـگیـ، یا کسی نے زبردستی ہاتھ پکڑ کر کھڑا کردیا، یا جماعت کے نمازی سب چلے گئے، اب مسجد میں جماعت کا انتظام نہ رہا اس قسم کی سب حاجتیں حاجات ضروریہ کہلاتی ہیں، اکثر صورتوں میں اعتکاف ترک کرنا فرض اور واجب ہوجاتا ہے۔ اور اعتکاف چھوڑنے کا گناہ بھی نہیں ہوتا۔ (۱)۔ البتہ مسجد سے نکلنے سے اعتکاف فاسد

= اعتَكَفَ فِيهَا صَحَّ وَعَلَى رِوَايَةِ أَبِي يُوسُفَ عَنْهُ لَا يَصِحُّ نَذْرُهُ كَالنَّذْرِ بِالصَّوْمِ فِيهَا بَدَائِعُ. (الدرمع الرد: ۲/۴۴۵، ۴۴۶، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

▭ وَيَخْرُجُ لِصَلَاةِ العِيدَيْنِ أَيْضًا . (الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۷، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: قدیمی کتب خانہ کراچی)

▭ ولو نذراعتكاف أيام العيد قضاه في وقت آخر وعليه كفارة اليمين ان نوى اليمين ؛ فلواعتكف فيه اجزاه و أساء. (خلاصة الفتاوى: ۱/۲۷۱، کتاب الصوم، الفصل السادس فی الاعتکاف، جنس آخر فی النذر، ط: مکتبہ انصاریہ کوئٹہ)

(۱) (ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو طبيعية) (أو) حاجة (ضرورية كانهدام المسجد) وأداء شهادة تعينت عليه (وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله) لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو =

ہوجائے گا، اور ایک رات اور ایک دن کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۱)

= متاعه من المكابرين فيدخل مسجدا من ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب) ولا إثم به. (مراقي الفلاح: (ص: ۱۷۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

(قوله: أو حاجة ضرورية الخ) قال السيد في شرحه اعلم أن ما ذكره المصنف من عدم فساد الاعتكاف بالخروج لأجل انهدام المسجد وما بعده من الأعذار التي ذكرها هو مذهب الصاحبين وأما عند الإمام فيفسد لأن العذر في هذه المسائل مما لا يغلب وقوعه اه. وفي "الدر المختار": وأما ما لا يغلب كإنجاء غريق وانهدام مسجد فمسقط للإثم لا للبطلان وإلا لكان النسيان أولى بعدم الفساد كما حققه الكمال خلافا لما فصله الزيلعي وغيره لكن في النهر وغيره جعل عدم الفساد لانهدامه وبطلان جماعته وإخراجه كرها استحسانا اهـ.

(قوله: وأداء شهادة تعينت عليه) فيه أن هذا من الحوائج الشرعية.

(قوله: لفوات ما هو المقصود منه) علة لعدم الفساد في هذه المسائل يعني إنما لم يفسد اعتكافه بل يخرج إلى غيره لأن المقصود للمعتكف وهو أداء الصلاة في ذلك المسجد على أكمل الوجوه قد فات.

(قوله: من المكابرين) أي المتجبرين من الكبر بمعنى التجبر.

(قوله: يريد أن لا يكون الخ) أي وليس المراد إرادة الساعة حقيقة لاحتمال بعد المسافة بين المسجدين.

(قوله: بلا عذر معتبر) أي في عدم الفساد فلو خرج لجنازة محرمة أو زوجته فسد لأنه وإن كان عذرا إلا أنه لم يعتبر في عدم الفساد.

(قوله: ولا إثم عليه به) أي بالعذر أي وأما بغير العذر فيأثم لقوله تعالى: ﴿ولا تبطلوا أعمالكم﴾ [محمد: الآية: ۳۳].

(قوله: إذا دام) أي كل منهما.

(قوله: وأتمه في المسجد) أما إذا خرج منه فعليه قضاؤه أيضا لعدم وجود الركن.

(حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۳، ۳۸۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف ط: مير محمد كتب خانه كراچی/ ص: ۵۷۹، ۵۸۰، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبة انصارية هرات افغانستان)

الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۷، ۴۴۸) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

التاتار خانية: (۲/ ۳۱۲) كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمی كتب خانه كراچی. ~~

(۱) "اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم" عنوان کے تحت [اشار: ۳] کے تخریج کو دیکھیں۔

☆...... مسجد کی چھت مخدوش تھی گرنے لگے، صحن میں اعتکاف کی صورت نہیں مثلاً: چھت نہیں ہے، تو اس صورت میں اس مسجد سے نکل جانا درست ہے، اور نکل کر دوسری مسجد میں جہاں اعتکاف کرنا چاہے چلا جائے، تو اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا، اگر اس صورت میں مسجد کے بجائے گھر میں رہ گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

☆...... اگر کسی ظالم جابر نے اعتکاف کرنے والے کو ظلماً مسجد سے باہر نکال دیا، اور یہ اس مسجد سے دوسری جگہ میں چلا گیا، گھر نہیں گیا، تو اس سے بھی اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

حاجت طبعیہ

☆...... **حاجت طبعیہ کی تعریف:** ایسے کام جن کے کرنے پر انسان مجبور ہے، اور وہ مسجد میں نہیں ہو سکتے، ان کو حاجت طبعیہ کہتے ہیں، جیسے پیشاب، پاخانہ، استنجا، جنابت کا غسل وغیرہ۔

---

(۱) (وَأَمَّا مُفْسِدَاتُهُ فَمِنْهَا الْخُرُوجُ مِنَ الْمَسْجِدِ)... فَإِنْ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ بِعُذْرٍ بِأَنْ انْهَدَمَ الْمَسْجِدُ أَوْ أُخْرِجَ مُكْرَهًا فَدَخَلَ مَسْجِدًا آخَرَ مِن سَاعَتِهِ لَمْ يَفْسُدْ اعْتِكَافُهُ اسْتِحْسَانًا هَكَذَا فِي "الْبَدَائِعِ". وَكَذَا لَوْ خَافَ عَلَى نَفْسِهِ أَوْ مَالِهِ فَخَرَجَ هَكَذَا فِي "التَّبْيِينِ"؛ ... وَلَوْ خَرَجَ لِجِنَازَةٍ يَفْسُدُ اعْتِكَافُهُ وَكَذَا لِصَلَاتِهَا وَلَوْ تَعَيَّنَتْ عَلَيْهِ أَوْ لِإِنْجَاءِ الْغَرِيقِ أَوْ الْحَرِيقِ أَوْ الْجِهَادِ إذَا كَانَ النَّفِيرُ عَامًّا أَوْ لِأَدَاءِ الشَّهَادَةِ هَكَذَا فِي "التَّبْيِينِ". وَكَذَا إذَا خَرَجَ سَاعَةً بِعُذْرِ الْمَرَضِ فَسَدَ اعْتِكَافُهُ هَكَذَا فِي "الظَّهِيرِيَّةِ". (الفتاوى الهنديه: (۲۱۲/۱) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيديه كوئٹه)

◻ الجوهرة النيرة: (۱۷۷/۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

◻ كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۳۹۵/۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف، ط: دار الحديث القاهرة.

◻ الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۲۲۲/۲) البابُ الثَّالثُ: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: الاعتِكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوز له، ط: الحقانيّة بشاور.

(۲) انظر الحاشية السابقة.

☆......طبعی ضرورت کے لیے جب معتکف مسجد سے باہر چلا جائے تو جہاں تک ممکن ہو قریب والی جگہ پر اپنی حاجت پوری کر لے، مثلاً: معتکف کا گھر دور ہے اور کسی بے تکلف دوست کا گھر قریب ہے، یا خود معتکف کے دو گھر ہیں ایک قریب اور دوسرا دور، یا مسجد کے قریب سرکاری بیت الخلاء (فلیش وغیرہ) ہے، یا مسجد کے قریب باتھ روم بنا ہوا ہے، تو ان میں جو بھی بیت الخلاء مسجد سے قریب ہو اس میں حاجت پوری کرنی چاہیے۔ البتہ اگر قریب والی جگہ سے طبیعت مانوس نہ ہو، جس کی وجہ سے رفع حاجت پوری نہ ہوتی ہو خواہ طبیعت کے تقاضے کے اعتبار سے ہو یا دوسرے آدمی کو تکلیف ہوتی ہو، پردہ کرانا پڑتا ہے یا کوئی اور دشواری ہے تو دور جگہ جہاں یہ دشواری نہ ہو چلے جانا چاہیے۔(۱)

---

(۱) (وَحَرُمَ عَلَيْهِ) أي عَلَى الْمُعْتَكِفِ اعتِكَافًا وَاجِبًا أَمَّا النَّفَلُ فَلَهُ الْخُرُوجُ لِأَنَّهُ مِنهُ لَا مُبطِلٌ كَمَا مَرَّ (الْخُرُوجُ إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ) طَبِيعِيَّةٍ كَبَوْلٍ وَغَائِطٍ وَغُسلٍ لَو احتَلَمَ وَلَا يُمكِنُهُ الِاغتِسَالُ فِي الْمَسجِدِ كَذَا فِي النَّهرِ. وفي "الشامية": (قَوْلُهُ: إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ إلخ) وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ مِنَ الطُّهُورِ وَلَا يَلزَمُهُ أَن يَأْتِيَ بَيتَ صَدِيقِهِ القَرِيبِ. وَاختُلِفَ فِيمَا لَو كَانَ لَهُ بَيتَانِ فَأَتَى البَعِيدَ مِنهُمَا قِيلَ فَسَدَ وَقِيلَ: لَا يَنبَغِي أَن يَخرُجَ عَلَى القَولَينِ مَا لَو تَرَكَ بَيتَ الخَلَاءِ لِلمَسجِدِ القَرِيبِ وَأَتَى بَيتَهُ نَهرٌ وَلَا يَبعُدُ الفَرقُ بَينَ الخِلَافِيَّةِ وَهَذِهِ لِأَنَّ الإِنسَانَ قَد لَا يَألَفُ غَيرَ بَيتِهِ رَحمَتِيٌّ أَي فَإِذَا كَانَ لَا يَألَفُ غَيرَهُ بِأَن لَا يَتَيَسَّرَ لَهُ إِلَّا فِي بَيتِهِ فَلَا يَبعُدُ الجَوَازُ بِلَا خِلَافٍ وَلَيسَ كَالمُكثِ بَعدَ فَراغِهِ لَو خَرَجَ لَهَا ثُمَّ ذَهَبَ لِعِيَادَةِ مَرِيضٍ أَو صَلَاةِ جَنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَكُونَ خَرَجَ لِذَلِكَ قَصدًا فَإِنَّهُ جَائِزٌ كَمَا فِي البَحرِ عَنِ البَدَائِعِ. (قَولُهُ: طَبِيعِيَّةٍ) حَالٌ أَو خَبَرٌ لِكَانَ مَحذُوفَةٍ أَي سَوَاءٌ كَانَت طَبِيعِيَّةً أَو شَرعِيَّةً وَفَسَّرَ ابنُ الشَّلبِيِّ الطَّبِيعِيَّةَ بِمَا لَا بُدَّ مِنهَا وَمَا لَا يُقضَى فِي المَسجِدِ. (قَولُهُ: وَغُسلٌ) عَدَّهُ مِنَ الطَّبِيعِيَّةِ تَبَعًا لِلاختِيَارِ وَالنَّهرِ وَغَيرِهِمَا وَهُوَ مُوَافِقٌ لِمَا عَلِمتَه مِن تَفسِيرِهَا وَعَن هَذَا اعتَرَضَ بَعضُ الشُّرَّاحِ تَفسِيرَ الكَنزِ لَهَا بِالبَولِ وَالغَائِطِ بِأَنَّ الأَولَى تَفسِيرُهَا بِالطَّهَارَةِ وَمُقَدِّمَاتِهَا لِيَدخُلَ الِاستِنجَاءُ وَالوُضُوءُ وَالغُسلُ لِمُشَارَكَتِهَا لَهُمَا فِي الِاحتِيَاجِ وَعَدَمِ الجَوَازِ فِي المَسجِدِ اهـ فَافهَم. (الدر مع الرد: ۴۴۵/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

🗁 البحر الرائق: ۳۰۱/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

🗁 الفتاوی الهندية: ۲۱۲/۱، کتاب الصوم، الباب السابع في الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته.

☆......معتکف کو حاجت طبعیہ سے فارغ ہوتے ہی مسجد میں آجانا چاہیے، بلاوجہ گھر میں رہنا جائز نہیں۔(۱)

☆......معتکف کی ریح خارج ہونے لگے...اگر ممکن ہوسکے تو اس کو مسجد سے باہر جا کر خارج کرے، اگر بلا اختیار مسجد ہی میں خارج ہو جائے تو بھی مضائقہ نہیں، معذور ہے۔(۲)

☆......وضو کرنے کی ایک جگہ قریب ہے اور دوسری جگہ ذرا دور ہے تو قریب والی جگہ بہتر ہے اگر کوئی دشواری ہو تو دور بھی جا سکتا ہے، اسی طرح پیشاب خانے، استنجا خانے اور غسل خانے کا حکم ہے کہ جب تک قریب ترین جگہ سے ضرورت پوری ہوتی ہو تو بلا ضرورت دور نہ جائے۔

حاجتیں

معتکف کو مسجد سے باہر نکلنے کے لیے جو حاجتیں اور ضرورتیں پیش آتی ہیں وہ تین قسم پر ہیں: (۱) حاجت شرعیہ (۲) حاجت طبعیہ (۳) حاجت ضروریہ۔

ان تین قسموں کی تفصیل اپنی اپنی جگہ پر آئے گی۔

---

(۱)(وَمِن الأعذارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ او غَائِطٍ لا بَأسَ بِأن يدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ فی بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإن كان سَاعَةً عِندَ أبی حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا فی المُحِيطِ)[الفتاوی الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه].

☐ الفتاوی التاتارخانية: ۲/۳۱۳، كتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتكاف، ط: قديمی كراچی.

☐ الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمی كتب خانه كراچی.

(۲) وفی "ردالمحتار": وَفِی الخِزَانَةِ: وَإِذَا فَسَا فِي المَسجِدِ لَم يَرَ بَعضُهُم بِهِ بَأسًا. وَقَالَ بَعضُهُم: إِذَا احتَاجَ إِلَيهِ يَخرُجُ مِنهُ وَهُوَ الأَصَحُّ. اه. (ردالمحتار: ۱/۱۷۳، كتاب الطهارة، قبيل مطلب يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، ط: سعيد كراچی)

☐ سُئِلَ ابو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى عن المُعتَكِفِ إذَا احتَاجَ إلَى الفَصدِ أو الحِجَامَةِ هل يَخرُجُ =

حجامت بنوانا

☆...... معتکف کے لیے مسجد میں اپنی حجامت خود بنانا جائز ہے، اور حجام سے بنوانے میں یہ تفصیل ہے کہ اگر نائی مزدوری کے بغیر کام کرتا ہے تو مسجد کے اندر جائز ہے، اور اگر نائی مزدوری لے کر کام کرتا ہے تو معتکف مسجد کے اندر رہے اور نائی مسجد سے باہر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر حجامت بنائے، مسجد کے اندر اجرت لے کر کام کرنا جائز نہیں۔(۱)

☆...... معتکفین کو بال اور حجامت بنانے میں بہت زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے، بال، پانی وغیرہ مسجد میں نہ گرے ورنہ مسجد کی بے ادبی ہوگی اور مکروہ ہوگا۔(۲)

= فقال لَا؛ وفي اللَّآلِيْ وَاختُلِفَ في الذي يَقْسُو في المَسجِدِ فلم يَرَ بَعضُهم بَأسًا وَبَعضُهم قالوا لَا يَقْسُو وَيَخرُجُ إذَا احتَاجَ إلَيهِ وهو الأَصَحُّ كَذَا في التُّمُرتَاشِيِّ. (الفتاوی الهندية:٥/٣٢٠، ٣٢١، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ ،البَابُ الخَامِسُ في آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ...اه،ط:رشيديه كوئٹه)

(۱) سُئِلَ أبو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى عن المُعتَكِفِ إذَا احتَاجَ إلَى الفَصدِ أو الحِجَامَةِ هل يَخرُجُ ؟فقال: لَا . (الفتاوی الهندية:٥/٣٢٠، ٣٢١، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ ،البَابُ الخَامِسُ في آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ...اه،ط:رشيديه كوئٹه)

"بال بنوانے کے لیے نکلنا" عنوان تحت تخریج کو دیکھیں۔

ولا يجوز البيع والشراء في المسجد وكذا كره فيه التعليم والكتابة والخياطة بأجر وكل شيء كره فيه كره في سطحه .... (مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر لشيخي زاده :١/٣٧٩،ط: دار الكتب العلمية لبنان بيروت)

الجوهرة النيرة : ١/١٧٧ ،باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:قديمي كتب خانه كراجي)

الفتاوى الهنديه : ٥/٣٢١، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ ،البَابُ الخَامِسُ في آدَابِ المَسجِدِ،ط:رشيديه كوئٹه

(۲) ويسن أن يصان المسجد عن الأوساخ والمخاط وتقليم الأظافر وقص الشعر ونتفه وعن الروائح الكريهة من بصل وثوم وكراث ونحوها.(الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(١/٤٧٦)البَابُ الأوّلُ: الطَّهارَات،الفَصلُ الخَامِس : الغُسل ،ملحقان بالغسل:الملحق الأول في أحكام المساجد،ط : الحقانية بشاور)

وَرُوِيَ عن عَائِشَةَ رضي اللّٰهُ عنها أنها قالت:" كان رسول اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم يُخرِجُ رَأسَهُ من المَسجِدِ فَيَغسِلُ رَأسَهُ". وَإِن غَسَلَ رَأسَهُ في المَسجِدِ في إنَاءٍ لَا بَأسَ بِهِ إذَا لم يُلَوِّث المَسجِدَ بالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإِن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ =

حجامت کے لیے نکلنا

"بال بنوانے کے لیے نکلنا" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۳۲)

حجرہ

☆......وہ حجرہ یا مکان جو مصالح مسجد یا اس کی ضرورت کے لیے بنایا جاتا ہے مسجد سے باہر ہوتا ہے، وہاں جانے سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔

☆......بعض مسجدوں میں مغرب کی جانب حجرہ وغیرہ ہوتا ہے، عام طور پر اس میں مسجد کا سامان رہتا ہے، اس کے بارے میں بھی متعین نہیں ہوتا کہ وہ مسجد کی حدود کے اندر ہے یا نہیں، اس لیے مسجد بنانے والے سے ورنہ کمیٹی یا انتظامیہ سے معلوم کرلے کہ وہ مسجد میں داخل ہے یا نہیں، اگر داخل ہے تو بہتر ورنہ معتکفین وہاں نہ جائیں۔(۱)

=وَاجِبٌ ولو تَوَضَّأَ فِي الْمَسْجِدِ فِي إِنَاءٍ فَهُوَ عَلَى هذا التَّفْصِيلِ. (بدائع الصنائع: (۱۱۵/۲) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي)

☐ البحر الرائق: (۳۰۳/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

☐ ردالمحتار: (۴۴۵/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

(۱) (وَإِذَا جَعَلَ تَحْتَهُ سِرْدَابًا لِمَصَالِحِهِ) أي الْمَسْجِدِ (جَازَ) كَمَسْجِدِ الْقُدْسِ (وَلَوْ جَعَلَ لِغَيْرِهَا أَوْ جَعَلَ (فَوْقَهُ بَيْتًا وَجَعَلَ بَابَ الْمَسْجِدِ إِلَى طَرِيقٍ وَعَزَلَهُ عَنْ مِلْكِهِ لَا) يَكُونُ مَسْجِدًا.

وفي "الشامية": (قَوْلُهُ: أَوْ جَعَلَ فَوْقَهُ بَيْتًا إِلَخ) ظَاهِرُهُ أَنَّهُ لَا فَرْقَ بَيْنَ أَنْ يَكُونَ الْبَيْتُ لِلْمَسْجِدِ أَوْ لَا إِلَّا أَنَّهُ يُؤْخَذُ مِنَ التَّعْلِيلِ أَنَّ مَحَلَّ عَدَمِ كَوْنِهِ مَسْجِدًا فِيمَا إِذَا لَمْ يَكُنْ وَقْفًا عَلَى مَصَالِحِ الْمَسْجِدِ وَبِهِ صَرَّحَ فِي "الْإِسْعَافِ" فَقَالَ: وَإِذَا كَانَ السِّرْدَابُ أَوْ الْعُلُوُّ لِمَصَالِحِ الْمَسْجِدِ أَوْ كَانَا وَقْفًا عَلَيْهِ صَارَ مَسْجِدًا. اهـ. "شُرُنْبُلَالِيَّةٌ". قَالَ فِي "الْبَحْرِ": وَحَاصِلُهُ أَنَّ شَرْطَ كَوْنِهِ مَسْجِدًا أَنْ يَكُونَ سِفْلُهُ وَعُلُوُّهُ مَسْجِدًا لِيَنْقَطِعَ حَقُّ الْعَبْدِ عَنْهُ لِقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ﴾ بِخِلَافِ مَا إِذَا كَانَ السِّرْدَابُ وَالْعُلُوُّ مَوْقُوفًا لِمَصَالِحِ الْمَسْجِدِ فَهُوَ كَسِرْدَابِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ هَذَا هُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ، وَهُنَاكَ رِوَايَاتٌ ضَعِيفَةٌ مَذْكُورَةٌ فِي "الْهِدَايَةِ". (الدر مع الرد: (۳۵۸،۳۵۷/۴) كتاب الوقف، مطلب في أحكام المسجد، ط: سعيد كراچي) =

حرام ہے

☆......اعتکاف کی حالت میں معتکف کو جان بوجھ کر یا بھول کر، رات میں یا دن میں، مسجد میں یا گھر میں بیوی سے صحبت کرنا، بوس وکنار کرنا، یا شہوت سے اس کے بدن کو چھونا حرام ہے اس سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۱) اگر رمضان میں دن میں ہوا ہے تو کفارہ اور قضا بھی لازم ہوگی، یعنی مسلسل ساٹھ روزے کفارے کے

= البحر الرائق: (۵/ ۲۵۱) کتاب الوقف، فصل: فی أحکام المساجد، ط: سعید کراچی.

الفتاوی الهندية: (۲/ ۴۵۵) کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد، ومایتعلق به، الفصل الأول: فیمایصیر به مسجداً... الخ، ط: رشیدیة کوئٹه.

(وَأَمَّا مُفْسِدَاتُهُ) فَمِنهَا الْخُرُوجُ مِن الْمَسْجِدِ فَلَا يَخْرُجُ الْمُعْتَكِفُ مِن مُعْتَكَفِهِ لَيْلًا وَنَهَارًا إِلَّا بِعُذْرٍ وَإِن خَرَجَ مِن غَيْرِ عُذْرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعْتِكَافُهُ فِي قَوْلِ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا فِي الْمُحِيطِ .سَوَاءٌ كَانَ الْخُرُوجُ عَامِدًا أَوْ نَاسِيًا هَكَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَان. (الفتاوی الهندیة: ۱/ ۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأمامفسداته، ط: رشیدیة کوئٹه)

التاتارخانية: ۲/ ۳۱۲، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قدیمی کتب خانه کراچی.

البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

(۱) وقوله سبحانه: ﴿وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُم يَتَّقُونَ﴾ [البقرة: ۲: ۱۸۷].

حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ إِسْحَقَ عَنْ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: السُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ أَنْ لَا يَعُودَ مَرِيضًا وَلَا يَشْهَدَ جَنَازَةً وَلَا يَمَسَّ امْرَأَةً وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ إِلَّا لِمَا لَا بُدَّ مِنْهُ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا بِصَوْمٍ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا فِي مَسْجِدٍ جَامِعٍ. قَالَ أَبُو دَاوُد غَيْرُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَا يَقُولُ فِيهِ قَالَتْ السُّنَّةُ قَالَ أَبُو دَاوُد جَعَلَهُ قَوْلَ عَائِشَةَ. (سنن أبی داود: ۱/ ۳۳۲، کتاب الصوم، باب المعتکف یعود المریض، ط: حقانیه ملتان)

مشکوۃ المصابیح: ۱/ ۱۸۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، الفصل الثانی، ط: قدیمی کراچی.

(أما مفسدات الاعتكاف) منها: الجماع عمدا ولو بدون إنزال سواء كان بالليل أو النهار باتفاق. أو الجماع نسيانا فإنه يفسد الاعتكاف عند ثلاثة ...... (کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۱/ ۳۹۳، کتاب الصیام، کتاب الاعتکاف، مفسدات الاعتکاف، ط: دار الحدیث القاهرة)

البحر الرائق: ۲/ ۳۰۴، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

(وَبَطَلَ بِوَطْءٍ فِي فَرْجٍ) أَنْزَلَ أَمْ لَا (وَلَوْ كَانَ وَطْؤُهُ خَارِجَ الْمَسْجِدِ (لَيْلًا) أَوْ نَهَارًا عَامِدًا =

اور ایک روزہ قضا کا لازم ہوگا (۱) اور ایک دن ایک رات روزہ کے ساتھ اعتکاف کی قضا کرنا لازم ہوگی۔ (۲)

☆ ...... بعض باتیں ہر حال میں حرام ہیں اور اعتکاف کی حالت میں اور بھی زیادہ حرام ہیں، مثلاً غیبت کرنا، چغلی کرنا، لڑنا اور لڑانا، جھوٹ بولنا اور جھوٹی قسم کھانا، بہتان لگانا، کسی مسلمان کو ناحق تکلیف پہنچانا، کسی کے عیب تلاش کرنا، کسی کو رسوا کرنا، تکبر اور غرور کی باتیں کرنا، ریا کاری وغیرہ کرنا سب حرام ہیں اور سخت گناہ ہے، ان سے اور اس قسم کی تمام باتوں سے احتراز کرنا ضروری ہے، البتہ ان چیزوں سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا لیکن ثواب کم ہوجائے گا۔ (۳)

=(أو نَاسِيًا) فِي الأَصَحِّ لِأَنَّ حَالَتَهُ مُذَكِّرَةٌ (وَ) بَطَلَ (بِإِنْزَالٍ بِقُبْلَةٍ أَوْ لَمْسٍ) أَوْ تَفْخِيذٍ وَلَوْ لَمْ يُنْزِلْ لَمْ يَبْطُلْ وَإِنْ حَرُمَ الْكُلُّ لِعَدَمِ الْحَرَجِ وَلَا يَبْطُلُ بِإِنْزَالٍ بِفِكْرٍ أَوْ نَظَرٍ. (الدر مع الرد: ۲/۴۵۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

☐ (وَمِنْهَا الْجِمَاعُ وَدَوَاعِيهِ) فَيَحْرُمُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ الْجِمَاعُ وَدَوَاعِيهِ نَحْوَ الْمُبَاشَرَةِ وَالتَّقْبِيلِ وَاللَّمْسِ وَالْمُعَانَقَةِ وَالْجِمَاعِ فِيمَا دُونَ الْفَرْجِ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ فِي ذَلِكَ سَوَاءٌ وَالْجِمَاعُ عَامِدًا أَوْ نَاسِيًا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا يُفْسِدُ الاعتكافَ أَنْزَلَ أَوْ لَمْ يُنْزِلْ وَمَا سِوَاهُ يُفْسِدُ إِذَا أَنْزَلَ وَإِنْ لَمْ يُنْزِلْ لَا يُفْسِدُ هَكَذَا فِي الْبَدَائِعِ. وَلَوْ أَمْنَى بِالتَّفَكُّرِ وَالنَّظَرِ لَا يُفْسِدُ اعْتِكَافَهُ كَذَا فِي التَّبْيِينِ. (الفتاوی الهندية: ۱/۲۱۳، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأمامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

(۱) قَوْلُهُ: وَمَنْ جَامَعَ أَوْ جُومِعَ أَوْ أَكَلَ أَوْ شَرِبَ عَمْدًا غِذَاءً أَوْ دَوَاءً قَضَى وَكَفَّرَ كَكَفَّارَةِ الظِّهَارِ) أَمَّا الْقَضَاءُ فَلِاسْتِدْرَاكِ الْمَصْلَحَةِ الْفَائِتَةِ وَأَمَّا الْكَفَّارَةُ فَلِتَكَامُلِ الْجِنَايَةِ أَطْلَقَهُ فَشَمِلَ مَا إِذَا لَمْ يُنْزِلْ؛ لِأَنَّ الْإِنْزَالَ شِبَعٌ؛ لِأَنَّ قَضَاءَ الشَّهْوَةِ يَتَحَقَّقُ دُونَهُ. (البحر الرائق: ۲/۲۷۶، کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالایفسد، ط: سعید کراچی)

☐ خلاصة الفتاوی: ۱/۲۵۹، کتاب الصوم، الفصل الثالث فیمایفسد الصوم وفیما لایفسد...الخ، جنس آخر فی المجامعة، ط: مکتبه حبیبیه کوئٹه.

☐ الدر المختار: ۲/۴۰۹-۴۱۲، کتاب الصوم، باب مایفسد الصوم ومالایفسده، مطلب فی الکفارة، ط: سعید کراچی.

☐ بدائع الصنائع: ۲/۹۷، ۹۸، کتاب الصوم، فصل: وأمّاحکم فسادالصوم. ط: سعید کراچی.

(۲) "اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم" عنوان کے تحت [اشار: ۳] کے تخریج کو دیکھیں۔

(۳) یجتنب المعتکف کل مالا یعنیه من الأقوال والأفعال ولا یکثر الکلام؛ لأن من کثر کلامه کثر سقطه وفی الحدیث: " من حسن إسلام المرء ترکه ما لا یعنیه ". =

حقہ

حقہ نوشی کے لیے مسجد سے نکلنا جائز نہیں ہوگا، اگر حقہ نوشی مسجد میں کرے گا تو یہ مکروہ ہے۔(۱)

= ویجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلک مکروہ فی غیر الاعتکاف ففیہ أولی ولا یبطل الاعتکاف بشیء من ذلک؛ لأنہ لما لم یبطل بمباح الکلام لم یبطل بمحظورہ. ولا یتکلم المعتکف إلا بخیر ولا بأس بالکلام لحاجتہ ومحادثۃ غیرہ فإن صفیۃ زوج النبی صلّی اللہ علیہ وسلم قالت: کان رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم معتکفاً فأتیتہ أزورہ لیلاً فحدثتہ ثم قمت فانقلبت أی رجعت فقام معی لیقلبنی – وکان مسکنہا فی دار أسامۃ بن زید – فمر رجلان من الأنصار فلما رأیا النبی صلّی اللہ علیہ وسلم أسرعا فقال النبی صلّی اللہ علیہ وسلم: علی رِسلکما إنہا صفیۃ بنت حیی فقالا: سبحان اللہ یا رسول اللہ فقال: إن الشیطان یجری من الإنسان مجری الدم وإنی خشیت أن یقذف فی قلوبکما شراً أو قال: شیئاً وقال علی رضی اللہ عنہ: أیما رجل اعتکف فلا یساب ولا یرفث فی الحدیث ویأمر أہلہ بالحاجۃ – أی وہو یمشی – ولا یجلس عندہم . (الفقہُ الإسلامیُ وأدلّتُہُ: ۲/ ۶۳۰، البابُ الثّالث: الصّیامُ والاعتکاف، الفَصلُ الثّانی: الاعتِکاف، المبحث الخامس: آداب المعتکف ومکروہات الاعتکاف ومبطلاتہ، ط: الحقانیّۃ بشاور)

وَأَمَّا آدَابُہُ:) فَأَن لا یَتَکَلَّمَ إلّا بِخَیرٍ ... وَلَا بَأسَ أن یَتَحَدَّثَ بِمَا لَا إثمَ فِیہِ کَذَا فِی شَرحِ الطَّحَاوِیِّ. (وَأَمَّا مَحظُورَاتُہُ :) ... وَأَمَّا الصَّمتُ عَن مَعَاصِی اللِّسَانِ فَمِن أعظَمِ العِبَادَاتِ کَذَا فِی جَوہَرَۃِ النَّیِّرَۃِ؛ وَلَا یُفسِدُ الِاعتِکَافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ کَذَا فِی الخُلَاصَۃِ. (فتاوی الہندیہ: ۱/ ۲۱۲، ۲۱۳، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما آدابہ، ومحظوراتہ ط: رشیدیہ کوئٹہ)

(قَالَ): وَلَا یُفسِدُ الِاعتِکَافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ فَإنَّ حُرمَۃَ ہٰذِہِ الأَشیَاءِ لَیسَ لِأَجلِ الِاعتِکَافِ أَلَا تَرَی أَنَّہُ کَانَ مُحرِمًا قَبلَ الِاعتِکَافِ وَلَا یَفُوتُ بِہِ رُکنُ الِاعتِکَافِ وَہُوَ اللُّبثُ وَلَا شَرطُہُ وَہُوَ الصَّومُ وَکَذٰلِکَ إن سَکِرَ لَیلًا لِمَا بَیَّنَّا أَنَّ حُرمَۃَ السُّکرِ لَیسَت لِأَجلِ الِاعتِکَافِ فَلَا یَکُونُ مُؤَثِّرًا فِیہِ. (المبسوط للسرخسی: ۳/ ۱۳۰، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

وَلَا یُفسِدُ الِاعتِکَافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ وَلَا سُکرٌ فِی اللَّیلِ. (البحر الرائق: ۲/ ۳۰۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

(۱) (وَأَمَّا مُفسِدَاتُہُ) فَمِنہَا الخُرُوجُ مِن المَسجِدِ فَلَا یَخرُجُ المُعتَکِفُ مِن مُعتَکَفِہِ لَیلًا وَنَہَارًا إلّا بِعُذرٍ وَإِن خَرَجَ مِن غَیرِ عُذرٍ سَاعَۃً فَسَدَ اعتِکَافُہُ فِی قَولِ أَبِی حَنِیفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کَذَا فِی المُحِیطِ. سَوَاءٌ کَانَ الخُرُوجُ عَامِدًا أَو نَاسِیًا ہٰکَذَا فِی فَتَاوَی قَاضِی خَان؛ ... وَمِن الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَۃِ. (الفتاوی الہندیۃ: ۱/ ۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداتہ، ط: رشیدیۃ کوئٹہ)

التاتارخانیۃ: ۲/ ۳۱۲، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قدیمی کتب خانہ کراچی. =

حکمتیں

اعتکاف کرنا شریعت کا حکم ہے اور شریعت کے ہر حکم میں بے شمار حکمتیں اور فوائد ہوتے ہیں اور اعتکاف کے بھی بے شمار حکمتیں اور فوائد ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں:

﴿۱﴾...... اگر شریعت کی جانب سے یوں کہہ دیا جاتا کہ بالکل ایک طرف ایسی جگہ پر دس دن گزارو کہ جہاں پرندہ پر نہ مار سکے تو ظاہر ہے کہ تنہائی یکسوئی زیادہ ملتی لیکن ایسی تنہائی سے کیا فائدہ کہ انسان انسان کے بجائے ایک

البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

الدر المختار: ۲/ ۴۴۴، ۴۴۵، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط، سعید کراچی.

عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ الْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ. فَغَلَبَتْنَا الْحَاجَةُ فَأَكَلْنَا مِنْهَا فَقَالَ مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ الْمُنْتِنَةِ فَلاَ يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا فَإِنَّ الملائكة تَأَذَّى مِمَّا يَتَأَذَّى مِنْهُ الإِنْسُ. (صحيح مسلم: ۱/ ۲۰۹، كتاب الصلوة، كتاب المساجد، باب نَهي مَنْ أَكَلَ ثُومًا أَوْ بَصَلاً أَوْ كُرَّاثًا أَوْ نَحْوَهَا عَنْ حُضُورِ الْمَسْجِدِ، ط: قديمى كراچى)

صحيح البخارى: ۱/ ۱۱۸، كتاب الاذان، باب ما جاء فى الثوم النّيء والبصل والكراث، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

سنن الترمذى: ۲/ ۳، ابواب الاطعمة عن رسول الله صلى الله عليه و سلم، باب ما جاء فى كراهية اكل الثوم والبصل، ط: سعيد كراچى.

(قوله: واكل نحو ثوم) أى كبصل ونحوه مما له رائحة كريهة للحديث الصحيح فى النهى عن قربان آكل الثوم والبصل المسجد؛ قال الإمام العينى فى شرحه على صحيح البخارى قلت علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ولا يختص بمسجده عليه الصلاة والسلام بل الكل سواء لرواية مساجدنا بالجمع خلافا لمن شذ ويلحق بما نص عليه فى الحديث كل ما له رائحة كريهة مأكولا أو غيره وإنما خص الثوم هنا بالذكر وفى غيره أيضا بالبصل والكراث لكثرة أكلهم لها وكذلك ألحق بعضهم بذلك من بفيه بخر أو به جرح له رائحة وكذلك القصاب والسماك والمجذوم والأبرص أولى بالإلحاق، وقال سحنون لا أرى الجمعة عليهما، واحتج بالحديث وألحق بالحديث كل من آذى الناس بلسانه وبه أفتى ابن عمر وهو أصل فى نفى كل من يتأذى به. (الدر مع الرد: ۱/ ۶۶۱، ۶۶۲، كتاب الصلوة، باب يفسد الصلوة، أحكام المساجد، ط: سعيد كراچى)

حاشية الطحطاوى على المراقى: (ص: ۵۳۸) كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم و تجب به الكفارة مع القضاء، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

وحشی جانور بن جائے، اور بری صحبتوں سے بچنے کے شوق میں اچھی صحبتوں سے بھی محروم ہو جائے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اعتکاف کے لیے مسجد کو مقرر فرمایا، کیوں کہ بیہودہ اور غلط قسم کے لوگ تو مسجد میں آئیں گے نہیں جن کی صحبت سے نقصان ہو، ہمیشہ نیک کار، دین دار، نمازی پرہیز گار اور تہجد گزار لوگوں ہی سے سابقہ پڑے گا، انہیں سے میل جول بات چیت ہوگی، جن کی صحبت بے حد مفید اور کار آمد ہے، چنانچہ یہی وجہ ہے کہ ایسی مسجد کا حکم دیا کہ جہاں پانچوں وقت نماز ہوتی ہو کیونکہ اگر ایسی ویران مسجد میں اعتکاف کیا جاتا جہاں آدمی کا دور دور نشان نہ ہو تو فائدے سے زیادہ نقصان ہوگا، نہ جماعت کی نماز ملے گی اور نہ نیک لوگوں کی صحبت نصیب ہوگی۔

﴿۲﴾......اعتکاف میں انسان کو یکسوئی حاصل ہو جاتی ہے اور دل دنیا کی فکروں سے خالی ہو جاتا ہے، انسان کی توجہ کو اللہ سے ہٹانے والی چیزیں چاہے وہ انسان کے اندر ہوں یا باہر، جب انسان تنہائی میں رہے گا تو آہستہ آہستہ سب ختم ہو جائیں گے اور دل پوری طرح دنیا کے خیالات سے فارغ ہو کر اللہ کی طرف متوجہ ہو جائے گا، اور اس میں عبادتوں کے انوار و برکات حاصل کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔

﴿۳﴾......لوگوں کے ملنے جلنے اور کاروبار کی مشغولیتوں میں جو انسان سے چھوٹے موٹے بہت سے گناہ ہو جاتے ہیں، اعتکاف میں ان سے حفاظت رہتی ہے۔(۱)

---

(۱) (وعن ابن عباس أن رسول اللہ قال فی المعتکف) أی فی حقہ وشأنہ (وھو) وفی نسخۃ ھو (یعتکف الذنوب) أی یحتبس عن الذنوب بین بذلک أن شأن المحتبس فی المسجد الانحباس عن تعاطی أکثر الذنوب ولذا اختص الاعتکاف بالمسجد (ویجری) بالجیم والراء مجھولا وقیل معلوما أی یمضی ویستمر (لہ من الحسنات) أی من ثوابھا (کعامل الحسنات) أی یعطی لہ من =

= الحسنات التي يمتنع عنها بالاعتكاف كعيادة المريض وتشييع الجنازة وزيارة الإخوان وغيرها فاللام في الحسنات للعهد (كلها) تأكيد للجنس المعهود (رواه ابن ماجه)) (مرقاة المفاتيح: ٣/ ٥٣٢، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثالث، ط: حقانية بشاور).

(٢) وشرع لهم الاعتكاف الذي مقصوده وروحه عكوف القلب على الله تعالى وجمعيّته عليه والخلوة به والانقطاعُ عن الاشتغال بالخلق والاشتغال به وحده سبحانه بحيث يصير ذكره وحبه والإقبالُ عليه في محل هموم القلب وخطراته فيستولي عليه بدلها ويصير الهمُّ كُلُّه به والخطراتُ كلّها بذكره والتفكر في تحصيل مراضيه وما يُقرِّب منه فيصيرُ أُنسه بالله بدلاً عن أُنسه بالخلق فيعده بذلك لأنسه به يوم الوَحشة في القبور حين لا أنيس له ولا ما يفرحُ به سواه فهذا مقصود الاعتكاف الأعظم. (زاد المعاد في هدى خير العباد: (٢/ ٨٧) فصل: في هديه صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت)

والهدف منه: صفاء القلب بمراقبة الرب والإقبال والانقطاع إلى العبادة في أوقات الفراغ متجرداً لها ولله تعالى من شواغل الدنيا وأعمالها ومسلّماً النفس إلى المولى بتفويض أمرها إلى عزيز جنابه والاعتماد على كرمه والوقوف ببابه وملازمة عبادته في بيته سبحانه وتعالى والتقرب إليه ليقرب من رحمته والتحصن بحصنه عز وجل فلا يصل إليه عدوه بكيده وقهره لقوة سلطان الله وقهره وعزيز تأييده ونصره. فهو من أشرف الأعمال وأحبها إلى الله تعالى إذا كان عن إخلاص لله سبحانه؛ لأنه منتظر للصلاة وهو كالمصلي وهي حالة قرب.

فإذا انضم إليه الصوم عند مشترطيها ازداد المؤمن قرباً من الله بما يفيض على الصائمين من طهارة القلوب وصفاء النفوس. وأفضله في العشر الأواخر من رمضان ليتعرض لليلة القدر التي هي خير من ألف شهر. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: (٢/ ٢١١، ٢١٢) البابُ الثَّالثُ: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: الاعتِكاف، المبحث الأول: تعريف الاعتكاف ومشروعيته والهدف منه... ألخ، ط: الحقانيَّة بشاور)

وَأَمَّا مَحَاسِنُهُ فَظَاهِرَةٌ فإن فيه تَسليمَ المُعتَكِفِ كُلِّيَّتَهُ إلى عِبَادَةِ اللَّهِ تَعَالَى في طَلَبِ الزُّلفَى وَتَبعِيدِ النَّفسِ من شُغلِ الدُّنيَا التي هِيَ مَانِعَةٌ عَمَّا يَستَوجِبُ العَبدُ من القُربَى وَاستِغرَاقِ المُعتَكِفِ أَوقَاتَهُ في الصَّلَاةِ إمَّا حَقِيقَةً أو حُكمًا لِأَنَّ المَقصِدَ الأَصلِيَّ من شَرعِيَّتِهِ انتِظَارُ الصَّلَاةِ بِالجَمَاعَاتِ وَتَشبِيهُ المُعتَكِفِ نَفسَهُ بِمَن لَا يَعصُونَ اللَّهَ ما أَمَرَهُم وَيَفعَلُونَ ما يُؤمَرُونَ وَبِالَّذِينَ يُسَبِّحُونَ اللَّيلَ وَالنَّهَارَ وَهُم لَا يَسأَمُونَ. (الفتاوى الهندية: (١/ ٢١٢) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحاسنه، ط: رشيدية كوئته) =

﴿۴﴾......اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ”جو شخص مجھ سے ایک ہاتھ قریب ہوتا ہے میں اس سے دو ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں اور جو میری طرف چل کر آتا ہے میں دوڑ کر اسے اپنا لیتا ہوں۔“ اور اعتکاف کرنے والا تو اپنا گھر چھوڑ کر صرف قریب ہی نہیں بلکہ اللہ کے در پر آ کر پڑ جاتا ہے تو اب آپ اندازہ لگائیے کہ اللہ پاک کتنا

= (والاعتكاف مشروع بالكتاب والسنة)...(وهو من أشرف الأعمال إذ كان عن إخلاص) لله تعالى لأنه منتظر للصلاة وهو كالمصلي وهي حالة قرب وانقطاع محاسنها لا تحصل (ومن محاسنه أن فيها تفريغ القلب من أمور الدنيا) بشغله بالإقبال على العبادة متجردا لها (وتسليم النفس إلى المولى) بتفويض أمرها إلى عزيز جنابه والاعتماد كرمه والوقوف ببابه (وملازمة عبادته) والتقرب إليه ليقرب من رحمته كما أشار إليه في حديث " من تقرب إلى " وملازمة القرار (في بيته) سبحانه وتعالى واللائق بمالك المنزل إكرام نزيله تفضلا ورحمة وإحسانا منه ومنة للالتجاء إليه (والتحصن بحصنه) فلا يصل إليه عدوه بكيده وقهره لقوة سلطان الله وقهره وعزيز تأييده ونصره ترى الرعايا يحبسون أنفسهم على باب سلطانهم وهو فرد منهم ويجهدون في خدمته والقيام أذلة بين يديه لقضاء مآربهم فيعطف عليهم بإحسانه ويحميهم من عدوهم بعزة قدرته وقوة سلطانه وقد نبهه على حصول المراد وأزال حجاب الوهم وأماط الغطاء وأظهر الحق بفيض العطاء بما أشار إليه بقوله (وقال عطاء) بن أبي رباح التابعيؒ... : (مثل المعتكف مثل رجل يختلف) أي يتردد ويقف (على باب) ملك أو وزير عظيم أو إمام (عظيم لحاجة) يقدر على قضائها عادة (فالمعتكف يقول) لسان حاله إن لم ينطق بذلك لسان قاله: (لا أبرح) قائما بباب مولاي سائلا منه جميع مآربي وكشف ما نزل بي من الكرب وصار مصاحبي وتجنبني لذلك أعز إخواني بل عين قرابتي . (حتى يغفر لي) ذنوبي التي هي سبب بعدي ونزول مصائبي ثم يفيض بمنته على بما يليق بأهليته وكرمه إكرام من التجاء إلى منيع حرزه وحماية حرمه وهذه إشارة إلى أن العبد الجامع لهذه المسائل واقف موقف العبد الذليل بباب مولاه عاريا عن الأعمال ونسبة الفضائل متوجها إليه سبحانه بأعظم الوسائل ماذا أكف الافتقار ملجأ بالدعاء والمسائل مطروحا على أعتاب باب الله تعالى مرتجيا شفاعته غدا عنده بما وعد به وهو لكل خير كافل. (مراقي الفلاح:(ص: ۱۸۱،۱۸۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مكتبه امداديه ملتان)

حاشية الطحطاوي على المراقي:(ص: ۳۸۶،۳۸۷) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مير محمد كتب خانه كراچي/، (ص: ۵۸۴،۵۸۵) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه النصارية هرات افغانستان.

قریب ہوگا اور اس پر کتنا زیادہ مہربان ہوگا۔(۱)

﴿۵﴾......شریف لوگ اپنے گھر پر آئے ہوئے مہمان کی عزت اور خاطر تواضع کیا کرتے ہیں تو کریموں کا کریم اور داتاؤں کا داتا اپنے گھر پر آئے ہوئے مہمان کی کیا کچھ نہ عزت واکرام کرے گا۔

﴿۶﴾......شیطان انسان کا ازلی اور قدیم دشمن ہے لیکن جب انسان اللہ کے گھر میں ہے تو گویا مضبوط قلعے میں ہے، شیطان اب اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔

﴿۷﴾......فرشتے ہر وقت اللہ کی عبادت اور اس کی یاد میں رہتے ہیں، مومن بندہ بھی اعتکاف میں بیٹھ کر ہر وقت اللہ کی یاد میں رہتا ہے، اور فرشتوں سے مشابہت پیدا کررہا ہے، اور فرشتے چونکہ اللہ کے بہت قریب ہیں اس لیے یہ بندہ بھی اللہ کا قرب اور اس کی نزدیکی حاصل کررہا ہے۔

﴿۸﴾......نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جب تک آدمی نماز کے انتظار میں رہتا ہے اسے نماز کا ثواب ملتا ہے، اعتکاف میں یہ ثواب بھی حاصل ہوتا ہے۔(۲)

---

(۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي وَأَنَا مَعَهُ إِذَا ذَكَرَنِي فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي وَإِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَإٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَإٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ بِشِبْرٍ تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا وَمَنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً. (صحیح البخاری:(۲/۱۱۰۱) کتاب الرد علی الجهمیّة و غیرهم التوحید ،باب قول الله تعالی ویحذرکم الله نفسه،ط: قدیمی کتب خانه کراچی ،و: (۲/۲۰۷۵) ط: الطاف اینڈ سنز)

صحیح المسلم:(۲/۳۴۱) کتاب الذکر،باب الحث علی ذکر الله تعالی،ط: قدیمی کتب خانه کراچی.

مشکوۃ المصابیح:(۱/۱۹۶)باب ذکر الله عزوجل والتقرب الیه،الفصل الأول،ط:قدیمی کتب خانه کراچی.

(۲) عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه و سلم إن أحدکم إذا دخل المسجد کان=

﴿۹﴾...... جب تک آدمی اعتکاف میں رہتا ہے اسے عبادت کا ثواب ملتا رہتا ہے، خواہ وہ خاموش بیٹھا رہے یا سوتا رہے یا اپنے کسی اور کام میں مشغول رہے۔

﴿۱۰﴾...... اعتکاف کرنے والا ہر ہر منٹ عبادت میں ہے، تو شب قدر حاصل کرنے کا بھی اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں ہے کیونکہ جب بھی شب قدر آئے گی یہ بہر حال عبادت میں ہوگا۔

﴿۱۱﴾...... سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ ہر وقت کی نماز جماعت سے ملے گی، تکبیر اولیٰ فوت نہیں ہوگی۔ (۱)

حوض

مسجد کا حوض اور نلکے جہاں وضو کیا جاتا ہے وہ مسجد سے خارج ہے، معتکف کے لیے وضو کے علاوہ مثلاً ہاتھ وغیرہ دھونے اور کلی کرنے کے لیے آنا درست نہیں، اگر آئے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ (۲)

= فی صلاۃ ما کانت الصلاۃ تحبسہ . والملائکۃ یصلون علی أحدکم ما دام فی مجلسہ الذی صلی فیہ . یقولون اللہم اغفر لہ . اللہم ارحمہ . اللہم تب علیہ . ما لم یحدث فیہ . ما لم یؤذ فیہ. (سنن ابن ماجہ: ص:۵۸،ابواب المساجد والجماعات،باب لزوم المساجد وانتظار الصلوۃ،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

صحیح البخاری: ۱/۳۰، کتاب الوضوء،باب من لم یر الوضوء الا من المخرجین القبل والدبر،ط: قدیمی کتب خانہ کراچی.

سنن الترمذی: ۱/۷۵،ابواب الصلوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم،باب ماجاء فی القعود فی المسجد وانتظار الصلوۃ،ط: سعید کراچی.

(۱) وکما کان الاعتکاف في المسجد سبباً لجمع الخاطر ، وصفاء القلب ، والتفرغ للطاعة ، والتشبه بالملائكة ، والتعرض لوجدان ليلة القدر .... (حجة الله البالغة : (۸۶/۲) من أبواب الصوم ، ط: دار الجيل)

رحمة الله الواسعة : (۱۶۷/۳ ، ۱۶۸) أمور تتعلق بالصوم ، فصل : اعتکاف کا بیان ، ط: زمزم پبلشرز .

(۲) (ولا یخرج منہ)أی من معتکفہ،...(إلا لحاجۃ شرعیۃ)... (أو)حاجۃ(طبیعیۃ)کالبول=

حیض آگیا

☆......اگر عورت اعتکاف میں تھی اسے حیض آگیا تو وہ اعتکاف چھوڑ دے، کیونکہ حیض آنے سے اس کا اعتکاف خود بخود فاسد ہوگیا، اس سے عورت گنہگار نہیں ہوگی، کیونکہ یہ اس کے اختیار میں نہیں ہے۔(۱)

☆......حیض اور نفاس کے علاوہ کوئی اور خون آگیا مثلاً بیماری وغیرہ سے...تو اس سے اعتکاف میں کوئی خرابی نہیں آئے گی، اور اعتکاف فاسد بھی نہیں ہوگا۔(۲)

=والغائط وإزالة نجاسة واغتسال من جنابة باحتلام "لأنه عليه السلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة الإنسان". . . (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب) ولا إثم به. (مراقی الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

▭ فلايخرج المعتكف من معتكفه ليلا ولانهارا الابعذر، وان خرج من غير عذر ساعة فسد اعتكافه. (الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، ومامفسداته، ط: رشيدية كوئته)

▭ المختار: ۴۴۷/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

▭ ر. يجوز أن يخرج لغسل يده؛ لأن من ذلک بدأ. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: ۲۲۸/۲، البابُ الثالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوزله، ط: الحقانيّة بشاور)

(۱) وَلَو حَاضَت المَرأةُ في حَالِ الاعتِكافِ فَسَدَ اعتكافها لأنّ الحَيضَ يُنافِي أَهلِيَّةَ الاعتِكافِ لِمُنافَاتِهَا الصَّومَ ولهذا مُنِعَت من انعِقَادِ الاعتِكافِ فَتُمنَعُ من البَقَاءِ. (بدائع الصنائع: (۱۱۶/۲) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچى)

▭ (قَولُهُ: يَمنَعُ صَلَاةً وَصَومًا) شُرُوعٌ في بَيَانِ أحكَامِهِ فذكر بَعضَهَا وَلَا بَأسَ بِبَيَانِهَا فَنَقُولُ إنَّ الحَيضَ يَتَعَلَّقُ بِهِ أحكَامٌ: أحَدُهَا يَمنَعُ صِحَّةَ الطَّهَارَةِ ... الحَادِيَ عَشَرَ يُحَرِّمُ الاعتِكَافَ. (البحر الرائق: (۱۹۳/۱، ۱۹۴) كتاب الطهارة، باب الحيض، ط: سعيد كراچى)

▭ الفتاوى الهندية: (۲۱۱/۱، ۲۱۳) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما شروطه، ...وأما محظوراته، ط: رشيدية كوئته.

▭ فإذا حاضت المرأة أو نفست بطل اعتكافها. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۲۳۳/۲) البابُ الثالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الخامس: آداب المعتكف ...ومبطلاته، ط: الحقانيّة بشاور)

(۲) عَن عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَت: "اعتَكَفَت مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صلّى الله عَلَيهِ وَسَلَّم امرَأَةٌ من =

☆......حیض کے علاوہ کوئی اور خون آیا، عورت نے ناواقفیت کی وجہ سے یہ سمجھا کہ اعتکاف فاسد ہو گیا، اور اعتکاف کی متعینہ جگہ سے باہر نکل گئی تو اب اعتکاف فاسد ہو گیا اور قضا کرنا پڑے گی۔(۱)

☆......اعتکاف کی حالت میں حیض آجائے تو صرف ایک دن کی قضا لازم ہوگی، یعنی جس دن حیض آیا اس دن کی قضا لازم ہوگی۔(۲)

حیض اعتکاف میں آجائے

''اعتکاف میں حیض آجائے'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۱۹)

= أزواجه مُستَحاضَةٌ فَكَانَت تَرَى الحُمرَةَ وَالصُّفرَةَ فَرُبَّمَا وَضَعنَا الطَّستَ تَحتَهَا وَهِيَ تُصَلِّي".
(صحيح البخاري: ۱/۲۷۳، كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف المستحاضة، ط: قديمي كتب خانه كراچي)
سنن ابن ماجه: ص: ۱۲۷، ابواب ماجاء في الصيام، باب المستحاضة تعتكف، ط: قديمي كراچي.
سنن أبوداؤد: ۱/۳۳۲، آخر كتاب الصيام، و الاعتكاف، باب في المستحاضة تعتكف، ط: حقانيه ملتان.
(۱) وقد عَلِمتَ أنَّ الفَسَادَ لا يُتَصَوَّرُ إلَّا في الوَاجِبِ وإذا فَسَدَ وَجَبَ عليه القَضَاءُ بِالصَّومِ عِندَ القُدرَةِ جَبرًا لِمَا فَاتَهُ إلَّا في الرِّدَّةِ خَاصَّةً ... وَسَوَاءٌ فَسَدَ بِصُنعِهِ بِغَيرِ عُذرٍ كَالخُرُوجِ وَالجِمَاعِ وَالأَكلِ وَالشُّربِ في النَّهَارِ إلَّا الرِّدَّةَ أو فَسَدَ بِصُنعِهِ لِعُذرٍ كما إذَا مَرِضَ فَاحتَاجَ إلَى الخُرُوجِ فَخَرَجَ أو بِغَيرِ صُنعِهِ رَأسًا كَالحَيضِ وَالجُنُونِ وَالإِغمَاءِ الطَّوِيلِ وَالقِيَاسُ في الجُنُونِ الطَّوِيلِ أن يُسقِطَ القَضَاءَ كما في صَومِ رَمَضَانَ إلَّا أنَّ في الاستِحسَانِ يَقضِي لِأنَّهُ لا حَرَجَ في قَضَاءِ الاعتِكَافِ كَذَا في البدائع. (البحر الرائق: ۲/۳۰۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)
الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۳، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما محظوراته، ط: رشيدية كوئته.
فتح القدير: ۲/۳۰۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: رشيدية كوئته.
(۲) ''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

خ

خارجی حصہ

جمعہ اور عیدین کے موقع پر نمازیوں کے زائد ہونے کی وجہ سے مسجد سے باہر جو حصہ نماز کے لیے استعمال کیا جاتا ہے وہ بھی مسجد سے خارج ہوتا ہے، اگر معتکفین وہاں جائیں گے تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۱)

خاص اعمال

"اعمال" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۲۳)

(۱) الذی یَرجِعُ إلَی المُعتَکَفِ فِیہِ : فَالمَسجِدُ وَإِنَّہُ شَرطٌ فِی نَوعَیِ الاعتِکَافِ : الوَاجِبِ وَالتَطَوُّعِ ؛ لِقَولِہِ تَعَالَی: ﴿ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي المَسَاجِدِ﴾ وَصَفَهُم بِكَونِهِم عَاكِفِينَ فِي المَسَاجِدِ مَعَ أَنَّهُم لَم يُبَاشِرُوا الجِمَاعَ فِي المَسَاجِدِ ؛ لِيُنهَوا عَنِ الجِمَاعِ فِيهَا فَدَلَّ أَنَّ مَكَانَ الاعتِكَافِ هُوَ المَسجِدُ وَيَستَوِي فِيهِ الاعتِكَافُ الوَاجِبُ وَالتَّطَوُّعُ ، لِأَنَّ النَّصَّ مُطلَقٌ ثُمَّ ذَكَرَ الكَرخِيُّ أَنَّهُ لَا يَصِحُّ الاعتِكَافُ إِلَّا فِي مَسَاجِدِ الجَمَاعَاتِ يُرِيدُ بِهِ الرَّجُلَ وَقَالَ الطَّحَاوِيُّ : إِنَّهُ يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسجِدٍ .

☐ وَرَوَى الحَسَنُ بنُ زِيَادٍ عَن أَبِي حَنِيفَةَ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ إِلَّا فِي مَسجِدٍ تُصَلَّى فِيهِ الصَّلَوَاتُ كُلُّهَا.
(بدائع الصنائع:۲/۱۱۲، ۱۱۳، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، قبیل فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی)

☐ وَمِنهُ ﴿وَالهَديَ مَعكُوفًا﴾ [الفتح:۲۵]؛ وَسُمِّيَ بِهِ هذا النَّوعُ من العِبَادَةِ لِأَنَّهُ إِقَامَةٌ فی المَسجِدِ مع شرائط كَذَا فی المُغرِبِ. وفی الصَّحَاحِ الاعتِكَافُ الِاحتِبَاسُ... وَشَرعًا اللُّبثُ فی المَسجِدِ مع نِيَّتِهِ فَالرُّكنُ هو اللُّبثُ، وَالكَونُ فی المَسجِدِ. (البحر الرائق:۲/۲۹۸، ۲۹۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

☐ فَهُوَ اللبث فی المَسجِدِ مع نِيَّةِ الاعتِكَافِ كَذَا فی النِّهَايَةِ. (الفتاوی الهندية : ۱/۲۱۱، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما تفسیرہ، ط: رشیدیة کوئٹه)

خاص عبادت

اعتکاف میں کوئی خاص عبادت شرط نہیں، قرآن مجید کی تلاوت کرنا، دینی کتابوں کا پڑھنا پڑھانا اور اللہ کا ذکر کرنا؛ غرض جو عبادت دل چاہے کرتا رہے۔(۱)

خاموشی

☆......سابقہ انبیاء کرام کی امتوں میں خاموشی کا بھی روزہ ہوتا تھا اور یہ خاموشی ایک مستقل عبادت تھی، اب یہ حکم باقی نہیں ہے، منسوخ اور ختم ہوگیا ہے، اسی وجہ سے عبادت سمجھ کر خاموش رہنا مکروہ ہے، لیکن اگر زبان کو ذکر اور تلاوت کے بجائے عام گفتگو اور بے جا بے کار باتوں میں مشغول ہونے سے بچنے کے لیے

---

(۱) آداب المعتكف : يستحب للمعتكف التشاغل على قدر الاستطاعة ليلاً ونهاراً بالصلاة وتلاوة القرآن وذكر الله تعالى نحو لا إله إلا الله ومنه الاستغفار والفكر القلبي في ملكوت السموات والأرض و دقائق الحكم والصلاة على النبي صلّى الله عليه وسلم وتفسير القرآن ودراسة الحديث والسيرة وقصص الأنبياء وحكايات الصالحين ومدارسة العلم ونحو ذلك من الطاعات المحضة. وعد المالكية ذلك من شروط الاعتكاف على سبيل الندب لكنهم مع الحنابلة كرهوا اشتغال المعتكف بعلم ولو شرعياً تعليماً أو تعلماً إن كثر لا إن قل؛ لأن المقصود من الاعتكاف صفاء القلب بمراقبة الرب وهو إنما يحصل غالباً بالأذكار وعدم الاشتغال بالناس والكتابة ولو كان المكتوب مصحفاً لما فيها من اشتغال عن ملاحظة الرب تعالى وليس المقصود من الاعتكاف كثرة الثواب بل صفاء مرآة القلب الذى به سعادة الدارين. (الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ:(۲/ ۲۲۹)البَابُ الثّالث:الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكَاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور)

▭ وَيُلَازِمُ قِرَاءَةَ القُرآنِ وَالحَدِيثِ وَالعِلمِ وَالتَّدرِيسِ وَسِيَرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَقَصَصَ الأَنبِيَاءِ عَلَيهِم الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَحِكَايَاتِ الصَّالِحِينَ وَكِتَابَةَ أُمُورِ الدِّينِ وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ الخَيرِ فَإِنَّهُ يُكرَهُ لِغَيرِ المُعتَكِفِ فَمَا ظَنُّكَ بِالمُعتَكِفِ. (تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: (۲/ ۲۳۰) كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية بيروت)

▭ الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف،وأما آدابه،ط:رشيديه كوئٹه.

خاموش رہے، یا بات چیت کم کرنے کی عادت بنے تاکہ زیادہ سے زیادہ ذکر، فکر، دعا اور عبادت کا موقع ملے، یا آخرت کی فکر کی وجہ سے خاموش رہے تو یہ اچھی بات ہے۔

☆...... علمی اور دینی بات یا آخرت کے اعتبار سے فائدہ کی بات ہے تو بہتر ورنہ معتکف کو فضول باتوں سے بچنا چاہیے تاکہ فائدہ کے بجائے نقصان نہ ہو۔(۱)

خاموشی اختیار کرنا

معتکف کو بالکل خاموشی اختیار کرنا اور اسے عبادت سمجھنا مکروہ تحریمی ہے، اگر عبادت نہ سمجھے اور ضروری بات نہ ہونے کی وجہ سے خاموش رہتا ہے تو مکروہ نہیں ہے۔(۲)

(۱،۲) (وكره الصمت إن اعتقده قربة) والتكلم إلا بخير لأنه منهي عنه لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ وأما إذا لم يعتقده قربة فيه ولكنه حفظ لسانه عن النطق بما لا يفيد فلا بأس به ولكنه يلازم قرائة القرآن والذكر والحديث والعلم ودراسته وسير النبي صلى الله عليه و سلم وقصص الأنبياء عليهم السلام وحكايات الصالحين وكتابه أمور الدين . وأما التكلم بغير خير فلا يجوز لغير المعتكف والكلام المباح مكروه يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب إذا جلس في المسجد لذلک ابتداء. (مراقي الفلاح:(ص:۱۸۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان)

🗀 مكروهات الاعتكاف : يكره تحريماً عند الحنفية : ... ويكره الصمت إن اعتقده قربة؛ لأنه منهي عنه؛ لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۶۳۱/۲)البابُ الثّالث:الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور)

🗀 الحنفية قالوا : يكره تحريما فيه أمور : منها الصمت إذا اعتقد أنه قربة أما إذا لم يعتقده كذلک فلا يكره والصمت عن معاصي اللسان من أعظم العبادات. (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۴۹۸/۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة)

🗀 الفتاوى الهندية :(۲۱۳/۱) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحظوراته،ط: رشيدية كوئٹه .

خرید وفروخت

☆ ......خرید وفروخت کے لیے کوئی چیز مسجد کے اندر لانا مکروہ تحریمی ہے۔ مزید ''ممنوعات'' کے عنوان کے تحت نمبر۲ کو دیکھیں!

☆ ...... شدید ضرورت کے بغیر خرید وفروخت کی باتیں کرنا بھی مکروہ ہے۔(۱)

خشک کرنا

''پانی خشک کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۶۱)

خطرہ ہو

اگر معتکف کو اعتکاف کی حالت میں اپنی جان ومال کا قوی خطرہ ہو جائے اور اعتکاف کی حالت میں اس کو دفع کرنے پر قادر نہ ہو تو اس صورت میں گھر چلا جائے تو گناہ گار نہ ہوگا، لیکن اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور ایک رات ایک دن کی قضا روزہ کے

---

(۱) یکره تحریماً عند الحنفية : إحضار المبيع في المسجد؛ لأن المسجد محرر من حقوق العباد، فلا يجعله كالدكان.

ويكره عقد ما كان للتجارة، لأن المعتكف منقطع إلى الله تعالىٰ، فلا يشتغل بأمور الدنيا. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتهُ:(۲/۶۳۱)البابُ الثّالث:الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور)

ومنها إحضار سلعة في المسجد للبيع أما عقد البيع لما يحتاج لنفسه أو لعياله بدون إحضار السلعة فجائز ، بخلاف عقد التجارة فإنه لا يجوز. (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۱/۳۹۸) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة)

(قَولُهُ: وَلَا بَأسَ أن يَبِيعَ وَيَبتَاعَ فِي المَسجِدِ مِن غَيرِ أن يُحضِرَ السِّلعَةَ) يَعنِي مَا لَا بُدَّ مِنهُ كَالطَّعَامِ وَالكِسوَةِ لِأنَّهُ قَد يَحتَاجُ إلَى ذَلِكَ بِأن لَا يَجِدَ مَن يَقُومُ بِحَاجَتِهِ إلَّا أنَّهُ يُكرَهُ إحضَارُ السِّلعَةِ لِأنَّ المَسجِدَ مُنَزَّهٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ. (الجوهرة النيرة:(۱/۱۷۷)باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:قديمي كتب خانه كراچي)

ساتھ لازم ہوگی۔(۱)

خوشبو

معتکف اعتکاف کی حالت میں خوشبو استعمال کرسکتا ہے۔(۲)

خیریت معلوم کرلی

اگر مسجد میں پاخانہ اور پیشاب کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے معتکف گھر آیا اور

(۱) ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو طبيعية)(أو)حاجة(ضرورية كانهدام المسجد)وأداء شهادة تعينت عليه(وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله)لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو متاعه من المكابرين فيدخل مسجدا من ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر(فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به.
(مراقي الفلاح: ص: ۱۷۹، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان)
□ حاشية الطحطاوى على المراقي:ص: ۳۸۳، ۳۸۴،كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:ميرمحمد كتب خانه كراچي/ ص : ۵۷۹، ۵۸۰،باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان .
□ الدرمع الرد: ۴۴۷/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچي.
□ بدائع الصنائع:۱۱۴/۲، ۱۱۵، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي.
(۲) ولا بأس أن يتنظف بأنواع التنظيف؛ لأن النبي صلى الله عليه وسلم كان يرجل رأسه وهومعتكف وله أن يتطيب ويلبس الرفيع من الثياب ولكن ليس ذلك بمستحب. (الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ: ۶۲۸/۲،البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّانى : الاعتِكاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوزله،ط: الحقانيّة بشاور)
□ بدائع الصنائع:۱۱۶/۲...۱۱۷، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل:وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط:سعيد كراچي .
□ وَيَلْبَسُ المُعتَكِفُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَدهُنُ رَأسَهُ كَذَا فِى الخُلاصَةِ . (الفتاوى الهندية : ۲۱۳/۱ ،كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحظوراته،ط:رشيدية كوئٹه)
□ قال: ويلبس المعتكف وينام ويأكل ويدهن ويتطيب بما شاء فإن النبي كان يفعل ذلك كله في اعتكافه. (المبسوط للسرخسي:۱۴۰/۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلميةبيروت لبنان)

چلنے کی حالت میں کسی سے خیریت معلوم کر لی، یا کسی کو کوئی مشورہ دے دیا، یا گھر کا معاملہ حل کر دیا تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، ہاں اگر ایک منٹ کے لیے بھی رک گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

---

(۱) عَن عائشة قَالَ النُّفَيلِيُّ قَالَت: "كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بِالمَرِيضِ وَهُوَ مُعتَكِفٌ فَيَمُرُّ كَمَا هُوَ وَلَا يُعَرِّجُ يَسأَلُ عَنهُ وَقَالَ ابنُ عِيسَى قَالَت إِن كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ المَرِيضَ وَهُوَ مُعتَكِفٌ". (سنن أبی داود: ۱/۳۴۲، کتاب الصیام، باب المعتکف یعود المریض، ط: حقانیه ملتان)

سنن ابن ماجه: ص: ۱۲۷، ابواب ماجاء فی الصیام، بَاب فِي المُعتَكِفِ يَعُودُ المَرِيضَ وَيَشهَدُ الجنائز، ط: قدیمی کتب خانه کراچی.

مشکوٰة المصابیح: ۱/۱۸۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، الفصل الثانی، ط: قدیمی کراچی.

رد المحتار: (۲/۴۴۶) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

البحر الرائق: ۲/۳۰۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

بدائع الصنائع: ۲/۱۱۴، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأمّا رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی.

د

دب جانے کا خطرہ ہو

''فاسد کرنے والی چیزیں'' عنوان کے تحت اسٹار نمبر ۱۰ میں دیکھیں! (ص: ۳۱۰)

درخت

اگر مسجد کے صحن میں درخت ہو تو معتکف کے اس پر چڑھنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، کیونکہ یہ مسجد ہے،(۱) البتہ مسجد کے صحن میں درخت لگانا منع ہے۔(۲)

دروازہ

مسجد کا دروازہ اور اس سے متصل وہ حصہ جہاں عام طور پر جوتے اتار کر رکھتے ہیں یہ بھی مسجد سے خارج ہوتا ہے، اور یہ حصہ مسجد کی سطح کی حد سے کچھ نیچا بھی ہوتا ہے۔(۳)

---

(۱) ''چھت'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۲) وَيُكرَهُ غَرسُ الشَّجرِ في المَسجدِ لِأنَّهُ تَشبُّهٌ بِالبِيعَةِ وَتَشغَلُ مَكانَ الصَّلاةِ إلّا أن يَكُونَ فيه مَنفَعَةٌ لِلمَسجِدِ بِأن كانت الأرضُ نَزَّةً لا تَستَقِرُّ أساطِينُها فَيُغرَسُ فيه الشَّجرُ لِيَقِلَّ النَّزُّ كَذا في فَتاوىٰ قاضِي خان. (الفتاوى الهندية: ۱/۱۱۰، كتاب الصلوة، الباب السابع، الفصل الثاني فيما يكره في الصلوة، فصل كره غلق باب المسجد، ط: رشيدية كوئٹه)

☐ الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/۶۵، كتاب الطهارة، باب التيمم، فصل في المسجد، ط: رشيدية كوئٹه.

☐ الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ۴/۸۱، كتاب الصلوة، الفصل السادس والعشرون في حكم المسجد، ط: رشيدية كوئٹه.

☐ الفتاوى السراجية: ص: ۱۷، كتاب الكراهية والاستحسان، باب المسجد، ط: سعيد كراچی.

(۳) قال الشيخ المفتي عزيز الرحمن: ''مسجد کا اطلاق صرف مسجد کی سہ دری اور فرش پر ہی ہوتا ہے اور یہی شرعاً مسجد ہوتی ہے، معتکف کے لئے جائز نہیں کہ اس سے تجاوز کرے، اگر ایسا کیا گیا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا''۔ =

دسترخوان

''کھانا پینا'' عنوان کے تحت دوسرے اسٹار میں دیکھیں! (ص: ۳۴۱)

دستور العمل

معتکف کو مندرجہ ذیل دستور العمل کی پابندی کرنا چاہیے، کیونکہ وہ اللہ کے دربار اسی مقصد کے لیے حاضر ہوا ہے، اس کا ایک ایک لمحہ نہایت قیمتی ہے۔

﴿۱﴾...... مغرب کی نماز کے بعد اوّابین کے کم از کم چھ رکعت نفل اور زیادہ سے زیادہ بیس رکعت نفل ادا کریں، (۱) پھر آیۃ الکرسی اور تینوں قل (قل ھو اللہ احد،

= (فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۳۱۲/۶، ۳۱۴، کتاب الصوم، دسواں باب اعتکاف اور اس کے مسائل، [سوال: ۴۸۸: اکیسویں شب میں اعتکاف میں بیٹھے تو کیا حکم ہے؟]، ط: دار الاشاعت کراچی)

''خارجی حصہ'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۱) (و) ندب (ست) ركعات (بعد المغرب) لقوله صلى الله عليه و سلم " من صلى بعد المغرب ست ركعات كتب من الأوابين وتلا قوله تعالى﴿ أنه كان للأوابين غفورا ﴾". والأواب هو الذى إذا أذنب ذنبا بادر إلى التوبة . وعن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه أنه عليه السلام قال " من صلى بعد المغرب عشرين ركعة بنى الله له بيتا فى الجنة ". وعن ابن عباس أنه عليه السلام قال: " من صلى بعد المغرب ست ركعات لم يتكلم فيما بينهن بسوء عدلن له عبادة اثنتى عشرة سنة". وعن عائشة رضى الله عنها أنه عليه الصلاة و السلام قال: " من صلى بعد المغرب عشرين ركعة بنى الله بيتا فى الجنة ". وعن ابن عباس رضى الله عنهما أنه عليه السلام قال: " من صلى أربع ركعات بعد المغرب قبل أن يكلم أحدا رفعت له فى عليين وكان كمن أدرك ليلة القدر فى المسجد الأقصى وهو خير له من قيام نصف ليلة " . وعن ابن عمر قال رسول الله صلى الله عليه و سلم:" من صلى ست ركعات بعد المغرب قبل أن يتكلم غفر له بها ذنوب خمسين سنة". وعن عمار بن ياسر رضى الله عنه قال رسول الله صلى الله عليه و سلم :" من صلى بعد المغرب ست ركعات غفرت ذنوبه وإن كانت مثل زبد البحر " لم يقيد فيها بكونها قبل التكلم ،وفى" التجنيس ": الست بثلاث تسليمات، وذكر القونوى أنها بتسليمتين ؛ وفى" الدرر": بتسليمة واحدة.

(مراقى الفلاح: ص: ۹۱، ۹۲، كتاب الصلوة،فصل فى بيان النوافل، ط:امدادية ملتان)

البحر الرائق: ۵۰/۲، ۵۱، كتاب الصلوة،باب الوتر و النوافل، ط:سعيد كراچى۔

الفقه الإسلامىُ وأدلّتهٗ: ۵۲/۲ ،البابُ الثانى: الصلاتُ،الفَصلُ الثامِنُ : النوافل أو صلاة التطوع،النوافل عند الحنفية،ط : الحقانيّة بشاور.

قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) پڑھ کر بدن پر دم کرلیں، اس کے بعد کھانا کھا کر مختصر آرام کریں، پھر عشاء کی نماز کی تیاری کریں اور صف اول اور تکبیر اولی کا اہتمام کریں!

﴿۲﴾...... عشاء، تراویح اور وتر کی نماز سے فارغ ہو کر دین کا علم حاصل کرنے اور اس پر عمل کرنے کی نیت سے کسی مستند اور معتبر دینی کتاب کا مطالعہ کریں، یا کسی مستند ومعتبر عالم دین کے درس میں شرکت کریں، اگر مسجد میں اس کا انتظام ہے۔ اور طاق راتوں میں مطالعہ وغیرہ سے فارغ ہو کر جب تک طبیعت میں بشاشت رہے ذکر، تلاوت، نوافل، استغفار اور درود شریف میں مشغول رہیں اور جب سونے کو طبیعت چاہے تو پوری طرح سنت کے مطابق قبلہ رو ہو کر سو جائیں۔(۱)

﴿۳﴾...... موسم گرما میں رات کو تین بجے نیند سے بیدار ہو جائیں، طبعی ضروریات سے فارغ ہو کر سنت کے مطابق وضو کریں اور تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو اور تہجد کی نفلیں ادا کریں، اور نوافل سے فارغ ہو کر کچھ دیر ذکر اور تسبیح میں مشغول رہیں، پھر خاموشی سے خوب رو رو کر اپنے تمام اچھے مقاصد اور دنیا وآخرت کی کامیابی کی دعا مانگیں۔

﴿۴﴾...... صبح صادق سے کوئی پونے گھنٹہ پہلے سحری کھائیں اور سحری سے فارغ ہو کر فجر کی نماز کی تیاری کریں، صف اول اور تکبیر اولی کا خیال رکھیں، جب تک نماز کے انتظار میں رہیں استغفار کرتے رہیں۔

﴿۵﴾...... فجر کی نماز سے فارغ ہو کر آیت الکرسی اور تینوں قل پڑھ کر پورے جسم پر دم کریں اور ''سبحان اللہ''، ''الحمد للہ''، ''اللہ اکبر''، ''استغفر اللہ'' اور درود شریف کی ایک ایک تسبیح پڑھیں۔

﴿۶﴾...... اشراق کے وقت کم از کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ آٹھ رکعت

---

(۱) ''خاص عبادت'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

نفل ادا کریں اور پھر آرام کریں، اور چاشت کے وقت بیدار ہو کر کم از کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت چاشت کی نماز ادا کریں، اور جتنا ہو سکے قرآن مجید کی تلاوت کریں۔

﴿۷﴾...... جب زوال ہو جائے تو چار رکعت نفل ادا کریں، اور ظہر کی نماز کے انتظار میں صف اوّل میں بیٹھیں اور تکبیر اولیٰ کا اہتمام کریں، اور ظہر کی نماز سے فارغ ہو کر ''صلوٰۃ التسبیح کی نماز'' پڑھیں اور قرآن مجید کی تلاوت کریں، پھر اگر تھکن محسوس ہو تو کچھ آرام کر لیں۔

﴿۸﴾...... عصر کی نماز سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے بیدار ہو جائیں، وضو کر کے تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد کی نوافل پڑھ کر عصر کی نماز کی جماعت کا انتظار کریں اور اس سے فارغ ہو کر مختصر تلاوت کریں، پھر تسبیحات ادا کریں جن کا ''نمبر ۵'' میں ذکر گزرا ہے پھر پوری توجہ سے دعا میں مشغول رہیں، یہ وقت نہایت قیمتی وقت ہے اس کو افطار کی تیاری میں ضائع نہ ہونے دیں۔

﴿۹﴾...... جو باتیں اعتکاف کی حالت میں مکروہ اور منع ہیں ان سے مکمل طور پر پرہیز کریں۔

﴿۱۰﴾...... معتکف پر لازم ہے کہ صف اوّل میں خود آ کر بیٹھے، خود کہیں اور ہو اور تولیہ، چادر اور ٹوپی وغیرہ سے جگہ رو کے رکھے، ایسا نہ کرے اور اپنے ہر قول وفعل، اٹھنے، بیٹھنے اور طرز عمل سے دوسرے معتکفین اور نمازیوں کو تکلیف پہنچانے سے بچنے کا اہتمام کرے، اپنی اور دیگر احباب اور متعلقین کے ساتھ معافی کی سرتوڑ کوشش کرے، رحمت کا امید وار رہے اور مایوسی کو ہرگز راہ نہ دے۔ (مسائل اعتکاف، ص: ۴۹، ۵۰)

دس دن سے کم کی نیت سے اعتکاف کرنا

دس دن سے کم کی نیت سے اعتکاف کرنے سے سنت اعتکاف ادا نہیں ہوگا بلکہ نفل اعتکاف ہوجائے گا، اور سنت اعتکاف کا ثواب نہیں ملے گا، البتہ نفل اعتکاف کا ثواب ملے گا۔(۱)

دفتر کے کام کے لیے نکلنا

"کام کے لیے نکلنا" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۳۳۳)

دفن میں شریک ہونا

"فاسد کرنے والی چیزیں" عنوان کے تحت اسٹار نمبر ۵ میں دیکھیں! (ص:۳۱۰)

دکان کے اوپر مسجد ہے

☆......اگر نیچے کی دکانیں مسجد کے لیے وقف ہوں اور اوپر مسجد ہو تو بعض فقہی روایات کی رو سے اوپر کی مسجد کو مسجد کہنے کی گنجائش ہے، لیکن راجح قول کے مطابق ایسی مسجد شرعی مسجد نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) (وشرط الصوم) لصحة (الأول) اتفاقا (فقط) على المذهب... اه،) (قوله : على المذهب)... قلت ومقتضى ذلك أن الصوم شرطا أيضا فى الاعتكاف المسنون لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر ينبغي أن لا يصح عنه بل يكون نفلا فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية . (الدرمع الرد: ۲/ ۴۴۲، ۴۴۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف ،ط :سعيد كراچى)

▭ امداد الفتاوی بترتیب جدید: ۲/۱۸۴، ۱۸۵، کتاب الصوم والاعتکاف، باب الاعتکاف، بعض جزئیات متعلق اعتکاف، سوال نمبر: ۲۲۷، ط: مکتبہ دارالعلوم کراچی۔

▭ فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۶/۳۱۵ کتاب الصوم، دسواں باب اعتکاف اور اس کے مسائل، [س:۲۹۲: کیا اعتکاف دس روز سے کم ہوسکتا ہے، ط: دارالاشاعت کراچی۔

(۲) (مَطلَبٌ فِي أَحكَامِ المَسجِدِ) قلت : وَفِي الذَّخِيرَةِ وَبِالصَّلَاةِ بِجَمَاعَةٍ يَقَعُ التَّسلِيمُ بِلَا =

☆......اگر مسجد کے صحن کے نیچے دکان ہے اور معتکف کو جماعت کی نماز میں شامل ہونے کے لیے صحن میں آنا پڑے تو صحن میں آ سکتا ہے، باقی جماعت کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد سنن ونوافل کے لیے مسجد کے اندر چلا جائے۔(۱)

= خِلَافٍ حَتّٰى إِنَّهُ إِذَا بَنٰى مَسْجِدًا وَأَذِنَ لِلنَّاسِ بِالصَّلَاةِ فِيهِ جَمَاعَةً فَإِنَّهُ يَصِيرُ مَسْجِدًا اهـ وَيَصِحُّ أَنْ يُرَادَ بِالفِعْلِ الإِفْرَازُ وَيَكُونَ بَيَانًا لِلشَّرْطِ المُتَّفَقِ عَلَيْهِ عِنْدَ الكُلِّ كَمَا قَدَّمْنَاهُ مِنْ أَنَّ المَسْجِدَ لَوْ كَانَ مَشَاعًا لَا يَصِحُّ إِجْمَاعًا وَعَلَيْهِ فَقَوْلُهُ عِنْدَ الثَّانِي مُرْتَبِطٌ بِقَوْلِ المَتْنِ بِقَوْلِهِ: جَعَلْتُهُ مَسْجِدًا وَلَيْسَتِ الوَاوُ فِيهِ بِمَعْنٰى أَوْ فَافْهَمْ لٰكِنْ عِنْدَهُ لَا بُدَّ مِنْ إِفْرَازِهِ بِطَرِيقِهِ فَفِي النَّهْرِ عَنِ القُنْيَةِ جَعَلَ وَسْطَ دَارِهِ مَسْجِدًا وَأَذِنَ لِلنَّاسِ بِالدُّخُولِ وَالصَّلَاةِ فِيهِ إِنْ شَرَطَ مَعَهُ الطَّرِيقَ صَارَ مَسْجِدًا فِي قَوْلِهِمْ جَمِيعًا وَإِلَّا فَلَا عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ وَقَالَا يَصِيرُ مَسْجِدًا وَيَصِيرُ الطَّرِيقُ مِنْ حَقِّهِ مِنْ غَيْرِ شَرْطٍ كَمَا لَوْ آجَرَ أَرْضَهُ وَلَمْ يَشْتَرِطِ الطَّرِيقَ اهـ وَفِي القُهُسْتَانِيِّ وَلَا بُدَّ مِنْ إِفْرَازِهِ أَيْ تَمْيِيزِهِ عَنْ مِلْكِهِ مِنْ جَمِيعِ الوُجُوهِ فَلَوْ كَانَ العُلُوُّ مَسْجِدًا وَالسُّفْلُ حَوَانِيتَ أَوْ بِالعَكْسِ لَا يَزُولُ مِلْكُهُ لِتَعَلُّقِ حَقِّ العَبْدِ بِهِ كَمَا فِي الكَافِي؛ ... (قَوْلُهُ: أَوْ جَعَلَ فَوْقَهُ بَيْتًا إِلَخْ) ظَاهِرُهُ أَنَّهُ لَا فَرْقَ بَيْنَ أَنْ يَكُونَ البَيْتُ لِلْمَسْجِدِ أَوْ لَا إِلَّا أَنَّهُ يُؤْخَذُ مِنَ التَّعْلِيلِ أَنَّ مَحَلَّ عَدَمِ كَوْنِهِ مَسْجِدًا فِيمَا إِذَا لَمْ يَكُنْ وَقْفًا عَلٰى مَصَالِحِ المَسْجِدِ وَبِهِ صَرَّحَ فِي الإِسْعَافِ فَقَالَ: وَإِذَا كَانَ السِّرْدَابُ أَوِ العُلُوُّ لِمَصَالِحِ المَسْجِدِ أَوْ كَانَا وَقْفًا عَلَيْهِ صَارَ مَسْجِدًا. اهـ. شُرُنْبُلَالِيَّةٌ.

قَالَ فِي "البَحْرِ": وَحَاصِلُهُ أَنَّ شَرْطَ كَوْنِهِ مَسْجِدًا أَنْ يَكُونَ سُفْلُهُ وَعُلُوُّهُ مَسْجِدًا لِيَنْقَطِعَ حَقُّ العَبْدِ عَنْهُ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿وَأَنَّ المَسَاجِدَ لِلّٰهِ﴾ بِخِلَافِ مَا إِذَا كَانَ السِّرْدَابُ وَالعُلُوُّ مَوْقُوفًا لِمَصَالِحِ المَسْجِدِ فَهُوَ كَسِرْدَابِ بَيْتِ المَقْدِسِ هٰذَا هُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ وَهُنَاكَ رِوَايَاتٌ ضَعِيفَةٌ مَذْكُورَةٌ فِي الهِدَايَةِ. (رد المحتار: ۳۵۶/۴، ۳۵۷، ۳۵۸، كتاب الوقف، مطلب في أحكام المسجد، ط: سعيد كراچی)

الفتاوی الهندية: ۴۵۴/۲، ۴۵۵، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر في المسجد، ومايتعلق به، الفصل الأول: فيمايصير به مسجداً...الخ؛ ط: رشيدية كوئٹه.

البحر الرائق: ۲۵۱/۵، كتاب الوقف، فصل: في أحكام المساجد، ط: سعيد كراچی.

(۱) (قَوْلُهُ: وَالمُصَلّٰى) شَمِلَ مُصَلَّى الجَنَازَةِ وَمُصَلَّى العِيدِ قَالَ بَعْضُهُمْ: يَكُونُ مَسْجِدًا حَتّٰى إِذَا مَاتَ لَا يُورَثُ عَنْهُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: هٰذَا فِي مُصَلَّى الجَنَازَةِ أَمَّا مُصَلَّى العِيدِ لَا يَكُونُ مَسْجِدًا مُطْلَقًا وَإِنَّمَا يُعْطٰى لَهُ حُكْمُ المَسْجِدِ فِي صِحَّةِ الِاقْتِدَاءِ بِالإِمَامِ وَإِنْ كَانَ مُنْفَصِلًا عَنِ الصُّفُوفِ وَفِيمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَلَيْسَ لَهُ حُكْمُ المَسْجِدِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يَكُونُ مَسْجِدًا حَالَ أَدَاءِ الصَّلَاةِ لَا غَيْرُ وَهُوَ وَالجَبَّانَةُ سَوَاءٌ وَيُجَنَّبُ هٰذَا المَكَانُ عَمَّا يُجَنَّبُ عَنْهُ المَسَاجِدُ احْتِيَاطًا. اهـ. خَانِيَّةٌ وَإِسْعَافٌ وَالظَّاهِرُ تَرْجِيحُ الأَوَّلِ؛ لِأَنَّهُ فِي الخَانِيَّةِ يُقَدِّمُ الأَشْهَرَ. (رد المحتار: ۳۵۶/۴، كتاب الوقف، مطلب في أحكام المسجد، ط: سعيد كراچی) =

☆......اور اگر اعتکاف میں بیٹھنے سے پہلے سے معلوم ہے کہ معتکف کو ایسے صحن پر آنا پڑے گا تو گویا استثنا کی نیت ہوگی اور استثنا کے وقت نکلنا جائز ہے۔(۱)

☆......اگر صحن مسجد کے لیے وقف ہو، اور اس کے نیچے دکان نہیں تو وہ مسجد ہے تو معتکف کے لیے وہاں آنا، نماز پڑھنا، بیٹھنا وغیرہ جائز ہے اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

دنیاوی کام مشغول ہونا

اعتکاف کی حالت میں ضرورت کے بغیر کسی دنیاوی کام میں مشغول ہونا مکروہ تحریمی ہے، مثلاً خرید وفروخت یا تجارت کا کوئی کام کرنا، ہاں اگر کوئی کام نہایت ضروری ہے مثلاً گھر میں کھانے کو نہ ہو اور اس کے سوا اطمینان کے قابل کوئی دوسرا شخص خریدنے والا نہ ہو، تو ایسی حالت میں مسجد میں رہ کر خرید وفروخت کرنا جائز ہے، مگر جس چیز کو خریدا گیا ہے اگر اس کو مسجد میں لانے سے مسجد خراب اور گندہ ہونے یا راستہ رک جانے کا خوف ہو تو کسی حال میں بھی اس کو مسجد میں لانا جائز نہیں ہوگا، ہاں اگر مسجد

= امداد الفتاوی:۲/۱۸۲، کتاب الصوم والاعتکاف، باب الاعتکاف، [س:۲۱۹: خروج معتکف بسوئے صحن مسجد کہ بسقف دکانہا باشد]، ۲/۶۱۶-۶۲۸، کتاب الوقف، احکام المسجد، [س:۶۱۷: صحن مسجد وسقف]، ط: مکتبۃ المعارف کراچی۔

(۱،۲) وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ الالتِزَامَ أن يَخرُجَ إلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلاةِ الجَنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ له ذلك كَذَا في التَّتَارخَانِيَّة نَاقِلًا عن الحُجَّةِ. (الفتاوی الهندیه: ۱/۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشیدیه کوئٹه)

وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ الالتِزَامَ أن يَخرُجَ إلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلاةِ الجَنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ له ذلك. (التاتارخانیه: ۲/۳۱۲، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قدیمی کتب خانه کراچی)

(قوله: واغتسال من جنابة باحتلام) ... وفی التتارخانية عن الحجة لو شرط وقت النذر أن يخرج لعيادة المريض وصلاة الجنازة وحضور مجلس علم جاز ذلک فليحفظ اهـ در. (حاشية الطحطاوی علی المراقی: ص: ۳۸۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانه کراچی/ص: ۵۷۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: مکتبه انصارية هرات افغانستان)

خراب ہونے یا جگہ رُک جانے کا خوف نہ ہو تو بعض کے نزدیک جائز ہے۔(۱)

دوا لینے کے لیے باہر جانا

معتکف دوا لینے کے لیے باہر جائے گا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا، دوا کسی دوسرے آدمی سے منگوانی چاہیے، ڈاکٹر کو دکھانا ہو تو مسجد میں بلا لے ورنہ مسجد سے باہر نکلنے کی صورت میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا، مزید ''بیمار ہو گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں!۔(۲)

---

(۱) (قَولُهُ: وَلَا بَاسَ أن يَبِيعَ وَيَبتَاعَ فِي المَسجِدِ مِن غَيرِ أن يُحضِرَ السِّلعَةَ) يَعنِي مَا لَا بُدَّ مِنهُ كَالطَّعَامِ وَالكِسوَةِ لِأَنَّهُ قَد يَحتَاجُ إلَى ذَلِكَ بِأن لَا يَجِدَ مَن يَقُومُ بِحَاجَتِهِ إلَّا أنَّهُ يُكرَهُ إحضَارُ السِّلعَةِ لِأنَّ المَسجِدَ مُنَزَّهٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ وَأمَّا البَيعُ وَالشِّرَاءُ لِلتِّجَارَةِ فَمَكرُوهٌ لِلمُعتَكِفِ وَغَيرِهِ إلَّا أنَّ المُعتَكِفَ أشَدُّ فِي الكَرَاهَةِ وَكَذَلِكَ يُكرَهُ أشغَالُ الدُّنيَا فِي المَسَاجِدِ كَتَحبِيلِ القعائد وَالخِيَاطَةِ وَالنِّسَاجَةِ وَالتَّعلِيمِ إن كَانَ يَعمَلُهُ بِأُجرَةٍ. (الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۷، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمى كتب خانه كراچى)

وَيُكرَهُ كُلُّ عَمَلٍ من عَمَلِ الدُّنيَا في المَسجِدِ وَلَو جَلَسَ المُعَلِّمُ في المَسجِدِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ فَإِن كان المُعَلِّمُ يُعَلِّمُ لِلحِسبَةِ وَالوَرَّاقُ يَكتُبُ لِنَفسِهِ فَلَا بَأسَ بِهِ لِأَنَّهُ قُربَةٌ وَإِن كان بِالأُجرَةِ يُكرَهُ إلَّا أن يَقَعَ لَهُمَا الضَّرُورَةُ كَذَا في مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ. (الفتاوى الهنديه: ۵/۳۲۱، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ فى آدَابِ المَسجِدِ ط: رشيديه كوئٹه)

(قَولُهُ: إحضَارُ مَبِيعٍ فِيهِ) لِأَنَّ المَسجِدَ مُحرَزٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ وَفِيهِ شَغلُهُ بِهَا وَدَلَّ تَعلِيلُهُم أنَّ المَبِيعَ لَو لَم يَشغَلِ البُقعَةَ لَا يُكرَهُ إحضَارُهُ كَدَرَاهِمَ يَسِيرَةٍ أو كِتَابٍ وَنَحوِهِ بَحرٌ لَكِنْ مُقتَضَى التَّعلِيلِ الأوَّلِ الكَرَاهَةُ وَإِن لَم يَشتَغِل نَهرٌ. قُلت: التَّعلِيلُ وَاحِدٌ وَمَعنَاهُ أنَّهُ مُحرَزٌ عَن شَغلِهِ بِحُقُوقِ العِبَادِ وَقَولُهُم وَفِيهِ شَغلُهُ بِهَا نَتِيجَةُ التَّعلِيلِ وَلِذَا أبدَلَهُ فِي المِعرَاجِ بِقَولِهِ: فَيُكرَهُ شَغلُهُ بِهَا فَافهَم. وَفِي "البَحرِ": وَأفَادَ إطلَاقُهُ أنَّ إحضَارَ مَا يَشتَرِيهِ لِيَأكُلَهُ مَكرُوهٌ وَيَنبَغِي عَدَمُ الكَرَاهَةِ كَمَا لَا يَخفَى اهـ أي لِأنَّ إحضَارَهُ ضَرُورِيٌّ لِأجلِ الأكلِ وَلِأنَّهُ لَا شَغلَ بِهِ لِأنَّهُ يَسِيرٌ.

وَقَالَ أبُو السُّعُودِ نَقَلَ الحَمَوِيُّ عَن البُرجَندِيِّ: أنَّ إحضَارَ الثَّمَنِ وَالمَبِيعِ الَّذِي لَا يَشغَلُ المَسجِدَ جَائِزٌ اهـ. (قَولُهُ مُطلَقًا) أي سَوَاءٌ احتَاجَ إلَيهِ لِنَفسِهِ أو عِيَالِهِ أو كَانَ لِلتِّجَارَةِ أحضَرَهُ أو لَا كَمَا يُعلَمُ مِمَّا قَبلَهُ وَمِن الزَّيلَعِيِّ وَالبَحرِ. (الدرمع الرد: ۲/۴۴۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

(۲) (قوله: فان خرج ساعة بلاعذر فسد)... وَرَجَّحَ المُحَقِّقُ فِي "فَتحِ القَدِيرِ": قَولَهُ لِأنَّ الضَّرُورَةَ =

دوسرا عشرہ

’’پہلا عشرہ‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۶۷)

دیوار

☆......مسجد کی وہ دیواریں جن پر مسجد کی عمارت قائم ہے، مسجد ہی کے حکم میں ہوتی ہیں، لہٰذا اس دیوار میں کوئی محراب، طاقچہ، الماری، جنگلہ یا کھڑکیاں بنی ہوئی ہوں یا لاؤڈ اسپیکر لگا ہوا ہو تو ان مقامات پر معتکف آ جا سکتا ہے، یہاں آنے، چڑھنے، بیٹھنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، کیونکہ یہ مسجد ہے۔(۱)

= التی یُنَاطُ بها التَّخفِیفُ اللَّازِمَةُ أو الغَالِبَةُ وَلَیسَ هُنَا كَذَلِكَ وَأَرَادَ بِالعُذرِ ما یَغلِبُ وُقُوعُهُ كَالمَوَاضِعِ التی قَدَّمَهَا وَإِلَّا لو أُرِیدَ مُطلَقُهُ لَكَانَ الخُرُوجُ نَاسِیًا أو مُكرَهًا غیر مُفسِدٍ لِكَونِهِ عُذرًا شَرعِیًا وَلَیسَ كَذَلِكَ بَل هو مُفسِدٌ كما صَرَّحُوا بِهِ، وَبِمَا قَرَّرنَاهُ ظَهَرَ القَولُ بِفَسَادِهِ فیما إذَا خَرَجَ لِانهِدَامِ المَسجِدِ أو لِتَفَرُّقِ أَهلِهِ أو أَخرَجَهُ ظَالِمٌ أو خَافَ علی مَتَاعِهِ كما فی "فتاوی قاضیخان" وَ"الظَّهِیرِیَّة" خِلَافًا لِلشَّارِحِ الزَّیلَعِیِّ، أو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ وَإِن تَعَیَّنَت علیه أو لِنَفِیرٍ عَامٍّ أو لِأَدَاءِ شَهَادَةٍ أو لِعُذرِ المَرَضِ أو لِإِنقَاذِ غَرِیقٍ أو حَرِیقٍ فَفَرَّقَ الشَّارِحُ هُنَا بین هذه المَسَائِلِ حَیثُ جَعَلَ بَعضَهَا مُفسِدًا وَالبَعضَ لَا تَبَعًا لِصَاحِبِ "البَدَائِعِ" مِمَّا لَا یَنبَغِی، نعم الكُلُّ عُذرٌ مُسقِطٌ لِلإِثمِ بَل قد یَجِبُ علیه الإِفسَادُ إذَا تَعَیَّنَت علیه صَلَاةُ الجَنَازَةِ أو أَدَاءُ الشَّهَادَةِ بِأَن كان یَتوِی حَقُّهُ إن لم یَشهَد أو لِإِنجَاءِ غَرِیقٍ وَنَحوِهِ وَالدَّلِیلُ علی ما ذَكَرَهُ القَاضِی ما ذَكَرَهُ الحَاكِمُ فی "كَافِیهِ" بِقَولِهِ: فَأَمَّا فی قول أبی حَنِیفَةَ فَاعتِكَافُهُ فَاسِدٌ إذَا خَرَجَ سَاعَةً لِغَیرِ غَائِطٍ أو بَولٍ أو جُمُعَةٍ اه. فَكَانَ مُفَسِّرًا لِلعُذرِ المُسقِطِ لِلفَسَادِ ...أو فَسَدَ بِصُنعِهِ لِعُذرٍ كما إذَا مَرِضَ فَاحتَاجَ إلَی الخُرُوجِ فَخَرَجَ أو بِغَیرِ صُنعِهِ رَأسًا كَالحَیضِ وَالجُنُونِ وَالإِغمَاءِ الطَّوِیلِ وَالقِیَاسُ فی الجُنُونِ الطَّوِیلِ أَن یُسقِطَ القَضَاءَ كما فی صَومِ رَمَضَانَ إلَّا أَنَّ فی الِاستِحسَانِ یَقضِی لِأَنَّهُ لَا حَرَجَ فی قَضَاءِ الِاعتِكَافِ كَذَا فی "البَدَائِعِ". (البحر الرائق:(۲/۳۰۲، ۳۰۳) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط:سعید کراچی)

ردالمحتار :(۲/۴۴۷) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

الفتاوی الهندية:(۱/۲۱۲) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشیدیة کوئٹه.

(۱) ۲۶ـ :حائط المسجد من داخله وخارجه: له حکم فی وجوب صیانته وتعظیم حرماته وکذا=

☆...... مسجد کی جو دیوار الگ بنی ہوئی ہو یا اس کے متعلق شبہ ہو کہ پتہ نہیں کہ مسجد کے بانی نے اس کو مسجد میں شامل کیا ہے یا نہیں، یا دیوار تو نہ ہو بلکہ کوئی ایسی جگہ جس کے متعلق شبہ ہو کہ معلوم نہیں یہ مسجد میں شامل ہے یا نہیں، تو جب تک تحقیق نہ کرلے کہ یہ مسجد میں شامل ہے اس وقت تک وہاں جانا جائز نہیں۔(۱)

دیوانہ ہوجائے

"بے ہوش ہوجائے" عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲٤٦)

= سطحه والبئر التی فیه و کذا رحبته وقد نص الشافعی وأصحابه علی صحة الاعتکاف فی رحبته وسطحه وصحة صلاة المأموم فیهما مقتدیاً بمن فی المسجد و کذلک یعتبر سطح المسجد کالمسجد فی بقية المذاهب. (الفِقهُ الإسلامیُّ وأدلّتُهٗ: (۱/ ۴۷۴، ۴۷۵)البَابُ الأوّل: الطّهارَات، الفَصلُ الخَامِس: الغُسل، ملحقان بالغسل: الملحق الأول فی أحکام المساجد، ط: الحقانیۃ بشاوَر)

(۱) امداد الفتاوی:۲/۱۸۲، ۱۸۳، کتاب الصوم والاعتکاف، باب الاعتکاف، [س:۲۲۲_۲۲۳: حکم دیوار مسجد در حق معتکف، وخارج بودن فصیل از مسجد، ط: مکتبۃ دار العلوم کراچی] . [فتاوی دار العلوم دیوبند:۶/۳۱۳، کتاب الصوم، دسواں باب مسائل اعتکاف، [سوال:۴۸۷: معتکف کے لئے مسجد کا فصیل صحن میں داخل ہے یا نہیں؟]، ط: دار الاشاعت کراچی۔

ڈ

ڈاکٹر کے پاس جانا

اگر معتکف بیمار ہوا، ڈاکٹر کے پاس جانے کے بغیر کوئی چارہ نہیں، اور وہ مسجد سے نکل کر ڈاکٹر کے پاس چلا گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، قضا لازم ہوگی، گناہ نہیں ہوگا۔(۱)

ڈاکٹر کے لیے نکلنا

معتکف کا ساتھی ایسے وقت شدید بیمار ہوا کہ ڈاکٹر کے پاس جانے کے لیے یا ڈاکٹر کو لانے کے لیے دوسرا آدمی نہیں ہے، تو معتکف ہی کو مجبوراً ڈاکٹر کے لیے یا دوا کے لیے نکلنا پڑا تو اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، قضا لازم ہوگی، مگر گناہ نہیں ہوگا۔(۲)

(۱،۲)(''دوا لینے کے لیے باہر جانا''/''بیمار ہو گیا'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!) اور ''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

ذ

ذکر کرنے کے لیے وضو کرنا

اگر معتکف ذکر کرنا چاہتا ہے اور وضو نہیں ہے تو ذکر کرنے کے لیے وضو کرنے وضو خانہ میں نہیں جا سکتا، اگر گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، کیونکہ یہ حاجت شرعیہ میں سے نہیں ہے۔(۱)

---

(۱) (قال) ولاينبغي للمعتكف أن يخرج من المسجد إلّا لجمعة أو غائط أو بول ، أمّا الخروج للبول والغائط فلحديث عائشة رضى الله عنها ، قالت : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لايخرج من معتكفه إلّا لحاجة الإنسان ؛ ولأنّ هذه الحاجة معلوم وقوعها في زمان الاعتكاف ولايمكن قضاؤها في المسجد ، فالخروج لأجلها صار مستثنىٰ بطريق العادة . (كتاب المبسوط للسرخسي : (۳/۱۱۷) باب الاعتكاف ، ط: دار المعرفة بيروت)

وعن عائشة قالت : السنة على المعتكف أن لايعود مريضًا ولايشهد جنازة ، ولايمس امرأة ولايباشرها ، ولايخرج لحاجة إلّا لما لا بدّ منه ، ولا اعتكاف الا بصوم ، ولا اعتكاف الّا في مسجد جامع . رواه أبو داود .

(قوله : ولا يخرج لحاجة إلّا لمالابدّ منه) فيه دليل على المنع من الخروج لكلّ حاجة من غير فرق بين ما كان مباحًا أو قربة أو غيرهما ، إلّا الّذي لابدّ منه كالخروج لقضاء الحاجة وما في حكمها . (نيل الأوطار: (۲۸۱/۴،۲۸۲) كتاب الاعتكاف ، رقم الحديث : ۱۰ ، ط: إدارة القرآن)

ر

رات کا اعتکاف

اگر کوئی شخص رات کے اعتکاف کی منت مانے تو وہ لغو ہو جائے گی کیونکہ نذر کے اعتکاف میں روزہ ضروری ہے اور رات روزہ کا محل نہیں ہے، ہاں اگر رات دن دونوں کی نیت کرے یا صرف چند دن کی نیت کرے تو پھر رات ضمناً داخل ہو جائے گی، اور رات کو بھی اعتکاف کرنا ضروری ہوگا۔(۱)

رجوع کرنا

اگر معتکف نے اعتکاف میں آنے سے پہلے یا اعتکاف کے دوران بیوی کو طلاق رجعی دی ہے تو اعتکاف کے دوران اس سے زبانی طور پر رجوع کر سکتا ہے،

(۱) (وهو) ثلاثة أقسام (واجب بالنذر)...(وشرط الصوم) لصحة (الأول) اتفاقا (فقط) على المذهب (فلو نذر اعتكاف ليلة لم يصح) وإن نوى معها اليوم لعدم محليتها للصوم أما لو نوى بها اليوم صح والفرق لا يخفى (بخلاف ما لو قال) في نذره ليلا ونهارا (فإنه يصح و) إن لم يكن الليل محلا للصوم لأنه (يدخل الليل تبعا) ...اه.وفي "الشامية": (قَولُهُ: وَإن نَوَى مَعَهَا اليَومَ) أمَّا لَو نَذَرَ اعتِكَافَ اليَومِ وَنَوَى اللَّيلَةَ مَعَهُ لَزِمَاهُ كَمَا فِي البَحرِ. (قَولُهُ: وَالفَرقُ لَا يَخفَى) وَهُوَ أنَّهُ فِي الأُولَى لَمَّا جَعَلَ اليَومَ تَبَعًا لِلَّيلَةِ وَقَد بَطَلَ نَذرُهُ فِي المَتبُوعِ وَهُوَ اللَّيلَةُ بَطَلَ فِي التَّابِعِ وَهُوَ اليَومُ وَفِي الثَّانِيَةِ أطلَقَ اللَّيلَةَ وَأرَادَ اليَومَ مَجَازًا مُرسَلًا بِمَرتَبَتَينِ حَيثُ استَعمَلَ المُقَيَّدَ وَهُوَ اللَّيلَةُ فِي مُطلَقِ الزَّمَنِ ثُمَّ استَعمَلَ هَذَا المُطلَقَ فِي المُقَيَّدِ وَهُوَ اليَومُ فَكَانَ اليَومُ مَقصُودًا. (الدر مع الرد: ۲/۴۴۱، ۴۴۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

البحر الرائق: ۲/۳۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتهُ: ۲/۶۱۷، البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: الاعتكاف، المبحث الثاني: حكم الاعتكاف وما يوجبه النذر على المعتكف، المطلب الأول: حكم الاعتكاف، ط: الحقانية بشاور.

یعنی زبانی طور پر یہ کہے کہ ”میں نے رجوع کرلیا“۔(۱)

رسول اللہ ﷺ کا اعتکاف

نبی کریم ﷺ رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں اعتکاف فرماتے تھے، جہاں رمضان کا اخیر عشرہ آتا تو آپ ﷺ کے لیے مسجد میں ایک جگہ مخصوص کردی جاتی اور وہاں آپ ﷺ کے لیے چٹائی وغیرہ کا کوئی پردہ ڈال دیا جاتا، یا وہاں کوئی چھوٹا سا خیمہ نصب ہوجاتا، اور بیسویں تاریخ کو فجر کی نماز پڑھ کر آپ ﷺ وہاں چلے جاتے تھے، اور عید کا چاند دیکھ کر وہاں سے باہر تشریف لاتے تھے، اس درمیان میں آپ ﷺ کھانا پینا برابر وہیں تناول فرماتے، اور وہیں سوتے۔ آپ ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے جس کو آپ کی زیارت مقصود ہوتی وہیں چلی جاتیں اور تھوڑی دیر بیٹھ کر چلی آتیں، اور آپ ﷺ بغیر کسی شدید ضرورت کے وہاں سے باہر تشریف نہیں لاتے۔

ایک مرتبہ آپ ﷺ کو سر صاف کرانا مقصود تھا اور ام المؤمنین حضرت عائشہ

---

(۱) وَلَا بَاسَ لِلْمُعْتَكِفِ أَن يَبِيعَ وَيَشْتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلْبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأْكُلَ وَيَشْرَبَ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ إِلَى طُلُوعِ الفَجرِ وَيَتَحَدَّثَ مَا بَدَا لَهُ بَعدَ أَن لَا يَكُونَ صَائِمًا وَيَنَامُ فِي المَسجِدِ .وَالمُرَادُ مِنَ البَيعِ وَالشِّرَاءِ هُوَ كَلَامُ الإِيجَابِ وَالقَبُولِ مِن غَيرِ نَقلِ الأَمتِعَةِ إِلَى المَسجِدِ ؛لِأَنَّ ذَلِكَ مَمنُوعٌ عَنهُ لِأَجلِ المَسجِدِ لِمَا فِيهِ مِن اتِّخَاذِ المَسجِدِ مَتجَرًا لَا لِأَجلِ الاعتِكَافِ وَحُكِيَ عَن مَالِكٍ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ البَيعُ فِي المَسجِدِ كَأَنَّهُ يُشِيرُ إِلَى مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: جَنِّبُوا مَسَاجِدَكُم صِبيَانَكُم وَمَجَانِينَكُم وَبَيعَكُم وَشِرَائَكُم وَرَفعَ أَصوَاتِكُم وَسَلَّ سُيُوفِكُم .(بدائع الصنائع:(۲/۱۱۶، ۱۱۷) کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل وَأَمَّا رُكنُ الاعتِكَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما يُفسِدُهُ وما لا يُفسِدُهُ، ط: سعيد كراچی)

(قَولُهُ: وَأَكلُهُ وَشُربُهُ وَنَومُهُ وَمُبَايَعَتُهُ فِيهِ) يَعنِي يَفعَلُ المُعتَكِفُ هَذِهِ الأَشيَاءَ فِي المَسجِدِ فَإِن خَرَجَ لِأَجلِهَا بَطَلَ اعتِكَافُهُ ؛لِأَنَّهُ لَا ضَرُورَةَ إِلَى الخُرُوجِ حَيثُ جَازَت فِيهِ ... وَأَرَادَ بِالمُبَايَعَةِ البَيعَ وَالشِّرَاءَ وَهُوَ الإِيجَابُ وَالقَبُولُ وَأَشَارَ بِالمُبَايَعَةِ إِلَى كُلِّ عَقدٍ احتَاجَ إِلَيهِ فَلَهُ أَن يَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ كَمَا فِي البَدَائِعِ. (البحر الرائق:(۲/۳۰۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی)

الجوهرة النيرة:(۱/۱۷۷) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمی كتب خانه كراچی

رضی اللہ عنہا حیض سے تھیں، تو آپ ﷺ نے سر مبارک کھڑکی سے باہر کر دیا اور ام المؤمنین نے مَل کر صاف کر دیا۔ (۱)

رکن

اعتکاف کا صرف ایک رکن ہے، اور وہ ہے "ٹھہرنا"۔ (۲)

(۱) وقد ذكرنا هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في صيامه وقيامه وكلامه فلنذكر هَديه في اعتكافه.
كان صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يعتكِف العشر الأواخر من رمضان حتى توفّاه اللّٰه عَزَّ وجَلَّ وتركه مرة فقضاه في شوّال. واعتكف مرة في العشر الأول ثم الأوسط ثم العشر الأخير يلتمس ليلة القدر ثم تبيَّن له أنها في العشر الأخير فداوم على اعتكافه حتى لحق بربه عَزَّ وجَلَّ. وكان يأمر بخباءٍ يُضرب له في المسجد يخلو فيه بربه عَزَّ وجَلَّ. وكان إذا أراد الاعتكاف صلّى الفجر ثم دخله فأمر به مرة فَضُرِب فأمر أزواجه بأخبيتهنّ فضُربت فلما صلّى الفجر نظر فرأى تلك الأخبية فأمر بخبائه فَقُوِّضَ وترك الاعتكاف في شهر رمضان حتى اعتكف في العشر الأول من شوّال.
☜ وكان يعتكِفُ كل سنة عشرة أيام فلما كان في العام الذي قُبِض فيه اعتكف عشرين يوماً وكان يعارضه جبريل بالقرآن كل سنةٍ مرة فلما كان ذلك العام عارضه به مرّتين وكان يَعرِضُ عليه القرآن أيضاً في كل سنة مرة فعرض عليه تلك السنة مرّتين. وكان إذا اعتكف دخل قُبّته وحده وكان لا يدخل بيته في حال اعتكافه إلا لحاجة الإنسان وكان يُخرِجُ رأسه من المسجد إلى بيت عائشة فترجّله وتغسله وهو في المسجد وهي حائض وكانت بعضُ أزواجه تزورُه وهو معتكِفٌ فإذا قامت تذهبُ قامَ معها يَقلِبُها وكان ذلك ليلاً ولم يُباشر امرأة مِن نسائه وهو معتكف لا بِقُبلَةٍ ولا غيرها وكان إذا اعتكف طُرِحَ له فراشُه ووضِع له سريرُه في معتكفه وكان إذا خرج لحاجته مرَّ بالمريض وهو على طريقه فلا يُعرِّجُ عليه ولا يَسألُ عنه. واعتكف مرة في قبة تُركية وجعل على سدتها حصيراً كلّ هذا تحصيلاً لمقصود الاعتكاف وروحه عكسَ ما يفعلُه الجهالُ من اتخاذ المعتكف موضِعَ عِشرة ومجلبة للزائرين وأخذهم بأطراف الأحاديث بينهم فهذا لون والاعتكاف النبوى لون. والله الموفق. (زاد المعاد في هدى خير العباد: ٢/٨٨، ٨٩، فصل: في هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت)
☜ صحيح البخاري: ١/٢٧٣، كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب الاعتكاف في شوال، ط: قديمي كتب خانه كراچي.
☜ صحيح مسلم: ١/٣٧١، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.
(٢) فَرُكنُ الِاعتِكافِ هو اللُّبثُ وَالإِقَامَةُ يُقَالُ اعتَكَفَ وَعَكَفَ أي أَقَامَ. (بدائع الصنائع: =

رمضان کے اخیر عشرے کا اعتکاف

رمضان المبارک کے آخری عشرے کا اعتکاف سنت مؤکدہ کفایہ ہے، اور یہ واجب اور نفل اعتکاف سے الگ ہے۔(۱)

= ۱۱۳/۲، ۱۱۴، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: رکن الاعتکاف ومحظوراته... ألخ، ط: سعید کراچی)

(المبحث الرابع: ما يلزم المعتكف وما يجوز له:

اتفق الفقهاء على أنه يلزم المعتكف في الاعتكاف الواجب البقاء في المسجد لتحقيق ركن الاعتكاف وهو المكث والملازمة والحبس ولا يخرج إلا لعذر شرعي أو ضرورة أو حاجة. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۶۲۱/۲، البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوزله، ط: الحقانيّة بشاور)

الجوهرة النيرة: ۱۷۵/۱، ۱۷۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

(۱) ((وسنة مؤكدة في العشر الأخير من رمضان) أى سنة كفاية كما في البرهان وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة (مستحب في غيره من الأزمنة) هو بمعنى غير المؤكدة. وفي "الشامية": (قوله: أى سنة كفاية) نظيرها إقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر، ولو كان سنة عين لأثموا بترك السنة المؤكدة إثما دون إثم ترك الواجب كما مر بيانه في كتاب الطهارة. (الدرمع الرد: ۴۴۲/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

وَيَنقَسِمُ إلَى وَاجِبٍ وهو المَنذُورُ تَنجِيزًا أو تَعلِيقًا وَإِلَى سُنَّةٍ مُؤَكَّدَةٍ وهو في العَشرِ الأَخِيرِ من رَمَضَانَ وَإِلَى مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هَكَذَا في فَتحِ القَدِيرِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۱/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأماشروطه، ط: رشيدية كوئٹه)

الجوهرة النيرة: ۱۷۵/۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى.

(فقال الحنفية: الاعتكاف ثلاثة أنواع: واجب وسنة مؤكدة ومستحب...... وأما السنة المؤكدة على سبيل الكفاية: فهي اعتكاف العشر الأواخر من رمضان لاعتكافه صلّى الله عليه وسلم العشر الأواخر من رمضان حتى توفاه الله ثم اعتكف أزواجه بعده. (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۶۱۲/۲، البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحث الثاني: حكم الاعتكاف...، ط: الحقانيّة بشاور)

روزہ اور اعتکاف میں فرق

معتکف کے لیے اپنی بیوی کو شہوت سے چھونا، بوس و کنار کرنا، ہر قسم کے شہوانی تعلق قائم کرنا اور مباشرت کرنا منع ہے، چاہے دن میں ہو یا رات میں دونوں کا حکم برابر ہے۔

علامہ عینی رحمہ اللہ نے اس بات پر علماء کا اتفاق نقل کیا ہے کہ معتکف کے لئے بیوی سے لطف اٹھانا، اور لذت حاصل کرنا حرام ہے۔

اور روزہ میں آفتاب غروب ہونے کے بعد سے صبح صادق تک سب کچھ جائز ہے، البتہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک ہمبستری کرنا منع ہے، باقی بیوی کو چھونا اور نفس پر قابو ہونے کی صورت میں بوس و کنار کرنا منع نہیں ہے، اگر چہ احتیاط بہتر ہے۔

خلاصہ یہ کہ روزہ میں کچھ گنجائش ہے، لیکن اعتکاف میں بالکل گنجائش نہیں ہے، اللہ کے گھر مسجد میں تو خواہش نفسانی والے امور کی گنجائش ہی نہیں ہے، اگر مسجد میں پیشاب پاخانہ کرنے کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے پیشاب پاخانے کے لئے گھر جانا پڑے تب بھی ان چیزوں سے بچنا لازم ہے، اسی وجہ سے حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آخری عشرہ میں بیویوں سے بالکل علیحدگی اختیار کر لیتے تھے، اور عام بول چال یا کسی ضروری کام کے علاوہ باقی تمام چیزوں سے دور رہتے تھے۔(۱)

---

(۱) قال ابن أبي حاتم : وروي عن ابن مسعود و محمد بن كعب و مجاهد و عطاء والحسن و قتادة والضحاک والسدي والربيع بن أنس و مقاتل قالوا : لايقربها وهو معتكف ، وهٰذا الّذي حكاه عن هؤلاء هو الأمر المتفق عليه عند العلماء أنّ المعتكف يحرم عليه النّساء مادام معتكفًا في مسجده . (عمدة القاري : (۱۱/۱۴۲) كتاب الاعتكاف ، باب الاعتكاف في العشر الأواخر، ط: مکتبه رشیدیه ، سر کی روڈ ، کوئٹه ، پاکستان)

روزہ توڑ دیا

☆......معتکف دن میں قصداً روزہ توڑ دے تو روزہ فاسد ہونے کے ساتھ ساتھ اعتکاف بھی فاسد ہو جائے گا۔

☆......روزے کے دوران بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا تو اعتکاف بھی نہیں ٹوٹے گا۔(۱)

روزہ رکھنے کی طاقت نہیں تو کیا مسنون اعتکاف ہو جائے گا؟

مسنون اعتکاف صحیح ہونے کے لیے روزہ شرط ہے، لہٰذا روزہ کے بغیر مسنون اعتکاف صحیح نہیں ہوگا، البتہ نفلی اعتکاف صحیح ہو جائے گا کیونکہ نفلی اعتکاف کے لیے روزہ شرط نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) وَلَا يَبْطُلُ بِإِنْزَالٍ بِفِكْرٍ أَوْ نَظَرٍ وَلَا بِسُكْرٍ لَيْلًا وَلَا بِأَكْلٍ نَاسِيًا لِبَقَاءِ الصَّوْمِ بِخِلَافِ أَكْلِهِ عَمْدًا؛ وفي "الشامية": (قَوْلُهُ: وَلَا بِأَكْلٍ نَاسِيًا إلَخْ) وَالْأَصْلُ أَنَّ مَا كَانَ مِنْ مَحْظُورَاتِ الِاعْتِكَافِ وَهُوَ مَا مُنِعَ مِنْهُ لِأَجْلِ الِاعْتِكَافِ لَا لِأَجْلِ الصَّوْمِ لَا يَخْتَلِفُ فِيهِ الْعَمْدُ وَالسَّهْوُ وَالنَّهَارُ وَاللَّيْلُ؛ كَالْجِمَاعِ وَالْخُرُوجِ مِنْ الْمَسْجِدِ وَمَا كَانَ مِنْ مَحْظُورَاتِ الصَّوْمِ وَهُوَ مَا مُنِعَ مِنْهُ لِأَجْلِ الصَّوْمِ يَخْتَلِفُ فِيهِ الْعَمْدُ وَالسَّهْوُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ كَالْأَكْلِ وَالشُّرْبِ بدائع. (الدر مع الرد: ۴۵۰/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچى)

🗁 البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى.

🗁 بدائع الصنائع: ۱۱۶/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل: ركن الاعتكاف ومحظوراته...الخ،ط:سعيد كراچى.

(۲) (وشرط الصوم) لصحة(الأول)اتفاقا(فقط)على المذهب؛وفي "الشامية": (قوله:وشرط الصوم لصحة الأول)أي النذر...(قوله:على المذهب)راجع لقوله فقط وهو رواية الأصل ومقابله رواية الحسن أنه شرط للتطوع أيضا وهو مبنى على اختلاف الرواية في أن التطوع مقدر بيوم أو لا ففي رواية الأصل غير مقدر فلم يكن الصوم شرطا له وعلى رواية تقديره بيوم وهي رواية الحسن أيضا يكون الصوم شرطا له كما في البدائع وغيرها.

🗁 قلت: ومقتضى ذلك أن الصوم شرط أيضا في الاعتكاف المسنون لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر، ينبغي أن لا يصح عنه بل يكون نفلا فلا تحصل =

روک لیا

اگر معتکف استنجا یا پاخانہ کے لیے نکلا، کسی نے جبراً اسے روک لیا، مثلاً قرض خواہ نے روک لیا اور وہ ایک ساعت کے لیے بھی رک گیا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

رومال

"ٹوپی" کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۸۱)

رومال رکھنا

معتکف اپنے مقام پر کپڑا یا رومال رکھ سکتا ہے، جس سے اس کی جگہ باقی رہے اور دوسرا آدمی اس جگہ پر نہ آئے۔(۲)

= به إقامة سنة الكفاية. (الدرمع الرد: ۲/ ۴۴۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)

الهداية: ۲۴۶/ ۲۴۷، كتاب الاعتكاف، ط: رحمانية لاهور.

البحرالرائق: ۲/ ۲۹۹، ۳۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف ط: مير محمد كتب خانه كراچي/ ص: ۵۷۸، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

(۱) أو خرج هو لبول أو غائط، فحبسه الغريم ساعة فسد اعتكافه في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى. (الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۱/ ۲۲۲، كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه)

الدر مع الرد: ۲/ ۴۴۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

خلاصة الفتاوى: ۱/ ۲۶۸، كتاب الصوم، الفصل السادس في الاعتكاف، جنس آخر، ط: مكتبه انصاريه كوئٹه.

(۲) وَتَخصِيصُ مَكَانٍ لِنَفسِهِ، وَلَيسَ لَهُ إزعَاجُ غَيرِهِ مِنهُ وَلَو مُدَرِّسًا، وَإِذَا ضَاقَ فَلِلمُصَلِّي إزعَاجُ القَاعِدِ وَلَو مُشتَغِلًا بِقِرَائَةٍ أَو دَرسٍ.

وفي "الشامية": (قَولُهُ: وَتَخصِيصُ مَكَانٍ لِنَفسِهِ) لِأَنَّهُ يُخِلُّ بِالخُشُوعِ، كَذَا فِي "القُنيَة": أي لِأَنَّهُ إِذَا اعتَادَهُ ثُمَّ صَلَّى فِي غَيرِهِ يَبقَى بَالُهُ مَشغُولًا بِالأَوَّلِ، بِخِلَافِ مَا إِذَا لَم يَألَف مَكَانًا مُعَيَّنًا (قَولُهُ: وَلَيسَ لَهُ إلخ) قَالَ فِي "القُنيَة": لَهُ فِي المَسجِدِ مَوضِعٌ مُعَيَّنٌ يُوَاظِبُ عَلَيهِ وَقَد شَغَلَهُ غَيرُهُ. =

ریح

☆...... صحیح قول کے مطابق معتکف ریح خارج کرنے کے لیے (ہوا چھوڑنے کے لیے) مسجد سے باہر چلا جائے، مسجد میں ریح خارج نہ کرے، اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا، مگر ریح خارج ہونے کے بعد باہر رُکے نہیں، ورنہ رکنے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

☆...... معتکف کی ریح خارج ہونے لگے، اگر ممکن ہو سکے تو اس کو مسجد سے باہر جا کر خارج کرے اگر بلا اختیار مسجد ہی میں خارج ہو جائے تو بھی مضائقہ نہیں، معذور ہے۔(۲)

= قَالَ الْأَوزَاعِيُّ : لَهُ أن يُزعِجَهُ وَلَيسَ لَهُ ذٰلِكَ عِندَنَا اهـ أي لِأنَّ المَسجِدَ لَيسَ مِلكًا لِأحَدٍ، "بَحر" عَن "النِّهَايَة"؛ قُلت : وَيَنبَغِي تَقيِيدُهُ بِمَا إذَا لَم يَقُم عَنهُ عَلَى نِيَّةِ العَودِ بِلا مُهلَةٍ، كَمَا لَو قَامَ لِلوُضُوءِ مَثَلًا وَلا سِيَّمَا إذَا وَضَعَ فِيهِ ثَوبَهُ لِتَحَقُّقِ سَبقِ يَدِهِ تَأمَّل. (الدر مع الرد: (۱/ ۶۶۲) كتاب الصلوة، قبيل: مطلب: فيمن سبقت يده الى مباح، ط: سعيد كراچى)

الموسوعة الفقهية الكويتية": (۳۶/ ۳۶۱) آدَابُ المَجلِسِ، مِن آدَابِ المَجلِسِ مَا يَلِي: ب ـ: تَجَنُّبُ إقَامَةِ شَخصٍ مِن مَجلِسِهِ :ط: وزارة الأوقاف والشؤون الإسلامية الكويت.

البحر الرائق: (۲/ ۳۵) كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: لما فرغ من بيان الكراهة فى الصلوة، /وهكذا فيه: (۵/ ۲۵۰) كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المسجد، ط: سعيد كراچى.

(۱، ۲) وفى "ردالمحتار": وَفِي الخِزَانَةِ : وَإذَا فَسَا فِي المَسجِدِ لَم يَرَ بَعضُهُم بِهِ بَأسًا. وَقَالَ بَعضُهُم : إذَا احتَاجَ إلَيهِ يَخرُجُ مِنهُ وَهُوَ الأصَحُّ. اهـ. (ردالمحتار: ۱/ ۱۷۲، كتاب الطهارة، قبيل مطلب يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، ط: سعيد كراچى)

ردالمحتار: ۱/ ۶۵۶، كتاب الصلوة، مطلب فى أحكام مسجد، ط: سعيد كراچى.

سُئِلَ أبو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى عن المُعتَكِفِ إذَا احتَاجَ إلَى الفَصدِ أو الحِجَامَةِ هل يَخرُجُ فَقَال لَا؛ وفى اللَّآلِيْ وَاختُلِفَ فى الذى يَفسُو فى المَسجِدِ فلم يَرَ بَعضُهُم بَأسًا وَبَعضُهُم قالوا لَا يَفسُو وَيَخرُجُ إذَا احتَاجَ إلَيهِ وهو الأصَحُّ كَذَا فى التُّمُرتَاشِيِّ. (الفتاوى الهندية: ۵/ ۳۲۰، ۳۲۱، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ فى آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ... اهـ، ط: رشيديه كوئٹه)

الأشباه والنظائر : (ص: ۳۶۰) الفن الثالث في أحكام المسجد ، ط: قديمى .

ز

زبردستی نکال دیا

"فاسد کرنے والی چیزیں" عنوان کے تحت اسٹار نمبر ۹ میں دیکھیں! (ص: ۳۱۰)

زوال کا وقت

عین زوال کے وقت کوئی بھی نماز پڑھنا اور سجدہ کرنا جائز نہیں ہے (۱) البتہ نماز کے علاوہ باقی تمام عبادتیں جائز ہیں، مثلاً قرآن مجید کی تلاوت کرنا، ذکر واذکار، درود شریف اور استغفار وغیرہ سب جائز ہیں۔ (۲)

زینہ

اگر مسجد ایک سے زائد منزل پر مشتمل ہے تو ہر منزل پر اعتکاف کرنا درست

(۱) ثلاث ساعات لا تجوز فیها المکتوبة ولا صلاة الجنازة ولا سجدة التلاوة...... وعند الانتصاف الی ان تزول، هندية: ۱/ ۵۲. کتاب الصلوة ،الباب الاول فی المواقیت ،الفصل الثالث فی بیان الاوقات التی لا تجوز فیها الصلوة وتکره فیها. ط: رشیدية کوئٹه. الفتاویٰ التاتارخانية: ۱/ ۴۰۷، ۴۰۸، کتاب الصلوة ،الفصل الاول فی المواقیت ، نوع آخر فی بیان الاوقات التی یکره فیها الصلوة. ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية کراچی. البحر الرائق: ۱/ ۲۴۹. کتاب الصلاة، ط: سعید کراچی.

(۲) الصلاة فیها علی النبی صلی الله علیه وسلم افضل من قراء ة القرآن وکأنه لا نها من ارکان الصلوة (قال الشامی تحته) وقوله الصلاة فیها ای فی الاوقات الثلاثة وکالصلوة والدعاء والتسبیح کما هو فی البحر عن البغية، شامی: ۱/ ۳۷۴. کتاب الصلاة، مطلب یشترط العلم بدخول الوقت، ط: سعید کراچی. البحر الرائق: ۱/ ۲۵۱ کتاب الصلوة .ط: سعید .

و (کره) تحریما وکل مالایجوز مکروه (صلاة) مطلقا (ولو) قضاء او واجبة اونفلا الخ. الدر مع الرد: ۱/ ۳۷۰. کتاب الصلاة ، مطلب یشترط العلم بدخول الوقت ط: سعید کراچی.

ہے، اور کسی ایک منزل میں اعتکاف کی غرض سے بیٹھ جانے کے بعد اس کی دوسری منزل پر بھی معتکف جاسکتا ہے، بشرطیکہ آنے جانے کا زینہ مسجد کے اندر ہی ہو، مسجد کی حدود سے باہر نہ ہو، اگر مسجد کی حدود سے دو چار سیڑھیاں بھی باہر ہو جاتی ہوں تو بھی جائز نہیں ہے۔(۱)

---

(۱) (قَولُهُ: وَالوَطءُ فَوقَهُ وَالبَولُ وَالتَّخَلِّي) أي وَكُرِهَ الوَطءُ فَوقَ المَسجِدِ وَكَذَا البَولُ وَالتَّغَوُّطُ لِأَنَّ سَطحَ المَسجِدِ لَهُ حُكمُ المَسجِدِ حَتَّى يَصِحُّ الِاقتِدَاءُ مِنهُ بِمَن تَحتَهُ وَلَا يَبطُلُ الِاعتِكَافُ بِالصُّعُودِ إلَيهِ. (البحر الرائق :(۳۴/۲) كتاب الصلاة،فصل لمّا فرغ من بيان الكراهة في الصلاة شرع في بيانها خارجها مما هو من توابعها،ط:سعيد كراچى)

قَالَ رَحِمَهُ اللَّهُ: (وَالوَطءُ فَوقَهُ) أي فَوقَ المَسجِدِ وَالبَولُ وَالتَّخَلِّي لِأَنَّ سَطحَ المَسجِدِ مَسجِدٌ إلَى عَنَانِ السَّمَاءِ وَلِهَذَا يَصِحُّ اقتِدَاءُ مَن بِسَطحِ المَسجِدِ بِمن فِيهِ إذَا لَم يَتَقَدَّم عَلَى الإِمَامِ وَلَا يَبطُلُ الِاعتِكَافُ بِالصُّعُودِ إلَيهِ. (تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي:(۱/۲۱۹) كتاب الصلوة، فصلٌ:كُرِهَ استِقبَالُ القِبلَةِ بِالفَرجِ فِي الخَلَاءِ،ط:دار الكتب العلمية بيروت)

(قَالَ): (وَصُعُودُ المُعتَكِفِ عَلَى المِئذَنَةِ لَا يُفسِدُ اعتِكَافَهُ) أَمَّا إذَا كَانَ بَابُ المِئذَنَةِ فِي المَسجِدِ فَهُوَ وَالصُّعُودُ عَلَى سَطحِ المَسجِدِ سَوَاءٌ وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ فَكَذَلِكَ مِن أَصحَابِنَا مَن يَقُولُ: هَذَا قَولُهُمَا فَأَمَّا عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنهُ فَيَنبَغِي أَن يَفسُدَ اعتِكَافُهُ لِلخُرُوجِ مِن المَسجِدِ مِن غَيرِ ضَرُورَةٍ وَالأَصَحُّ أَنَّهُ قَولُهُم جَمِيعًا وَاستَحسَنَ أَبُو حَنِيفَةَ هَذَا؛ لِأَنَّهُ مِن جُملَةِ حَاجَتِهِ فَإِنَّ مَسجِدَهُ إنَّمَا كَانَ مُعتَكَفًا لِإِقَامَةِ الصَّلَاةِ فِيهِ بِالجَمَاعَةِ وَذَلِكَ إنَّمَا يَتَأَتَّى بِالأَذَانِ وَهُوَ بِهَذَا الخُرُوجِ غَيرُ مُعرِضٍ عَن تَعظِيمِ البُقعَةِ أَصلًا بَل هُوَ سَاعٍ فِيمَا يَزِيدُ فِي تَعظِيمِ البُقعَةِ فَلِهَذَا لَا يَفسُدُ اعتِكَافُهُ. (المبسوط للسرخسي:(۱۴۰/۳، ۱۴۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ الِالتِزَامَ أَن يَخرُجَ إلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَهُ ذَلِكَ كَذَا فِي "التَّتَارخَانِيَّةِ" نَاقِلًا عَن "الحُجَّةِ". (الفتاوى الهندية:(۱/۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف،وأمامفسداته،ط:رشيديه كوئٹه)

التاتارخانية:(۲/۲۱۲) كتاب الصوم،الفصل الثاني عشر في الاعتكاف،ط:قديمي كتب خانه كراچى.

حاشية الطحطاوي على المراقي:(ص: ۳۸۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچى/(ص: ۵۷۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان.

س

سامان

تجارتی یا غیر تجارتی سامان مسجد میں لا کر بیچنا یا خریدنا ناجائز ہے۔(۱)

سامان ساتھ رکھنا

معتکفین کے لیے حسب ضرورت اپنے ساتھ سامان رکھنا جائز ہے، مثلا بستر، کپڑے، تکیہ، چادر، برتن، تیل، صابن وغیرہ رکھنا درست ہے، سنت کے خلاف نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) یکرہ تحریماً عند الحنفیة : إحضار المبیع فی المسجد؛ لأن المسجد محرر من حقوق العباد فلا یجعله کالدکان.

ویکرہ عقد ما کان للتجارة لأن المعتکف منقطع إلی الله تعالی فلا یشتغل بأمور الدنیا. (الفِقهُ الإسلامیُّ وأدلَّتُهُ:(۶۲۳/۲)البَابُ الثَّالث: الصِّیامُ والاعتکاف،الفَصلُ الثَّانی : الاعتِکاف، المبحث الرابع:مایلزم المعتکف ومایجوزله،/المبحث الخامس : آداب المعتکف ومکروهات الاعتکاف ومبطلاته،ط: الحقانیَّة بشاور)

ومنها إحضار سلعة فی المسجد للبیع أما عقد البیع لما یحتاج لنفسه أو لعیاله بدون إحضار السلعة فجائز بخلاف عقد التجارة فإنه لا یجوز. (کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة:(۲۹۸/۱)کتاب الصیام،کتاب الاعتکاف، مکروهات الاعتکاف و آدابه،ط: دارالحدیث القاهرة)

(قَولُهُ وَلَا بَأسَ أَن یَبِیعَ وَیَبتَاعَ فِی المَسجِدِ مِن غَیرِ أَن یُحضِرَ السِّلعَةَ) یَعنِی مَا لَا بُدَّ مِنهُ کَالطَّعَامِ وَالکِسوَةِ لِأَنَّهُ قَد یَحتَاجُ إلَی ذَلِکَ بِأَن لَا یَجِدَ مَن یَقُومُ بِحَاجَتِهِ إلَّا أَنَّهُ یُکرَهُ إحضَارُ السِّلعَةِ لِأَنَّ المَسجِدَ مُنَزَّهٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ . (الجوهرة النیرة:(۱۴۷/۱)باب الاعتکاف، کتاب الصوم،ط:قدیمی کتب خانه کراچی)

(۲) وأمَّا آدابه : فمنها أن یستصحب ثوبا غیر الذی علیه لأنه ربما احتاج. (کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۲۹۸/۱ ، کتاب الصیام،کتاب الاعتکاف، مکروهات الاعتکاف و آدابه،ط: دارالحدیث القاهرة) =

سائبان

بعض مساجد میں صحن کی دونوں جانب سائبان ہوتے ہیں، جس میں بسا اوقات مکتب چلتا ہے، اس کے بارے میں بھی کمیٹی سے معلوم کرلیا جائے کہ یہ مسجد میں داخل ہے یا نہیں، اگر داخل ہے تو بہتر، (۱) ورنہ وہاں جانے سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا، (۲) اگر یہ مسجد میں داخل ہے تو اس میں معتکفین کے لیے آنا اور رہنا جائز ہوگا، البتہ شدیدی مجبوری کے بغیر بچوں کو اس میں تنخواہ لے کر تعلیم دینا مکروہ ہوگا۔ (۳)

سبق

اعتکاف سے یہ سبق ملتا ہے کہ بندے کو پوری زندگی میں فضول کام اور فضول باتوں سے بچنا چاہیے اور اپنے نفس کو قابو میں رکھنا چاہیے، اور ہر وقت اللہ کی یاد دل میں تازہ رکھنی چاہیے۔ (۴)

= (قَولُهُ وَلَا بَأسَ أَن يَبِيعَ وَيَبتَاعَ فِي المَسجِدِ مِن غَيرِ أَن يُحضِرَ السِّلعَةَ) يَعنِي مَا لَا بُدَّ مِنهُ كَالطَّعَامِ وَالكِسوَةِ لِأَنَّهُ قَد يَحتَاجُ إِلَى ذَلِكَ بِأَن لَا يَجِدَ مَن يَقُومُ بِحَاجَتِهِ إِلَّا أَنَّهُ يُكرَهُ إِحضَارُ السِّلعَةِ لِأَنَّ المَسجِدَ مُنَزَّهٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ. (الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۷، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

(۱) امداد الفتاویٰ: ۲/۶۰۹، کتاب الوقف، أحکام المسجد، [س: ۷۵۷: یعنی حکم سائبان در مسجد]، ط: مکتبۃ المعارف کراچی۔

(۲) فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ۶/۳۱۳، کتاب الصوم، دسواں باب مسائل اعتکاف، [سوال: ۴۸۷: معتکف کے لئے مسجد کا فسیل صحن میں داخل ہے یا نہیں؟]، ط: دار الاشاعت کراچی۔

(۳) ''اجرت لے کر کام کرنا'' / ''تعلیم دینا'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۴) وشرع لهم الاعتكاف الذى مقصوده وروحه عكوف القلب على الله تعالى وجمعيته عليه والخلوة به والانقطاع عن الاشتغال بالخلق والاشتغال به وحده سبحانه بحيث يصير ذكره وحبه والإقبال عليه فى محل هموم القلب وخطراته فيستولى عليه بدلها ويصير الهم كله به والخطرات كلها بذكره والتفكر فى تحصيل مراضيه وما يقرب منه فيصير أنسه بالله بدلا عن أنسه بالخلق =

سجدہ تلاوت ادا کرنے کے لیے وضو کرنا

اگر معتکف پر سجدۂ تلاوت باقی ہے اور ادا کرنا چاہتا ہے لیکن وضو نہیں ہے تو وضو کرنے کے لیے وضو خانہ جا سکتا ہے۔(۱)

سر باہر نکالا

معتکف مسجد میں رہتے ہوئے مسجد سے صرف سر یا ہاتھ باہر نکال دے اور باقی جسم اندر رہے تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۲)

=فيعده بذلك لأنسه به يوم الوَحشة في القبور حين لا أنيس له ولا ما يفرحُ به سواه فهذا مقصود الاعتكاف الأعظم. (زاد المعاد في هدى خير العباد: ۲/۸۷، فصل: في هَديه صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف : مؤسسة الرسالة بيروت)

وَمَحَاسِنُ الاعتِكَافِ ظَاهِرَةٌ فَإِنَّ فِيهِ تَسلِيمَ المُعتَكِفِ كُلِّيَّتَهُ إِلَى طَاعَةِ اللّٰهِ لِطَلَبِ الزُّلفَى وَتَبعِيدَ النَّفسِ عَن شُغلِ الدُّنيَا الَّتِي هِيَ مَانِعَةٌ عَمَّا يَستَوجِبُهُ العَبدُ مِنَ القُربَى. (الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي)

مراقي الفلاح": ص: ۱۸۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امداديه ملتان.

حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۸۷، ۳۸۸، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: پير محمد كتب خانه كراچي/، ص: ۵۸۴، ۵۸۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

(۱) وَمِن الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ لا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إِلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا في المُحِيطِ. (الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۲، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الدر مع الرد: ۲/۴۴۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي.

الجوهرة النيرة: ۱/۱۷۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

(۲) إذا كان دَارُهُ بِجَنبِ المَسجِدِ فَأَخرَجَ رَأسَهُ إِلَى دَارِهِ لَا يَفسُدُ اعتِكَافُهُ لِأَنَّ ذلك ليس بِخُرُوجٍ ألا ترى أَنَّهُ لو حلف لَا يَخرُجُ من الدَّارِ فَفَعَلَ ذلك لَا يَحنَثُ في يَمِينِهِ.

وَرُوِيَ عن عَائِشَةَ رضي اللّٰهُ عنها أنها قالت: "كان رسول اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم يُخرِجُ رَأسَهُ من المَسجِدِ فَيَغسِلُ رَأسَهُ" وَإِن غَسَلَ رَأسَهُ في المَسجِدِ في إِنَاءٍ لَا بَأسَ بِهِ إِذَا لم يُلَوِّث =

سر پر تیل لگانا

معتکف اعتکاف کی حالت میں سر پر تیل لگا سکتا ہے۔(۱)

سر جھاڑنا

اگر معتکف واجب غسل کے لیے مسجد سے باہر نکلا اور غسل سے فارغ ہونے کے بعد باہر سر جھاڑنے لگا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا، قضا لازم ہوگی۔(۲)

سردی میں دھوپ لینے کے لیے باہر نکلنا

''گرمی سے بچنے کے لیے باہر نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳٤۹)

= المَسجِدَ بِالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإِن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ ولو تَوَضَّأَ في المَسجِدِ في إنَاءٍ فَهُوَ على هذا التَّفصِيلِ. (بدائع الصنائع: ۱۱۵/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچی)

البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

ردالمحتار: ۴۴۵/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

(۱) وَلَا بَأسَ لِلمُعتَكِفِ أَن يَبِيعَ وَيَشتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأكُلَ وَيَشرَبَ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ إلَى طُلُوعِ الفَجرِ. (بدائع الصنائع: ۱۱۶/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچی)

وَيَلبَسُ المُعتَكِفُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَدهُنُ رَأسَهُ كَذَا فِي الخُلَاصَةِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۳/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما محظوراته، ط: رشيدية كوئٹه)

وَفِي "الظهيرية": وَلِلمُعتَكِفِ أَن يَأكُلَ وَيَشرَبَ بَعدَ المَغرِبِ وَيَتَحدَّث وَ ينام وَيَدَّهِنَ. (التاتارخانية: ۳۱۲/۲، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمي كتب خانه كراچی)

(۲) وَمِنَ الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ لا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا في المُحِيطِ. (الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الفتاوى التاتارخانية: ۳۱۳/۲، كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمي كراچی.

الجوهرة النيرة: ۱۷۶/۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچی.

سر منڈانا

معتکف اعتکاف کی حالت میں مسجد کے اندر سر وغیرہ منڈا سکتا ہے اور حجامت بنا سکتا ہے، لیکن پوری احتیاط کے ساتھ کرے، تاکہ بال وغیرہ مسجد میں گرنے نہ پائے۔(۱)

سر منڈوانے کے لیے نکلنا

''بال بنوانے کے لیے نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۳۲)

سگریٹ

اگر معتکف بیڑی اور سگریٹ پینے کا عادی ہے، رات میں دس مرتبہ سے زیادہ بیڑی سگریٹ پیتا ہے تو ایسے آدمی کو اعتکاف کرنے سے پہلے بیڑی سگریٹ چھوڑنے کی کوشش کرنی چاہیے، اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو تعداد اور مقدار کم کردینا چاہیے، اور اگر ان تمام کوششوں کے باوجود بھی کچھ پینا پڑے تو جس وقت استنجا اور وضو کے لیے نکلے اس وقت بیڑی سگریٹ کی حاجت پوری کرے، خاص بیڑی، سگریٹ پینے کے لیے نہ نکلے ورنہ اعتکاف فاسد ہوجائے گا، (۲) مگر جب مجبور ہوجائے اور طبیعت خراب ہونے کا ڈر ہو تو اس کے لیے بھی نکل سکتا ہے کہ ایسی اضطراری حالت کے

---

(۱) سُئِلَ أبو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعالَى عن المُعتَكِفِ إذَا احتاجَ إلَى الفَصدِ أو الحِجَامَةِ هل يَخرُجُ ؟فقال: لا. (الفتاوى الهندية: ۵/ ۳۲۰، ۳۲۱، كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ فِي آدَابِ المَسجِدِ وَالقِبلَةِ...اه، ط: رشيديه كوئٹه)

وإن غسل رأسه في المسجد في إناء لا بأس به إذا لم يلوث المسجد بالماء المستعمل ، فإن كان بحيث يتلوّث المسجد يمنع منه ؛ لأنّ تنظيف المسجد واجب . (بدائع الصنائع : (۱۱۵/۲) كتاب الاعتكاف ، فصل : وأمّا ركن الاعتكاف ومحظوراته ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۲/ ۳۰۳) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: سعيد .

''بال بنوانے کے لیے نکلنا''/''حجامت بنوانا'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں.

(۲)(''جنازہ آگیا/ جنازہ تیار تھا'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

وقت یہ طبعی ضرورت میں شمار ہوگا اور اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

''فتاویٰ رشیدیہ'' میں ہے:

''معتکف کو جائز ہے کہ مغرب کی نماز کے بعد مسجد سے باہر جا کر حقہ پی کر اور کلی کر کے بُو زائل کر کے مسجد میں چلا آئے۔(۲)

سنت مؤکدہ کی تعریف

سنت مؤکدہ وہ فعل ہے جس کو نبی کریم ﷺ یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ہمیشہ کیا

---

(۱)(''حاجاتِ طبعیہ'' عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۲) (وإذا سَكِرَ المُعتَكِفُ لَيلًا لم يُفسِد اعتِكافَهُ لِأنَّهُ تَناوَلَ مَحظُورَ الدِّينِ لَا مَحظُورَ الاعتِكافِ كما لو أكَلَ مَالَ الغَيرِ كَذا في فَتاوَى قاضِي خَان. (الفتاوى الهندية: ۲۱۳/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما محظوراته، ط: رشيدية كوئٹه)

(قَالَ): وَلَا يُفسِدُ الاعتِكافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ فَإنَّ حُرمَةَ هٰذِهِ الأشيَاءِ لَيسَ لِأجلِ الاعتِكافِ ألَا تَرَى أنَّهُ كَانَ مُحرِمًا قَبلَ الاعتِكافِ وَلَا يَفُوتُ بِهِ رُكنُ الاعتِكافِ وَهُوَ اللُّبثُ وَلَا شَرطُهُ وَهُوَ الصَّومُ وَكَذٰلِكَ إن سَكِرَ لَيلًا لِمَا بَيَّنَّا أنَّ حُرمَةَ السُّكرِ لَيسَت لِأجلِ الاعتِكافِ فَلَا يَكُونُ مُؤثِّرًا فِيهِ. (المبسوط للسرخسي: ۱۲۰/۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وَلَا يُفسِدُ الاعتِكافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ وَلَا سُكرٌ فِي اللَّيلِ. (البحر الرائق: ۳۰۳/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي)

وَلَو سَكِرَ لَيلًا لَا يَفسُدُ اعتِكافُهُ خِلَافًا لِلشَّافِعِي وَأحمَدَ وَعِندَ مَالِكٍ السُّكرُ يَمنَعُ ابتِدَاءَ الاعتِكافِ وَبَقَاءَهُ وَلَا يُفسِدُهُ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ وَلَا كَبِيرَةٌ مِمَّا لَا يُفسِدُ الصَّومَ وَعِندَ مَالِكٍ يُفسِدُهُ الكَبَائِرُ دُونَ الصَّومِ فِي رِوَايَةٍ وَفِي رِوَايَةٍ لَا تُبطِلُهُ كَقَولِ الجُمهُورِ. (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: ۲۳۱/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۵/۱، كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه.

التاتارخانية: ۳۱۴/۲، كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

بدائع الصنائع: ۱۱۶/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچي.

خلاصة الفتاوى: ۲٦۸/۱، كتاب الصوم، الفصل السادس في الاعتكاف، جنس آخر، ط: مكتبه حبيبيه كوئٹه.

الدر المختار: ۴۵۰/۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي. =

ہو، اور کسی عذر کے بغیر ترک نہ کیا ہو، اور ترک کرنے والے پر کسی قسم کا زجر اور تنبیہ نہ کی ہو، اس کا حکم بھی عمل کے اعتبار سے واجب کا ہے، یعنی عذر کے بغیر چھوڑنے والا اور اس کی عادت بنانے والا فاسق اور گنہ گار ہے اور نبی کریم ﷺ کی شفاعت سے محروم رہے گا، ہاں اگر کبھی چھوٹ جائے تو مضائقہ نہیں۔(۱)

سیڑھی

''چھت'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۰۷)

= ''فتاویٰ رشیدیہ'': ص:۴۶۱، کتاب الصوم، اعتکاف کا بیان، [سوال: معتکف حقہ کہاں پیئے؟]، ط: سعید کراچی]

(۱) (قَوْلُهُ: وَسُنَّةٌ إلَخ) اعلَم أَنَّ الْمَشْرُوعَاتِ أَرْبَعَةُ أَقْسَامٍ فَرْضٌ وَوَاجِبٌ وَسُنَّةٌ وَنَفلٌ فَمَا كَانَ فِعلُهُ أَوْلَى مِن تَرْكِهِ مَعَ مَنعِ التَّرْكِ إن ثَبَتَ بِدَلِيلٍ قَطعِيٍّ فَفَرضٌ أَو بِظَنِّيٍّ فَوَاجِبٌ وَبِلَا مَنعِ التَّرْكِ إن كَانَ مِمَّا وَاظَبَ عَلَيهِ الرَّسُولُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ أَوِ الخُلَفَاءُ الرَّاشِدُونَ مِن بَعدِهِ فَسُنَّةٌ وَإِلَّا فَمَندُوبٌ وَنَفلٌ. وَالسُّنَّةُ نَوعَانِ: سُنَّةُ الهُدَى وَتَركُهَا يُوجِبُ إسَاءَةً وَكَرَاهِيَةً كَالجَمَاعَةِ وَالأَذَانِ وَالإِقَامَةِ وَنَحوِهَا. وَلَمَّا لَم تَكُن مِن مُكَمِّلَاتِ الدِّينِ وَشَعَائِرِهِ سُمِّيَت سُنَّةَ الزَّوَائِدِ بِخِلَافِ سُنَّةِ الهُدَى وَهِيَ السُّنَنُ المُؤَكَّدَةُ القَرِيبَةُ مِنَ الوَاجِبِ الَّتِي يُضَلَّلُ تَارِكُهَا؛ لِأَنَّ تَركَهَا استِخفَافٌ بِالدِّينِ. (ردالمحتار: ۱/۱۰۲،۱۰۳، کتاب الطهارة، سنن الوضوء، مطلب فی السنة و تعريفها، ط: سعيد كراچی)

حاشية الطحطاوی علی المراقی: ص:۶۴،۶۵، کتاب الطهارة، فصل فی سنن الوضوء، ط: قديمی كتب خانه كراچی/ص:۵۰،۵۱، کتاب الطهارة، فصل فی سنن الوضوء، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان.

البحرالرائق: ۱/۱۷، کتاب الطهارة، سنن الوضوء، ط: سعيد كراچی]. [" المجموعه للقواعدالفقهية للمفتی عميم الاحسان ": ص: ۲۰۱، الرسالة الرابعة: التعريفات الفقهية، ط: مكتبة البشری كراتشی.

وَفِي الزَّيلَعِيِّ فِي بَحثِ حُرمَةِ الخَيلِ: القَرِيبُ مِنَ الحَرَامِ مَا تَعَلَّقَ بِهِ مَحذُورٌ دُونَ استِحقَاقِ العُقُوبَةِ بِالنَّارِ بَل العِتَابِ كَتَركِ السُّنَّةِ المُؤَكَّدَةِ فَإِنَّهُ لَا يَتَعَلَّقُ بِهِ عُقُوبَةُ النَّارِ وَلَكِن يَتَعَلَّقُ بِهِ الحِرمَانُ عَن شَفَاعَةِ النَّبِيِّ المُختَارِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيثِ مَن تَرَكَ سُنَّتِي لَم يَنَل شَفَاعَتِي فَتَركُ السُّنَّةِ المُؤَكَّدَةِ قَرِيبٌ مِنَ الحَرَامِ وَلَيسَ بِحَرَامٍ اهـ. وفی " الشامية ": (قوله: وَفِي الزَّيلَعِيِّ إلَخ) ... وَالمُرَادُ وَاللَّهُ تَعَالَى أَعلَمُ الشَّفَاعَةُ بِرَفعِ الدَّرَجَاتِ أَو بِعَدَمِ دُخُولِ النَّارِ لَا الخُرُوجِ مِنهَا أَو حِرمَانٌ مُؤَقَّتٌ أَو يُنَافِي وُقُوعَهَا. وَبِهِ اندَفَعَ مَا أُورِدَ أَنَّهُ لَيسَ فَوقَ مُرتَكِبِ الكَبِيرَةِ فِي الجُرمِ وَقَد قَالَ عَلَيهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ: " شَفَاعَتِي لِأَهلِ الكَبَائِرِ مِن أُمَّتِي " كَمَا ذَكَرَهُ حَسَنٌ جَلَبِي فِي حَوَاشِي التَّلوِيحِ؛ وَتَمَامُهُ فِي حَوَاشِينَا عَلَى المَنَارِ أَنَّهُ يَستَحِقُّ ذَلِكَ فَلَا. (الدر مع الرد: ۶/۳۳۷،۳۳۸، کتاب الحظر والاباحة، ط: سعيد كراچی)

ش

شرط

اعتکاف کی دو شرائط ہیں:

(۱) امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک جس مسجد میں پانچوں وقت کی نماز جماعت کے ساتھ ہوتی ہے وہاں ٹھہرنا، باقی امام ابو یوسف رحمہ اللہ اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک جماعت شرط نہیں، موجودہ دور میں ان کے قول پر فتویٰ دینے میں آسانی ہے۔

(۲) اعتکاف کی نیت کے ساتھ مسجد میں ٹھہرنا۔(۱)

شرطیں

(۱) جس مسجد میں اعتکاف کیا جائے اس میں پانچوں وقت کی نماز باجماعت ہوتی ہو۔

---

(۱) (هُوَ) لُغَةً: اللُّبْثُ وَشَرْعًا: (لُبْثٌ) بِفَتْحِ اللَّامِ وَتُضَمُّ الْمُكْثُ (ذَكَرٍ) وَلَوْ مُمَيِّزًا فِي (مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ) هُوَ مَا لَهُ إِمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ أُدِّيَتْ فِيهِ الْخَمْسُ أَوْ لَا. وَعَنِ الْإِمَامِ اشْتِرَاطُ أَدَاءِ الْخَمْسِ فِيهِ وَصَحَّحَهُ بَعْضُهُمْ وَقَالَ لَا يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسْجِدٍ وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ وَأَمَّا الْجَامِعُ فَيَصِحُّ فِيهِ مُطْلَقًا اتِّفَاقًا ... (بِنِيَّةٍ) فَاللُّبْثُ: هُوَ الرُّكْنُ وَالْكَوْنُ فِي الْمَسْجِدِ وَالنِّيَّةُ مِنْ مُسْلِمٍ عَاقِلٍ طَاهِرٍ مِنْ جَنَابَةٍ وَحَيْضٍ وَنِفَاسٍ شَرْطَانِ. وفي "الشامية": (قَوْلُهُ: وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ) وَهُوَ اخْتِيَارُ الطَّحَاوِيِّ قَالَ الْخَيْرُ الرَّمْلِيُّ: وَهُوَ أَيْسَرُ خُصُوصًا فِي زَمَانِنَا فَيَنْبَغِي أَنْ يُعَوَّلَ عَلَيْهِ وَاللَّهُ تَعَالَى أَعْلَمُ.

(الدرمع المرد: (۲/ ۴۴۰، ۴۴۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى)

البحر الرائق: (۲/ ۲۹۹،-۳۰۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹه.

(۲) اعتکاف کی نیت سے ٹھہرنا، پس اعتکاف کی نیت کے بغیر ٹھہر جانے کو اعتکاف نہیں کہتے۔اور نیت صحیح ہونے کے لیے نیت کرنے والے کا مسلمان اور عاقل ہونا شرط ہے، لہٰذا عقل اور اسلام کا شرط ہونا بھی نیت کے ضمن میں آ گیا۔

(۳) حیض اور نفاس (ماہواری اور زچگی کے خون) سے خالی اور پاک ہونا اور جنابت (ناپاکی) سے پاک ہونا۔

بالغ ہونا یا مرد ہونا اعتکاف کے لیے شرط نہیں، نابالغ مگر سمجھ دار اور عورت کا اعتکاف درست ہے، البتہ عورت گھر میں اعتکاف کرے گی، مسجد میں نہیں۔(۱)

شرعی مسجد

شرعی مسجد یا مسجد کی حدود ہے جہاں جماعت ہوتی ہے اور جنبی کا رہنا اور آنا جانا منع اور ناجائز ہے، عموماً اس کے تین حصے ہوتے ہیں۔ (۱) اندر کا چھت والا حصہ (۲) باہر کا دالان برآمدہ (۳) باہر کا صحن جس پر چھت نہیں ہے۔عام طور پر گرمی کے موسم میں اس میں جماعت ہوتی ہے اور چھت نہ ہونے کی وجہ سے وہ حصہ مسجد سے باہر نہیں ہوتا، یہ تینوں حصے عین مسجد ہیں۔ان تینوں حصوں میں معتکف کے لیے آنا جانا اور بیٹھنا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) وَشرعًا اللُّبثُ فی المَسجِدِ مع نِيَّتِهِ فَالرُّكنُ هو اللُّبثُ وَالكَونُ فی المَسجِدِ وَالنِّيَّةُ شَرطَانِ لِلصِّحَّةِ وَأمَّا الصَّومُ فَيَأتِي وَمِنهَا الإسلَامُ وَالعَقلُ وَالطَّهَارَةُ عن الجَنَابَةِ وَالحَيضِ وَالنِّفَاسِ وَأمَّا البُلُوغُ فَلَيسَ بِشَرطٍ حتى يَصِحُّ اعتِكَافُ الصَّبِيِّ العَاقِلِ كَالصَّومِ وَكَذَا الذُّكُورَةُ وَالحُرِّيَّةُ فَيَصِحُّ من المَرأةِ وَالعَبدِ بِإذنِ الزَّوجِ وَالمَولَى...(قَولُهُ وَالمَرأةُ تَعتَكِفُ فی مَسجِدِ بَيتِهَا) يُرِيدُ بِهِ المَوضِعَ المُعَدَّ لِلصَّلَاةِ لِأنَّهُ أستَرُ لها .(البحر الرائق: ۲/۲۹۹،-۳۰۱،کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی)

الفتاوی الهندية : ۱/۲۱۱، كتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتكاف،وأماشروطه،ط:رشيدية كوئٹه.

بدائع الصنائع: ۲/۱۰۸،کتاب الصوم،کتاب الاعتکاف، فصلٌ: وَأمَّا شَرَائِطُ صِحَّتِهِ، ط: سعید کراچی.

(۲)(مَا يُعتَبَرُ مِنَ المَسجِدِ وَمَا لا يُعتَبَرُ):اتَّفَقَ الفُقَهَاءُ عَلَى أنَّ المُرَادَ بِالمَسجِدِ الَّذِی =

شغب

’’شور‘‘ کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲٦۸)

شور

اعتکاف کے دوران شور وشغب کرنا مکروہ ہے اس سے بچنا ضروری ہے ورنہ ثواب کی بجائے الٹا گناہ ہوگا۔(۱)

= يَصِحُّ فِيهِ الاِعتِكَافُ مَا كَانَ بِنَاءً مُعَدًّا لِلصَّلَاةِ فِيهِ . أَمَّا رَحبَةُ المَسجِدِ، وَهِيَ سَاحَةُ الَّتِي زِيدَت بِالقُربِ مِنَ المَسجِدِ لِتَوسِعَتِهِ وَكَانَت مُحَجَّرًا عَلَيهَا فَالَّذِي يُفهَمُ مِن كَلَامِ الحَنَفِيَّةِ وَالمَالِكِيَّةِ وَالحَنَابِلَةِ فِي الصَّحِيحِ مِنَ المَذهَبِ أَنَّهَا لَيسَت مِنَ المَسجِدِ، وَمُقَابِلُ الصَّحِيحِ عِندَهُم أَنَّهَا مِنَ المَسجِدِ وَجَمَعَ أَبُو يَعلَى بَينَ الرِّوَايَتَينِ بِأَنَّ الرَّحبَةَ المَحُوطَةَ وَعَلَيهَا بَابٌ هِيَ مِنَ المَسجِدِ . وَذَهَبَ الشَّافِعِيَّةُ إِلَى أَنَّ رَحبَةَ المَسجِدِ مِنَ المَسجِدِ فَلَوِ اعتَكَفَ فِيهَا صَحَّ اعتِكَافُهُ وَأَمَّا سَطحُ المَسجِدِ فَقَد قَالَ ابنُ قُدَامَةَ: يَجُوزُ لِلمُعتَكِفِ صُعُودُ سَطحِ المَسجِدِ وَلَا نَعلَمُ فِيهِ خِلَافًا . أَمَّا المَنَارَةُ فَإِن كَانَت فِي المَسجِدِ أَو بَابُهَا فِيهِ فَهِيَ مِنَ المَسجِدِ عِندَ الحَنَفِيَّةِ وَالشَّافِعِيَّةِ وَالحَنَابِلَةِ . وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ أَو فِي رَحبَتِهِ فَهِيَ مِنهُ وَيَصِحُّ فِيهَا الاِعتِكَافُ عِندَ الشَّافِعِيَّةِ . وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ فَيَجُوزُ أَذَانُ المُعتَكِفِ فِيهَا سَوَاءٌ أَكَانَ مُؤَذِّنًا أَم غَيرَهُ عِندَ الحَنَفِيَّةِ . وَأَمَّا عِندَ الشَّافِعِيَّةِ فَقَد فَرَّقُوا بَينَ المُؤَذِّنِ الرَّاتِبِ وَغَيرِهِ فَيَجُوزُ لِلرَّاتِبِ الأَذَانُ فِيهَا وَهُوَ مُعتَكِفٌ دُونَ غَيرِهِ قَالَ النَّوَوِيُّ : وَهُوَ الأَصَحُّ . (الموسوعة الفقهية الكويتية : (۵/ ۲۲۳،۲۲۴)، ط:صادر عن : وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية الكويت)

قال الشيخ المفتى عزيز الرحمن ؒ : ’’مسجد کا اطلاق صرف مسجد کی سہ دری اور فرش پر ہی ہوتا ہے اور یہی شرعاً مسجد ہوتی ہے، معتکف کے لئے جائز نہیں کہ اس سے تجاوز کرے، اگر ایسا کیا گیا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا‘‘۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند: (۶/ ۳۱۳،۳۱۴) کتاب الصوم، دسواں باب اعتکاف اور اس کے مسائل ،[سوال :۴۸۸: اکیسویں شب میں اعتکاف میں بیٹھے تو کیا حکم ہے ؟]،ط:دار الاشاعت کراچی)

(۱) يجتنب المعتكف كل مالا يعنيه من الأقوال والأفعال ولا يكثر الكلام؛ لأن من كثر كلامه كثر سقطه وفي الحديث: من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه . ويجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلك مكروه في غير الاعتكاف ففيه أولى ولا يبطل الاعتكاف بشيء من ذلك؛ لأنه لما لم يبطل بمباح الكلام لم يبطل بمحظور . (الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۲/ ۶۳۰ ،البابُ الثّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط: الحقانيّة بشاور) =

شہادت دینے کے لیے نکلنا

اگر معتکف شہادت دینے کے لیے مسجد سے باہر نکلے گا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۱)

شہوت انگیز حرکت

اعتکاف کی حالت میں شہوت انگیز حرکتوں کا ارتکاب کرنا حرام ہے، ہاں اگر صرف خیال کرنے یا دیکھنے سے یا احتلام میں انزال ہوجائے تو اعتکاف باطل نہ ہوگا، خواہ ایسا ہونا اس کی عادت ہو یا نہ ہو۔(۲)

= المبسوط للسرخسی: ۱۴۰/۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمية بيروت لبنان.

البحر الرائق: ۳۰۳/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

(۱) ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو طبيعية) (أو) حاجة (ضرورية كانهدام المسجد) وأداء شهادة تعينت عليه (وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله) لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو متاعه من المكابرين فيدخل مسجدا من ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب) ولا إثم به؛ ... وقالا : ان خرج أكثر اليوم فسد و الا فلا. (مراقی الفلاح: (ص: ۶۹۷) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: امدادية ملتان)

حاشية الطحطاوی علی المراقی: (ص: ۳۸۳، ۳۸۴) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانه کراچی / (ص: ۵۷۹، ۵۸۰) باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: مکتبه انصارية هرات افغانستان.

الدر مع الرد: (۴۴۷/۲، ۴۴۸) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط، سعید کراچی.

(وَأَمَّا مُفْسِدَاتُهُ فَمِنهَا الخُرُوجُ مِن المَسجِدِ) وَلَو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ يَفسُدُ اعتِكَافُهُ وَكَذَا لِصَلَاتِهَا وَلَو تَعَيَّنَت عَلَيهِ أَو لِإِنجَاءِ الغَرِيقِ أَو الحَرِيقِ أَو الجِهَادِ إذَا كَانَ النَّفِيرُ عَامًّا أَو لِأَدَاءِ الشَّهَادَةِ هَكَذَا فِي "التَّبيِينِ". وَكَذَا إذَا خَرَجَ سَاعَةً بِعُذرِ المَرَضِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ هَكَذَا فِي "الظَّهِيرِيَّةِ". (الفتاوى الهندية: (۲۱۲/۱) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشيديه كوئٹه)

(۲) (أما مفسدات الاعتكاف) منها : الجماع عمدا ولو بدون إنزال سواء كان بالليل أو النهار باتفاق. أما دواعي الجماع من تقبيل بشهوة ومباشرة ونحوها فإنها لا تفسد الاعتكاف إلا بالإنزال باتفاق ثلاثة ولكن يحرم على المعتكف أن يفعل تلك الدواعي بشهوة ولا يفسده إنزال المني بفكر =

شیخ کے ساتھ اعتکاف

''اجتماعی اعتکاف'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۷۱)

شیخ کے ساتھ ایک ماہ کا اعتکاف کرنا

''ایک ماہ کا اعتکاف'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۲۷)

شیعہ

اعتکاف صحیح ہونے کے لیے مسلمان ہونا شرط ہے، شیعہ مسلمان نہیں ہیں اس لیے ان کا اعتکاف درست نہیں۔(۱)

= أو نظر أو احتلام سواء كان ذلك عادة له أو لا عند الحنفية والحنابلة . (كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: ۱/ ۲۹۴،۲۹۵، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف، ط: دارالحديث القاهرة)

البحر الرائق: ۲/ ۳۰۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

الدرمع الرد: ۲/ ۴۵۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

(وَمِنهَا الجِمَاعُ وَدَوَاعِيهِ) فَيَحرُمُ عَلَى المُعتَكِفِ الجِمَاعُ وَدَوَاعِيهِ نَحوَ المُبَاشَرَةِ وَالتَّقبِيلِ وَاللَّمسِ وَالمُعَانَقَةِ وَالجِمَاعِ فِيمَا دُونَ الفَرجِ وَاللَّيلُ وَالنَّهَارُ فِي ذَلِكَ سَوَاءٌ وَالجِمَاعُ عَامِدًا أَو نَاسِيًا لَيلًا أَو نَهَارًا يُفسِدُ الاعتِكَافَ أَنزَلَ أَو لَم يُنزِل وَمَا سِوَاهُ يُفسِدُ إِذَا أَنزَلَ وَإِن لَم يُنزِل لَا يُفسِدُ هَكَذَا فِي البَدَائِعِ . وَلَو أَمنَى بِالتَّفَكُّرِ وَالنَّظَرِ لَا يُفسِدُ اعتِكَافَهُ كَذَا فِي التَّبيِينِ. (الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۱۳ ، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته)

(۱) (وأما شروطه...ومنها الاسلام،...) لأن الكافر ليس من أهل العبادة. (الهندية: ۱/ ۲۱۱، كتاب الصوم ،الباب السابع فى الاعتكاف، ط: رشيديه كوئته)

بدائع الصنائع: ۲/ ۱۰۸ ، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل وأما شرائط صحته، ط: سعيد كراچى.

بحر الرائق : ۲/ ۲۹۹ ، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى.

ص

صابن

☆...... معتکف اپنے ساتھ مسجد میں صابن رکھ سکتا ہے۔(۱)

☆...... وضو خانہ پر بیٹھ کر صابن سے ہاتھ منہ دھونے سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔(۲)

صابن سے ہاتھ دھونا

''منجن'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:٤٠٥)

صحن

مسجد کا صحن مسجد کے حکم میں ہے اس لیے معتکف کے لیے صحن میں آنا اس میں نماز پڑھنا، بیٹھ کر ذکر اذکار کرنا درست ہے اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۳)

مزید مسجد کی حدود کے عنوان کے تحت دیکھیں!

---

(۱) مزید ''سامان ساتھ رکھنا'' عنوان کے تحت تخریج دیکھیں۔

(۲) (ولا یخرج منه) أی من معتکفه،... (إلا لحاجة شرعية)... (أو) حاجة (طبيعية) (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر (فسد الواجب). (مراقی الفلاح: (ص: ۱۷۹) کتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: امدادية ملتان)

فلایخرج المعتکف من معتکفه ليلا ولانهارا الابعذر، وان خرج من غیرعذر ساعة فسد اعتكافه)... (وَمِن الأعذارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ لا بَأسَ بأن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ فی بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كَان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا فی "المُحِيطِ". (الفتاوی الهندية: (۲۱۲/۱) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وامامفسداته، ط: رشيدية كوئٹه)

الدر المختار: (۴۴۷/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی.

(۳) (قال الشیخ المفتی عزیز الرحمٰن'': ''مسجد کا اطلاق صرف مسجد کی سہ دری اور فرش پر ہی ہوتا ہے اور یہی =

صلوٰۃ الاوابین

☆…… عام طور پر مغرب کی نماز کے بعد جو نوافل ادا کی جاتی ہے ان کو ''صلوٰۃ الاوابین'' کہتے ہیں، یہ کم از کم چھ رکعات اور زیادہ سے زیادہ بیس رکعات ہیں، اور بہتر یہ ہے کہ مغرب کی دو سنت موکدہ کے علاوہ چھ رکعتیں پڑھی جائیں، تاہم اگر وقت کم ہے تو سنت موکدہ کے بعد دو دو کر کے مزید چار رکعات پڑھ لی جائیں تب بھی انشاء اللہ اوابین کی نماز کی فضیلت حاصل ہو جائے گی۔ (۱)

☆…… حدیث میں اس نماز کی بڑی فضیلت آئی ہے، حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص مغرب کی نماز کے

= شرعاً مسجد ہوتی ہے، معتکف کے لئے جائز نہیں کہ اس سے تجاوز کرے، اگر ایسا کیا گیا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا''۔
(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/۳۱۳، ۳۱۴ کتاب الصوم، دسواں باب اعتکاف اور اس کے مسائل، [سوال: ۲۸۸: اکیسویں شب میں اعتکاف میں بیٹھے تو کیا حکم ہے ؟]، ط: دارالاشاعت کراچی)
☐ ''خارجی حصہ'' / ''شرعی مسجد'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں۔

(۱) قال رحمه الله۔ والست بعد المغرب لما روی عن ابن عمر أنه علیه الصلاة والسلام قال: "من صلی بعد المغرب ست رکعات کتب من الاوابین وتلا قوله تعالیٰ " فانه کان للأوبين غفورا" تبيين الحقائق ۱/۲۳۰ باب الوتر والنوافل، ط: سعید، هندية ۱/۱۱۲ الباب التاسع فی النوافل ط: رشیدية، بدائع الصنائع: ۱/۲۳۸، کتاب الصلوة، فصل فی صلوة المسنونة، ط، دار احياء التراث العربی، ۱/۲۸۵، ط: سعید (و ست بعد المغرب) ليكتب من الاوابین (بتسليمة) او ثنتين او ثلاث والاول ادوم واشق، وهل تحسب المؤكدة من المستحب ويؤدى الكل بتسليمة واحدة، اختار الكمال، الدر مع الرد ۲/۱۳ (قوله وهل تحسب المؤكد) ای فی الاربع بعد الظهر وبعد العشاء والست بعد المغرب (قوله اختار الكمال) نعم ذكر الكمال فی فتح القدير انه وقع اختلاف بين اهل عصره فی ان الاربع المستحبة هل هی اربع مستقلة غير ركعتی الراتبة او اربع بهما؟ وعلى الثانی هل تؤدى معهما بتسليمة واحدة اولا فقال جماعة لا، واختار هو انه اذا صلی اربعا بتسليمة او تسليمتين وقع عن السنة والمندوب، وحقق ذالك بما لا مزيد عليه واقره فی شرح المنية والبحر والنهر شامی ۲/۱۳ باب الوتر والنوافل، مطلب فی السنن والنوافل، ط: سعید.

بعد چھ رکعتیں اس طرح پڑھے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات زبان سے نہ نکالے تو یہ چھ رکعات اس کے لئے بارہ سال کی عبادت کے برابر شمار ہوں گی''۔(۱)

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ ''جس شخص نے مغرب کے بعد بیس رکعتیں پڑھیں، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنادے گا''۔(۲)

علمائے کرام اور بزرگان دین اس نماز کو بڑے اہتمام سے پڑھتے تھے، ہم سب کو بھی اس کا اہتمام کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطاء فرمائیں، آمین۔

☆......اوابین کی نماز مستحب ہے۔(۳)

صلوٰۃ التسبیح

☆......''صلوٰۃ التسبیح'' کی نماز مستحب ہے،(۱) اور اس کا ایک خاص طریقہ

(۱) عن ابی هر یرة قال قال ر سو ل الله صلی الله علیه و سلم من صلی بعد المغر ب ست ر کعا ت لم یتکلم فیما بینهن بسوء عدلن له بعبا دة ثنتی عشرة سنه (جا مع الترمذی ۱ /۹۸، ابواب الصلوة ،باب ما جاء فی فضل التطو ع ست ر کعات بعد المغر ب ابن ماجه ص/ ۸۱،باب ما جاء فی الست الر کعات بعد المغر ب ط:قدیمی .

(۲) عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من صلی بعد المغرب عشرین ر کعة بنی الله له بیتا فی الجنة ، تر مذی: ۱/ ۹۸، ابواب الصلاة، باب ماجاء فی فضل التطوع ست ر کعات بعد المغرب، ط: قدیمی کراچی. ،سنن ابن ماجه،ص: ۹۸، کتاب الصلاة، باب ماجاء فی الصلاة بین المغرب والعشاء، ط: قدیمی کراچی.

(۳) (قوله وندب الاربع قبل العصر والعشاء وبعدها والست بعد المغرب)... واما الستة بعد المغرب فلما روی ابن عمر رضی الله عنهما انه صلی الله علیه وسلم قال من صلی بعد المغرب ست ر کعات کتب من الاوابین وتلا قوله تعالیٰ للاوابین غفورا ، البحر: ۲/ ۵۰، باب الوتر والنوافل، سعید کراچی، بدائع الصنائع/ ۲۸۵ ، فصل فی الصلاة المسنونة، ط:سعید کراچی.

(۱) ونص علی استحبابها من الشافعیة ابو حامد والمحاملی والجوینی وابنه امام الحرمین والغزالی القاضی حسین والبغوی والمستولی وزاهر بن احمد السرخسی والرویانی وغیرهم ومن الحنفیة صاحب القنیة وصاحب الحاوی القدسی وصاحب الحلیة وصاحب البحر وغیرهم=

ہے، جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباسؓ کو بڑے اہتمام کے ساتھ سکھایا تھا، اور یہ فرمایا تھا کہ اس نماز کو پڑھنے سے اگلے، پچھلے، نئے پرانے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اور یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر آپ سے ہوسکے تو اس نماز کو ہر روز ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، اگر اس کی استطاعت نہیں تو ہر جمعہ کو ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، اگر اس کی بھی استطاعت نہیں تو مہینے میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں، اگر اس کی بھی طاقت نہیں تو سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں ورنہ تمام عمر میں ایک مرتبہ پڑھ لیں۔ (ترمذی)(۱)

☆......آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اگر تمہارے گناہ "عالج" کی ریت کے برابر ہوں تب بھی اس نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمادیں گے"۔

"عالج" ایک جگہ کا نام ہے جو ریتیلے علاقے میں واقع تھی جہاں ریت بہت ہوتی تھی۔(۲)

☆......بزرگان دین اور اولیاء کرام اس نماز کا خاص اہتمام کرتے تھے۔

= (معارف السنن ۱/۲۸۶، باب ماجاء فی صلاۃ التسبیح ط: دار التصنیف بنوری تاون.

(۱) عن ابی رافع قال قال رسول للہ صلی اللہ علیہ وسلم للعباس یاعم الا اصلک الا احبوک الا انفعک قال بلی یارسول اللہ قال یاعم! صل اربع رکعات تقرأ فی کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب وسورۃ فاذا انقضت القراءۃ فقل: اللہ أکبر والحمد للہ وسبحان اللہ خمس عشر مرۃ قبل ان ترکع ثم ارکع فقلھاعشرثم ارفع رأسک فقلھا عشرا ثم اسجد فقلھا عشرا ثم ارفع رأسک فقلھا عشرا ثم اسجد، فقلھا عشرا ثم ارفع رأسک فقلھا عشرا قبل ان تقوم فذالک خمس و سبعون فی کل رکعۃ وھی ثلاث مائۃ فی اربع رکعات ولو کانت ذنوبک مثل رمل عالج غفرھا اللہ لک قال یا رسول اللہ ومن یستطیع أن یقو لھافی یوم قال ان لم تستطع ان تقولھا فی یوم فقلھافی جمعۃفا ن لم تستطع ان تقولھا فی جمعۃ فقلھا فی شھر فلم یزل یقول لہ حتی قال فقلھا فی سنۃ، جامع الترمذی ۱/۱۰۹ ابواب الوتر، باب ماجاء فی صلوۃ التسبیح : ط:قدیمی، ردالمختار ۲/۲۷ باب الوتر والنوافل، مطلب فی صلاۃ التسبیح : ط:سعید، سنن ابی داود ص ۹۹ ،ط:قدیمی، باب ما جاء فی صلاۃالتسبیح، ط: قدیمی کراچی.

(۲) عالج ....واسم موضع بہ رمل کثیر، معارف السنن، باب ماجاء فی صلاۃ التسبیح: ۴/۲۹۳، ط: دار التصنیف بنوری تاون.

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ جیسے عظیم محدث روزانہ ظہر کے وقت اذان اور اقامت کے درمیان یہ نماز پڑھتے تھے۔

حضرت عبدالعزیز بن ابی داودؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص جنت میں جانا چاہے وہ ''صلوٰۃ التسبیح'' کا اہتمام کرے۔

حضرت ابو عثمان خیریؒ فرماتے ہیں کہ ''مصیبتوں اور غموں سے نجات کے لئے میں نے صلوۃ التسبیح سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں دیکھا''۔

☆......بعض محققین کا قول ہے کہ اس قدر فضیلت معلوم ہو جانے کے بعد پھر بھی اگر کوئی شخص اس نماز کو نہ پڑھے تو ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دین کی کوئی عزت نہیں کرتا۔(۱)

☆......حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا گیا کہ اس نماز کے لئے کوئی خاص سورت بھی آپ کو یاد ہے تو انہوں نے فرمایا: ہاں، الھکم التکاثر، والعصر، قل یاأیھا الکفرون، اور ''قل ھو اللہ احد''۔(۲)

---

(۱) قال البیھقی کان عبد اللہ ابن المبارک یصلیھا وتداولھا الصالحون بعضھم عن بعض....... فکان یصلیھا بالظھر بین الا ذان والاقامۃ وقال عبد العزیز بن ابی داود.وھو اقدم من ابن المبارک من أرادالجنۃ فعلیہ بصلاۃ التسبیح وقال ابو عثمان الحیری الزاھد :مارأیت للشدائد والغموم مثل صلاۃ التسبیح ....وقال بعض المحققین: بعظیم فضلھا لا یترکھا الا متھاون بالدین معارف السنن ج۴/۲۸۶،باب ما جاء فی صلاۃ التسبیح ط: دار التصنیف بنوری تاون، رد المحتار ج۲ ص/۲۷، کتاب الصلاۃ،باب الوتر والنوافل ... مطلب فی صلاۃالتسبیح ط:سعید کراچی.

(۲) قیل لا بن عباس:ھل تعلم لھذہ الصلوۃ سورۃ قال التکاثر والعصروالکافرون والاخلاص.رد المحتار: ۲/۲۷،کتاب الصلاۃ .باب الوتر والنوافل ط:سعید. معارف السنن: ۴/۲۹۱ ، باب ماجاء فی صلاۃ التسبیح ط:دار التصنیف بنوری تاون ،ھندیۃ ۱/۱۱۳ کتاب الصلاۃ، الباب التاسع فی النوافل،ط:رشیدیۃ.

☆......نماز کا طریقہ یہ ہے کہ چار رکعت نفل صلوٰۃ التسبیح کی نیت سے پڑھے باقی تمام ارکان عام نمازوں کی طرح ہیں، البتہ اس نماز کے دوران ہر رکعت میں پچھتر (۷۵) مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ" اگر اس کے ساتھ "وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ" بھی ملالے تو اور بھی اچھا ہے۔(۱)

طریقہ یہ ہے:

ا......نیت: چار رکعت صلوٰۃ التسبیح کی نماز پڑھ رہا ہوں "اللہ اکبر" پھر ہاتھ ناف کے نیچے باندھ لے اور حسب معمول ثناء پڑھے، ثناء یہ ہے "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ" پھر پندرہ مرتبہ یہ تسبیح پڑھے "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ" پھر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھے، (۲) پھر مذکورہ بالا تسبیح دس مرتبہ پڑھے، پھر

---

(۱) وهي اربع بتسليمة او تسليمتين ،يقول فيها ثلثمائة مرة سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر وفي رواية زيادة " ولا حول ولا قوة الا بالله " يقول ذلك في كل ركعة خمسة و سبعين مرة، رد المحتار: ۲/۲۷، باب الوتر والنوافل ،مطلب في صلاة التسبيح، ط: سعيد كراچي.هندية: ۱/۱۱۳، الباب التاسع في النوافل ، ط: رشيدية كوئٹه.

(۲) ....سألت عبد الله بن المبارك عن الصلوة التي يسبح فيها قال يكبر ثم يقول سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا اله غيرك ثم يقول خمس عشرة مرة سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ثم يتعوذ ويقرأ بسم الله الرحمٰن الرحيم وفاتحة الكتاب وسورة ثم يقول عشر مرات سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ثم يركع فيقولها عشراً ثم يرفع رأسه فيقولها عشرا ثم يسجد فيقولها عشراً ثم يرفع رأسه ويقولها عشراً ثم يسجد الثانية فيقولها عشرا يصلي اربع ركعات على هذ فذلك خمس وسبعون تسبيحة في كل ركعة يبدأ في كل ركعة بخمس عشرة تسبيحة ثم يقرأ ثم يسبح عشراً فان صلى ليلا فاحب الى ان يسلم في كل ركعتين وان صلى نهارا فان شاء سلم وان شاء لم يسلم،ترمذي: ۱/۱۰۹، ابواب الوتر، باب ماجاء في صلاة التسبيح، ط: قديمي.

''اللہ اکبر'' کہہ کر رکوع میں جائے۔

۲......رکوع میں جانے کے بعد حسب معمول تین مرتبہ ''سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم'' پڑھے پھر دس مرتبہ مذکورہ بالا تسبیح پڑھے اس کے بعد رکوع سے اٹھے۔

۳......رکوع سے اٹھتے ہوئے پہلے حسب معمول ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ'' کہے اور کھڑا ہو کر ''رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ'' کہے پھر کھڑے کھڑے دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے۔

۴......پھر ''اللہ اکبر'' کہتے ہوئے سجدے میں جائے اور پہلے حسب معمول ''سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی'' تین مرتبہ پڑھے پھر سجدے میں دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے اس کے بعد ''اللہ اکبر'' کہہ کر سجدے سے اٹھے۔

۵......سجدے سے اٹھ کر بیٹھے، اور بیٹھے بیٹھے دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے، پھر ''اللہ اکبر'' کہہ کر دوسرے سجدے میں جائے۔

۶......دوسرے سجدے میں جا کر حسب معمول پہلے ''سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی'' تین مرتبہ پڑھے، پھر سجدے میں دس مرتبہ وہی تسبیح پڑھے۔

۷......پھر اس کے بعد ''اللہ اکبر'' کہہ کر سجدے سے اٹھ کر دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے۔

اس طرح ایک رکعت میں پچھتر (۷۵) مرتبہ یہ تسبیحات پڑھی گئیں اسی طرح باقی تین رکعتیں بھی پڑھ لے۔ یوں چار رکعتوں میں کل تین سو تسبیحات ہو جائیں گی۔

پھر دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ سے پہلے پندرہ مرتبہ اور بسم اللہ، سورۂ فاتحہ اور دوسری سورت پڑھ کر رکوع میں جانے سے پہلے اور رکوع اور قومے میں اور دونوں سجدوں اور ان کے درمیان میں دس دس دفعہ اسی تسبیح کو پڑھے۔

☆ ...... حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے ایک اور طریقہ بھی ثابت ہے۔

وہ طریقہ یہ ہے کہ ''نیت باندھنے کے بعد ثناء، اعوذ باللہ، بسم اللہ، سورۂ فاتحہ، اور دوسری سورت کی قراءت سے فارغ ہونے کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے انہی تسبیحات کو پندرہ مرتبہ پڑھے پھر دوسرے سجدے تک دس دس مرتبہ پڑھتا رہے اور دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر بھی دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر اس کے بعد ''اللہ اکبر'' کہہ کر سیدھے کھڑے ہو جائے''۔ دوسری اور چوتھی رکعات میں التحیات کے بعد اسی تسبیح کو دس دفعہ پڑھے۔(۱)

علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ ان دونوں طریقوں سے صلوٰۃ التسبیح پڑھنی چاہئے،

---

(۱) عن ابی رافع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للعباس یا عم الا اصلک الا احبوک الا انفعک قال بلیٰ یا رسول اللہ قال یا عم صل اربع رکعات تقرأ فی کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب و سورۃ، فاذا انقضت القراءۃ فقل اللہ اکبر والحمد للہ وسبحان اللہ خمس عشرۃ مرۃ قبل ان ترکع ثم ارکع فقلھا عشراً ثم ارفع رأسک فقلھا عشراً ثم اسجد فقلھا عشراً ثم ارفع رأسک فقلھا عشرا ثم اسجد فقلھا عشراً ثم ارفع رأسک فقلھا عشرا قبل ان تقوم فذلک خمس و سبعون فی کل رکعۃ وھی ثلاث مائۃ فی اربع رکعات ولو کانت ذنوبک مثل رمل عالج غفرھا اللہ لک، ترمذی: ۱/۱۰۹، ابواب الوتر، باب ما جاء فی صلوٰۃ التسبیح، ط: قدیمی،شامی: ۲/۲۷، باب الوتر والنوافل، مطلب فی صلاۃ التسبیح، ط: سعید کراچی. حدثنا احمد بن عبدۃ الضبی قال ابو وھب قال سالت عبداللہ بن المبارک عن الصلوۃ التی یسبح فیھا قال یکبر ثم یقول سبحانک اللّٰھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالیٰ جدک ولا الٰہ غیرک ثم یقول خمس عشرۃ مرۃ سبحن اللہ والحمدللہ ولاالٰہ الا اللہ واللہ اکبر ثم یتعوذ ویقرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وفاتحۃ الکتاب وسورۃ ثم یقول عشر مرات سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ثم یرکع فیقولھا عشرا ثم یرفع رأسہ فیقولھا عشرا ثم یسجد فیقولھا عشرا ثم یرفع رأسہ ویقولھا عشرا ثم یسجد الثانیۃ فیقولھا عشرا یصلی اربع رکعات علی ھذا فذلک خمس وسبعون تسبیحۃ فی کل رکعۃ یبدأ فی کل رکعۃ بخمس عشرۃ تسبیحۃ ثم یقرأ ثم یسبح عشرا فان صلی لیلا فاحب الی ان یسلم فی کل رکعتین وان صلی نھارا فان شاء سلم وان شاء لم یسلم ،جامع الترمذی: ۱/۱۰۹، ابواب الوتر، باب ما جاء فی صلاۃ التسبیح، ط: قدیمی۔

کبھی پہلے طریقے سے کبھی دوسرے طریقے سے۔(۱)

☆...... چونکہ صلوٰۃ التسبیح میں تسبیحات ایک خاص عدد کے لحاظ سے پڑھی جاتی ہیں اس لئے تسبیحوں کو گننے کی ضرورت ہوتی ہے، اگر گنتی کی طرف خیال رہے گا تو خشوع وخضوع میں خلل آئے گا، اس لئے اگر تسبیحات کی تعداد خود بخود یاد رہتی ہے تو انگلیوں پر نہ گنے لیکن اگر کسی کو بھول ہو جاتی ہے تو انگلیوں پر گننا جائز ہے۔(۲)

اور گننے کا طریقہ یہ ہے کہ جب تسبیح ایک دفعہ پڑھ لے تو اپنے ہاتھ کی ایک انگلی کو دبادے پھر دوسری کو، اسی طرح تیسری کو چوتھی اور پانچویں کو، جب چھٹا عدد پورا ہو جائے تو دوسرے ہاتھ کی پانچوں انگلیاں یکے بعد دیگرے اسی طرح دبائے ،اس طرح پورے دس عدد ہو جائیں گے اور اگر پندرہ مرتبہ پڑھنا ہے تو ایک ہاتھ کی انگلیاں ڈھیلی کر کے پھر دبادے ،پندرہ عدد پورے ہو جائیں گے ،انگلیوں کے پوروں پر نہ گننا چاہیئے۔

---

(۱) فبعد الثناء خمسة عشر ،ثم بعد القراء ة وفى ركوعه ،والرفع منه،وكل من السجدتين ،وفى الجلسة بينهما عشرا عشرا بعد تسبيح الركوع والسجود ،وهذه الكيفية هى التى رواها الترمذى فى جامعه عن عبد الله ابن المبارك احد اصحاب ابى حنيفة الذى شاركه فى العلم والزهد والورع وعليها اقتصر فى القنية.وقال انها المختار من الروايتين والرواية الثانية: ان يقتصر فى القيام على خمسة عشر مرة بعد القراء ة؛والعشرة الباقية ياتى بها بعد الرفع من السجدة الثانية؛ واقتصر عليها فى الحاوى القدسى والحلية والبحر .وحديثها اشهر ؛لكن قال فى شرح المنية؛ ان الصفة التى ذكرها ابن المبارك هى التى ذكرها فى مختصر القدورى وهى الموافقة لمذهبنا لعدم الاحتياج فيها الى جلسة الاستراحة اذهى مكروهة عندنا :قلت:ولعله اختارها فى القنية لهذا؛ لكن علمت ان ثبوت حديثها يثبتها وان كان فيها ذلك فالذى ينبغى فعل هذه مرة وهذه مرة شامى : ۲/۲۷ ، باب الوتر والنوافل مطلب فى صلاة التسبيح: ط سعيد كراچى.

(۲) وفى القنية لا يعد التسبيحات بالاصابع ان قدر أن يحفظ بالقلب والا يغمز الاصابع . ردالمختار: ۲/۲۸ ،باب الوتر والنوافل مطلب فى صلاة التسبيح،ط:سعيد تبيين الحقائق، ۱/۴۱۵.باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها :ط:سعيد، البحر ۲/۵۱ كتاب الصلاة باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها،ط:رشيدية كوئٹه: و ۲/۲۹(قوله وعد الاى والتسبيح) ط:سعيد كراچى.

☆......اگر کوئی شخص صرف اپنے خیال میں عدد یاد رکھ سکے، بشرطیکہ پورا خیال اسی طرف نہ ہو جائے تو اور بھی بہتر ہے۔(۱)

☆......اگر کسی ایک رکن میں تسبیحات پڑھنا بھول گئے تو اگلے رکن میں قضاء کر لے، اسی طرح ہر رکعت میں پچھتر پوری ہو جائیں گی، البتہ بہتر یہ ہے کہ رکوع کی بھولی ہوئی تسبیحات قومے میں قضاء نہ کرے بلکہ سجدے میں جا کر قضاء کرے، اور پہلے سجدے کی بھولی ہوئی تسبیحات سجدوں کے درمیانی جلسے میں قضا نہ کرے بلکہ دوسرے سجدے میں قضا کرے۔(۲)

---

(۱) ومراعاة سنة التسبيح ممكنة أيضابأن يحفظ بقلبه ويضم الانامل في موضعها،لأن المكروه هو العد بالأصابع وبسبحة يمسكها بيده دون الغمزبها و الحفظ بقلبه، تبيين الحقائق: ۱/۵ ۱ ۳ باب مايفسد الصلاةوما يكره فيها. ط:سعيد، البحر الرائق ،كتاب الصلاة.باب مايفسدالصلاة وما يكره فيها :۲/ ۵۱ط رشيدية:و۲/ ۲۹ ط سعيد،شامي ۲ /۲۸ مطلب في صلاة التسبيح،ط سعيد .

(۲) قلت: واستفيد انه ليس له الرجوع الى المحل الذى سها فيه وهوظاهر ؛وينبغى كما قال بعض الشافعية ان ياتى بما ترک فيما يليه ان كان غير قصير فتسبيح الاعتدال ياتى به فى السجود ؛اما تسبيح الركوع فياتى به فى السجود ايضا لا فى الاعتدال لانه قصير ؛قلت: وكذا تسبيح السجدة الاولى ياتى به فى الثانية لا فى الجلسة لان تطويلها غير مشروع عندنا (رد المحتار ۲ ص/ ۲۷ باب الوتر والنوافل : مطلب في صلاة التسبيح ط:سعيد .

ط

طاقچہ

”دیوار“ کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۴۵)

طلاق

☆......طلاق سے اللہ ناراض ہوتا ہے (۱) اور شیطان خوش ہوتا ہے، (۲) دوخاندانوں کے درمیان دشمنی اور نفرت پیدا ہوجاتی ہے، غیبت، برائی اور الزام تراشی کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے، اور بچے ماں باپ میں سے کسی ایک کے پیار ومحبت

---

(۱) عَنِ ابنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: أَبغَضُ الحَلَالِ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى الطَّلَاقُ. (سنن أبي داود: ۱/۳۰۳، كتاب الطلاق، باب في كراهية الطلاق، ط: حقانيه ملتان)

☐ سنن ابن ماجه: ص: ۱۴۵، ابواب الطلاق، ط: قديمي كتب خانه كراچي.

☐ كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال: ۶۶۱/۹، رقم الأحاديث: ۲۷۸۷۰، ۲۷۸۷۱، ۲۷۸۷۲ كتاب الطلاق من قسم الأقوال، الفصل الثاني: في الترهيب عن الطلاق، ط: مؤسسة الرسالة بيروت.

☐ مشكوة المصابيح: ۲۸۳/۲، كتاب النكاح، باب الخلع والطلاق، الفصل الثاني، ط: قديمي كراچي.

(۲) حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بنُ العَلَاءِ وَإِسحَقُ بنُ إِبرَاهِيمَ وَاللَّفظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالَا أَخبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الأَعمَشُ عَن أَبِي سُفيَانَ عَن جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبلِيسَ يَضَعُ عَرشَهُ عَلَى المَاءِ ثُمَّ يَبعَثُ سَرَايَاهُ فَأَدنَاهُم مِنهُ مَنزِلَةً أَعظَمُهُم فِتنَةً يَجِيءُ أَحَدُهُم فَيَقُولُ فَعَلتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُولُ مَا صَنَعتَ شَيئًا قَالَ ثُمَّ يَجِيءُ أَحَدُهُم فَيَقُولُ مَا تَرَكتُهُ حَتَّى فَرَّقتُ بَينَهُ وَبَينَ امرَأَتِهِ قَالَ فَيُدنِيهِ مِنهُ وَيَقُولُ نِعمَ أَنتَ "قَالَ الأَعمَشُ أُرَاهُ قَالَ فَيَلتَزِمُهُ. (صحيح مسلم: ۳۷۶/۲، كتاب صفات المنافقين وأحكامهم، باب تحريش الشيطن وبعثه سراياه لفتنة الناس ... الخ، ط: قديمي كتب خانه كراچي) =

سے محروم ہوجاتے ہیں، اس لیے اس ناپسندیدہ کام سے ہمیشہ پرہیز کرنا چاہیے، تاہم اگر شدید مجبوری ہو اور صلح صفائی اور نباہ کی کوئی صورت نہ ہو تو سنت کے مطابق ایک ایک طلاق دینا گناہ نہیں ہوگا، اور معتکف بھی ضرورت ہو تو اعتکاف کی حالت میں طلاق دے سکتا ہے، اور ''طلاق نامہ'' بھی لکھ سکتا ہے اور لکھوا بھی سکتا ہے۔(۱)

☆......ایک ساتھ تین طلاق دینے سے تینوں طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں اور سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے گناہ بھی ہوتا ہے اس لیے ہر ایسی پاکی میں ایک ایک طلاق دے جس میں ہمبستری نہ کی ہو۔

= مشكوٰة المصابيح: ۲۸۳/۲، كتاب النكاح، باب الخلع والطلاق، الفصل الثاني، ط: قديمي كراچي.

كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال: ۲۶۲/۹، رقم الحديث: ۲۷۸۷۷، كتاب الطلاق من قسم الأقوال، الفصل الثاني: في الترهيب عن الطلاق، ط: مؤسسة الرسالة بيروت.

(۱) قال: الطلاق على ثلاثة أوجه حسن وأحسن وبدعي فالأحسن أن يطلق الرجل امرأته تطليقة واحدة في طهر لم يجامعها فيه ويتركها حتى تنقضي عدتها) لأن الصحابة رضي الله عنهم كانوا يستحبون أن لا يزيدوا في الطلاق على واحدة حتى تنقضي العدة فإن هذا أفضل عندهم من أن يطلقها الرجل ثلاثا عند كل طهر واحدة ولأنه أبعد من الندامة وأقل ضررا بالمرأة ولا خلاف لأحد في الكراهة .(والحسن هو طلاق السنة وهو أن يطلق المدخول بها ثلاثا في ثلاثة أطهار) وقال مالك رحمه الله إنه بدعة ولا يباح إلا واحدة لأن الأصل في الطلاق هو الحظر والإباحة لحاجة الخلاص وقد اندفعت بالواحدة؛ ولنا قوله عليه الصلاة والسلام في حديث ابن عمر رضي الله عنهما: "إن من السنة أن يستقبل الطهر استقبالا فيطلقها لكل قرء تطليقة" . وطلاق البدعة أن يطلقها ثلاثا بكلمة واحدة أو ثلاثا في طهر واحد فإذا فعل ذلك وقع الطلاق وكان عاصيا) .

(الهداية : ۳۷۳/۲، ۳۷۴، كتاب الطلاق، باب طلاق السنة، ط: رحمانية لاهور)

البحر الرائق: ۲۳۶/۳، ۲۳۷، كتاب الطلاق، ط: سعيد كراچي.

الدر مع الرد: ۲۲۷/۳، - ۲۳۳، كتاب الطلاق، مطلب طلاق الدور، ط: سعيد كراچي. =

طلاق ہو جائے

اگر عورت کو اعتکاف کی حالت میں طلاق دیدی گئی تو وہ اعتکاف کو جاری رکھے کیونکہ عدّت کے دوران اعتکاف میں بیٹھنا منع نہیں ہے۔(۱)

= الفتاوی الهندیة : ۱/۳۴۸، ۳۴۹، کتاب الطلاق، الباب الأول فی تفسیره و رکنه و شرطه، ط: رشیدیة کوئٹه.

(۱) (وَفِی "التَّبیینِ": وَلَو کَانَت المَرأَةُ مُعتَکِفَةً فِی المَسجِدِ فَطُلِّقَت، لَهَا أَن تَرجِعَ إِلَی بَیتِهَا وَتَبنِی عَلَی اعتِکَافِهَا . اهـ. وَیَنبَغِی أَن یَکُونَ مُفسِدًا عَلَی مَا اختَارَهُ القَاضِی ؛ لِأَنَّهُ لَا یَغلِبُ وُقُوعُهُ) [البحر الرائق: ۲/۳۰۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

(وَلَو کَانَت المَرأَةُ مُعتَکِفَةً فِی المَسجِدِ فَطُلِّقَت، لَهَا أَن تَرجِعَ إِلَی بَیتِهَا وَتَبنِی عَلَی اعتِکَافِهَا کَذَا فِی "التَّبیِینِ".) [الفتاوی الهندیة : ۱/۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشیدیة کوئٹه]

(وَلَو کانت المَرأَةُ مُعتَکِفَةً فی المَسجِدِ فَطُلِّقَت لها أن تَرجِعَ إِلَی بَیتِهَا وَتَبنِیَ علی اعتِکَافِهَا؛) [تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق وحاشیة الشِّلبیّ: ۲/۲۲۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیة].

ع

عبادت میں زیادتی کرنی چاہیے آخری عمر میں

''آخری عمر میں عبادت کرنی چاہیے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص:٦٢)

عدالت میں حاضری دینے کے لیے نکلنا

''مقدمہ کی تاریخ کے لیے نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:٣٩٨)

عدت میں اعتکاف کرنا

عدت کے دوران اعتکاف کرنا منع ہے، خواہ عدت طلاق کی ہو یا شوہر کی وفات کی، دونوں میں اعتکاف کرنا منع ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ مطلقہ عورت اعتکاف کرے گی؟ فرمایا: نہیں، اور نہ وہ اعتکاف کرے گی جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو۔(١)

عذر

جو عذر عام طور پر پیش نہیں آتا کبھی کبھار پیش آتا ہے، اس کی وجہ سے مسجد سے باہر نکلنے سے اعتکاف ختم ہو جائے گا۔ مثلاً: کسی مریض کی عیادت کے لیے، یا کسی ڈوبتے ہوئے کو بچانے کے لیے، یا مسجد گرنے کے خوف سے، یا آگ بجھانے کے لیے مسجد سے باہر نکلنے کی صورت میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا، لیکن ان صورتوں

(١) عن أبي الزبير عن جابر قال: سألت جابرًا عن المطلقة تعتكف؟ قال: لا، ولا المتوفى عنها زوجها حتى تحل. (سنن كبرى للبيهقي: (٤/٣٢٣) كتاب الصيام، باب المعتدة لاتعتكف حتى تنقضي عدتها، ط: مكتبه نشر السنة، بيرون بوهڑ گيٹ، ملتان، پاكستان)

میں مسجد سے باہر نکل جانے کی وجہ سے گناہ نہیں ہوگا، بلکہ جان بچانے کی غرض سے نکلنا ضروری ہوگا۔(۱)

عذر کی وجہ سے اعتکاف نہ کرنا

عذر کی وجہ سے اعتکاف نہ کرنا گناہ نہیں ہے، کیوں کہ رمضان کے آخری دس دن کا اعتکاف سنت کفایہ ہے، البتہ عذر نہ ہونے کی صورت میں اس سے محروم ہوجانا

---

(۱) (ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أوطبيعية)(أو)حاجة(ضرورية كانهدام المسجد)وأداء شهادة تعينت عليه(وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله)لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو متاعه من المكابرين فيدخل مسجدامن ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر (فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به.)[مراقي الفلاح:(ص: ۱۷۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان].

((قوله:أو حاجة ضرورية الخ) قال السيد في " شرحه": اعلم أن ما ذكره المصنف من عدم فساد الاعتكاف بالخروج لأجل انهدام المسجد وما بعده من الأعذار التي ذكرها هو مذهب الصاحبين، وأما عند الإمام فيفسد لأن العذر في هذه المسائل مما لا يغلب وقوعه اه. وفي " الدر المختار": وأما ما لا يغلب كإنجاء غريق وانهدام مسجد فمسقط للإثم لا للبطلان

(قوله : بلا عذر معتبر) أي في عدم الفساد فلو خرج لجنازة محرمة أو زوجته فسد لأنه وإن كان عذرا إلا أنه لم يعتبر في عدم الفساد .(قوله : ولا إثم عليه به) أي بالعذر أي وأما بغير العذر فيأثم لقوله تعالى :﴿ ولا تبطلوا أعمالكم ﴾[محمد:الاية:۳۳].

حاشية الطحطاوي على المراقي:(ص: ۳۸۳، ۳۸۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:مير محمد كتب خانه كراچي/ (ص : ۵۷۹، ۵۸۰)باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان.

الدرمع الرد:(۲/ ۴۴۷، ۴۴۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچي.

(وَأَمَّا مُفْسِدَاتُهُ فَمِنهَا الخُرُوجُ مِن المَسجِدِ) ... وَلَو خَرَجَ لِجِنَازَةٍ يَفسُدُ اعتِكَافُهُ ، وَكَذَا لِصَلاتِهَا وَلَو تَعَيَّنَت عَلَيهِ أَو لِإِنجَاءِ الغَرِيقِ أَو الحَرِيقِ أَو الجِهَادِ إذَا كَانَ النَّفِيرُ عَامًّا أَو لِأَدَاءِ الشَّهَادَةِ هَكَذَا فِي" التَّبيِينِ ". وَكَذَا إذَا خَرَجَ سَاعَةً بِعُذرِ المَرَضِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ هَكَذَا فِي "الظَّهِيرِيَّةِ ".)[الفتاوى الهندية :(۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيديه كوئٹه]

نقصان کی بات ہے۔(۱)

عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف

☆......حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ رمضان شریف کے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف فرماتے تھے۔

☆......آپ ﷺ نے ہمیشہ اعتکاف کیا، آپ ﷺ نے اس پر مداومت فرمائی ہے، اسی وجہ سے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف سنت مؤکدہ ہے۔آپ ﷺ جب سے مدینہ تشریف لائے، کبھی اعتکاف کو نہیں چھوڑا، نہایت ہی پابندی سے ادا فرماتے رہے، اسی وجہ سے ابن شہاب زہری رحمہ اللہ نہایت ہی حیرت اور تعجب کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس کو نبی کریم ﷺ نے کبھی نہیں چھوڑا لوگوں نے اسے نظر انداز کردیا ہے۔(۲)

---

(۱) ((وَسُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ فِي الْعَشْرِ الْأَخِيرِ مِنْ رَمَضَانَ) أَىْ سُنَّةُ كِفَايَةٍ كَمَا فِي الْبُرْهَانِ وَغَيْرِهِ لِاقْتِرَانِهَا بِعَدَمِ الْإِنْكَارِ عَلَى مَنْ لَمْ يَفْعَلْهُ مِنَ الصَّحَابَةِ؛

وفى "الشامية": (قَوْلُهُ: أَىْ سُنَّةُ كِفَايَةٍ) نَظِيرُهَا إِقَامَةُ التَّرَاوِيحِ بِالْجَمَاعَةِ فَإِذَا قَامَ بِهَا الْبَعْضُ سَقَطَ الطَّلَبُ عَنِ الْبَاقِينَ فَلَمْ يَأْثَمُوا بِالْمُوَاظَبَةِ عَلَى تَرْكٍ بِلَا عُذْرٍ وَلَوْ كَانَ سُنَّةَ عَيْنٍ لَأَثِمُوا بِتَرْكِ السُّنَّةِ الْمُؤَكَّدَةِ إِثْمًا دُونَ إِثْمِ تَرْكِ الْوَاجِبِ كَمَا مَرَّ بَيَانُهُ فِي كِتَابِ الطَّهَارَةِ ؛

الدرمع الرد: ۲/ ۴۴۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی.

مرقاۃ المفاتیح: ۴/ ۵۲۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف ، ط : حقانیة بشاور.

البحر الرائق: ۱/ ۱۷، کتاب الطهارة ، سنن الوضوء، ط: سعید کراچی].[فتح القدیر: ۲/ ۳۹۴، کتاب الصوم، باب الاعتکاف ، ط: رشیدیة کوئٹه.

(۲) (والاعتكاف مشروع بالكتاب لما تلونا من قوله تعالى: ﴿ولا تباشروهن وأنتم عٰكفون فى المساجد﴾ فالإضافة إلى المساجد المختصة بالقرب وترك الوطء المباح لأجله دليل على أنه قربة والسنة لما روى أبو هريرة عائشة رضى الله عنهما "أن النبى صلى الله عليه و سلم كان يعتكف فى العشر الأواخر من رمضان منذ قدم المدينة إلى أن توفاه الله تعالى". وقال الزهرى رضى الله عنه : عجبا من الناس كيف تركوا الاعتكاف ورسول الله صلى الله عليه و سلم كان ☜

"عن عبداللہ بن عمر رضي الله عنهما قال: كان رسول الله ﷺ يعتكف العشر الأواخر من رمضان." (بخاري، ۲۷۱) (۱)

عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف فاسد ہوگیا

☆......اگر کسی وجہ سے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف فاسد ہوگیا تو اس کی قضا واجب ہے۔

☆......اگر کسی وجہ سے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف (مثلاً پچیس کو) فاسد ہوگیا، تو معتکف کے ذمہ صرف ایک دن ایک رات کی قضا روزے کے ساتھ واجب ہے، اس کے بعد بقیہ ایام کی قضا کرنا مستحب ہے۔ (۲)

=يفعل الشيء ويتركه وما ترك الاعتكاف حتى قبض وأشار إلى ثبوته بضرب من المعقول فقال: وهو من أشرف الأعمال إذ كان عن إخلاص لله تعالى لأن منتظر للصلاة كالمصلي وهي حالة قرب وانقطاع محاسنها لا تحصل) [حاشية الطحطاوي علىٰ المراقي: ص:ص: ۳۸۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچی/ ۵۸۳، ۵۸۴ كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: المكتبه الانصاريه، هرات افغانستان].

☐ الجوهرة النيّرة: ۱/ ۱۷۵، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچی.

(۱) [صحيح البخاري: ۱/ ۲۷۱، كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب الاعتكاف في العشر الأواخر والاعتكاف في المساجد كلها، ط: قديمي كتب خانه كراچی].

☐ عَنِ ابنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَعتَكِفُ فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ مِن رَمَضَانَ. (صحيح مسلم: ۱/ ۳۷۱، كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچی)

☐ سنن أبي داود: ۱/ ۳۳۱، كتاب الصوم، باب أين يكون الاِعتِكَافِ، ط: حقانيه ملتان.

(۲) (ثم رأيت المحقق ابن الهمامؒ قال: ومقتضى النظر لو شرع في المسنون أعني العشر الأواخر بنيته ثم أفسده أن يجب قضاؤه تخريجا على قول أبي يوسفؒ في الشروع في نفل الصلاة ناويا أربعا لا على قولهما اه أي يلزمه قضاء العشر كله لو أفسد بعضه كما يلزمه قضاء أربع لو شرع في نفل ثم أفسد الشفع الأول عند أبي يوسفؒ، لكن صحح في "الخلاصة" أنه لا يقضي إلا ركعتين كقولهما، نعم! اختار في "شرح المنية": قضاء الأربع اتفاقا في الراتبة كالأربع قبل الظهر والجمعة وهو اختيار الفضلي وصححه في "النصاب" وتقدم تمامه في النوافل، وظاهر الرواية =

عشرہ اخیرہ میں ہمیشہ اعتکاف کرنا

"آخری عشرہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف فرماتے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص: ٦٢)

عشرۂ اولیٰ کا اعتکاف

☆......"حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ نے پہلے سال شروع کے دس دن اعتکاف کیا، پھر درمیان کے دس دن اعتکاف کیا، پھر آخری دس دن کا اعتکاف کیا۔"

☆......اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ نے رمضان المبارک کے شروع کے دس دن اور درمیان کے دس دن بھی اعتکاف کیا، اور یہ دونوں نفل اعتکاف تھے، ان پر نفل اعتکاف کے احکام جاری ہوں گے۔

"عن أم سلمة أن النبي ﷺ اعتكف أول سنة العشر الأول، ثم اعتكف العشر الوسطى، ثم اعتكف الأواخر."(١)

= خلافه،وعلى كل فيظهر من بحث ابن الهمام لزوم الاعتكاف المسنون بالشروع وإن لزم قضاء جميعه أو باقيه مخرج على قول أبي يوسفؒ أما على قول غيره فيقضي اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه وإنما قلنا أي باقية بناء على أن الشروع ملزم كالنذر وهو لو نذر العشر يلزمه كله متتابعا ولو أفسد بعضه قضى باقيه على ما مر في نذر صوم شهر معين . والحاصل أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناء على لزوم صومه بخلاف الباقي لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو اعتكاف العشر بتمامه ؛ تأمل .)

[الدرالمختار: (٢/٤٤٤،٤٤٥) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچی].

🗀 لو شرع في المسنون وهو العشر الأواخر من رمضان بنيته ثم أفسده يجب عليه قضاؤه: أي قضاء العشر كله في رأي أبي يوسف وقضاء اليوم الذي أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه في رأي جمهور الحنفية.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(٢/٢٢٢)البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفصلُ الثَّاني: الاعتِكاف ،المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوز له،ط: الحقانيَّة بشاور].

(١) (مجمع الزوائدللهيثمي: ٣/٤٠٣،(رقم الحديث: ٥٠٢٤) كتاب الصيام،باب الاعتكاف، ط:دارالفكر بيروت]. =

عشرہ سے کم اعتکاف کرنے والے

اعتکاف مسنون کے لیے دس دن کی نیت کر کے اعتکاف کرنا ضروری ہے، دس دن سے کم کی نیت کر کے اعتکاف کرنے کی صورت میں نفل اعتکاف ہوگا، سنت اعتکاف نہیں ہوگا۔(۱)

علاج کرنا

''نسخہ لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۴۲)

عمومی گفتگو

عموماً آپس کی گفتگو میں بے جا لایعنی امور بلکہ غیبت اور چغلی کا باعث ہو جاتا

= (حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ ثنا يَحيَى بن بُكَيرٍ ثنا ابنُ لَهِيعَةَ عَن وَاهِبِ بن عَبدِ اللّٰهِ المَعَافِرِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ زَينَبَ بِنتَ أَبِي سَلَمَةَ تُخبِرُ عَن أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اعتكَفَ أَوَّلَ سَنَةِ العَشرَ الأَوَّلَ ثُمَّ اعتكَفَ العَشرَ الأَوسَطَ ثُمَّ اعتكَفَ العَشرَ الأَوَاخِرَ وَقَالَ:إِنِّي رَأَيتُ لَيلَةَ القَدرِ فِيهَا فَأُنسِيتُهَا فَلَم يَزَل رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَعتكِفُ فِيهِنَّ حَتَّى تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ.)[المعجم الكبير للطبراني: (۳۱۳/۲۳)،(رقم الحديث : ۹۹۳) ذكر أزواج رسول الله صلى الله عليه و سلم منهن ،أم سلمة واسمها هند بنت أبى أمية...واهب عن زينب ، ط: مكتبه ابن تيميه قاهره .

موسوعة اطراف الحديث : (۱۹۹۶۷/۱) ، رقم الحديث : ۱۸۸۸۷ ، ط: دار ابن كثير ، بيروت.

(۱) (وشرط الصوم)لصحة(الأول)اتفاقا(فقط)على المذهب... اه،) (قوله : على المذهب)... قلت ومقتضى ذلک أن الصوم شرط أيضا فى الاعتكاف المسنون لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر ينبغى أن لا يصح عنه بل يكون نفلا فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية . [الدرمع الرد: ۴۴۲/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط :سعيد كراچى].

(وَيَنقَسِمُ إِلَى وَاجِبٍ وهو المَنذُورُ تَنجِيزًا او تَعلِيقًا وَإِلَى سُنَّةٍ مُؤَكَّدَةٍ وهو فى العَشرِ الأَخِيرِ من رَمَضَانَ وَإِلَى مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هَكَذَا فى فَتحِ القَدِيرِ)[الفتاوى الهندية : ۲۱۱/۱ ، كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف، وأماشروطه،ط: رشيدية كوئٹه].

حاشية الطحطاوى على المراقى:ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچى/۵۷۸، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان.

ہے، اور یہی مشغلہ بن جاتا ہے۔(۱)

عورت اعتکاف کرسکتی ہے

☆......عورت اپنے گھر میں جہاں نماز پڑھنے کی جگہ ہے ہیں اعتکاف کرے، اور اس جگہ اعتکاف کرنا اس کے حق میں ایسا ہے جیسے مرد کے لیے جماعت والی مسجد میں اعتکاف کرنا، وہاں سے ضروری حاجت کے سوا دوسرے وقت میں نہ نکلے۔

☆......اور عورت کے لیے اپنے گھر میں نماز کی جگہ کے علاوہ کسی اور جگہ پر بھی اعتکاف کرنا جائز ہے، اور اگر گھر میں نماز کے لیے کوئی جگہ مقرر نہیں ہے تو کسی جگہ کو نماز کے لیے مقرر کر کے وہاں پر اعتکاف کے لیے بیٹھے۔(۲)

(۱) (يجتنب المعتكف كل مالا يعنيه من الأقوال والأفعال ولا يكثر الكلام؛ لأن من كثر كلامه كثر سَقَطه وفي الحديث:" من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه ". ويجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلك مكروه في غير الاعتكاف ففيه أولى ولا يبطل الاعتكاف بشيء من ذلك؛ لأنه لما لم يبطل بمباح الكلام لم يبطل بمحظوره. ولا يتكلم المعتكف إلا بخير . [الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ: ۲/ ۶۳۰، البَابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكَاف، المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته، ط: الحقانيّة بشاور].

الفتاوى الهنديه : ۱/ ۲۱۲، ۲۱۳، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأماآدابه،/ومحظوراته، ط: رشيديه كوئته.

(وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أنّهُ لَا يَتَكَلَّمُ إلَّا بِخَيرٍ فَلِقَولِهِ تَعَالَى: ﴿ وَقُل لِعِبَادِي يَقُولُوا التي هِيَ أَحسَنُ﴾ [الإسراء: ۵۳]. وهو بِعُمُومِهِ يَقتَضِي أن لَا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ المَسجِدِ إلَّا بِخَيرٍ فَالمَسجِدُ أولَى كَذَا في غَايَةِ البَيَانِ؛ وفي التَّبيينِ وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ خَيرٍ فإنه يُكرَهُ لِغَيرِ المُعتَكِفِ فما ظَنُّكَ لِلمُعتَكِفِ اهـ . [البحر الرائق: ۲/ ۳۰۴، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

(۲) (وَالمَرأَةُ تَعتَكِفُ في مَسجِدِ بَيتِهَا إذَا اعتَكَفَت في مَسجِدِ بَيتِهَا فَتِلكَ البُقعَةُ في حَقِّهَا كَمَسجِدِ الجَمَاعَةِ في حَقِّ الرَّجُلِ لَا تَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ ...... وَلَهَا أن تَعتَكِفَ في غَيرِ مَوضِعِ صَلَاتِهَا من بَيتِهَا إذَا اعتَكَفَت فيه كَذَا في التَّبيِينِ وَلَو لم يَكُن في بَيتِهَا مَسجِدٌ تَجعَلُ مَوضِعًا منه مَسجِدًا فَتَعتَكِفُ فيه كَذَا في الزَّاهِدِيِّ.) [الفتاوى الهنديه : ۱/ ۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأماشروطه، ط: رشيديه كوئته].

البحر الرائق: ۲/ ۳۰۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي . =

☆......مردوں کی نسبت سے عورتوں کے لیے اعتکاف کرنا زیادہ آسان ہے، گھر میں بیٹھے بیٹھے لڑکیوں سے کام لیتی رہیں اور مفت میں اعتکاف کا ثواب بھی حاصل کرتی رہیں، مگر اس کے باوجود عورتیں اس سنت سے محروم ہی رہتی ہیں۔(۱)

عورت کو اعتکاف کرنے کے لیے شوہر سے اجازت لینا

☆......اگر عورت کا شوہر ہے، تو اس کی اجازت کے بغیر اعتکاف میں نہ بیٹھے۔

☆......اور اگر شوہر نے بیوی کو اعتکاف میں بیٹھنے کے لیے اجازت دے دی ہے، تو پھر بعد میں اعتکاف سے منع کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

☆...... اگر عورت نے اعتکاف کی نذر کی تو شوہر کو اس سے منع کرنے کا اختیار ہوگا، اور جب عورت مرد کے نکاح سے باہر ہوجائے تو اس وقت اس کی قضا کرے۔

☆...... اگر عورت کے ذمہ اعتکاف واجب ہے، اور شوہر اس کو اعتکاف کرنے کی اجازت نہیں دیتا، تو عورت طلاق کے بعد یا شوہر کی وفات کے بعد اعتکاف کرے۔

☆......عورت نے ایک ماہ کے اعتکاف کی نذر مانی تو شوہر کو اختیار ہے کہ خواہ اسے مسلسل ایک ماہ کے اعتکاف کی اجازت دے، یا اسے متفرق طور پر اعتکاف کی اجازت دے۔(۲)

= تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: ٢/٢٢٥، ٢٢٦، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

(١) [فضائل رمضان حضرت شیخ مولانا محمد زکریاؒ کاندھلوی: ص: ٥٤، فصل ثالث: اعتکاف کے بیان میں، ط: کتب خانہ فیضی لاہور]۔

(١) (وَلَا تُشتَرَطُ الذُّكُورَةُ وَالحُرِّيَّةُ فَيَصِحُّ من المَرأَةِ وَالعَبدِ بِإِذنِ المَولَى وَالزَّوجِ إن كان لها زَوجٌ كَذَا فى البَدَائِعِ فَإِن أَذِنَ لها الزَّوجُ بِالاعتِكَافِ لم يَكُن له أن يَمنَعَهَا بَعدَ ذلك وَإِن مَنَعَهَا =

عورتوں کا اعتکاف

☆......عورتوں کے لیے بھی اعتکاف کرنا سنت اور ثواب کا باعث ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ بیویوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں اور آپ ﷺ کے بعد اعتکاف کیا ہے۔(۱)

عورتوں کا محل اعتکاف

☆......عورتوں کے لیے اعتکاف کی جگہ وہ ہے جسے گھر میں نماز، ذکر ،تلاوت اور دیگر عبادات کے لیے خاص اور متعین کرلیا گیا ہو۔(۲)

☆......عورتوں کے لیے یہ خاص مقام اسی طرح ہے جس طرح مردوں کے لیے مسجد ہے۔(۳)

= لَا يَصِحُّ مَنعُهُ ... وَإِن نَذَرَت المَرأَةُ بِالاعتِكَافِ فَلِلزَّوجِ أَن يَمنَعَهَا عن ذلك وَكَذَلِكَ العَبدُ وَالأَمَةُ إِذَا نَذَرَا بِهِ فَلِلمَولَى أَن يَمنَعَ كَذَا فِي المُحِيطِ فَإِذَا أُعتِقَ فَعَلَيهِ وَإِن بَانَت قَضَت هَكَذَا فِي فَتحِ القَدِيرِ. ذَكَرَ فِي "المُنتَقَى": وَلَو أُذِنَ لَهَا فِي الاعتِكَافِ شَهرًا فَأَرَادَت أَن تَعتَكِفَ مُتَتَابِعًا فَلِلزَّوجِ أَن يَأمُرَهَا بِالتَّفرِيقِ وَلَو أُذِنَ لَهَا فِي اعتِكَافِ شَهرٍ بِعَينِهِ فَاعتَكَفَت فيه مُتَتَابِعًا ليس له أَن يَمنَعَهَا كَذَا فِي مُحِيطِ السَّرَخسِيِّ.)[الفتاوى الهنديه :(۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف،وأماشروطه،ط: رشيديه كوئته].

البحر الرائق:۲/ ۲۹۹،–۳۰۱،كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچي .

بدائع الصنائع:۲/ ۱۰۸،۱۰۹ ،كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل: وأماشرائط صحته، ط:سعيد كراچي.

(۱) عَن عائشة زَوجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم : أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَعتَكِفُ العَشرَ الأَوَاخِرَ مِن رَمَضَانَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ. ثُمَّ اعتَكَفَ أَزوَاجُهُ مِن بَعدِهِ.)[صحيح البخاری: ۱/ ۲۷۱،كتاب الصوم،ابواب الاعتكاف ،باب الاعتكاف في العشر الأواخر والاعتكاف في المساجد كلها،ط: قديمی كتب خانه كراچی].

[صحيح مسلم: ۱/ ۳۷۱،كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف،ط:قديمی كتب خانه كراچی].

[سنن أبی داود: ۱/ ۳۳۱، كتاب الصوم، باب الاعتِكَافِ،ط:حقانيه ملتان].

(۲،۳) (''عورت اعتکاف کرسکتی ہے'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

☆......گھر میں کسی مقام یا جگہ کو نماز اور عبادت کے لیے خاص کرنا مسنون ہے۔(۱)

(۱) عَنِ ابنِ شِهَابٍ أَنَّ مَحمُودَ بنَ الرَّبِيعِ الأَنصَارِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ عِتبَانَ بنَ مَالِكٍ وَهُوَ مِن أَصحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم مِمَّن شَهِدَ بَدرًا مِنَ الأَنصَارِ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّى قَد أَنكَرتُ بَصَرِى وَأَنَا أُصَلِّى لِقَومِى وَإِذَا كَانَتِ الأَمطَارُ سَالَ الوَادِى الَّذِى بَينِى وَبَينَهُم وَلَم أَستَطِع أَن آتِىَ مَسجِدَهُم فَأُصَلِّىَ لَهُم وَدِدتُ أَنَّكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ تَأتِى فَتُصَلِّى فِى مُصَلًّى. فَأَتَّخِذَهُ مُصَلًّى. قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم سَأَفعَلُ إِن شَاءَ اللَّهُ . قَالَ عِتبَانُ فَغَدَا رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم وَأَبُو بَكرٍ الصِّدِّيقُ حِينَ ارتَفَعَ النَّهَارُ فَاستَأذَنَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَأَذِنتُ لَهُ فَلَم يَجلِس حَتَّى دَخَلَ البَيتَ ثُمَّ قَالَ أَينَ تُحِبُّ أَن أُصَلِّىَ مِن بَيتِكَ . قَالَ فَأَشَرتُ إِلَى نَاحِيَةٍ مِنَ البَيتِ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَكَبَّرَ فَقُمنَا وَرَاءَهُ فَصَلَّى رَكعَتَينِ ثُمَّ سَلَّمَ قَالَ وَحَبَسنَاهُ عَلَى خَزِيرٍ صَنَعنَاهُ لَهُ قَالَ فَثَابَ رِجَالٌ مِن أَهلِ الدَّارِ حَولَنَا حَتَّى اجتَمَعَ فِى البَيتِ رِجَالٌ ذَوُو عَدَدٍ فَقَالَ قَائِلٌ مِنهُم أَينَ مَالِكُ بنُ الدُّخشُنِ فَقَالَ بَعضُهُم ذَلِكَ مُنَافِقٌ لاَ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم لاَ تَقُل لَهُ ذَلِكَ أَلاَ تَرَاهُ قَد قَالَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ. يُرِيدُ بِذَلِكَ وَجهَ اللَّهِ . قَالَ قَالُوا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعلَمُ. قَالَ فَإِنَّمَا نَرَى وَجهَهُ وَنَصِيحَتَهُ لِلمُنَافِقِينَ. قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَإِنَّ اللَّهَ قَد حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَن قَالَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ. يَبتَغِى بِذَلِكَ وَجهَ اللَّهِ . قَالَ ابنُ شِهَابٍ ثُمَّ سَأَلتُ الحُصَينَ بنَ مُحَمَّدٍ الأَنصَارِىَّ وَهُوَ أَحَدُ بَنِى سَالِمٍ وَهُوَ مِن سَرَاتِهِم عَن حَدِيثِ مَحمُودِ بنِ الرَّبِيعِ فَصَدَّقَهُ بِذَلِكَ.)[صحیح مسلم: ۱/ ۲۳۳، کتاب المساجد،باب الرُّخصَةِ فِى التَّخَلُّفِ عَنِ الجَمَاعَةِ بِعُذرٍ،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی]۔

[صحيح البخاري: ۱/ ۶۰، كتاب الصلوة،باب المساجد فى البيوت،ط: قدیمی کتب خانہ کراچی]۔

عَن عائشة قَالَت أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم بِبِنَاءِ المَسجِدِ فِى الدُّورِ وَأَن تُنَظَّفَ وَتُطَيَّبَ.) [سنن أبي داود: ۱/ ۷۲، كتاب الصلوة، باب اتخاذ المساجد فى الدور،ط:حقانیہ ملتان]۔

[سنن الترمذي: ۱/ ۱۶۴ ،ابواب الصوم عن رسول الله صلى الله عليه و سلم،باب ما جاء فى الاعتكاف، ط: سعید کراچی]۔

[سنن ابن ماجه:ص: ۵۵ ،ابواب المساجد و الجماعات،باب المساجد فى الدور/باب تطهير المساجد وتطييبها،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی]

(قَولُهُ: فِى مَسجِدِ بَيتِهَا) وَهُوَ المُعَدُّ لِصَلَاتِهَا الَّذِى يُندَبُ لَهَا وَلِكُلِّ أَحَدٍ اتِّخَاذُهُ كَمَا فِى البَزَّازِيَّةِ نَهرٌ وَمُقتَضَاهُ أَنَّهُ يُندَبُ لِلرَّجُلِ أَيضًا أَن يُخَصِّصَ مَوضِعًا مِن بَيتِهِ لِصَلَاتِهِ النَّافِلَةِ أَمَّا الفَرِيضَةُ وَالِاعتِكَافُ فَهُوَ فِى المَسجِدِ كَمَا لَا يَخفَى.)[ردالمحتار: ۲/ ۴۴۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط: سعید کراچی]۔

[البحر الرائق: ۲/ ۳۶، كتاب الصلوة،باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها،فصل:لما فرغ من بيان الكراهة فى الصلوة،ط: سعید کراچی]۔

☆......اگر گھر میں نماز، ذکر، تلاوت اور دیگر عبادتوں کے لیے کوئی جگہ خاص اور متعین نہیں ہے تو بستر وغیرہ لگا کر کسی جگہ کو خاص کر لے، تو اس مقام پر اعتکاف کرنا درست ہو جائے گا، اور شرعاً اعتکاف کرنے والی عورت کے لیے مسجد کے حکم میں ہو جائے گا۔(۱)

☆......عورتوں کے لیے کوئی گوشہ جو ذرا کنارے پر ہو اس میں اعتکاف کرنا بہتر ہے۔(۲)

☆......اگر گھر میں پہلے سے کوئی جگہ نماز وغیرہ کے لیے متعین ہے تو اسے چھوڑ کر دوسری جگہ اعتکاف کرنا درست نہیں۔(۳)

---

(۱) (”عورت اعتکاف کر سکتی ہے“ کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۲) (قال: ولا تعتكف المرأة إلا في مسجد بيتها) ...... (ولنا): أن موضع أداء الاعتكاف في حقها الموضع الذي تكون صلاتها فيه أفضل كما في حق الرجال وصلاتها في مسجد بيتها أفضل فإن النبي صلى الله عليه وسلم لما سئل عن أفضل صلا ة المرأة فقال:" في أشد مكان من بيتها ظلمة". وفي الحديث أن النبي صلى الله عليه وسلم لما أراد الاعتكاف أمر بقبة فضربت في المسجد فلما دخل المسجد رأى قبابا مضروبة فقال:" لمن هذه" فقيل لعائشة وحفصة فغضب وقال: "آلبر يردن بهن" وفي رواية: "يردن بهذا"، وأمر بقبته فنقضت فلم يعتكف في ذلك العشر فإذا كره لهن الاعتكاف في المسجد مع أنهن كن يخرجن إلى الجماعة في ذلك الوقت فلأن يمنعن في زماننا أولى.)[المبسوط للسرخسي:۳/ ۱۳۲، ۱۳۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية،بيروت لبنان].

(۳) ((قَوْلُهُ أَمَّا الْمَرْأَةُ فَتَعْتَكِفُ فِي مَسْجِدِ بَيْتِهَا) أَيْ الْأَفْضَلُ ذَلِكَ ، وَلَوْ اعْتَكَفَتْ فِي الْجَامِعِ أَوْ فِي مَسْجِدِ حَيِّهَا وَهُوَ أَفْضَلُ مِنْ الْجَامِعِ فِي حَقِّهَا جَازَ، وَهُوَ مَكْرُوهٌ ذَكَرَ الْكَرَاهَةَ " قَاضِي خَانْ ". وَلَا يَجُوزُ أَنْ تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا وَلَا إلَى نَفْسِ الْبَيْتِ مِنْ مَسْجِدِ بَيْتِهَا إذَا اعْتَكَفَتْ وَاجِبًا أَوْ نَفْلًا عَلَى رِوَايَةِ الْحَسَنِ.)[فتح القدير:(۲/ ۳۰۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:رشيدية].

🗀 ((قَوْلُهُ وَالْمَرْأَةُ تَعْتَكِفُ فِي مَسْجِدِ بَيْتِهَا) يُرِيدُ بِهِ الْمَوْضِعَ الْمُعَدَّ لِلصَّلَاةِ لِأَنَّهُ أَسْتَرُ لَهَا؛ قَيَّدَ بِهِ لِأَنَّهَا لَوْ اعْتَكَفَتْ فِي غَيْرِ مَوْضِعِ صَلَاتِهَا مِنْ بَيْتِهَا سَوَاءٌ كَانَ لَهَا مَوْضِعٌ مُعَدٌّ أَوْ لَا لَا يَصِحُّ اعْتِكَافُهَا؛ ... وَأَشَارَ بِجَعْلِهِ كَالْمَسْجِدِ إلَى أَنَّهَا لَوْ خَرَجَتْ مِنْهُ وَلَوْ إلَى بَيْتِهَا بَطَلَ اعْتِكَافُهَا إنْ كَانَ وَاجِبًا وَانْتَهَى إنْ كَانَ نَفْلًا وَالْفَرْقُ بَيْنَهُمَا أَنَّهَا تُثَابُ فِي الثَّانِي دُونَ الْأَوَّلِ.)[البحر الرائق:(۲/ ۳۰۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچى].=

☆......عورت کا اعتکاف کی جگہ سے ہٹنا اور منتقل ہونا درست نہیں، اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

عورتوں کا معتکف کے پاس آنا

☆......معتکف کے پاس اعتکاف کی حالت میں کوئی ضروری کام ہو تو بیوی یا محرمات میں سے مثلاً: والدہ، بیٹی، بہن، پھوپھی اور خالہ وغیرہ پردہ کے ساتھ نماز کے وقت کے علاوہ اوقات میں مسجد میں آسکتی ہیں۔

☆......اگر بیوی یا محرمات میں سے کچھ خواتین آئیں اور کوئی دوسرا شخص دیکھ رہا ہو تو اسی وقت صفائی کر دینی چاہیے کہ ان سے میرا یہ رشتہ ہے، یا یہ میری بیوی ہے، تاکہ دوسروں کو بدگمانی نہ ہو، رسول اللہ سے ایسا ہی ثابت ہے۔(۲)

= تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق للزیلعی: ۲/۲۲۵،۲۲۶، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیة بیروت .

(۱) انظر الی الحاشیة رقم: ۳، علی الصفحة رقم: ؟؟؟؟؟، ((قَوْلُهُ أَمَّا الْمَرْأَةُ فَتَعْتَكِفُ فِي مَسْجِدِ بَيْتِهَا)

(۲) (حدثنا أبو اليمان أخبرنا شعيب عن الزهري قال أخبرني علي بن الحسين رضي الله عنهما أن صفية زوج النبي صلى الله عليه و سلم أخبرته : أنها جاء ت رسول الله صلى الله عليه و سلم تزوره في اعتكافه في المسجد في العشر الأواخر من رمضان فتحدثت عنده ساعة ثم قامت تنقلب فقام النبي صلى الله عليه و سلم معها يقلبها حتى إذا بلغت باب المسجد عند باب أم سلمة مر رجلان من الأنصار فسلما على رسول الله صلى الله عليه و سلم فقال لهما النبي صلى الله عليه و سلم على رسلكما إنما هي صفية بنت حيي . فقالا سبحان الله يا رسول الله و كبر عليهما فقال النبي صلى الله عليه و سلم إن الشيطان يبلغ من الإنسان مبلغ الدم وإني خشيت أن يقذف في قلوبكما شيئا ".)[صحيح البخاري: ۱/۲۷۲، كتاب الصوم، أبواب الاعتكاف، باب هل يخرج المعتكف لحوائجه إلى باب المسجد؟، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[صحيح مسلم: ۲/۲۱۶، كتاب السلام، باب بَيَانِ أَنَّهُ يُسْتَحَبُّ لِمَنْ رُئِيَ خَالِيًا بِامْرَأَةٍ وَكَانَتْ زَوْجَةً أَوْ مَحْرَمًا لَهُ أَنْ يَقُولَ هَذِهِ فُلَانَةُ. لِيَدْفَعَ ظَنَّ السُّوءِ بِهِ، ط: قديمي كتب خانه كراچي]. =

عورتوں کے لئے بھی اعتکاف سنت ہے

''عورتوں کا اعتکاف'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۲۹۲)

عورتوں کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا

☆......عورتوں کے لیے مسجد میں اعتکاف کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

☆......اگر کسی عورت نے مسجد میں اعتکاف کرنے کی نذر کی ہے، اور مسجد میں اعتکاف کیا ہے، تو نذر ادا ہو جائے گی، مگر مکروہ تحریمی ہوگا۔

☆......اگر عورت نے مسنون اعتکاف شوہر کے ساتھ کسی ایسی مسجد میں کیا جہاں پردہ وغیرہ کا انتظام ہے، مثلاً: حویلی یا گھر کی مسجد، تو اعتکاف ہو جائے گا، مگر مکروہ ہونے کی وجہ سے گناہ ہوگا۔(۱)

= [سنن أبي داود: ۱/ ۳۴۱، ۳۴۲، كتاب الصوم، باب المعتكف يدخل البيت لحاجته، ط: حقانيه ملتان].

(ولا بأس بالكلام لحاجته ومحادثة غيره فإن صفية زوج النبي صلّى الله عليه وسلم قالت: كان رسول الله صلّى الله عليه وسلم معتكفاً فأتيته أزوره ليلاً فحدثته ثم قمت فانقلبت أى رجعت فقام معي ليقلبني ، وكان مسكنها في دار أسامة بن زيد ، فمر رجلان من الأنصار فلما رأيا النبي صلّى الله عليه وسلم أسرعا فقال النبي صلّى الله عليه وسلم : على رِسلكما إنها صفية بنت حيي فقالا: سبحان الله يا رسول الله فقال: إن الشيطان يجرى من الإنسان مجرى الدم وإني خشيت أن يقذف في قلوبكما شراً أو قال: شيئاً .)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهٗ: ۲/ ۶۳۰، البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكاف، المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته، ط: الحقانيّة بشاور].

(''بیوی سے ملاقات''/''بیوی کا معتکف شوہر کے پاس آنا'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۱) ((قَولُهٗ :أمَّا المَرأةُ فَتعتَكِفُ فِي مَسجِدِ بَيتِهَا) أى الأفضَلُ ذٰلِكَ وَلَو اعتكفت فِي الجَامِعِ أو فِي مَسجِدِ حَيِّهَا وَهُوَ أفضَلُ مِن الجَامِعِ فِي حَقِّهَا جَازَ وَهُوَ مَكرُوهٌ ذَكَرَ الكَرَاهَةَ قَاضِي خَان.)[فتح القدير: ۲/ ۴۰۰، كتاب الصوم، باب الاعتكاف ، ط: رشيدية].

مزید ''عورت اعتکاف کرسکتی ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

عیادت کرنا

اگلے عنوان، نیز ”جنازہ کی نماز کے لیے نکلنا“ عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۱۹۴)

عیادت کے لیے نکلنا

☆......اگر معتکف، مریض کی عیادت کے لیے مسجد سے باہر نکلا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......اگر معتکف پاخانہ، پیشاب کے لیے نکلا کسی مریض کی عیادت کرتا ہوا چلا آیا، حالاں کہ اسی ارادہ سے مسجد سے نہیں نکلا تھا، اتفاقاً عیادت کا موقع مل گیا، تو اس سے اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔(۱)

عید کی نماز کے لیے جانا

”عیدین کے روز اعتکاف کرنا“ عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۹۸)

عید کے دن اعتکاف کرنا

”عیدین کے روز اعتکاف کرنا“ عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۹۸)

عیدگاہ

عیدگاہ میں جہاں عید الفطر اور بقرعید کی نماز ہوتی ہے وہاں بھی اعتکاف کرنا

(۱) (وَأَفَادَ أَنَّهُ لا يَخرُجُ لِعِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلاةِ الجَنَازَةِ لِعَدَمِ الضَّرُورَةِ المُطلَقَةِ لِلخُرُوجِ كَذَا فِى غَايَةِ البَيَانِ؛ ... وَأَشَارَ إلَى أَنَّهُ لو خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ ثُمَّ ذَهَبَ لِعِيَادَةِ المَرِيضِ أو لِصَلاةِ الجَنَازَةِ من غَيرِ أن يَكُونَ لِذٰلِكَ قَصدٌ فإنه جائز بِخِلَافِ ما إذَا خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَمَكَثَ بَعدَ فراغه أَنَّهُ يَنتَقِضُ اعتِكَافُهُ عِندَ أبي حَنِيفَةَ قَلَّ أو كَثُرَ وَعِندَهُمَا لَا يَنتَقِضُ ما لم يَكُن أَكثَرَ من نِصفِ يَومٍ كَذَا فى البدائع .)[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[الدر مع الرد: ۲/ ۴۴۶، ۴۴۷، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۴، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچى].

درست نہیں ہے۔(۱)

عیدین کے روز اعتکاف کرنا

عیدین کے روز اعتکاف کرنا گناہ ہے، لیکن اگر کوئی شخص اعتکاف کر ہی لے تو اس کو جمعہ کی نماز کی طرح عید کی نماز کے لیے بھی نکلنا ضروری ہے، اور عید کی نماز سے فارغ ہو کر فوراً اعتکاف والی مسجد میں واپس آجانا چاہیے، عید کی نماز کے لیے جانا حاجت شرعیہ میں داخل ہے۔(۲)

---

(۱) (قوله:في مسجد جماعة)انما شرط لقول حذيفةؓ:"لا اعتكاف الا فى مسجد جماعة"...اه؛....وينبغى أن لا يصح مسجد الحياض ومسجد قوارع الطريق وينبغى أن لا يصح فى مصلى العيد والجنازة.)[الطحطاوى على الدر المختار: (۱/۴۷۲، ۴۷۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط: رشيديه]

🗁 [البحر الرائق: (۳۶/۲) كتاب الصلوة،باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها،فصل:لما فرغ من بيان الكراهة فى الصلوة،/ (۲۴۸/۵) كتاب الوقف،مطلب فى أحكام المسجد، ط: سعيد كراچى].

🗁 [تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعى:(۴۱۹/۱) كتاب الصلو،باب مايفسد الصلوة و مايكره فيها،ط:دار الكتب العلمية بيروت].

(۲) ((أو) شَرعِيَّةٍ كَعِيدٍ وَأَذَانٍ لَو مُؤَذِّنًا وَبَابُ المَنَارَةِ خَارِجَ المَسجِدِ وَ (الجُمُعَةِ وَقتَ الزَّوَالِ وَمَن بَعُدَ مَنزِلُهُ) أى مُعتَكَفُهُ (خَرَجَ فِى وَقتٍ يُدرِكُهَا) مَعَ سُنَّتِهَا يُحَكِّمُ فِى ذَلِكَ رَأيَهُ وَيَستَنُّ بَعدَهَا أَربَعًا أو سِتًّا عَلَى الخِلَافِ وَلَو مَكَثَ أَكثَرَ لَم يَفسُد لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ وَكُرِهَ تَنزِيهًا لِمُخَالَفَةِ مَا التَزَمَهُ بِلَا ضَرُورَةٍ . وفى "الشامية":(قَولُهُ: وَعِيدٍ) أَفَادَ صِحَّةَ النَّذرِ بِالاعتِكَافِ فِى الأَيَّامِ الخَمسَةِ المَنهِيَّةِ وَفِيهِ الاختِلَافُ السَّابِقُ فِى نَذرِ صَومِهَا لِأَنَّ الصَّومَ مِن لَوَازِمِ الاعتِكَافِ الوَاجِبِ فَعَلَى رِوَايَةِ مُحَمَّدٍ عَنِ الإِمَامِ يَصِحُّ لَكِن يُقَالُ لَهُ اقضِ فِى وَقتٍ آخَرَ وَيُكَفِّرُ اليَمِينَ إن أَرَادَ وَإِن اعتَكَفَ فِيهَا صَحَّ وَعَلَى رِوَايَةِ أَبِى يُوسُفَ عَنهُ لَا يَصِحُّ نَذرُهُ كَالنَّذرِ بِالصَّومِ فِيهَا بدائع .)[الدر مع الرد: ۴۳۵/۲،۴۳۶، كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى].

🗁 [الجوهرة النيّرة:(۱۷۷/۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط : قديمى كتب خانه كراچى].

🗁 [خلاصة الفتاوى: ۲۷۱/۱، كتاب الصوم،الفصل السادس فى الاعتكاف،جنس آخر فى النذر،ط:مكتبه الصاريه كوئته].

عیسائی

اعتکاف صحیح ہونے کے لیے مسلمان ہونا شرط ہے، عیسائی مسلمان نہیں، اس لیے اس کا اعتکاف درست نہیں۔ (۱)

(۱)(وأما شروطه...ومنها الاسلام،...)لأن الكافر ليس من أهل العبادة.) [الهندية: ۲۱۱/۱، كتاب الصوم ،الباب السابع في الاعتكاف،ط: رشيديه كوئٹه].

[بدائع الصنائع: ۱۰۸/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل وأما شرائط صحته،ط: سعيد كراچى].

(وَمِنهَا الإِسلَامُ وَالعَقلُ وَالطَّهَارَةُ عن الجَنَابَةِ وَالحَيضِ وَالنِّفَاس ... لِأَنَّهُ لا حَاجَةَ إلَى التَّصرِيحِ بِالإِسلَامِ وَالعَقلِ لِمَا أَنَّهُمَا عُلِمَا من اشتِرَاطِ النِّيَّةِ لِأَنَّ الكَافِرَ وَالمَجنُونَ لَيسَا بِأَهلٍ لها)[بحر الرائق : ۲۹۹/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچى].

غ

غسل

☆...... رمضان المبارک کے آخری دس دن کا اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، اس میں اور نذر کے اعتکاف میں ''واجب غسل'' کے علاوہ جمعہ وغیرہ کے غسل کے لیے نکلنے کی اجازت نہیں۔ اگر نکلے گا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا۔ ایک دن ایک رات اعتکاف کی قضا روزہ کے ساتھ کرنا لازم ہوگا۔ (۱)

☆...... غسل واجب کے علاوہ سنت، مستحب یا گرمی کی وجہ سے نہانے کا جائز طریقہ یہ ہے کہ ایک ڈیڑھ دو میٹر چوڑا اور دو واڑھائی میٹر لمبا پلاسٹک لے لے پھر مسجد کی حد جہاں ختم ہوتی ہے، مثلاً: صحن کے آخر میں وہ پلاسٹک بچھادے، اس کے تینوں

---

(۱) ((وَحَرُمَ عَلَیهِ) أی عَلَی المُعتَکِفِ اعتِکَافًا وَاجِبًا أَمَّا النَّفلُ فَلَهُ الخُرُوجُ لِأَنَّهُ مِنهُ لَا مُبطِلَ کَمَا مَرَّ (الخُرُوجُ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ) طَبِیعِیَّةٍ کَبَولٍ و غائط وَغُسلٍ لَو احتَلَمَ وَلَا یُمکِنُهُ الِاغتِسَالُ فِی المَسجِدِ کَذَا فِی "النَّهرِ". [الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۴، ۴۴۵) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

🗀 قال الحنفية : ...وحرم علی المعتکف اعتکافاً واجباً الخروج إلا لعذر شرعی کأداء صلاة الجمعة والعیدین فیخرج فی وقت یمکنه إدراکها مع صلاة سنة الجمعة قبلها ثم یعود وإن أتم اعتکافه فی الجامع صح وکره. أو لحاجة طبیعیة: کالبول والغائط وإزالة النجاسة والاغتسال من جنابة باحتلام؛ لأنه علیه الصلاة والسلام کان لا یخرج من معتکفه إلا لحاجة.)[الفِقهُ الإسلامیُّ وأدلّتُهٗ: ۲/ ۶۲۱، ۶۲۲، البابُ الثَّالث: الصِّیامُ والاعتکاف، الفَصلُ الثّانی : الاعتِکَاف، المبحث الرابع: مایلزم المعتکف ومایجوز له، ط: الحقانیّة بشاور].

🗀 [بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۶، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فَصلٌ وَأَمَّا رُکنُ الِاعتِکَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما یُفسِدُهٗ وما لَا یُفسِدُهٗ، ط: سعید کراچی].

🗀 [فتاوی الهندیه : ۱/ ۲۱۳، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، ط: رشیدیه کوئٹه].

🗀 (''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

طرف نیچے سے اینٹ لگا دے، اور مسجد سے باہر کی طرف پانی نکلنے کا رخ کر دے، تاکہ پانی مسجد کی طرف نہ جائے، اور معتکف اس پلاسٹک کے اوپر بیٹھ کر غسل کر لے، اس طرح مسجد کے اندر غسل بھی ہو جائے گا اور مسجد کی زمین پر پانی بھی نہیں گرے گا، اور مسجد گندی بھی نہیں ہوگی، لیکن اگر اس سے بھی پرہیز کیا جائے تو بہتر ہے۔(۱)

☆......البتہ رمضان المبارک کے شروع کے دس دن اور درمیان کے دس دن اگر کسی نے نفلی اعتکاف کیا ہے، نذر کا نہیں، تو اس میں سے جمعہ کے غسل کے لیے نکلنا جائز ہوگا، اس سے اعتکاف ختم ہو جائے گا، فاسد نہیں ہوگا، کیوں کہ نفلی اعتکاف فاسد نہیں ہوتا، اور جب مسجد میں دوبارہ اعتکاف کی نیت سے داخل ہوگا تو اس وقت سے پھر دوبارہ نفل اعتکاف شروع ہوگا۔(۲)

---

(۱) ((وفی "البَدَائِعِ": وَإِن غَسَلَ المُعتَكِفُ رَأسَهُ فی المَسجِدِ فَلا بَأسَ بِهِ إِذَا لم يُلَوِّث بِالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإِن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ وَلَو تَوَضَّأَ فی المَسجِدِ فی إِنَاءٍ فَهُوَ علی هذا التَّفصِيلِ اه. بِخِلَافِ غَيرِ المُعتَكِفِ فإنه يُكرَهُ له التَّوَضُّؤُ فی المَسجِدِ وَلَو فی إِنَاءٍ إلَّا أن يَكُونَ مَوضِعًا اُتُّخِذَ لِذَلِکَ لَا يصلی فيه.))[البحر الرائق:(۲/۳۰۳) کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

[الفتاوی الهندية :(۱/۲۱۳) كتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيديه]

لفتاوی الخانية علی هامش الهندية:(۱/۲۲۳) كتاب الصوم،فصل فی الاعتكاف،ط:رشيدية كوئٹه].

((قَولُهُ:وَلَا يُمكِنُهُ إلَخ) فَلَو أَمكَنَهُ مِن غَيرِ أَن يَتَلَوَّثَ المَسجِدُ فَلَا بَأسَ بِهِ" بَدَائِعُ" أَی بِأَن كَانَ فِيهِ بِركَةُ مَاءٍ أَو مَوضِعٌ مُعَدٌّ لِلطَّهَارَةِ أَو اغتَسَلَ فِی إنَاءٍ بِحَيثُ لَا يُصِيبُ المَسجِدَ المَاءُ المُستَعمَلُ قَالَ فِی" البَدَائِعِ ": فَإِن كَانَ بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ بِالمَاءِ المُستَعمَلِ يُمنَعُ مِنهُ لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ اه. وَالتَّقيِيدُ بِعَدَمِ الإِمكَانِ يُفِيدُ أَنَّهُ لو أَمكَنَ كَمَا قُلنَا فَيَخرُجُ أَنَّهُ يَفسُدُ.))[ردالمحتار:(۲/۴۴۵)باب الاعتکاف، کتاب الصوم،ط:سعید کراچی].

(۲) ((وَحَرُمَ عَلَيهِ) أی عَلَی المُعتَكِفِ اعتِكَافًا وَاجِبًا أَمَّا النَّفلُ فَلَهُ الخُرُوجُ لِأَنَّهُ مُنهٍ لَا مُبطِلٌ كَمَا مَرَّ. وفی " الشامية ": (قَولُهُ: لِأَنَّ مُنهٍ) اسمُ فَاعِلٍ مِن أَنهَی اه. ح أی مُتَمِّمٌ لِلنَّفلِ (قَولُهُ كَمَا مَرَّ)=

☆......اگر مسجد میں اس طرح غسل کرنا ممکن ہے کہ پانی مسجد میں نہ گرے، اور پانی سے مسجد آلودہ بھی نہ ہو مثلاً کوئی ڈرم ہو یا کوئی ٹب ہو تو معتکف کے لیے مسجد سے واجب غسل کے لیے بھی نکلنا درست نہیں ہوگا، بلکہ اسی طرح غسل کرے، لیکن اگر ایسی کوئی صورت ممکن نہیں تو صرف واجب غسل کے لیے مسجد سے باہر نکلنے کی اجازت ہوگی۔(۱)

☆......غسل سے فارغ ہونے کے بعد وہیں رکا رہا، یا کھڑے ہو کر کسی سے بات چیت کی، خواہ ایک ہی منٹ کیوں نہ ہو، اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......غسل کے بعد اگر میلے یا گندے کپڑے صاف کرنے لگا تو اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۲)

☆......مزید "گرمی کی وجہ سے غسل کے لیے نکلنا" عنوان کو بھی دیکھیں!

☆......"قضائے حاجت کے لیے گیا تو غسل کر سکتا ہے یا نہیں؟" عنوان کے تحت بھی دیکھیں!

= أی مِن قَولِ المُصَنِّفِ وَأَقَلُّهُ نَفلًا سَاعَةٌ)[الدر مع الرد: ۲/ ۴۴۴، ۴۴۵، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

[الفتاوی الهندية: ۱/ ۲۱۳، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، و... [illegible] داته، ط: رشيدية كوئٹه].

(...) "غسل" کے عنوان شمار نمبر: ۱ [شامی کا حوالہ] کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۲) (وَعَلَى هَذَا الخِلَافُ إِذَا خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَمَكَثَ بَعدَ فَرَاغِهِ أَنَّهُ يَنتَقِضُ اعتِكَافُهُ عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ قَلَّ مُكثُهُ أَو كَثُرَ وَعِندَهُمَا لَا يُنتَقَضُ مَا لَم يَكُن أَكثَرَ مِن نِصفِ يَومٍ .)[بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۵، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی].

[الفتاوی الهندية: ۱/ ۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه].

[الفتاوی التاتارخانية: ۲/ ۳۱۳، کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط: قديمی کراچی].

غسل تبرید

☆......گرمی کی وجہ سے ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے غسل کے واسطے مسجد سے باہر جانا جائز نہیں، اگر معتکف ٹھنڈک کے لیے غسل کرنے چلا گیا تو مسجد سے باہر نکلتے ہی اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......البتہ یہ صورت ہو سکتی ہے کہ جب پاخانہ، پیشاب کے ارادہ سے باتھ روم آئے تو فلش پاخانے میں عام طور پر پانی کا انتظام ہوتا ہے، ایسے پاخانے صاف ستھرے ہوتے ہیں، فراغت کے بعد وہیں پر بدن پر پانی بہالے اور جلدی سے مسجد چلا آئے، اگر اٹیچڈ باتھ روم ہے یعنی فلش پاخانے ہی میں ہی نہانے کا انتظام ہے تو پھر اور سہولت ہے، اس طریقہ سے غسل کرنے میں کوئی ممانعت اور فساد نہیں ہے، جو لوگ عام غسل کے لیے پریشان رہتے ہیں وہ یہ طریقہ اختیار کر سکتے ہیں۔

☆......یاد رہے کہ صرف غسل کے ارادہ سے نکلنا درست نہیں، اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

---

(۱)(قَولُهُ: لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ) أَي مَسجِدُ الجُمُعَةِ مَحَلٌّ لِلاعتِكَافِ وَفِيهِ إشَارَةٌ إلَى الفَرقِ بَينَ هَذَا وَبَينَ مَا لَو خَرَجَ لِبَولٍ أَو غَائِطٍ وَدَخَلَ مَنزِلَهُ وَمَكَثَ فِيهِ حَيثُ يَفسُدُ كَمَا مَرَّ؛ وَفِي "البَدَائِعِ": وَمَا رُوِيَ عَنهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مِن الرُّخصَةِ فِي عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجَنَازَةِ فَقَد قَالَ أَبُو يُوسُفَ: ذَلِكَ مَحمُولٌ عَلَى اعتِكَافِ التَّطَوُّعِ وَيَجُوزُ حَملُ الرُّخصَةِ عَلَى مَا لَو خَرَجَ لِوَجهٍ مُبَاحٍ كَحَاجَةِ الإِنسَانِ أَو الجُمُعَةِ وَعَادَ مَرِيضًا أَو صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَخرُجَ لِذَلِكَ قَصدًا وَذَلِكَ جَائِزٌ اهـ وَبِهِ عُلِمَ أَنَّهُ بَعدَ الخُرُوجِ لِوَجهٍ مُبَاحٍ إنَّمَا يَضُرُّ المَكثُ لَو فِي غَيرِ مَسجِدٍ لِغَيرِ عِيَادَةٍ. (قَولُهُ: لِمُخَالَفَةِ مَا التَزَمَهُ) ... وَعَدَمُ جَوَازِ الخُرُوجِ مِنهُ بِلَا عُذرٍ لَا لِتَعَيُّنِهِ بَل لِأَنَّ الخُرُوجَ مُضَادٌّ لِحَقِيقَةِ الِاعتِكَافِ الَّذِي هُوَ اللُّبثُ وَالإِقَامَةُ.)[ردالمحتار: ۴۴۶/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]۔

[البحر الرائق: ۳۰۲/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]۔

[بدائع الصنائع: ۱۱۴/۲، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی]۔

غسل جمعہ

جمعہ کے غسل کرنے کے لیے بھی معتکف کو مسجد سے باہر جانا جائز نہیں ہے، البتہ جمعہ سے پہلے شرعی یا طبعی ضرورت مثلاً: جمعہ پڑھنے یا پیشاب، پاخانے کے لیے باہر گیا تو واپسی میں جمعہ کا غسل کرسکتا ہے، جلدی غسل سے فارغ ہوکر مسجد میں آجائے، کیوں کہ جمعہ کا غسل مسنون اور عبادت ہے، اور ایسی صورت میں ہر عبادت ادا کی جاسکتی ہے۔(۱)

غسل جنابت

☆......اگر اعتکاف کی حالت میں غسل واجب ہوجائے، اور مسجد میں اس طرح غسل کا کوئی انتظام نہ ہو کہ پانی مسجد میں نہ گرے، (مثلاً: کسی بڑے ٹب میں نہائے) تو مسجد سے باہر نکل کر غسل کرسکتا ہے۔(۲)

☆......غسل کرتے وقت کپڑے میں جو نجاست لگی ہو، اسے بھی دھو سکتا ہے۔(۳)

---

(۱) (''غسل''/''غسل تبرید'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۲) (''غسل''/''غسل تبرید'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

(۳) قال الحنفية :...وحرم على المعتكف اعتكافاً واجباً الخروج إلا لعذر شرعي كأداء صلاة الجمعة والعيدين فيخرج في وقت يمكنه إدراكها مع صلاة سنة الجمعة قبلها ثم يعود وإن أتم اعتكافه في الجامع صح وكره.أو لحاجة طبيعية: كالبول والغائط وإزالة النجاسة والاغتسال من جنابة باحتلام؛ لأنه عليه الصلاة والسلام كان لا يخرج من معتكفه إلا لحاجة.)[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ: ۲/ ۶۲۱،۶۲۲،البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوزله،ط: الحقانيّة بشاور].

🗁 ((أو)حاجة(طبيعية) كالبول،والغائط،وإزالة نجاسة،واغتسال من جنابة باحتلام...الخ)[مراقي الفلاح:ص: ۶۷۹ ،كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:امداديه ملتان].

🗁 [حاشية الطحطاوي على المراقي:ص: ۳۸۳، كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: مير محمد كتب خانه كراچي/ ص: ۵۷۹، باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: مكتبه النصارية هرات افغانستان].(''پاخانه'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

☆...... جنابت کی صورت میں مسجد سے باہر غسل کے لیے جانے کے وقت تیمم کرلینا مستحب ہے۔(۱)

☆...... اگر مسجد میں غسل خانہ بھی نہیں ہے، اور پانی وغیرہ کا انتظام بھی نہیں ہے، کنویں سے یا نل چلا کر غسل کرنے کا انتظام بھی نہیں ہے، تو ایسی صورت میں تالاب یا کنویں پر جا کر غسل کرلینا درست ہے۔(۲)

---

(۱) (وَلَو أَصَابَتهُ الجَنَابَةُ فِی المَسجِدِ قِیلَ لَا یُبَاحُ له الخُرُوجُ من غَیرِ تَیَمُّمٍ اعتِبَارًا بِالدُّخُولِ وَقِیلَ یُبَاحُ لِأَنَّ فِی الخُرُوجِ تَنزِیهَ المَسجِدِ عن النَّجَاسَةِ وفِی الدُّخُولِ تَلوِیثَهُ بها اهـ) [البحر الرائق: ۱/۱۴۷، کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: سعید کراچی].

[البحر الرائق: ۱/۱۹۶، ۱۹۵، کتاب الطهارة، باب الحیض، ط: سعید کراچی].[الدر مع الرد: ۱/۱۷۲، کتاب الطهارة، قبیل مطلب یطلق الدعاء علی ما یشمل الثناء، ط: سعید کراچی].

(وَلَو کَانَ نَائِمًا فِیهِ فَاحتَلَمَ وَالمَاءُ خَارِجَهُ وَخَشِیَ مِن الخُرُوجِ یَتَیَمَّمُ وَیَنَامُ فِیهِ إلَی أَن یُمکِنَهُ الخُرُوجُ. قَالَ فِی المُنیَةِ: وَإِن احتَلَمَ فِی المَسجِدِ تَیَمَّمَ لِلخُرُوجِ إذَا لَم یَخَف وَإِن خَافَ یَجلِسُ مَعَ التَّیَمُّمِ وَلَا یُصَلِّی وَلَا یَقرَأُ. اهـ. (الدر مع الرد: ۱/۲۴۳، ۲۴۴، باب التیمم، فرع فی البحر عن المبتغی بالغین المعجمة، ط: سعید کراچی)

(وَکَذَا الحُکمُ إذَا خَافَ الجُنُبُ أو الحَائِضُ سَبُعًا أو لِصًّا أو بَردًا فَلَا بَأسَ بِالمُقَامِ فیه وَالأَولَی أَن یَتَیَمَّمَ تَعظِیمًا لِلمَسجِدِ هَکَذَا فی التَّتَارخَانِیَّة.) [الفتاوی الهندیة: ۱/۳۸، کتاب الطهارة، الباب السادس فی الدماء... اه. فصل الرابع فی أحکام الحیض...اه، ط: رشیدیة کوئٹه].

(۲) ((وَحَرُمَ عَلَیهِ) أَی عَلَی المُعتَکِفِ اعتِکَافًا وَاجِبًا أَمَّا النَّفلُ فَلَهُ الخُرُوجُ لِأَنَّهُ مُنهٍ لَا مُبطِلٌ کَمَا مَرَّ (الخُرُوجُ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ) طَبِیعِیَّةٍ کَبَولٍ وَغَائِطٍ وَغُسلٍ لَو احتَلَمَ وَلَا یُمکِنُهُ الاغتِسَالُ فِی المَسجِدِ کَذَا فِی النَّهرِ. وفی "الشامیة": (قوله: الا لحاجة الانسان) ...... واختلف فیما لو کان له بیتان فأتی البعید منهما قیل فسد، وقیل: لا، ینبغی ان یخرج علی القولین ما لو ترک بیت الخلا للمجسد القریب وأتی بیته، نهر، ولا یبعد الفرق بین الخلافیة، وهذه؛ لأنّ الإنسان قد لایالف غیر بیته، رحمتی، أي فإذا کان لایألف غیره بأن لایتیسر له إلّا في بیته، فلا یبعد الجواز بلاخلاف، ...... (قَولُهُ: وَغُسلٌ) عَدَّهُ مِن الطَّبِیعِیَّةِ تَبَعًا لِلاختِیَارِ وَالنَّهرِ وَغَیرِهِمَا وَهُوَ مُوَافِقٌ لِمَا عَلِمته مِن تَفسِیرِهَا وَعَن هَذَا اعتَرَضَ بَعضُ الشُّرَّاحِ تَفسِیرَ الکَنزِ لَهَا بِالبَولِ وَالغَائِطِ بِأَنَّ الأَولَی تَفسِیرُهَا بِالطَّهَارَةِ وَمُقَدِّمَاتِهَا لِیَدخُلَ الِاستِنجَاءُ وَالوُضُوءُ وَالغُسلُ لِمُشَارَکَتِهَا لَهُمَا فِی الِاحتِیَاجِ وَعَدَمِ الجَوَازِ فِی المَسجِدِ اهـ. فَافهَم (قَولُهُ: وَلَا یُمکِنُهُ إلَخ) فَلَو أَمکَنَهُ مِن غَیرِ أَن =

☆......اگر مسجد میں غسل خانہ ہے، مگر پانی نہیں ہے، اور کنواں دور ہے تو کسی کنویں سے پانی لاکر مسجد کے غسل خانہ میں غسل کرسکتا ہے۔(۱)

☆......غسل واجب ہوگیا، سردی بہت زیادہ ہے، مسجد میں نل کا پانی ٹھنڈا ہے، دوسری جگہ تازہ گرم پانی مل سکتا ہے، یا اس کا انتظام ہوسکتا ہے، تو شدید ضرورت کی وجہ سے گرم پانی کا انتظام کرنے یا حاصل کرنے کے لیے اس مقام پر جاسکتا ہے۔(۲)

= يَتَلَوَّثَ المَسجِدُ فَلَا بَاسَ بِهِ بَدَائِعُ أي بِأنْ كَانَ فِيهِ بِركَةُ مَاءٍ أو مَوضِعٌ مُعَدٌّ لِلطَّهَارَةِ أو اغتَسَلَ فِي إنَاءٍ بِحَيثُ لَا يُصِيبُ المَسجِدَ المَاءُ المُستَعمَلُ قَالَ فِي البَدَائِعِ : فَإِن كَانَ بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ بِالمَاءِ المُستَعمَلِ يُمنَعُ مِنهُ لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ ا ه. وَالتَّقيِيدُ بِعَدَمِ الإِمكَانِ يُفِيدُ أَنَّهُ لَو أَمكَنَ كَمَا قُلنَا فَيَخرُجُ أَنَّهُ يَفسُدُ.)[ردالمحتار: ۴۴۵/۲،باب الاعتکاف، کتاب الصوم،ط:سعید کراچی].

الجوهرة النيرة : (۱۷۷/۱) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: قديمي .

التاتارخانية : (۳۱۲/۲) كتاب الصوم ، الفصل الثاني عشر : في الاعتكاف ، ط: قديمي .

(۱) ((قَولُهُ : وَأَكلُهُ وَشُربُهُ وَنَومُهُ وَمُبَايَعَتُهُ فِيهِ)يَعنِي يَفعَلُ المُعتَكِفُ هَذِهِ الأَشيَاءَ فِي المَسجِدِ فَإِن خَرَجَ لِأَجلِهَا بَطَلَ اعتِكَافُهُ ؛ لِأَنَّهُ لَا ضَرُورَةَ إِلَى الخُرُوجِ حَيثُ جَازَت فِيهِ وَ فِي الفَتَاوَى الظَّهِيرِيَّةِ وَقِيلَ يَخرُجُ بَعدَ الغُرُوبِ وَلِلأَكلِ وَالشُّربِ .اه.وَيَنبَغِي حَملُهُ عَلَى مَا إِذَا لَم يَجِد مَن يَأتِي لَهُ بِهِ فَحِينَئِذٍ يَكُونُ مِنَ الحَوَائِجِ الضَّرُورِيَّةِ كَالبَولِ وَالغَائِطِ)[البحر الرائق: ۳۰۳/۲،کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط: سعید کراچی].

ردالمحتار: ۴۴۸/۲، ۴۴۹،باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: سعید کراچی].

[حاشية الطحطاوي على المراقي:ص: ۳۸۴، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:میر محمد کتب خانه کراچی].

(۲) ((قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إِلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أي لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إِلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كان عليه السَّلَام لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ في بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا)[البحر الرائق: ۳۰۱/۲،کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط: سعید کراچی].

الفتاوى الهندية :(۲۱۲/۱) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط:رشيدية كوئته]. =

☆......مزید ''احتلام ہو جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۷۵)

غسل جنابت کے لیے جانا

''مسجد کی منزلہ ہو'' عنوان کے تحت دوسرا اسٹار دیکھیں! (ص: ۳۸٤)

غسل خانہ

''وضو خانہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ٤۳۱)

غسل کے لیے پانی گرم کرنا

''پانی گرم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱٦۲)

غسل مستحب

معتکف کے لیے غسل مستحب کے لیے مسجد سے باہر نکلنا درست نہیں، اس سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، (۱) اور ایک دن ایک رات کی قضا روزے کے ساتھ لازم ہوگی۔ (۲)

غسل مسجد میں کرنا

''وضو مسجد میں کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ٤۳۹)

غسلِ واجب کے علاوہ غسل کا حکم

اگر معتکف غسل واجب کے علاوہ کسی بھی غسل کے لیے مسجد سے باہر نکلے گا اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ (۳)

= [بدائع الصنائع: ۲/ ۱۱۴، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصلٌ وَأَمَّا رُكْنُ الِاعْتِكَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما يُفسِدُهُ وما لا يُفسِدُهُ، ط: سعيد كراچی]۔

(۱) (مزید ''غسل'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!)۔

(۲) (''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!)۔

(۳) (''غسل'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!)۔

غصب کی جگہ

جو جگہ مسجد میں مالک کی اجازت کے بغیر زبردستی شامل کی جاتی ہے، وہ مسجد نہیں ہوتی، اگر معتکف اعتکاف کی حالت میں ایسی جگہ پر جائے گا، یا بیٹھے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور اعتکاف واجب کی قضا بھی لازم ہوگی۔ ہاں اگر وضو کرنے کے لیے جاتے وقت یا پیشاب، پاخانہ کے لیے نکلتے ہوئے اس جگہ سے گزرنا پڑے تو گزر سکتا ہے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

غیر اللہ کے لیے اعتکاف

☆......اعتکاف ایسی عبادت ہے جو صرف اللہ کے لیے مسجد میں کرنا

---

(۱) ((قَوْلُهُ: وَأَرْضٍ مَغْصُوبَةٍ أَوْ لِلْغَيْرِ) لَا حَاجَةَ إلَى قَوْلِهِ أَوْ لِلْغَيْرِ إذْ الْغَصْبُ يَسْتَلْزِمُهُ اللَّهُمَّ إلَّا أَنْ يُرَادَ الصَّلَاةُ بِغَيْرِ الْإِذْنِ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ غَاصِبٍ أَفَادَهُ أَبُو السُّعُودِ " ط ".
وَفِي "شَرْحِ الْمُنْيَةِ لِلْحَلَبِيِّ ": بَنَى مَسْجِدًا فِي أَرْضِ غَصْبٍ لَا بَأْسَ بِالصَّلَاةِ فِيهِ .وَفِي " الْوَاقِعَاتِ": بَنَى مَسْجِدًا عَلَى سُورِ الْمَدِينَةِ لَا يَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ ؛ لِأَنَّهُ مِنْ حَقِّ الْعَامَّةِ فَلَمْ يَخْلُصْ لِلَّهِ تَعَالَى كَالْمَبْنِيِّ فِي أَرْضٍ مَغْصُوبَةٍ .ا ه .)[ردالمحتار: ۱/ ۳۸۱، کتاب الصلوۃ، مَطْلَبٌ فِي الصَّلَاةِ فِي الْأَرْضِ الْمَغْصُوبَةِ وَدُخُولِ الْبَسَاتِينِ وَبِنَاءِ الْمَسْجِدِ فِي أَرْضِ الْغَصْبِ، ط: سعید کراچی].
🗁 (مَسْجِدٌ بُنِيَ على سُورِ الْمَدِينَةِ قالوا لَا يُصَلَّى فيه لِأَنَّ السُّورَ حَقُّ الْعَامَّةِ وَيَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ الْجَوَابُ على التَّفْصِيلِ إن كانت الْبَلْدَةُ فُتِحَتْ عَنْوَةً وبنى مَسْجِدٌ بِإِذْنِ الْإِمَامِ جَازَتْ الصَّلَاةُ فيه لِأَنَّ لِلْإِمَامِ أَنْ يَجْعَلَ الطَّرِيقَ مَسْجِدًا فَهَذَا أَوْلَى.) [الفتاوی الهندية: ۱/ ۱۱۰، کتاب الصلوة، الباب الثامن فی صلوة الوتر، ط: رشيديه کوئٹه].
🗁 (وفی " فتاوی أبی الليث ": مسجد بنی علی سور المدينة فلا ينبغی أن يصلی فيه؛ علل الصدر الشهيد رحمه الله فقال: لأن السور للعامة فصار كما لو بنی مسجداً فی أرض الغصب وإنه يخالف ما حكيناه عن "الأجناس".)[" المحيط البرهانی": ۵/ ۱۵۰، الفصل الخامس فی المسجد و القبلة والمصحف، ط: دار إحياء التراث العربی].
🗁 (فَلَوْ خَرَجَ) وَلَوْ نَاسِيًا (سَاعَةً) زَمَانِيَّةً لَا رَمْلِيَّةً كَمَا مَرَّ (بِلَا عُذْرٍ فَسَدَ) فَيَقْضِيهِ.
[الدر المختار: ۲/ ۴۴۷، ۴۴۸، باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: سعيد کراچی].
🗁 (قال الشيخ المفتی عزيز الرحمن": " ظاہر ہے کہ جو جگہ غصباً مسجد میں داخل کی گئی ہے وہ مسجد نہیں ہوئی، معتکف کو بحالت اعتکاف وہاں جانا اور بیٹھنا مفسد اعتکاف ہوگا اور اعتکاف واجب کی قضاء بھی لازم ہوگی" ۔)[فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۳۱۲، کتاب الصوم، دسواں باب مسائل اعتکاف، [سوال: ۲۸۲: غصباً جو حصہ مسجد میں لیا گیا؟ معتکف کا اس میں رہنا کیسا ہے؟] ، ط: دارالاشاعت کراچی]۔

ضروری ہے، غیر اللہ کے لیے اور مسجد کے علاوہ کسی دوسرے مقام مثلاً : مزار پر اعتکاف کرنا حرام ہے۔(۱)

☆......جس طرح غیر اللہ کے لیے طواف، رکوع اور سجدہ کرنا حرام ہے، اسی طرح غیر اللہ کے لیے اعتکاف کرنا اور اس کی نذر ماننا بھی حرام ہے۔(۲)

غیر تجارتی سامان

''تجارتی سامان'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۷۱)

(۱) (وَلِأَنَّهُ عِبَادَةٌ لِمَا فيه من إظهَارِ العُبُودِيَّةِ لِلّهِ تَعَالَى بِمُلَازَمَةِ الأَمَاكِنِ المَنسُوبَةِ إِلَيهِ.)[بدائع الصنائع:۱۰۸/۲، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،ط: سعيد كراچی].

(﴿وَلَا تباشروهن وَأَنتُم عاكفون في المساجد﴾ أى معتكفون فيها والاعتكاف في اللغة الاحتباس واللزوم مطلقاً ... وفى تقييد الاعتكاف بالمساجد دليل على أنه لا يصح إلا في المسجد إذ لو جاز شرعاً في غيره لجاز في البيت وهو باطل بالإجماع ويختص بالمسجد الجامع عند الزهرى وروى عن الإمام أبى حنيفة رضى الله تعالى عنه أنه مختص بمسجد له إمام ومؤذن راتب .)[" تفسير روح المعانى ":۶۸/۲،ط:دار احياء التراث العربى بيروت].

بحر الرائق:۳۰۱/۲،كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:سعيد كراچی].

[بدائع الصنائع:۱۱۲/۲، ۱۱۳، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچی].

(۲) إن السجود الشرعي عبادة ، وعبادة غيره سبحانه وتعالىٰ شرك محرم في جميع الأديان والأزمان ، ولا أراها حلت في عصر من الأعصار . (روح المعاني : (۲۲۸/۱) البقرة : الآية ، رقم : ۳۴ ، ط: دار إحياء التراث العربي)

أحكام القرآن للقرطبي : (۳۳۴/۲ ، ۳۳۵) البقرة ، الآية : ۳۴ ، ط: رشيديه .

(قال المفتي عزيز الرحمن : بوسہ دینا قبر اولیاء کرام ودیگر صلحاء عظام کو اور طواف کرنا گرد قبر کے اور سجدہ کرنا تعظیماً یہ سب عادت نصاریٰ وطریقہ پرستش کفار کا ہے ہرگز ہرگز جائز نہیں، حرام ہے. قال حجة الاسلام الغزالیؒ فی "الأحياء": والمستحب فى زيارة القبور إن يقف مستدبر القبلة مستقبلا وجه الميت وأن يسلم ولا يمسح القبر ولا يقبله ولا يمسه فإن ذلك من عادة النصارى ؛وقال الملاعلى القارى فى "شرح المناسك":لايطوف أى ولايدور حول البقعة الشريفة لأنّ الطواف من مختصات الكعبةِ المنيفةِ فيحرم حول قبور الأنبياء والأولياءِ ولاعبرة بمايفعله العامة الجهلة ولو كانوا فى صورةِ المشائخ والعلماءِ ولاينحنى ولايقبل الارض فانه أى كل واحدٍ بدعة أى غير مستحسنةٍ فتكون مكروهة وأماالسجدة فلاشك أنهاحرام ؛ ....الخ .)[عزيزالفتاوى :ص:۱۱۳، ۱۱۶، كتاب السنة والبدعة،[سوال :۳۹:اولیاء کرام وصحابہ عظام کی قبور کا طواف کرنا ؟]،ط:دارالاشاعت کراچی].

ف

فاسد کرنے والی چیزیں

واجب اور مسنون اعتکاف کو فاسد کرنے والی چیزیں یہ ہیں:

☆......معتکف کے لیے شرعی اور طبعی ضرورت کے علاوہ اپنی اعتکاف والی مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں، رات دن ہر وقت اعتکاف والی مسجد کے اندر رہے، اگر شرعی اور طبعی ضرورت کے علاوہ مسجد سے باہر نکلے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......معتکف ایک منٹ کے لیے بھی شرعی اور طبعی ضرورت کے بغیر مسجد سے باہر نکلے گا تو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......شرعی اور طبعی ضرورت کے بغیر خواہ جان بوجھ کر مسجد سے باہر نکلے یا بھول سے، ہر حال میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

---

(۱) ((وَأَمَّا مُفسِدَاتُهُ): فَمِنهَا الخُرُوجُ من المَسجِدِ فَلا يَخرُجُ المُعتَكِفُ من مُعتَكَفِهِ لَيلًا وَنَهارًا إلَّا بِعُذرٍ وَإِن خَرَجَ من غَيرِ عُذرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ في قَولِ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا في "المُحِيطِ" سَوَاءٌ كان الخُرُوجُ عَامِدًا أو نَاسِيًا هَكَذَا في "فَتَاوَى قَاضِي خَان" ... وَمِن الأَعذَارِ الخُرُوجُ لِلغَائِطِ وَالبَولِ وَأَدَاءِ الجُمُعَةِ فإذا خَرَجَ لِبَولٍ أو غَائِطٍ لَا بَأسَ بِأَن يَدخُلَ بَيتَهُ وَيَرجِعَ إلَى المَسجِدِ كما فَرَغَ من الوُضُوءِ وَلَو مَكَثَ في بَيتِهِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَإِن كان سَاعَةً عِندَ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا في "المُحِيطِ".)[الفتاوى الهندية: (۲۱۲/۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته].

[بدائع الصنائع: (۱۱۴/۲) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فَصلٌ وَأَمَّا رُكنُ الِاعتِكَافِ وَمَحظُورَاتِهِ وما يُفسِدُهُ وما لا يُفسِدُهُ، ط: سعيد كراچى].

[البحر الرائق: (۳۰۲،۳۰۱/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

☆......معتکف کے متعلقین میں سے کوئی سخت بیمار ہو جائے یا کسی کی وفات ہو جائے تو معتکف کے چلے جانے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، لیکن ایسی حالت میں چلے جانے سے گناہ نہیں ہوگا، بلکہ اگر مریض کے لیے اس معتکف کے علاوہ اور کوئی دوسرا تیماردار نہیں، مریض کو بہت تکلیف ہے، جان کا خطرہ ہو جائے، تو معتکف کو چلے ہی جانا چاہیے، بعد میں اس کی قضا کر لے۔ اسی طرح اگر میت ہوئی اور غسل، کفن اور دفن کرنے والا اور کوئی نہیں ہے، تب بھی اعتکاف میں سے اٹھ کر چلے جانا چاہیے، پھر بعد میں قضا کر لے۔(۱)

☆......معتکف میت کو نہلانے، کفن تیار کرنے، جنازہ کی نماز پڑھنے یا پڑھانے کے لیے یا میت کو کاندھا دینے کے لیے یا دفن میں شریک ہونے کے لیے باہر چلا جائے، تو اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ شدید ضرورت کے بغیر اعتکاف کو نہیں توڑنا چاہیے۔ ہاں معتکف کے بغیر کوئی انتظام نہ ہو سکے تو معتکف چلا جائے اور

---

(۱) أو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ وَإِن تَعَيَّنَت عليه أو لِنَفِيرٍ عَامٍّ أو لأداء شَهَادَةٍ أو لِعُذرِ المَرَضِ أو لِإِنقَاذِ غَرِيقٍ أو حَرِيقٍ فَفَرَّقَ الشَّارِحُ هُنَا بين هذه المَسَائِلِ حَيثُ جَعَلَ بَعضَهَا مُفسِدًا وَالبَعضَ لا تَبَعًا لِصَاحِبِ البَدَائِعِ مِمَّا لا يَنبَغِي نعم الكُلُّ عُذرٌ مُسقِطٌ لِلإِثمِ بَل قد يَجِبُ عليه الإِفسَادُ إذَا تَعَيَّنَت عليه صَلاةُ الجَنَازَةِ أو أَدَاءُ الشَّهَادَةِ بِأَن كان يَتوِى حَقَّهُ إن لم يَشهَد أو لِإِنجَاءِ غَرِيقٍ وَنَحوِهِ وَالدَّلِيلُ على ما ذَكَرَهُ القَاضِي ما ذَكَرَهُ الحَاكِمُ في كَافِيهِ بِقَولِهِ فَأَمَّا في قول أبي حَنِيفَةَ فَاعتِكَافُهُ فَاسِدٌ إذَا خَرَجَ سَاعَةً لِغَيرِ غَائِطٍ او بَولٍ او جُمُعَةٍ اه. فَكَانَ مُفَسِّرًا لِلعُذرِ المُسقِطِ لِلفَسَادِ.)[البحر الرائق: ۲/ ۳۰۲، ۳۰۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

🗁[الفتاوی الهندية: ۱/ ۲۱۲، کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه].

🗁[الدر المختار: ۲/ ۴۴۷، ۴۴۸، باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: سعيد کراچی].

🗁[مراقی الفلاح: ص: ۱۷۹، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: امدادیه ملتان].

🗁[حاشية الطحطاوی علی المراقی: ص: ۳۸۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانه کراچی/ ص: ۵۷۹، باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: مكتبه الصارية هرات افغانستان].

بعد میں قضا کر لے۔(۱)

☆......معتکف شرعی یا طبعی ضرورت سے مسجد سے باہر گیا تھا راستہ میں قرض خواہ یا کسی اور صاحب حق نے اس کو روک لیا اور معتکف بھی رک کر کھڑا ہو گیا تو حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس کا اعتکاف فاسد ہو گیا، اس لیے معتکف کو چاہیے کہ رک کر کھڑا نہ ہو بلکہ چلتے چلتے اس کو جواب دے دے، یا مسجد میں آنے کا کہہ دے۔ایک منٹ کے لیے بھی کھڑا ہو گیا تو اعتکاف ٹوٹ ہو جائے گا۔(۲)

☆......معتکف خود سخت بیمار ہو جائے جس سے مسجد میں ٹھہرنا مشکل ہو تو معتکف گھر جا سکتا ہے، اس کے چلے جانے سے اعتکاف تو ٹوٹ جائے گا، لیکن گناہ گار نہیں ہوگا، اور بعد میں ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) انظر إلى الحاشية السابقة .

(۲) (وَلَو خَرَجَ لِبَولٍ أَو غَائِطٍ فَحَبَسَهُ الغَرِيمُ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى). [الفتاوى الهندية : ۲۱۲/۱ ، كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئٹه].

(أو خرج هو لبول أو غائط، فحبسه الغريم ساعة فسد اعتكافه في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى.)[الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۱/۱،۲۲۲ ، كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه].

[الد رمع الرد: ۴۴۷/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی] .
''دوا لینے کے لئے باہر جانا''، ''بیمار ہو گیا''، ''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' عنوانات کے تحت دیکھیں۔

(۳) (أَو خَرَجَ لِعُذرِ المَرَضِ فَسَدَ اعتِكَافُهُ عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَعَلَّلَ قَاضِي خَان فِي الخُرُوجِ لِلمَرَضِ بِأَنَّهُ لَا يَغلِبُ وُقُوعُهُ فَلَم يَصِر مُستَثنًى عَنِ الإِيجَابِ فَأَفَادَ هَذَا التَّعلِيلُ الفَسَادَ فِي الكُلِّ وَعَن هَذَا فَسَدَ إِذَا عَادَ مَرِيضًا أَو شَهِدَ جِنَازَةً .)[فتح القدير: ۴۰۱/۲، كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:رشيدية].

[الفتاوى الخانية على هامش الهندية: ۲۲۲/۱، كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه].

[الفتاوى التاتارخانية: ۳۱۳/۲، كتاب الصوم،الفصل الثاني عشر في الاعتكاف،ط:قديمي كراچی]

☆......معتکف کو اپنی جان و مال کا قوی خطرہ ہو جائے، اور اعتکاف کی حالت میں اس کو دفع کرنے پر قادر نہ ہو تو اس صورت میں گھر چلا جائے، تو گناہ گار نہیں ہوگا، البتہ بعد میں ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۱)

☆......کسی حاکم یا غیر حاکم نے زبردستی معتکف کو باہر نکال دیا، مثلاً: سرکاری وارنٹ آگیا، یا زبردستی قرض خواہ باہر کھینچ کر لے گیا، تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ معتکف گناہ گار نہیں ہوگا۔ البتہ بعد میں ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ کرنا لازم ہوگا۔(۲)

☆......مسجد گرنے لگے اور معتکف کے دب جانے کا خطرہ ہو یا کوئی بچہ یا آدمی پانی کے کنویں میں گر گیا اور ڈوب رہا ہو، یا آگ میں گر پڑے، یا گرنے کا خطرہ ہو، تو معتکف کو مسجد سے نکل جانے کا گناہ نہیں ہوگا، بلکہ جان بچانے کی غرض سے واجب ہے، لیکن اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۳)

نوٹ: ان تمام صورتوں میں اگر مسجد سے نہ نکلنے کی کوئی تدبیر ہو سکتی ہے، اور خود نہ نکلنے کے بغیر کام ہو سکتا ہے، تو خود نہ نکلے۔ اور معمولی خطرے سے گھبرا کر فوراً نکل آنا درست نہیں۔ اگر حقیقت میں کوئی نا قابل برداشت یا شدید خطرہ ہو جائے تو

(۲،۱)(وَأَمَّا مَا لَا يَغلِبُ كَإِنجَاءِ غَرِيقٍ وَانهِدَامِ مَسجِدٍ فَمُسقِطٌ لِلإِثمِ لَا لِلبُطلَانِ ...... وَعَلَى هَذَا إِذَا خَرَجَ لِإِنقَاذِ غَرِيقٍ أَو حَرِيقٍ أَو جِهَادٍ عَمَّ نَفِيرُهُ فَسَدَ وَلَا يَأثَمُ وَكَذَا إِذَا انهَدَمَ المَسجِدُ وَنَصَّ عَلَيهِ فِي الخَانِيَّةِ وَغَيرِهَا وَكَذَا تَفَرُّقُ أَهلِهِ وَانقِطَاعُ الجَمَاعَةِ مِنهُ وَنَصَّ الحَاكِمُ فِي الكَافِي فَقَالَ وَأَمَّا قَولُ أَبِي حَنِيفَةَ: فَاعتِكَافُهُ فَاسِدٌ إِذَا خَرَجَ سَاعَةً لِغَيرِ غَائِطٍ أَو بَولٍ أَو جُمُعَةٍ اهـ مُلَخَّصًا.

[الدر المختار: ۲/۴۴۷، ۴۴۸، باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: سعید کراچی].

[فتح القدیر: ۲/۴۰۱، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: رشیدیة].

[البحر الرائق: ۲/۳۰۲، ۳۰۳، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

(۳)(حوالہ بالا کی تخریج دیکھیں!)()(''اعتکاف ٹوٹنے پر قضا کا حکم'' کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں!).

اعتکاف توڑ دینا چاہیے۔اور بعد میں ایک دن ایک رات روزہ کے ساتھ قضا کر لینا چاہیے۔

☆......معتکف بھول گیا اس کو خیال ہی نہ رہا کہ وہ اعتکاف میں ہے، اور مسجد سے باہر آ گیا، خواہ فوراً اعتکاف یاد آ گیا یا کچھ دیر کے بعد، اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔البتہ گناہ گار نہیں ہوگا۔اور بعد میں ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔(۱)

☆......اعتکاف کی حالت میں ہم بستری کر لینے سے دن میں یا رات میں، بھول کر یا جان کر، خواہ انزال ہو یا نہ ہو، ہر حال میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور ایک دن ایک رات کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہوگی۔

☆......معتکف نے شرمگاہ کے علاوہ بیوی کے کسی دوسرے حصۂ بدن کے ساتھ مباشرت کی یا بوس و کنار کیا تو اگر انزال ہو جائے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، ورنہ نہیں۔(۲)

---

(۱) (قَولُهُ: فَإِن خَرَجَ سَاعَةً بِلا عُذرٍ فَسَدَ) لِوُجُودِ المُنَافِي، أطلقه فَشمِلَ القَلِيلَ وَالكَثِيرَ، وَهٰذَا عِندَ أبِي حَنِيفَةَ ، ...... وَأرَادَ بِالعُذرِ ما يَغلِبُ وُقُوعُهُ كَالمَوَاضِعِ التي قَدَّمَهَا وَإلّا لو أُرِيدَ مُطلَقُهُ لَكَانَ الخُرُوجُ نَاسِيًا أو مُكرَهًا غير مُفسِدٍ لِكَونِهِ عُذرًا شَرعِيًّا وَلَيسَ كَذٰلِكَ بَل هو مُفسِدٌ كما صَرَّحُوا بِهِ.)[البحر الرائق:(۳۰۲/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچی].

(وَأمّا مُفسِدَاتُهُ): فَمِنهَا الخُرُوجُ من المَسجِدِ فَلا يَخرُجُ المُعتَكِفُ من مُعتَكَفِهِ لَيلًا وَنَهَارًا إلّا بِعُذرٍ وَإن خَرَجَ من غَيرِ عُذرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ في قَولِ أبي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى كَذَا في "المُحِيطِ" سَوَاءٌ كان الخُرُوجُ عَامِدًا أو نَاسِيًا هٰكَذَا في " فَتَاوَى قَاضِي خَان".)[الفتاوى الهندية :(۲۱۲/۱) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته، ط:رشيدية كوئٹه].

[الفتاوى الخانية على هامش الهندية:(۲۲۲/۱) كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه].

(۲) (وقوله سبحانه: ﴿وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي المَسَاجِدِ تِلكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَقرَبُوهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُم يَتَّقُونَ﴾ [البقرة:۲:۱۸۷].=

☆......معتکف، گرمی سے بچنے کے لیے یا سردیوں میں دھوپ لینے کے لیے مسجد کی حد سے باہر چلا جائے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔(۱)

☆......معتکف کو کھانا منگانے کا انتظام کر لینا چاہیے، خواہ گھر سے کوئی لے آئے یا ہوٹل والے سے کہہ دے، اس کا ملازم وقت پر پہنچا دیا کرے، جب انتظام

= عَن عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَت:"السُّنَّةُ عَلَى المُعتَكِفِ أَن لا يَعُودَ مَرِيضًا وَلَا يَشهَدَ جَنَازَةً وَلَا يَمَسَّ امرَأَةً وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخرُجَ لِحَاجَةٍ إِلَّا لِمَا لا بُدَّ مِنهُ وَلَا اعتِكَافَ إِلَّا بِصَومٍ وَلَا اعتِكَافَ إِلَّا فِي مَسجِدٍ جَامِعٍ". قَالَ أَبُو دَاوُد غَيرُ عَبدِ الرَّحمَنِ لا يَقُولُ فِيهِ قَالَت السُّنَّةُ قَالَ أَبُو دَاوُد جَعَلَهُ قَولَ عَائِشَةَ[سنن أبي داود:(۱/۳۴۲) كتاب الصوم،باب المعتكف يعود المريض،ط:حقانيه ملتان].

[مشكوٰة المصابيح:(۱/۱۸۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،الفصل الثاني،ط:قديمي كراچي].

(أما مفسدات الاعتكاف)منها : الجماع عمدا ولو بدون إنزال سواء كان بالليل أو النهار باتفاق . أو الجماع نسيانا فإنه يفسد الاعتكاف عند ثلاثة وقال الشافعية : إذا جامع ناسيا للاعتكاف فإن اعتكافه لا يفسد أما دواعي الجماع من تقبيل بشهوة ومباشرة ونحوها فإنها لا تفسد الاعتكاف إلا بالإنزال باتفاق ثلاثة)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/۴۹۴) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف،مفسدات الاعتكاف،ط: دار الحديث القاهرة].

[البحر الرائق:(۲/۳۰۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:سعيد كراچي].

(وَبَطَلَ بِوَطءٍ فِي فَرجٍ)أَنزَلَ أَم لا (وَلَو) كَانَ وَطؤُهُ خَارِجَ المَسجِدِ (لَيلًا أَو نَهَارًا عَامِدًا (أَو نَاسِيًا) فِي الأَصَحِّ لِأَنَّ حَالَتَهُ مُذَكِّرَةٌ (وَ) بَطَلَ (بِإِنزَالٍ بِقُبلَةٍ أَو لَمسٍ) أَو تَفخِيذٍ وَلَو لَم يُنزِل لَم يَبطُل وَإِن حَرُمَ الكُلُّ لِعَدَمِ الحَرَجِ وَلَا يَبطُلُ بِإِنزَالٍ بِفِكرٍ أَو نَظَرٍ .)[الدرمع الرد:(۲/۴۵۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

(۱)((وَأَمَّا مُفسِدَاتُهُ) فَمِنهَا الخُرُوجُ مِن المَسجِدِ فَلَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ مِن مُعتَكَفِهِ لَيلًا وَنَهَارًا إِلَّا بِعُذرٍ وَإِن خَرَجَ مِن غَيرِ عُذرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ فِي قَولِ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا فِي "المُحِيطِ". سَوَاءٌ كَانَ الخُرُوجُ عَامِدًا أَو نَاسِيًا هَكَذَا فِي " فَتَاوَى قَاضِي خَان".)[الفتاوى الهندية :(۱/۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامفسداته،ط: رشيدية كوئٹه].

(لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ مِن مُعتَكَفِهِ لَيلًا وَنَهَارًا إِلَّا بِعُذرٍ وَإِن خَرَجَ مِن غَيرِ عُذرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ فِي قَولِ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى.) [الفتاوى التاتارخانية:(۲/۳۱۲) كتاب الصوم،الفصل الثاني عشر في الاعتكاف،ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[البحر الرائق:(۲/۳۰۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:سعيد كراچي].

ہو جائے تو معتکف کو خود کھانا لینے کے لیے مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں ہے۔ اگر چلا جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔ (۱)

☆......اگر معتکف کے لیے کوشش کے باوجود کھانا لانے کا کوئی انتظام نہیں ہو سکا تو خود ہی گھر سے یا ہوٹل سے یا تندور سے لے آنا درست ہے، لیکن ضرورت کے بغیر وہاں نہ ٹھہرے، کم از کم اتنا تو کہہ سکتا ہے کہ فلاں وقت کھانا لینے آیا کروں گا، تا کہ دکان دار خیال رکھے اور اس کو سب سے پہلے فارغ کر دے۔ اور یہ کھانا لانا آفتاب غروب ہونے کے وقت ٹھیک ہے، غروب سے پہلے ہرگز نہ جائے، کیوں کہ آفتاب غروب ہونے سے پہلے ضرورت ثابت نہیں ہوتی، اس کے بعد سحری کے آخری وقت تک جانے کا اختیار ہے، بعد میں نہیں ہے۔ اور کھانا مسجد میں کھانا چاہیے، ہاں اگر مسجد میں کھانے کی اجازت نہ ہو جیسا کہ حرمین شریفین میں انتظامیہ کی طرف سے اجازت نہیں ہے، تو اس صورت میں مجبوراً باہر کھانے کی اجازت ہوگی۔ (۲)

فائدہ

☆......اعتکاف کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس کی وجہ سے گناہوں سے حفاظت ہوتی ہے، ورنہ بسا اوقات کوتاہی اور لغزش سے کچھ اسباب ایسے پیدا ہو جاتے ہیں کہ اس میں آدمی گناہ میں مبتلا ہو ہی جاتا ہے، اور ایسے مبارک وقت میں گناہ کا ہو جانا

(۲،۱) ((قَوْلُهُ: وَأَكْلُهُ وَشُرْبُهُ وَنَوْمُهُ وَمُبَايَعَتُهُ فِيهِ) يَعْنِي يَفْعَلُ الْمُعْتَكِفُ هَذِهِ الْأَشْيَاءَ فِي الْمَسْجِدِ فَإِنْ خَرَجَ لِأَجْلِهَا بَطَلَ اعْتِكَافُهُ؛ لِأَنَّهُ لَا ضَرُورَةَ إلَى الْخُرُوجِ حَيْثُ جَازَتْ فِيهِ وَ فِي "الْفَتَاوَى الظَّهِيرِيَّةِ": وَقِيلَ يَخْرُجُ بَعْدَ الْغُرُوبِ لِلْأَكْلِ وَالشُّرْبِ. اهـ. وَيَنْبَغِي حَمْلُهُ عَلَى مَا إذَا لَمْ يَجِدْ مَنْ يَأْتِي لَهُ بِهِ فَحِينَئِذٍ يَكُونُ مِنْ الْحَوَائِجِ الضَّرُورِيَّةِ كَالْبَوْلِ وَالْغَائِطِ) [البحر الرائق: ۳۰۳/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

[الدر مع الرد: ۴۴۸/۲، ۴۴۹، باب الاعتکاف، کتاب الصوم، ط: سعید کراچی].

[حاشیة الطحطاوی علی المراقی: ص: ۳۸۴، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: میر محمد کتب خانہ کراچی].

بہت ہی بڑا ظلم ہے۔اعتکاف کی وجہ سے ان سے امن اور حفاظت رہتی ہے۔

☆......دوسرا یہ کہ بہت سے نیک اعمال ایسے ہیں کہ کرنے کے بغیر بھی ان کا ثواب مل جاتا ہے۔

(”عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ قال في المعتكف :هو يعتكف الذنوب ، ويجري له من الحسنات كعامل الحسنات كلها.“)(ابن ماجه، مشكوة.).(۱)

☆......اعتکاف کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ جب آدمی تمام دنیاوی کاروبار اور نفسانی خواہشات سے الگ ہوکر کچھ دنوں تک ہر وقت اللہ کی عبادت اور اس کے ذکر میں لگا رہتا ہے، تو اس سے اللہ کا تعلق مضبوط ہو جاتا ہے، اس سے دل میں اللہ کی محبت اور دل ودماغ میں سکون اور نورانیت پیدا ہوتی ہے۔اسی طرح جب وہ ایک مدت تک فضول کاموں اور بے کار باتوں سے بچتا ہے، اور ہر وقت اللہ کی یاد اس کے دل میں تازہ رہتی ہے، تو اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ ایک بندے کو پوری زندگی میں اسی طرح بری باتوں سے بچنا اور اپنے نفس کو قابو میں رکھنا اور اللہ کی یاد کو دل میں رکھنا چاہیے۔(۲)

---

(۱)[سنن ابن ماجه: ص:۱۲۷، ابواب ماجاء في الصيام، باب في ثواب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[مشكوة المصابيح: ۱/۱۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثالث، ط: قديمي كراچي].

[مرقاة المفاتيح: ۴/۵۳۲، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثالث، ط: حقانية بشاور].

(۲)(وشرع لهم الاعتكاف الذى مقصودُه وروحُه عكوفُ القلبِ على الله تعالى وجمعيَّتُه عليه والخلوةُ به والانقطاعُ عن الاشتغال بالخلق والاشتغال به وحده سبحانه بحيث يصير ذِكره وحبه والإقبالُ عليه فى محل هموم القلب وخطراته فيستولى عليه بدلَها ويصير الهمُّ كُلُّه به والخطراتُ كلُّها بذكره والتفكُّر فى تحصيل مراضيه وما يُقرِّب منه فيصيرُ أُنسه بالله بدلاً عن أُنسه بالخلق فيعده بذلك لأنسه به يوم الوَحشة فى القبور حين لا أنيس له ولا ما يفرحُ به سواه فهذا مقصود الاعتكاف الأعظم.)[زاد المعاد فى هدى خير العباد: ۲/۸۷، فصل: فى هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فى الاعتكاف : مؤسسة الرسالة بيروت]. =

☆......مزید ''حکمتیں'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۲۳)

فدیہ

☆......رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے مسنون اعتکاف یا نذر کے اعتکاف کی قضا ذمہ میں تھی، لیکن قضا ادا نہیں کرسکا تو فدیہ دینا واجب ہوگا۔

☆......مسنون اعتکاف یا منذور اعتکاف کی قضا ذمہ میں تھی، اور ادا نہیں کیا، اور فدیہ دینے کی وصیت بھی نہیں کی تو وارثوں پر فدیہ دینا واجب نہیں ہوگا۔ ہاں اگر بالغ ورثاء خوشی سے اپنی اجازت سے ادا کردیں گے تو میت پر احسان ہوگا۔

☆......اگر رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا اعتکاف فاسد ہوگیا اور ضعف اور بڑھاپے کی وجہ سے قضا ادا نہیں کرسکتا تو فدیہ دینا واجب ہوگا۔ اور صرف ایک دن کا فدیہ دینا واجب ہوگا۔ اور ایک دن کا فدیہ ایک صدقۂ فطر کے برابر ہے۔

= (والهدف منه: صفاء القلب بمراقبة الرب والإقبال والانقطاع إلى العبادة في أوقات الفراغ متجرداً لها ولله تعالى من شواغل الدنيا وأعمالها ومسلّماً النفس إلى المولى بتفويض أمرها إلى عزيز جنابه والاعتماد على كرمه والوقوف ببابه وملازمة عبادته في بيته سبحانه وتعالى والتقرب إليه ليقرب من رحمته والتحصن بحصنه عز وجل فلا يصل إليه عدوه بكيده وقهره لقوة سلطان الله وقهره وعزيز تأييده ونصره. فهو من أشرف الأعمال وأحبها إلى الله تعالى إذا كان عن إخلاص لله سبحانه؛ لأنه منتظر للصلاة وهو كالمصلي وهي حالة قرب .فإذا انضم إليه الصوم عند مشترطيها ازداد المؤمن قرباً من الله بما يفيض على الصائمين من طهارة القلوب وصفاء النفوس. وأفضله في العشر الأواخر من رمضان ليتعرض لليلة القدر التي هي خير من ألف شهر.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۶۱۱/۲، البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف، المبحث الأول: تعريف الاعتكاف ومشروعيته والهدف منه...الخ، ط: الحقانيّة بشاور].

(وَأمّا مَحاسِنُهُ فَظاهِرَةٌ فإن فيه تَسلِيمَ المُعتَكِفِ كُلِّيَّتَهُ إلَى عِبادَةِ اللّهِ تَعالَى في طَلَبِ الزُّلفَى وَتَبعِيدِ النَّفسِ من شُغلِ الدُّنيا التي هِيَ مانِعَةٌ عَمّا يَستَوجِبُ العَبدُ من القُربَى وَاستِغرَاقِ المُعتَكِفِ أوقاتَهُ في الصَّلاةِ إمّا حَقِيقَةً أو حُكمًا لِأنّ المَقصَدَ الأصلِيَّ من شَرعِيَّتِهِ انتِظارُ الصَّلاةِ بِالجَماعاتِ وَتَشبِيهُ المُعتَكِفِ نَفسَهُ بِمَن لَا يَعصُونَ اللّهَ ما أمَرَهُم وَيَفعَلُونَ ما يُؤمَرُونَ وَبِالَّذِينَ يُسَبِّحُونَ اللَّيلَ وَالنَّهارَ وَهُم لَا يَسأَمُونَ.)[الفتاوى الهندية: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحاسنه، ط: رشيدية كوئته].

☆......کسی کے ذمہ نذر کا اعتکاف ادا کرنا تھا، لیکن ادا نہ کرسکا، یہاں تک کہ مر گیا، اور فدیہ دینے کی وصیت کی، تو جتنے دن کی نذر مانی تھی اتنے دن کا فدیہ دینا واجب ہوگا۔ (اور ہر دن کا فدیہ ایک ایک صدقۂ فطر کے برابر گندم یا اس کی قیمت فدیہ کی نیت سے ادا کردے۔)

☆......کوئی بیمار تھا اور اعتکاف کی نذر مانی تھی، اور بیماری ہی میں فوت گیا، اور اعتکاف ادا نہ کرسکا، تو فدیہ واجب نہیں ہوگا، اور اگر ایک دن بھی اچھا ہوا اور اعتکاف میں بیٹھنے کے قابل ہوا تو نذر کے ایام کا فدیہ ادا کرنا واجب ہوگا۔(۱)

☆......ایک دن کے اعتکاف کا فدیہ تقریباً دو کلو گندم یا اس کی قیمت ہے۔

---

(۱) ((قال: وإن كان مريضا حين نذر الاعتكاف فلم يبرأ حتى مات فلا شيء عليه) لأنه ليس للمريض ذمة صحيحة في وجوب أداء الصوم والاعتكاف بناء عليه ألا ترى أنه لا يلزمه أداء صوم رمضان بشهوده الشهر فكذلك لا يلزمه الأداء بالنذر والفدية تنبني على وجوب الأداء وإن صح يوما ثم مات أطعم عنه عن جميع الشهر في قول أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالى وفي قول محمد رحمه الله تعالى يطعم عنه بعدد ما صح من الأيام وأبو حنيفة وأبو يوسف قالا لما صح فقد صارت له ذمة صحيحة في التزام الأداء فيجعل كالمجدد للنذر في هذا الوقت. والصحيح لو نذر اعتكاف شهر ثم مات بعد يوم أطعم عنه لجميع الشهر إن أوصى يجبر الوارث عليه من الثلث وإن لم يوص لم يجبر الوارث عليه ولكنه إن أحب فعل فكذلك هذا.) [المبسوط للسرخسي: ۱۳۸/۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت لبنان].

▭ (وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ فَمَاتَ أطعَمَ لِكُلِّ يَومٍ نِصفَ صَاعٍ من بُرٍّ أو صَاعًا من تَمرٍ أو شَعِيرٍ إن أَوصَى كَذَا في السِّرَاجِيَّةِ وَيَجِبُ عليه أن يُوصِيَ هَكَذَا في "البَدَائِعِ" وَإِن لم يُوصِ وَأَجَازَت الوَرَثَةُ جَازَ ذلك وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ وهو مَرِيضٌ فلم يَبرَأ حتى مَاتَ لَا شَيءَ عليه وَإِن صَحَّ يَومًا ثُمَّ مَاتَ أُطعِمَ عنه عن جَمِيعِ الشَّهرِ كَذَا في "السِّرَاجِيَّةِ".)[الفتاوى الهندية: ۲۱۴/۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ومما يتصل بذلك مسائل، ط: رشيدية كوئٹه].

▭ [الفتاوى السراجية: ص: ۳۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

فدیہ کی مقدار

ایک دن کے اعتکاف کا فدیہ تقریباً دوکلو گندم (۱) یا اس کی قیمت ہے۔ (۲)

فرشتے ساتھی ہیں

☆......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگ مساجد کے لیے کیل اور میخ بن جاتے ہیں، ایسے لوگوں کے ساتھی فرشتے ہوتے ہیں، اگر یہ لوگ کبھی مسجد سے غائب ہوجائیں تو فرشتے انہیں تلاش کرتے ہیں، اور اگر یہ بیمار ہوجائیں تو ان کی عیادت کرتے ہیں، اگر ان کو کوئی ضرورت پیش آجائے تو یہ فرشتے ان کی مدد کرتے ہیں۔

---

(۱) (وَلَو نَذَرَ اعتِكَافَ شَهرٍ فَمَاتَ أَطعَمَ لِكُلِّ يَومٍ نِصفَ صَاعٍ من بُرٍّ أو صَاعًا من تَمرٍ أو شَعِيرٍ إن أوصَى كَذَا فی "السِّرَاجِيَّةِ") [الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۴، كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، ومما يتصل بذلك مسائل، ط: رشيدية كوئٹه].

[الفتاوى السراجية: ص: ۳۱، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی].

((وَفِديَةُ كُلِّ صَلَاةٍ وَلَو وِترًا) كَمَا مَرَّ فِی قَضَاءِ الفَوَائِتِ (كَصَومِ يَومٍ) عَلَى المَذهَبِ، وَكَذَا الفِطرَةُ وَالِاعتِكَافُ الوَاجِبُ يُطعِمُ عَنهُ لِكُلِّ يَومٍ كَالفِطرَةِ. "وَالوَلوَالِجِيَّةُ".

وَالحَاصِلُ أَنَّ مَا كَانَ عِبَادَةً بَدَنِيَّةً فَإِنَّ الوَصِيَّ يُطعِمُ عَنهُ بَعدَ مَوتِهِ عَن كُلِّ وَاجِبٍ كَالفِطرَةِ.) [الدر المختار: ۲/۴۲۶، ۴۲۷، كتاب الصوم، فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط: سعيد كراچی].

(۲) (وَإِنَّمَا تَجِبُ صَدَقَةُ الفِطرِ من أَربَعَةِ أَشيَاءَ من الحِنطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالتَّمرِ وَالزَّبِيبِ كَذَا فی خِزَانَةِ المُفتِينَ وَشَرحِ الطَّحَاوِيِّ وَهِيَ نِصفُ صَاعٍ من بُرٍّ أو صَاعٌ من شَعِيرٍ أو تَمرٍ وَدَقِيقُ الحِنطَةِ وَالشَّعِيرِ وَسَوِيقُهُمَا مِثلُهُمَا وَالخُبزُ لَا يَجُوزُ إلَّا بِاعتِبَارِ القِيمَةِ وهو الأَصَحُّ وَأَمَّا الزَّبِيبُ فَقَد ذَكَرَ فی الجَامِعِ الصَّغِيرِ نِصفَ صَاعٍ عِندَ أبی حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى لِأَنَّهُ يُؤكَلُ بِجَمِيعِ أَجزَائِهِ وَرَوَى عن أبی حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى صَاعٌ وهو قَولُهُمَا ثُمَّ قِيلَ يَجُوزُ أَدَاؤُهُ بِاعتِبَارِ العَينِ وَالأَحوَطُ أَن يُرَاعَى فيه القِيمَةُ هَكَذَا فی مُحِيطِ السَّرخَسِيِّ.) [الفتاوى الهندية: ۱/۱۹۱، كتاب الزكوة، الباب الثامن فی صدقة الفطر، ط: رشيدية كوئٹه].

[الجوهرة النيرة: ۱/۱۶۲، كتاب الزكوة، باب صدقة الفطر، ط: قديمی كتب خانه كراچی].

("عَن أَبِی هُرَیرَةَ رضي الله تعالىٰ عنه عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللَّهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ لِلمَسَاجِدِ أَوتَادًا المَلَائِکَةُ جُلَسَاؤُهُم إِن غَابُوا یَفتَقِدُونَهُم وَإِن مَرِضُوا عَادُوهُم وَإِن کَانُوا فِی حَاجَةٍ أَعَانُوهُم".)[الفتح الرباني: ۲۴۲].(۱)

☆......وضاحت: کیل اور میخ بن جانے کا مطلب یہ ہے کہ ہر وقت مسجد میں رہتے ہیں، ظاہر ہے یہ مقام معتکف ہی کو حاصل ہے۔

☆......مساجد فرشتوں کے اڈے اور جمع ہونی کی جگہ ہیں، یہاں کثرت سے ان کا قیام اور آمد و رفت ہوتی رہتی ہے، ایسی صورت میں مسجد میں اعتکاف کرنے والے حضرات فرشتوں کے ساتھ بیٹھنے والے اور دوست ہیں، محبت کا تقاضہ ہے کہ آدمی اپنے دوست سے محبت اور اُنس حاصل کرے، اور اس کے موجود نہ ہونے پر اُسے تلاش کرے، اسی طرح فرشتے اعتکاف کرنے والوں سے مانوس ہوجاتے ہیں، ان کے ساتھ ہونے سے خوشی اور لذت حاصل کرتے ہیں۔

---

(۱)(حَدَّثَنَا قُتَیبَةُ قَالَ حَدَّثَنِی ابنُ لَهِیعَةَ عَن دَرَّاجٍ عَنِ ابنِ حُجَیرَةَ عَن أَبِی هُرَیرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللَّهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ لِلمَسَاجِدِ أَوتَادًا المَلَائِکَةُ جُلَسَاؤُهُم إِن غَابُوا یَفتَقِدُونَهُم وَإِن مَرِضُوا عَادُوهُم وَإِن کَانُوا فِی حَاجَةٍ أَعَانُوهُم ".)[" مسند الإمام أحمد بن حنبل ": ۱۵/ ۲۴۸،[رقم الحدیث: ۹۴۲۴]مسند أبی هریرة رضی الله عنه،ط: مؤسسة الرسالة].

(إن للمساجد أوتادا والملائکة جلساؤهم فإن غابوا افتقدوهم وإن مرضوا عادوهم وإن کانوا فی حاجة أعانوهم جلیس المسجد علی ثلاث خصال: أخ مستفاد وکلمة محکمة أو رحمة منتظرة. ابن النجار عن أبی هریرة.)[الحدیث: ۲۰۳۵۰].)[کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال:۷/ ۵۸۰،رقم الحدیث: ۲۰۳۵۰، کتاب الصلاة : من قسم الأقوال،الباب الخامس : في صلاة الجمعة و مایتعلق بها، الفصل الأوّل: فی الترغیب فیها،ط:مؤسسة الرسالة بیروت].

[" شعب الإیمان للبیهقی ": ۴/ ۳۸۲،فصل:المشی الی المساجد،[رقم الحدیث: ۹۱۲۶]،ط: مکتبة الرشد للنشر والتوزیع بالریاض].

فصیل

اگر مسجد بنانے والے نے ''فصیل'' مسجد میں داخل ہونے کی نیت کی ہے تو وہ مسجد میں داخل ہوگی، وہاں پر معتکف کے جانے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، اور اگر مسجد بنانے والے نے ''فصیل'' مسجد میں داخل ہونے کی نیت نہیں کی تو وہ مسجد میں داخل نہیں ہوگا اور معتکف کے لیے وہاں جانا درست نہیں ہوگا۔ (۲)

فوری حاجت

''حاجت ضروریہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۱۳)

(۱) [فتاوی دار العلوم دیوبند: ۶/ ۳۱۳، کتاب الصوم، دسواں باب مسائل اعتکاف، [سوال: ۲۸۷: معتکف کے لیے مسجد کا فصیل صحن میں داخل ہے یا نہیں؟]، ط: دار الاشاعت کراچی]۔

[امداد الفتاوی: ۲/ ۱۸۲، ۱۸۳، کتاب الصوم والاعتکاف، باب الاعتکاف، حکم دیوار مسجد در حق معتکف، وخارج بودن فصیل از مسجد، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی]۔

ق

قادیانی

اعتکاف صحیح ہونے کے لیے مسلمان ہونا شرط ہے، قادیانی مسلمان نہیں ہے، اس لیے ان کا اعتکاف درست نہیں۔(۱)

قاعدہ

معتکف کسی طبعی یا شرعی ضرورت کے لیے مسجد سے باہر چلا جائے، پھر جاتے ہوئے یا آتے ہوئے کوئی عبادت ادا کرے تو یہ جائز ہے، مثلاً: راستہ میں کوئی بیمار مل گیا، اس کی بیمار پرسی کرلی، یا جنازہ کی نماز تیار تھی اس میں شامل ہوگیا تو کوئی حرج نہیں، کیوں کہ یہ سب کام عبادت ہیں، لیکن خاص ان کاموں ہی کے لیے مثلاً: عیادت، جنازہ کی نماز، ان ہی کاموں کی نیت سے مسجد سے باہر آجانا جائز نہیں ہے، ان دونوں میں بڑا فرق ہے، اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔ ان ہی کاموں کے لیے مسجد سے باہر آنا تو جائز نہیں ہے، لیکن شرعی یا طبعی حاجت کے لیے باہر آئے پھر اتفاق سے یہ کام پیش آجائیں تو ان کو کرنا درست ہے۔(۲)

(۱)(وأما شروطه... ومنها الاسلام،...)لأن الكافر ليس من أهل العبادة.) [الهندية: ۱/۲۱۱، كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ط: رشيديه كوئٹه].

[بدائع الصنائع: ۲/۱۰۸، كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل وأما شرائط صحته، ط: سعيد كراچی].

[بحر الرائق: ۲/۲۹۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی].

(۲)((قَولُهُ: لِأَنَّهُ مَحَلٌّ لَهُ) أَي مَسجِدُ الجُمُعَةِ مَحَلٌّ لِلاعتِكَافِ وَفِيهِ إِشَارَةٌ إِلَى الفَرقِ بَينَ هَذَا وَبَينَ مَا لَو خَرَجَ لِبَولٍ أَو غَائِطٍ وَدَخَلَ مَنزِلَهُ وَمَكَثَ فِيهِ حَيثُ يَفسُدُ كَمَا مَرَّ وَفِي البَدَائِعِ وَمَا رُوِيَ عَنهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرُّخصَةِ فِي عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ فَقَد قَالَ أَبُو يُوسُفَ : =

قبر پر اعتکاف کرنا

قبروں پر، یا کسی بزرگ کے مزار پر اعتکاف کرنا، اور اس نیت سے ایک دو دن یا ہفتہ بھر قیام کرنا حرام ہے۔(۱)

قبرستان کی مسجد

قبرستان یا کسی مزار کے قریب جو غیر آباد مسجدیں ہوتی ہیں، جس میں نماز کے وقت کوئی آجائے تو نماز اور جماعت ہوجاتی ہے، ورنہ نہیں، اس مسجد میں بھی اعتکاف کرنا درست نہیں ہے۔(۲)

= ذٰلِکَ مَحمُولٌ عَلَى اعتِكَافِ التَّطَوُّعِ وَيَجُوزُ حَملُ الرُّخصَةِ عَلَى مَا لَو خَرَجَ لِوَجهٍ مُبَاحٍ كَحَاجَةِ الإِنسَانِ أَوِ الجُمُعَةِ وَعَادَ مَرِيضًا أَو صَلَّى عَلَى جِنَازَةٍ مِن غَيرِ أَن يَخرُجَ لِذٰلِکَ قَصدًا وَذٰلِکَ جَائِزٌ اهـ وَبِهِ عُلِمَ أَنَّهُ بَعدَ الخُرُوجِ لِوَجهٍ مُبَاحٍ إِنَّمَا يَضُرُّ المَكثُ لَو فِي غَيرِ مَسجِدٍ لِغَيرِ عِيَادَةٍ.[ردالمحتار: ۴۴۶/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

(وَأَشَارَ إِلَى أَنَّهُ لَو خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ ثُمَّ ذَهَبَ لِعِيَادَةِ المَرِيضِ أَو لِصَلَاةِ الجِنَازَةِ مِن غَيرِ أَن يَكُونَ لِذٰلِکَ قَصدٌ فَإِنَّهُ جَائِزٌ بِخِلَافِ مَا إِذَا خَرَجَ لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَمَكَثَ بَعدَ فَرَاغِهِ أَنَّهُ يَنتَقِضُ اعتِكَافُهُ عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ قَلَّ أَو كَثُرَ وَعِندَهُمَا لَا يَنتَقِضُ مَا لَم يَكُن أَكثَرَ مِن نِصفِ يَومٍ كَذَا فِي البَدَائِعِ.)[البحر الرائق: ۳۰۲/۲، کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

[بدائع الصنائع: ۱۱۴/۲، کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف، فصل: وأما رکن الاعتکاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعید کراچی].

(۱) (''غیر اللہ کے لیے اعتکاف کرنا'' عنوان کے تحت تخریج دیکھیں!).

(۲) (وَأَطلَقَ فِي المَسجِدِ فَأَفَادَ أَنَّ الِاعتِكَافَ يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسجِدٍ وَصَحَّحَهُ فِي غَايَةِ البَيَانِ لِإِطلَاقِ قَولِهِ تَعَالَى: ﴿وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي المَسَاجِدِ﴾[البقرة: ۲: ۱۸۷]. وَصَحَّحَ قاضيخان في "فتاواه" أَنَّهُ يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسجِدٍ لَهُ أَذَانٌ وَإِقَامَةٌ. وَاختَارَ فِي "الهِدَايَةِ" أَنَّهُ لَا يَصِحُّ إِلَّا فِي مَسجِدِ الجَمَاعَةِ وَعَن أَبِي يُوسُفَ تَخصِيصُهُ بِالوَاجِبِ أَمَّا فِي النَّفلِ فَيَجُوزُ فِي غَيرِ مَسجِدِ الجَمَاعَةِ ذَكَرَهُ فِي "النِّهَايَةِ"؛ وَصَحَّحَ فِي "فَتحِ القَدِيرِ" عَن بَعضِ المَشَايِخِ مَا رُوِيَ عَن أَبِي حَنِيفَةَ أَنَّ كُلَّ مَسجِدٍ لَهُ إِمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ مَعلُومٌ وَيُصَلَّى فِيهِ الخَمسُ بِالجَمَاعَةِ يَصِحُّ الِاعتِكَافُ فِيهِ؛ وَفِي "الكَافِي": أَرَادَ بِهِ أَبُو حَنِيفَةَ غَيرَ الجَامِعِ فَإِنَّ الجَامِعَ يَجُوزُ الِاعتِكَافُ فِيهِ وَإِن لَم يُصَلُّوا فِيهِ الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا وَيُوَافِقُهُ مَا فِي "غَايَةِ البَيَانِ" عَن "الفتاوى": يَجُوزُ الِاعتِكَافُ فِي الجَامِعِ وَإِن لَم يُصَلُّوا فِيهِ بِالجَمَاعَةِ =

قبروں کی مجاورت

قبروں کی مجاورت درست نہیں ، علامہ ابوبکر جصاص رحمۃ اللہ علیہ نے اعتکاف کے مفہوم میں ''مجاورت'' کو بھی شامل کیا ہے۔ علامہ قرطبی نے ''الجامع لأحکام القرآن'' میں ﴿ الْعَاكِفُوْنَ ﴾ کا معنیٰ ''المجاورون'' نقل کیا ہے۔ لہٰذا اعتکاف کے ساتھ ''مجاورت'' بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مسجد میں خاص ہوگی، بعض لوگ جو مزاروں پر اعتکاف کی طرح قیام کرتے ہیں وہ ناجائز ہے۔(۱)

= وَهٰذَا كُلُّهُ لِبَيَانِ الصِّحَّةِ.)[البحر الرائق:(۳۰۱/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:سعيد كراچى].

[بدائع الصنائع:(۱۱۲/۲، ۱۱۳) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل: وأمّا ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچى].

(وَالاعتِكَافُ لَا يَصِحُّ إِلَّا فى مَسجِدِ جَمَاعَةٍ لِقَولِ حُذَيفَةَ رضى اللّٰهُ عنه:" لَا اعتِكَافَ إِلَّا فى مَسجِدِ جَمَاعَةٍ". وَعَن أبى حَنِيفَةَ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ إِلَّا فى مَسجِدٍ يُصَلّٰى فيه الصَّلَوَاتُ الخَمسُ لِأَنَّهُ عِبَادَةُ انتِظَارِ الصَّلَاةِ فَيَختَصُّ بِمَكَانٍ يُصَلّٰى فيه قِيلَ أَرَادَ بِهِ غير الجَامِعِ وَأَمَّا فى الجَامِعِ فَيَجُوزُ وَإِن لم يُصَلِّ فيه ... مسَ وَعَن أبى يُوسُفَ أَنَّ الِاعتِكَافَ الوَاجِبَ لَا يَجُوزُ فى غَيرِ مَسجِدِ الجَمَاعَةِ وَالنَّفلَ يَجُوزُ وَرَوَى الحَسَنُ عن أبى حَنِيفَةَ أَنَّ كُلَّ مَسجِدٍ له إِمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ مَعلُومٌ وَيُصَلّٰى فيه الصَّوَاتُ الخَمسُ بِالجَمَاعَةِ فإنه يُعتَكَفُ فيه لِمَا رُوِيَ عن حُذَيفَةَ أَنَّهُ قال سَمِعت رَسُولَ اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم يقول:" كُلُّ مَسجِدٍ له مُؤَذِّنٌ وَإِمَامٌ فَالِاعتِكَافُ فيه يَصِحُّ" ذِكرُهُ فى" الغَايَةِ ".)[تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعى:(۲۲۵/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية بيروت].

(۱) ((وأما﴿ للطائفين﴾: فقد اختلف فى مراد الآية منه فروى جويبر عن الضحاك قال﴿ للطائفين﴾: من جاء من الحجاج و﴿العاكفين﴾: أهل مكة وهم القائمون، وروى عبدالملک عن عطاء قال﴿ العاكفون﴾: من انتابه من أهل الأمصار و"المجاورين"، وروى أبو بكر الهذلى قال إذا كان طائفا فهو من الطائفين وإذا كان جالسا فهو من العاكفين وإذا كان مصليا فهو من الركع السجود؛ ... (قوله:﴿ والعاكفين﴾ من يعتكف فيه وهذا يحتمل وجهين أحدهما الإعتكاف المذكور فى قوله:﴿ وأنتم عاكفون فى المساجد﴾ فخص البيت فى هذا الموضع الآخر المقيمون بمكة اللائذون به إذا كان الإعتكاف هو اللبث وقيل فى العاكفين:" المجاورون" وقيل:" أهل مكة" وذلک كله يرجع إلى معنى اللبث والإقامة فى الموضع .)[" أحكام القرآن الجصاص" : ۹۳/۱، ۹۴،سورة البقرة:الآية: ۱۲۵،ط:دار إحياء التراث العربى بيروت]. =

قبض

باتھ روم میں قبض کی وجہ سے دیر تک بیٹھنا، یا بھیڑ کی وجہ سے پاخانہ کے لیے کھڑا رہنا اور انتظار کرنا مفسد نہیں ہے، اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا۔(۱)

قرآن شریف سنانے کے لیے جانا

اگر مسنون اعتکاف کی نیت کرتے وقت یہ نیت کرے کہ میں تراویح میں

= (قوله :﴿وَالعَاكِفِينَ﴾ المقيمين من بلدي وغريب عن عطاء. وكذلك قوله : ﴿لِلطَّائِفِينَ﴾. والعكوف في اللغة : اللزوم والإقبال على الشيء كما قال الشاعر : عكف النبط يلعبون الفنزجا . وقال مجاهد : العاكفون المجاورون. ابن عباس : المصلون. وقيل : الجالسون بغير طواف والمعنى متقارب.)[" الجامع لأحكام القرآن للقرطبي ":۲/۱۱۴،سورة البقرة:الآية:۱۲۵،ط: دار عالم الكتب الرياض المملكة العربية السعودية].

(وَلأَنَّهُ عِبَادَةٌ لِمَا فيه من إظهَارِ العُبُودِيَّةِ لِلَّهِ تَعَالَى بِمُلَازَمَةِ الأَمَاكِنِ المَنسُوبَةِ إلَيهِ.)[بدائع الصنائع:۲/۱۰۸،كتاب الصوم،كتاب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

(﴿ وَلاَ تباشروهن وَأنتم عاكفون فِي المساجد﴾ أي معتكفون فيها والاعتكاف في اللغة الاحتباس واللزوم مطلقاً ... وفي تقييد الاعتكاف بالمساجد دليل على أنه لا يصح إلا في المسجد إذ لو جاز شرعاً في غيره لجاز في البيت وهو باطل بالإجماع ويختص بالمسجد الجامع عند الزهري وروي عن الإمام أبي حنيفة رضي الله تعالى عنه أنه مختص بمسجد له إمام ومؤذن راتب .)[" تفسير روح المعاني ":۲/۶۸،ط:دار احياء التراث العربي بيروت].

(۱) ((قَولُهُ وَلَا يَخرُجُ منه إلَّا لِحَاجَةٍ شَرعِيَّةٍ كَالجُمُعَةِ أو طَبِيعِيَّةٍ كَالبَولِ وَالغَائِطِ) أي لَا يَخرُجُ المُعتَكِفُ اعتِكَافًا وَاجِبًا من مَسجِدِهِ إلَّا لِضَرُورَةٍ مُطلَقَةٍ لِحَدِيثِ عَائِشَةَ كان عليه السَّلَامُ لَا يَخرُجُ من مُعتَكَفِهِ إلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ وَلِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا وَلَا بُدَّ من الخُرُوجِ في بَعضِهَا فَيَصِيرُ الخُرُوجُ لها مُستَثنًى وَلَا يَمكُثُ بَعدَ فَرَاغِهِ من الطُّهُورِ لِأَنَّ ما ثَبَتَ بِالضَّرُورَةِ يَتَقَدَّرُ بِقَدرِهَا)[البحر الرائق: ۲/۳۰۱،كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

[المبسوط للسرخسي:۳/۱۳۰، كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط : دار الكتب العلمية بيروت لبنان].

[فتح القدير: ۲/۴۰۰،كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:رشيدية كوئٹه].

قرآن شریف سنانے جایا کروں گا، تو یہ جائز نہیں ہے، البتہ نذر کے اعتکاف میں درست ہے۔(۱)

قرآن مجید میں اعتکاف کا ذکر

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَّاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ﴾ [البقرة: ۲: ۱۲۵]. (۲)

دوسری جگہ پر ارشاد ہے:

﴿وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِى الْمَسٰجِدِ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ﴾ [البقرة: ۲: ۱۸۷]. (۳)

---

(۱) ((وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَ الالتِزَامَ أن يَخرُجَ إلى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَه ذلك كَذَا فى التَّاتَارخَانِيَّة نَاقِلًا عن الحُجَّةِ))[الفتاوى الهنديه: ۲۱۲/۱، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأمامفسداته، ط: رشيديه كوئٹه].

▭ ((وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَ الالتِزَامَ أن يَخرُجَ إلى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ له ذلك.))[التاتارخانيه: ۳۱۲/۲، كتاب الصوم، الفصل الثانى عشر فى الاعتكاف، ط: قديمى كتب خانه كراچى].

▭ ((قوله: واغتسال من جنابة باحتلام) ... وفى التاتارخانية عن الحجة لو شرط وقت النذر أن يخرج لعيادة المريض وصلاة الجنازة وحضور مجلس علم جاز ذلك فليحفظ اھ در))[حاشية الطحطاوى على المراقى: ص: ۳۸۳، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مير محمد كتب خانه كراچى/ص: ۵۷۹، كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: مكتبه انصارية هرات افغانستان].

(۲)[ترجمہ: " اور جب ہم نے بنایا خانہ کعبہ کو لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ اور امن، اور بنالو مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ، اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل کو حکم بھیجا کہ تم دونوں میرے گھر کو پاک کرو طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے"۔]. ["تفسیر انوار البیان": ۱۵۴/۱، [البقرة: ۲: ۱۲۵]، ط: مکتبہ انعامیہ اردو بازار کراچی].

(۳)[ترجمہ: "اور بیویوں سے میل ملاپ نہ کرو، اس حال میں کہ تم اعتکاف کئے ہوئے ہو مسجدوں میں۔ یہ اللہ کی حد بندیاں ہیں لہذا ان کے پاس نہ پھٹکو، اسی طرح اللہ تعالیٰ بیان فرماتا ہے لوگوں کے لئے اپنی آیات تاکہ لوگ پرہیزگار بنیں"۔]. ["تفسیر انوار البیان": ۲۲۲/۱، [البقرة: ۲: ۱۸۷]، ط: مکتبہ انعامیہ اردو بازار کراچی].

قرض خواہ نے روک لیا

”فاسد کرنے والی چیزیں“ عنوان کے تحت [اسٹار نمبر:٦] میں دیکھیں! (ص: ٣١٠)

قضا

☆ ...... مسنون اعتکاف میں جس روز کا اعتکاف فاسد ہوتا ہے اسی روز کی قضا واجب ہوتی ہے، پھر اگر رمضان کے کچھ دن باقی ہوں، اور وہ ان میں اس کی قضا کی نیت کر کے اعتکاف کرے گا تو بھی درست ہے، یا عید الفطر کے بعد شوال کے چھ نفل روزوں کے ساتھ ایک رات ایک دن کا اعتکاف کرلے تو بھی قضا ادا ہو جائے گی۔ ورنہ جب موقع ہو ایک نفلی روزہ رکھ کر اس ایک دن ایک رات کے اعتکاف کی قضا کرلے۔ (١)

---

(١) ((قَولُهُ: وَحَرُمَ إلَخ) لِأنَّهُ إبطَالٌ لِلعِبَادَةِ وَهُوَ حَرَامٌ لِقَولِهِ تعَالى ﴿وَلَا تُبطِلُوا أعمَالَكُم﴾ بَدَائِعُ. (قَولُهُ: أَمَّا النَّفلُ) أى الشَّامِلُ لِلسُّنَّةِ المُؤَكَّدَةِ ح.
(وَيَلْبَسُ المُعْتَكِفُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَدهُنُ رَأسَهُ كَذَا فِی الخُلَاصَةِ؛)[الفتاوى الهندية: (۲۱۳/۱) كتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتكاف، وأمامحظوراته، ط: رشيدية كوئٹه].

(۲) (يجتنب المعتكف كل مالا يعنيه من الأقوال والأفعال ولا يكثر الكلام؛ لأن من كثر كلامه كثر سقطه وفی الحديث: من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه . ويجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلك مكروه فی غير الاعتكاف ففيه أولى ولا يبطل الاعتكاف =

☆......اعتکاف کی حالت میں لڑائی کرنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، لیکن مسجد میں لڑنا اور وہ بھی اعتکاف کی حالت میں بہت بڑا گناہ ہے۔(۱)

= بشيء من ذلک؛ لأنه لما لم يبطل بمباح الكلام لم يبطل بمحظور.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(۶۳۰/۲)البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكَاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط: الحقانيَّة بشاور].

(۱) (يجتنب المعتكف كل مالا يعنيه من الأقوال والأفعال ولا يكثر الكلام؛ لأن من كثر كلامه كثر سَقَطه وفي الحديث: من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه .ويجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلک مكروه في غير الاعتكاف ففيه أولى ولا يبطل الاعتكاف بشيء من ذلک؛ لأنه لما لم يبطل بمباح الكلام لم يبطل بمحظور.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(۶۳۰/۲)البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكَاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط: الحقانيَّة بشاور].

(وَأَمَّا مَحظُورَاتُهُ :) ... وَأَمَّا الصَّمتُ عَن مَعَاصِي اللِّسَانِ فَمِن أَعظَمِ العِبَادَاتِ كَذَا فِي الجَوهَرَةِ النَّيِّرَةِ؛ وَلَا يُفسِدُ الاعتِكَافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ كَذَا فِي" الخُلَاصَةِ ".)[الفتاوى الهندية:(۲۱۲/۱) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف،وأماآدابه، ط: رشيديه كوئٹه].

[المبسوط للسرخسي:(۱۴۰/۳) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية بيروت لبنان].

م

مال کا خطرہ ہو

''خطرہ ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۳۴)

ماہواری آجائے

''اعتکاف میں حیض آجائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص: ۱۱۹)

مباحات

معتکف کے لیے اعتکاف کی حالت میں یہ کام جائز اور مباح ہیں:

﴿۱﴾ ...... معتکف کو چاہیے کہ مسجد میں کھائے پیئے، وہیں سوئے، لیٹے، بیٹھے، آرام کرے، معتکف کے لیے یہ سب باتیں مسجد میں درست ہیں۔ (۱)

---

(۱) (وَيُكرَهُ النَّومُ وَالأكلُ فيه لِغَيرِ المُعتَكِفِ وإذا أرَادَ أن يَفعَلَ ذلك يَنبَغِي أن يَنوِيَ الاعتِكَافَ فَيَدخُلَ فيه وَيَذكُرَ اللّٰهَ تَعالَى بِقَدرِ ما نَوَى أو يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفعَلَ ما شَاءَ كَذَا في "السِّرَاجِيَّة".) [الفتاوى الهنديه: (۵/ ۳۲۱) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ في آدَابِ المَسجِدِ اه، ط: رشيديه كوئٹه].

☐ [الفتاوى السراجية: (ص: ۷۱، ۷۲) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ وَالاستِحسَانِ، باب المسجد، ط: سعيد كراچى].

☐ ((وَخُصَّ) المُعتَكِفُ (بِأكلٍ وَشُربٍ وَنَومٍ وَعَقدٍ احتَاجَ إلَيهِ) لِنَفسِهِ أو عِيَالِهِ فَلَو لِتِجَارَةٍ كُرِهَ (كَبَيعٍ وَنِكَاحٍ وَرَجعَةٍ) فَلَو خَرَجَ لِأجلِهَا فَسَدَ لِعَدَمِ الضَّرُورَةِ . وَاعلَم: أنَّهُ كَمَا لَا يُكرَهُ الأكلُ وَنَحوُهُ فِي الاعتِكَافِ الوَاجِبِ فَكَذَلِكَ فِي التَّطَوُّعِ كَمَا فِي كَرَاهِيَةِ "جَامِعِ الفَتَاوَى" وَنَصُّهُ: يُكرَهُ النَّومُ وَالأكلُ فِي المَسجِدِ لِغَيرِ المُعتَكِفِ وَإذَا أرَادَ ذَلِكَ يَنبَغِي أن يَنوِيَ الاعتِكَافَ فَيَدخُلَ فَيَذكُرَ اللّٰهَ تَعَالَى بِقَدرِ مَا نَوَى أو يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفعَلَ مَا شَاءَ؛ ... وَيَأكُلُ أي المُعتَكِفُ وَيَشرَبُ وَيَنَامُ وَيَبِيعُ وَيَشتَرِي فِيهِ لَا غَيرُهُ قَالَ مُنلَا عَلِيٌّ فِي شَرحِهِ: أي لَا يَفعَلُ غَيرُ المُعتَكِفِ شَيئًا مِن هَذِهِ الأُمُورِ فِي المَسجِدِ اهـ وَمِثلُهُ فِي القُهُستَانِيِّ ثُمَّ نَقَلَ مَا مَرَّ عَنِ المُجتَبَى.) [الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۸، ۴۴۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

ج [الدر مع الرد: (۱/ ۶۶۱) كتاب الصلوة، مطلب في الغرس في المسجد، ط: سعيد كراچى].

☐ [الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۲/ ۶۴۳) البَابُ الثَّالِثُ: الصِّيَامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: =

﴿۲﴾......اپنے بال بچوں کے متعلق یا خرید وفروخت کی باتیں کرنا بھی بقدر ضرورت جائز ہے۔(۱)

﴿۳﴾......معتکف کھانے پینے کی مختصر چیزیں اور ضروریات کا سامان بھی ساتھ رکھ سکتا ہے، لیکن اتنا نہ ہو کہ دوکان ہی لگالے، یا نمازیوں کو جگہ گھر جانے کی وجہ سے تکلیف ہونے لگے، اور پڑھنے کے لیے دینی کتابیں بھی رکھ سکتا ہے۔(۲)

﴿۴﴾......کھانے پینے کی یا کوئی ضرورت کی چیز خریدنی ہو تو اس چیز کو دیکھنے کے لیے مسجد میں منگوا سکتا ہے، تاکہ کوئی خراب چیز نہ آجائے۔(۳)

﴿۵﴾......معتکف کو مختصر سا بستر، کھانا کھانے، پانی پینے، ہاتھ وغیرہ دھونے کے لیے برتن رکھنے کی اجازت ہے۔(۴)

﴿۶﴾......معتکف اگر تاجر یا کارخانہ دار ہو تو اپنے قائم مقام یا ماتحت ملازمین کو تجارت کی ضروری ہدایت دے سکتا ہے، اور اس کے متعلق باتیں بھی دریافت کرسکتا ہے، کسی خریدار سے ضروری باتیں کرنا ہوں تو بقدر ضرورت لین دین، سودا سلف کی باتیں کرنے کی گنجائش ہے۔(۵)

= الاعتكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوزله، ط: الحقانية بشاور].

[البحر الرائق: (۲/ ۳۰۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی].

(۱-۵) (يكره تحريماً عند الحنفية : إحضار المبيع في المسجد؛ لأن المسجد محرر من حقوق العباد، فلا يجعله كالدكان. ويكره عقد ما كان للتجارة، لأن المعتكف منقطع إلى الله تعالى، فلا يشتغل بأمور الدنيا.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: (۲/ ۲۳۱) البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكَاف، المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته، ط: الحقانية بشاور].

(ومنها إحضار سلعة في المسجد للبيع أما عقد البيع لما يحتاج لنفسه أو لعياله بدون إحضار السلعة فجائز، بخلاف عقد التجارة فإنه لا يجوز.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۱/ ۳۹۸) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه، ط: دار الحديث القاهرة].

(قَولُهُ: وَلَا بَأسَ أَن يَبِيعَ وَيَبتَاعَ فِي المَسجِدِ مِن غَيرِ أَن يُحضِرَ السِّلعَةَ) يَعنِي مَا لَا بُدَّ مِنهُ كَالطَّعَامِ وَالكِسوَةِ لِأَنَّهُ قَد يَحتَاجُ إِلَى ذَلِكَ بِأَن لَا يَجِدَ مَن يَقُومُ بِحَاجَتِهِ إِلَّا أَنَّهُ يُكرَهُ إِحضَارُ =

﴿۷﴾......معتکف لباس تبدیل کرسکتا ہے، خوشبو استعمال کرسکتا ہے، سر اور داڑھی میں تیل لگانا، کنگھی کرنا سب باتیں جائز ہیں۔(۱)

﴿۸﴾......اعتکاف کی حالت میں معتکف اپنا یا دوسرے کا نکاح کرسکتا ہے، بیوی کو طلاق رجعی دیدی ہے تو عدت کے اندر اس سے زبانی طور پر رجوع کرسکتا ہے۔(۲)

= السِّلعَةِ لِأَنَّ المَسجِدَ مُنَزَّهٌ عَن حُقُوقِ العِبَادِ.)[الجوهرة النيرة:(۱/۱۷۷)باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:قديمي كتب خانه كراچي].

(۱) (وَلَا بَاسَ أَنْ يَتَنَظَّفَ بِأَنْوَاعِ التَّنظِيفِ؛ لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "كَانَ يُرَجِّلُ رَأسَه وَهُوَمُعْتَكِفٌ" وَلَه أَنْ يَتَطَيَّبَ وَيَلْبَسَ الرَّفِيعَ مِنَ الثِّيَابِ، وَلٰكِنْ لَيسَ ذٰلِكَ بِمُستَحَبٍّ.)[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلَّتُهُ:(۲/۶۲۸)البَابُ الثَّالِث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوزله،ط: الحقانيّة بشاور].

(وَلَا بَاسَ لِلمُعتَكِفِ أَن يَبِيعَ وَيَشتَرِيَ وَيَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ وَيَلبَسَ وَيَتَطَيَّبَ وَيَدَّهِنَ وَيَأكُلَ وَيَشرَبَ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ إلَى طُلُوعِ الفَجرِ ... وَكَذَا الأَكلُ وَالشُّربُ وَاللُّبسُ وَالطِّيبُ وَالنَّومُ لِقَولِهِ تَعَالَى:﴿وَكُلُوا وَاشرَبُوا﴾ وقوله تعالَى:﴿يا بَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُم عِندَ كل مَسجِدٍ﴾ وقوله تَعَالَى:﴿قُل من حَرَّمَ زِينَةَ اللّٰهِ التي أَخرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ من الرِّزقِ﴾ وَقَولِهِ عز وجل:﴿وَجَعَلنَا نَومَكُم سُبَاتًا﴾ وقد رُوِيَ أَنَّ النبي صلى اللّٰه عليه وسلم كان يَفعَلُ ذٰلك في حَالِ اعتِكَافِهِ في المَسجِدِ مع إن الأَكلَ وَالشُّربَ وَالنَّومَ في المَسجِدِ في حَالِ الإعتكاف لو مُنِعَ منه لَمُنِعَ من الإعتكاف إذ ذلك أَمرٌ لَا بُدَّ منه.)[بدائع الصنائع:(۲/۱۱۶،۱۱۷) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،فصل:وأمّاركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ.ط:سعيد كراچي].

(وَيَلبَسُ المُعتَكِفُ وَيَتَطَيَّبُ وَيَدهُنُ رَأسَهُ كَذَا فِي "الخُلَاصَةِ".)[الفتاوى الهندية:(۱/۲۱۳) كتاب الصوم،الباب السابع في الاعتكاف، وأمامحظوراته،ط:رشيدية كوئٹه]

[خلاصة الفتاوى: (۱/۲۶۸) كتاب الصوم،الفصل السادس في الاعتكاف، جنس آخر،ط:مكتبه حبيبيه كوئٹه].

(۲) (وَيَجُوزُ لِلمُعتَكِفِ أَن يَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ كَذَا في "الجَوهَرَةِ النَّيِّرَةِ".) [الفتاوى الهندية: (۱/۲۱۳) كتاب الصوم ،الباب السابع في الاعتكاف،وأمّامحظوراته،ط: رشيديه كوئٹه].

(وَيَجُوزُ لِلمُعتَكِفِ أَن يَتَزَوَّجَ وَيُرَاجِعَ .)[الجوهرة النيرة:(۱/۱۷۷) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط:قديمي كتب خانه كراچي].

[بدائع الصنائع:(۲/۱۱۶) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل وأماشرائط صحته،ط: سعيد كراچي].

﴿۹﴾...... معتکف اپنا سر، داڑھی یا بدن کا کوئی حصہ دھونا چاہے یا کلی کرے تو اس بات کا پورا خیال رکھے کہ مسجد بالوں اور استعمال کیے ہوئے پانی سے بالکل ملوث نہ ہو، تیل سے مسجد کی دیواریں، صفیں، صحن بالکل خراب نہ ہوں، ورنہ منع ہوگا۔(۱)

﴿۱۰﴾...... معتکف آرام کی غرض سے یا طبعی طور پر یا بلاضرورت کلام کرنے سے بچنے کے لیے خاموش رہے تو جائز بلکہ بہتر ہے۔(۲)

---

(۱) (ولا بأس أن يأكل المعتكف في المسجد ويضع سُفرة كي لايلوث المسجد ويغسل يده في الطست ولا يجوز أن يخرج لغسل يده؛ لأن من ذلك بداً.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ: ۶۲۸/۲، البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف، المبحث الرابع:مايلزم المعتكف ومايجوزله،ط: الحقانيّة بشاور].

(قَولُهُ: وَكَذَا أَكلُهُ) أي غَيرُ المُعتَكِفِ (قَولُهُ: لَكِن إلَخ) ... وَالظَّاهِرُ أَنَّ مِثلَ النَّومِ الأَكلُ وَالشُّربُ إذَا لَم يَشغَلِ المَسجِدَ وَلَم يُلَوِّثهُ لِأَنَّ تَنظِيفَهُ وَاجِبٌ كَمَا مَرَّ .)[ردالمحتار: (۴۴۹/۲)كتاب الصوم، باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

(وفي "البَدَائع": وَإِن غَسَلَ المُعتَكِفُ رَأسَهُ في المَسجِدِ فَلَا بَأسَ بِهِ إذَا لم يُلَوِّث بِالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإِن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ وَلَو تَوَضَّأَ في المَسجِدِ في إنَاءٍ فَهُوَ على هذا التَّفصِيلِ اه. بِخِلَافِ غَيرِ المُعتَكِفِ فإنه يُكرَهُ له التَّوَضُّؤُ في المَسجِدِ وَلَو في إنَاءٍ إلَّا أَن يَكُونَ مَوضِعًا اتُّخِذَ لِذَلِكَ لا يصلى فيه.) [البحرالرائق: (۳۰۳/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

(۲) ((وكره الصمت إن اعتقده قربة) والتكلم إلا بخير لأنه منهي عنه لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ وأما إذا لم يعتقده قربة فيه ولكنه حفظ لسانه عن النطق بما لا يفيد فلا بأس به ... وأما التكلم بغير خير فلا يجوز لغير المعتكف والكلام المباح مكروه يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب إذا جلس في المسجد لذلك ابتداء.)[مراقي الفلاح:(ص: ۱۸۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان] .

(ولا يتكلم المعتكف إلا بخير،و لا بأس بالكلام لحاجته، و مُحادثة غيره، ...مكروهات الاعتكاف : يكره تحريماً عند الحنفية : ... ويكره الصمت إن اعتقده قربة؛ لأنه منهي عنه؛ لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۶۳۱،۶۳۰/۲)البَابُ الثَّالث:الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

﴿۱۱﴾...... اعتکاف کی حالت میں دین کی باتیں کرنا ثواب کا باعث ہے، اور ایسی باتیں کرنا جن میں گناہ نہ ہو مباح ہیں، ضرورت کے بقدر دنیوی باتیں کرنا بھی منع نہیں، لیکن بات کرنے کا مشغلہ نہ بنائیں۔(۱)

﴿۱۲﴾...... معتکف کو ناخن کترنے، مونچھیں سنوارنے، خط یا حجامت بنانے کی رخصت ہے لیکن مسجد میں ناخن، پانی اور بال وغیرہ بالکل نہ گرنے پائیں۔(۲)

نوٹ: یہ باتیں اس شخص کو پیش آتی ہیں جو مسلسل ایک ماہ یا زیادہ کا اعتکاف کر رہا ہو، ورنہ دس دن کا اعتکاف کرنے والے کو ان میں مشغول ہونا اچھا نہیں، یہ کام اعتکاف کے بعد بھی ہو سکتے ہیں، بچوں کو مسجد میں اجرت کے بغیر قرآن مجید کی اور دین کی تعلیم اعتکاف کی حالت میں دینا درست ہے۔(۳)

---

(۱) ((الحنفية قالوا: يكره تحريما فيه أمور: منها الصمت إذا اعتقد أنه قربة أما إذا لم يعتقده كذلك فلا يكره والصمت عن معاصي اللسان من أعظم العبادات.)) [كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۲۹۸/۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه، ط: دار الحديث القاهرة].

(۲) ((ويسن أن يصان المسجد عن الأوساخ والمخاط وتقليم الأظافر وقص الشعر ونتفه، وعن الروائح الكريهة من بصل وثوم وكراث ونحوها.)) [الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۴۷۶/۱) البَابُ الأوَّل: الطَّهارَات، الفَصلُ الخَامِس: الغُسل، ملحقان بالغسل: الملحق الأول في أحكام المساجد، ط: الحقانيّة بشاوَر].

((وَرُوِيَ عن عَائِشَةَ رضي اللّٰهُ عنها أنها قالت: "كان رسول اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم يُخرِجُ رَأسَهُ من المَسجِدِ فَيَغسِلُ رَأسَهُ". وَإِن غَسَلَ رَأسَهُ في المَسجِدِ في إِنَاءٍ لَا بَأسَ بِهِ إذا لم يُلَوِّث المَسجِدَ بالمَاءِ المُستَعمَلِ فَإِن كان بِحَيثُ يَتَلَوَّثُ المَسجِدُ يُمنَعُ منه لِأَنَّ تَنظِيفَ المَسجِدِ وَاجِبٌ ولو تَوَضَّأَ في المَسجِدِ في إِنَاءٍ فَهُوَ على هذا التَّفصِيلِ.)) [بدائع الصنائع: (۱۱۵/۲) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراجي].

[البحر الرائق: (۳۰۳/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچی].

(۳) ((ولا يجوز البيع والشراء في المسجد وكذا كره فيه التعليم والكتابة والخياطة بأجر وكل شيء كره فيه كره في سطحه واستثنى البزازي من كراهة التعليم بأجر فيه أن يكون لضرورة، وفي "الشمني": أن الخياط يحفظ المسجد فلا بأس بخياطته فيه لغيره أي غير المعتكف =

مباح بات

"بات" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۲۹)

مباشرت

☆......اعتکاف کی حالت میں ہم بستری کر لینے سے دن میں یا رات میں، بھول کر یا جان کر، خواہ انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو ہر حال میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......معتکف نے شرم گاہ کے علاوہ بیوی کے کسی دوسرے حصۂ بدن کے ساتھ مباشرت کی یا بوس و کنار کیا تو اگر انزال ہو جائے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا ورنہ نہیں۔

☆......معتکف نے کسی اجنبی عورت یا مرد پر نظر بد ڈالی، یا غلط خیالات میں منہمک ہو گیا تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا، خواہ انزال ہو یا نہ ہو، ویسے یہ تمام کام حرام ہیں، معتکف کو ان سے سخت اجتناب کرنا لازم ہے۔(۱)

= وأما الأكل والشرب فلا يكره على الصحيح.) [مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر لشيخي زاده: (۱/ ۳۷۹) ط: دار الكتب العلمية لبنان بيروت].

[الجوهرة النيرة: (۱/ ۱۷۷) باب الاعتكاف، كتاب الصوم، ط: قديمى كتب خانه كراچى].

[الفتاوى الهندية: (۵/ ۳۲۱) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ فِي آدَابِ المَسْجِدِ...اه، ط: رشيديه كوئٹه].

(۱) (وقوله سبحانه: ﴿وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ﴾ [البقرة: ۲: ۱۸۷].

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: "السُّنَّةُ عَلَى الْمُعْتَكِفِ أَنْ لَا يَعُودَ مَرِيضًا وَلَا يَشْهَدَ جَنَازَةً وَلَا يَمَسَّ امْرَأَةً وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ إِلَّا لِمَا لَا بُدَّ مِنْهُ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا بِصَوْمٍ وَلَا اعْتِكَافَ إِلَّا فِي مَسْجِدٍ جَامِعٍ". قَالَ أَبُو دَاوُد غَيْرُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَا يَقُولُ فِيهِ قَالَتِ السُّنَّةُ قَالَ أَبُو دَاوُد جَعَلَهُ قَوْلَ عَائِشَةَ) [سنن أبي داود: (۱/ ۳۴۲) كتاب الصوم، باب المعتكف يعود المريض، ط: حقانيه ملتان].

[مشكوة المصابيح: (۱/ ۱۸۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، الفصل الثانى، ط: قديمى كراچى].

(أما مفسدات الاعتكاف) منها: الجماع عمدا ولو بدون إنزال سواء كان بالليل أو النهار =

متعلقین میں کوئی بیمار ہو جائے

''فاسد کرنے والی چیزیں'' عنوان کے تحت اسٹار نمبر ۴ میں دیکھیں! (ص: ۳۱۰)

مجاورت

''قبروں کی مجاورت'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳۲۵)

مجلس

بعض معتکفین مجلسی ہوتے ہیں، گپ شپ اور بات چیت کی مجلس کے عادی ہوتے ہیں تراویح سے فارغ ہونے کے بعد دوست واحباب کی مجلس منعقد کرتے ہیں، جس میں فضول اور غیر ضروری باتیں ہوتی ہیں بلکہ بسا اوقات غیبت اور شکایت

= باتفاق . أو الجماع نسيانا فإنه يفسد الاعتكاف عند ثلاثة . أما دواعي الجماع من تقبيل بشهوة ومباشر ة ونحوها فإنها لا تفسد الاعتكاف إلا بالإنزال باتفاق ثلاثة [كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۱/۴۹۴) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف، ط: دار الحديث القاهرة].

(قَوْلُهُ : وَيَحرُمُ الوَطءُ وَدَوَاعِيهِ) لِقَولِهِ تَعَالَى: ﴿وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُم عَاكِفُونَ فِي المَسَاجِدِ﴾؛ لِأَنَّ المُبَاشَرَةَ تَصدُقُ عَلَى الوَطءِ وَدَوَاعِيهِ فَيُفِيدُ تَحرِيمَ كُلِّ فَردٍ مِن أَفرَادِ المُبَاشَرَةِ جِمَاعٍ أَو غَيرِهِ؛ لِأَنَّهُ فِي سِيَاقِ النَّهيِ فَيُفِيدُ العُمُومَ وَالمُرَادُ بِدَوَاعِيهِ المَسُّ وَالقُبلَةُ وَهُوَ كَالحَجِّ وَالِاستِبرَاءِ وَالظِّهَارِ لَمَّا حَرُمَ الوَطءُ لَهَا حَرُمَ دَوَاعِيهِ؛ لِأَنَّ حُرمَةَ الوَطءِ ثَبَتَت بِصَرِيحِ النَّهيِ فَقَوِيَت فَتَعَدَّت إلَى الدَّوَاعِي... وَالأَصلُ أَنَّ مَا كَانَ مِن مَحظُورَاتِ الِاعتِكَافِ وَهُوَ مَا مُنِعَ عَنهُ لِأَجلِ الِاعتِكَافِ لَا لِأَجلِ الصَّومِ لَا يَختَلِفُ فِيهِ العَمدُ وَالسَّهوُ وَالنَّهَارُ وَاللَّيلُ كَالجِمَاعِ وَالخُرُوجِ وَمَا كَانَ مِن مَحظُورَاتِ الصَّومِ وَهُوَ مَا مُنِعَ عَنهُ لِأَجلِ الصَّومِ يَختَلِفُ فِيهِ العَمدُ وَالسَّهوُ وَالنَّهَارُ وَاللَّيلُ كَالأَكلِ وَالشُّربِ كَذَا فِي " البَدَائِعِ " .)[البحر الرائق: (۲/۳۰۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

(وَبَطَلَ بِوَطءٍ فِي فَرجٍ) أَنزَلَ أَم لَا (وَلَو) كَانَ وَطؤُهُ خَارِجَ المَسجِدِ (لَيلًا) أَو نَهَارًا عَامِدًا (أَو نَاسِيًا) فِي الأَصَحِّ لِأَنَّ حَالَتَهُ مُذَكِّرَةٌ . (وَ) بَطَلَ (بِإِنزَالٍ بِقُبلَةٍ أَو لَمسٍ) أَو تَفخِيذٍ وَلَو لَم يُنزِل لَم يَبطُل وَإِن حَرُمَ الكُلُّ لِعَدَمِ الحَرَجِ وَلَا يَبطُلُ بِإِنزَالٍ بِفِكرٍ أَو نَظَرٍ .)[الدر مع الرد: (۲/۴۵۰) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

[الفتاوى الهندية: (۱/۲۱۳) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئٹه].

تک کی نوبت آجاتی ہے،، اسی طرح ہنسی مذاق اور دنیاوی خبروں میں یہ قیمتی وقت گزر جاتا ہے، معتکفین کے لیے اس سے بچنا انتہائی ضروری ہے۔(۱)

مجنون

مجنون کا اعتکاف درست نہیں، کیونکہ وہ نیت کرنے کا اہل نہیں ہے۔(۲)

محراب

محراب جو مسجد کے مغرب کی جانب تھوڑا نکلا ہوا رہتا ہے اور امام صاحب نماز

---

(۱) (وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أَنَّهُ لَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِخَيْرٍ فَلِقَوْلِهِ تَعَالَى :" وَقُل لِعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ".[الإسراء:۵۳] وهو بِعُمُومِهِ يَقْتَضِي أَن لَا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ الْمَسْجِدِ إِلَّا بِخَيْرٍ فَالْمَسْجِدُ أَوْلَى كَذَا فِي "غَايَةِ الْبَيَانِ". وفي "التَّبْيِينِ":وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيْرِ خَيْرٍ فإنه يُكْرَهُ لِغَيْرِ الْمُعْتَكِفِ فما ظَنُّك لِلْمُعْتَكِفِ اه. وَظَاهِرُهُ أَنَّ الْمُرَادَ بِالْخَيْرِ هُنَا ما لَا إِثْمَ فيه فَيَشْمَلُ الْمُبَاحَ وَبِغَيْرِ الْخَيْرِ ما فيه إِثْمٌ وَالْأَوْلَى تَفْسِيرُهُ بِمَا فيه ثَوَابٌ يَعْنِي أَنَّهُ يُكْرَهُ لِلْمُعْتَكِفِ أَن يَتَكَلَّمَ بِالْمُبَاحِ بِخِلَافِ غَيْرِهِ وَلِهَذَا قالوا الْكَلَامُ الْمُبَاحُ في الْمَسْجِدِ مَكْرُوهٌ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كما تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ صَرَّحَ بِهِ "فَتْحِ الْقَدِيرِ" قُبَيْلَ بَابِ الْوِتْرِ لَكِن قال الأسبيجابي: وَلَا بَأْسَ أَن يَتَحَدَّثَ بِمَا لَا إِثْمَ فيه، وقال في "الْهِدَايَةِ": لَكِنَّهُ يَتَجَانَبُ ما يَكُونُ مَأْثَمًا.)[البحر الرائق:(۳۰۴/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچى].

الدر مع الرد : (۴۴۹/۲ ، ۴۵۰) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: سعيد .

[حاشية الطحطاوى على المراقى:(ص: ۳۸۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ، ط:مير محمد كتب خانه كراچى/(ص: ۵۸۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان].

(۲) ((وأما شروطه...ومنها العقل،...)...والمجنون ليس من أهل النيّة.)[الفتاوى الهندية :(۲۱۱/۱) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف،وأما شروطه،ط:رشيدية كوئٹه] .

(فَصلٌ: وَأَمَّا شَرَائِطُ صِحَّتِهِ فَنَوعَانِ نَوعٌ يَرجِعُ إِلَى الْمُعتَكِفِ ... فمنها الاسلام والعقل،...وكذا المجنون لأن العبادة لا تؤدى الا بالنية وهو ليس من أهل النية) .)[بدائع الصنائع:(۱۰۸/۲) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فَصلٌ: وَأَمَّا شَرَائِطُ صِحَّتِهِ، ط: سعيد كراچى].

[البحر الرائق:(۲۹۹/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

پڑھاتے ہوئے اس میں سجدہ کرتے ہیں، یہ مسجد ہے۔ یہاں معتکف آ بھی سکتا ہے اور رہ بھی سکتا ہے، اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

محفل جمانا

معتکف کے لیے بلا ضرورت مباح باتیں کرنے کے لیے محفل جمانا ناجائز ہے، اس سے بچنا سخت ضروری ہے، اس سے اپنا قیمتی وقت بھی ضائع ہوتا ہے اور دوسرے عبادت کرنے والوں کو عبادت کرنے سے روکا جاتا ہے، اس سے اپنے نامہ اعمال کے اکاؤنٹ میں ثواب تو جمع نہیں ہوتا، بلکہ الٹا گناہ ہی جمع ہوتا رہتا ہے، یہ انٹرنیشنل حماقت ہے۔(۲)

---

(۱)(﴿كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ﴾ وأراد بالمحراب الغرفة، والمحراب أشرف المجالس ومقدمها، وكذلك هو من المسجد، ويقال للمسجد أيضا محراب قال المبرد: لا يكون المحراب إلا أن يرتقي إليه بدرجة.)["معالم التنزيل للبغويؒ":(۲/۳۲)سورة العمران [۳ :۳۷]،ط:دار طيبة للنشر والتوزيع].

(﴿مِن مَّحَارِيبَ﴾ بيان لما يشاء جمع محراب. قال في "القاموس": المحراب الغرفة وصدر البيت وأكرم مواضعه ومقام الإمام من المسجد والموضع ينفرد به الملك فيتباعد عن الناس انتهى. وفي "المفردات" محراب المسجد قيل: سمي بذلك لأنه موضع محاربة الشيطان والهوى أو لكون حق الإنسان فيه أن يكون حريباً أي: مسلوباً من أشغال الدنيا ومن توزع الخاطر. وقيل: الأصل فيه أن محراب البيت صدر المجلس ثم لما اتخذت المساجد سمي صدرها به وقيل: بل المحراب أصل في المسجد وهو اسم خص به صدر المسجد وسمي صدر البيت محراباً تشبيهاً بمحراب المسجد وهذا أصح انتهى.)["تفسير روح البيان":(۷/۲۱۲)سورة سبا[۳۴ :۱۳]،ط:دار النشر دار إحياء التراث العربي].

(إذَا ضَاقَ الْمَسْجِدُ بِمَنْ خَلْفَ الْإِمَامِ على الْقَوْمِ لَا بَأْسَ بِأَنْ يَقُومَ الْإِمَامُ في الطَّاقِ لِأَنَّهُ تَعَذَّرَ الْأَمْرُ عليه وَإِنْ لم يَضِقْ الْمَسْجِدُ بِمَنْ خَلْفَ الْإِمَامِ لَا يَنْبَغِي لِلْإِمَامِ أَنْ يَقُومَ في الطَّاقِ لِأَنَّهُ يُشْبِهُ تَبَايُنَ الْمَكَانَيْنِ اهـ . يَعْنِي وَحَقِيقَةُ اخْتِلَافِ الْمَكَانِ تَمْنَعُ الْجَوَازَ فَشُبْهَةُ الِاخْتِلَافِ تُوجِبُ الْكَرَاهَةَ وهو وَإِنْ كان الْمِحْرَابُ من الْمَسْجِدِ كما هِيَ الْعَادَةُ الْمُسْتَمِرَّةُ.)[البحر الرائق:(۲/۲۶)كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة و ما يكره فيها، ط: سعيد كراچی].

[الدر مع الرد:(۱/۶۴۵،۶۴۶) كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة و ما يكره فيها، ط: سعيد كراچی].

(۲)("مجلس"/"بات" کے عنوان کے تحت تخریج کو دیکھیں)۔

محل اعتکاف

☆......مردوں کے لیے اعتکاف کی جگہ صرف شرعی مساجد ہیں، شرعی مساجد کے علاوہ کسی اور جگہ پر اعتکاف کرنا درست نہیں۔(۱)

☆......کسی ہال میں جہاں جماعت ہوتی ہو اور پابندی سے نماز ہوتی ہو، وہاں اعتکاف کرنا درست نہیں۔

☆......جس مسجد میں امام اور مؤذن متعین ہیں اس میں پانچ وقت نمازوں کی جماعت التزام کے ساتھ ہوتی ہو یا نہ ہو، دونوں صورتوں میں اس میں اعتکاف کرنا جائز ہے۔ اور محلّہ کی جامع مسجد میں بھی اعتکاف کرنا درست ہے، چاہے پانچ وقت نمازوں کی جماعت پابندی سے نہ بھی ہوتی ہو۔

☆......محلے یا بستی میں ایک ہی مسجد ہے اس میں امام ومؤذن متعین نہیں، وقت ہونے پر کوئی اذان دیتا ہے، کوئی نماز پڑھا دیتا ہے، اسی طرح سلسلہ قائم ہے تو اس میں بھی اعتکاف کرنا درست ہے۔

☆......اگر محلے میں ایک سے زائد مساجد ہیں، کسی مسجد میں امام ومؤذن متعین نہیں ہیں، اور التزام کے ساتھ جماعت بھی نہیں ہوتی ہے، اور کسی مسجد میں امام اور مؤذن متعین ہیں اور پانچ وقت کی نمازوں کی جماعت پابندی سے ہوتی ہے تو اعتکاف اسی مسجد میں کرے، اور جس میں امام ومؤذن متعین نہیں وہاں اعتکاف نہ کرے۔

مزید ''عید گاہ''، ''مزار کے قریب مسجد''، ''تالاب کنارے مسجد''، ''ندی کنارے مسجد''، ''ویران مسجد''، ''جنازہ گاہ''، ''قبرستان کی مسجد'' عنوانات کے تحت بھی دیکھیں!

(۱) ((هُوَ لُغَةً: اللُّبْثُ وَشَرْعًا: (لُبْثٌ) بِفَتْحِ اللَّامِ وَتُضَمُّ الْمُكْثُ (ذَكَرٍ) وَلَوْ مُمَيِّزًا فِي (مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ) هُوَ مَا لَهُ إِمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ أُدِّيَتْ فِيهِ الْخَمْسُ أَوْ لَا. =

محلّہ

''بستی'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱٤۲)

محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرنا

حقوق کے اعتبار سے اپنے محلّہ کی مسجد ہی کا زیادہ حق ہے اس لیے محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرنا بہتر ہے، اور جو شخص محلّہ کی مسجد میں اعتکاف کرے گا اس کو اپنے اعتکاف کا ثواب بھی ملے گا، اور اہل محلّہ کو سنت ترک کرنے کے وبال سے بچانے کی وجہ سے الگ ثواب بھی ملے گا، کیونکہ اس کے اعتکاف کرنے کی وجہ سے سارے محلّہ والے گناہ سے بچ جائیں گے اور کسی کو گناہ سے بچانا بھی ثواب ہے، لہٰذا محلّہ کی مسجد کا حق زیادہ ہے اور اپنے محلّہ والوں کو گناہ سے بچانا دوسرے محلّہ والوں کو بچانے سے زیادہ حق ہے۔(۱)

= وَعَنِ الإِمَامِ اشتِرَاطُ أَدَاءِ الخَمسِ فِيهِ وَصَحَّحَهُ بَعضُهُم وَقَالَ لَا يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسجِدٍ وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ وَأَمَّا الجَامِعُ فَيَصِحُّ فِيهِ مُطلَقًا اتِّفَاقًا ... (بِنِيَّةٍ) فَاللُّبثُ : هُوَ الرُّكنُ وَالكَونُ فِي المَسجِدِ وَالنِّيَّةُ مِن مُسلِمٍ عَاقِلٍ طَاهِرٍ مِن جَنَابَةٍ وَحَيضٍ وَنِفَاسٍ شَرطَانِ . وفي "الشامية": (قَولُهُ: أُدِّيَت فِيهِ الخَمسُ أَو لَا) صَرَّحَ بِهَذَا الإِطلَاقِ فِي " العِنَايَةِ " وَكَذَا فِي " النَّهرِ " وَعَزَاهُ الشَّيخُ إِسمَاعِيلُ إِلَى " الفَيضِ " وَ" البَزَّازِيَّةِ " وَ" خِزَانَةِ الفَتَاوَى " وَ" الخُلَاصَةِ " وَغَيرِهَا وَيُفهِمُ أَيضًا وَإِن لَم يُصَرِّح بِهِ مِن تَعقِيبِهِ بِالقَولِ الثَّانِي هُنَا تَبَعًا لِلهِدَايَةِ فَافهَم ؛ (قَولُهُ: وَصَحَّحَهُ بَعضُهُم) نَقَلَ تَصحِيحَهُ فِي " البَحرِ " عَنِ ابنِ الهُمَامِ (قَولُهُ: وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ) وَهُوَ اختِيَارُ الطَّحَاوِيِّ قَالَ الخَيرُ الرَّملِيُّ: وَهُوَ أَيسَرُ خُصُوصًا فِي زَمَانِنَا فَيَنبَغِي أَن يُعَوَّلَ عَلَيهِ وَاللّٰهُ تَعَالَى أَعلَمُ . (قَولُهُ: وَأَمَّا الجَامِعُ) لَمَّا كَانَ المَسجِدُ يَشمَلُ الخَاصَّ كَمَسجِدِ المَحَلَّةِ وَالعَامَّ وَهُوَ الجَامِعُ كَأُمَوِيِّ دِمَشقَ مَثَلًا أَخرَجَهُ مِن عُمُومِهِ تَبَعًا لِلكَافِي وَغَيرِهِ لِعَدَمِ الخِلَافِ فِيهِ (قَولُهُ: مُطلَقًا) أَي وَإِن لَم يُصَلُّوا فِيهِ الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا "ح "عَنِ" البَحرِ" وَفِي " الخُلَاصَةِ " وَغَيرِهَا وَإِن لَم يَكُن ثَمَّةَ جَمَاعَةٌ .) [الدر مع المرد: (۲/ ٤٤۰، ٤٤۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[البحر الرائق: (۲/ ۲۹۹-۳۰۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۱۱) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئٹه].

(۱) (قَد يُقَالُ : مَحَلُّهُ فِيمَا إِذَا كَانَ فِيهِ جَمَاعَةٌ ؛ أَلَا تَرَى أَنَّ مَسجِدَ الحَيِّ إِذَا لَم تُقَم فِيهِ الجَمَاعَةُ =

مخنث کا اعتکاف

مخنث کا اعتکاف مسجد میں صحیح ہے، گھر میں صحیح نہیں ہے۔(۱)

= وَتُقَامُ فِي غَيْرِهِ لَا يَرْتَابُ أَحَدٌ أَنَّ مَسْجِدَ الْجَمَاعَةِ أَفْضَلُ. عَلَى أَنَّهُم اختلفوا في الأفضلِ هَل جَمَاعَةُ مَسْجِدِ حَيِّهِ أَوْ جَمَاعَةُ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ ؟ كَمَا فِي "البحر" "ط" . قُلت : لَكِن فِي " الْخَانِيَّةِ": وَإِن لَم يَكُن لِمَسْجِدِ مَنْزِلِهِ مُؤَذِّنٌ فَإِنَّهُ يَذْهَبُ إِلَيْهِ وَيُؤَذِّنُ فِيهِ وَيُصَلِّي وَإِن كَانَ وَاحِدًا، لِأَنَّ لِمَسْجِدِ مَنْزِلِهِ حَقًّا عَلَيْهِ فَيُؤَدِّي حَقَّهُ مُؤَذِّنُ مَسْجِدٍ لَا يَحضُرُ مَسجِدَهُ أَحَدٌ . قالوا : هُوَ يُؤَذِّنُ وَيُقِيمُ وَيُصَلِّي وَحدَهُ، وَذَاكَ أَحَبُّ مِن أَن يُصَلِّيَ فِي مَسْجِدٍ آخَرَ. اهـ . ثُمَّ ذَكَرَ مَا مَرَّ عَن " الفتح"، وَلَعَلَّ مَا مَرَّ فِيمَا إِذَا صَلَّى فِيهِ النَّاسُ فَيُخَيَّرُ، بِخِلَافِ مَا إِذَا لَم يُصَلِّ فِيهِ أَحَدٌ لِأَنَّ الْحَقَّ تَعَيَّنَ عَلَيهِ .وَعَلَى كُلٍّ فَقَولُ "ط" قَد يُقَالُ إِلَخ غَيرُ مُسَلَّمٍ، وَاللَّهُ أَعلَمُ.)[رد المحتار:(۱/۵۵۵) كتاب الصلوة،باب الامامة،مَطلَبٌ فِي تَكرَارِ الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ ،ط: سعيد كراچي].

[الفتاوى خانية على هامش الهندية:(۱/۶۷) كتاب الطهارة،فصل في المسجد،ط: رشيدية كوئٹه].

[خلاصة الفتاوى:(۱/۲۲۸) كتاب الصلوة،الفصل السادس والعشرون في المسجد و ما يتصل به،ط:مكتبة حبيبة كوئٹه].

(قَالَ فِي "النَّهرِ" وَ "الفَتحِ": وَأَمَّا أَفضَلُ الاِعتِكَافِ فَفِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ثُمَّ فِي مَسجِدِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ فِي الْمَسْجِدِ الْأَقصَى ثُمَّ فِي الْجَامِعِ قِيلَ إِذَا كَانَ يُصَلَّى فِيهِ بِجَمَاعَةٍ فَإِن لَم يَكُن فَفِي مَسجِدِهِ أَفضَلُ لِئَلَّا يَحتَاجَ إِلَى الْخُرُوجِ ثُمَّ مَا كَانَ أَهلُهُ أَكثَرَ.)[رد المحتار:(۲/۴۴۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

[فتح القدير:(۲/۳۹۹،۴۰۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:رشيدية كوئٹه] .

[البحر الرائق:(۲/۳۰۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچي].

(۱) ((أَو) لَبِثَ (امرَأَةٌ فِي مَسجِدِ بَيتِهَا) وَيُكرَهُ فِي الْمَسْجِدِ وَلَا يَصِحُّ فِي غَيرِ مَوضِعِ صَلَاتِهَا مِن بَيتِهَا كَمَا إِذَا لَم يَكُن فِيهِ مَسجِدٌ وَلَا تَخرُجُ مِن بَيتِهَا إِذَا اعتَكَفَت فِيهِ وَهَل يَصِحُّ مِنَ الْخُنثَى فِي بَيتِهِ لَم أَرَهُ وَالظَّاهِرُ لَا لِاحتِمَالِ ذُكُورِيَّتِهِ، (قَولُهُ: وَهَل يَصِحُّ إِلَخ) البَحثُ لِصَاحِبِ النَّهرِ "ح "؛ (قَولُهُ: وَالظَّاهِرُ لَا) لِأَنَّهُ عَلَى تَقدِيرِ أُنُوثَتِهِ يَصِحُّ فِي الْمَسْجِدِ مَعَ الكَرَاهَةِ وَعَلَى تَقدِيرِ ذُكُورَتِهِ لَا يَصِحُّ فِي البَيتِ بِوَجهٍ "ح ". قُلت : لَكِن صَرَّحُوا بِأَنَّ مَا تَرَدَّدَ بَينَ الوَاجِبِ وَالبِدعَةِ يَأتِي بِهِ احتِيَاطًا وَمَا تَرَدَّدَ بَينَ السُّنَّةِ وَالبِدعَةِ يَترُكُهُ إِلَّا أَن يُقَالَ الْمُرَادُ بِالبِدعَةِ الْمَكرُوهُ تَحرِيمًا وَهَذَا لَيسَ كَذَلِكَ وَلَا سِيَّمَا إِذَا كَانَ الاِعتِكَافُ مَنذُورًا.)[الدر مع الرد:(۲/۴۴۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچي].

[النهر الفائق:(۲/۴۵) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:امداديه ملتان].

طحطاوي على الدر : (۱/۴۷۳) كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: رشيديه .

مدہوش

اگر معتکف مرض یا کسی اور وجہ سے بے عقل، مدہوش ہو جائے اور ایک دن ایک رات سے زیادہ رہے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور اگر ایک دن ایک رات سے کم ہے تو اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

مذکر ہونا

اعتکاف صحیح ہونے کے لیے مذکر ہونا شرط نہیں ہے، اسی وجہ سے عورت کا اعتکاف کرنا درست ہے۔(۲)

---

(۱) (وَمِنهَا الإِغمَاءُ وَالجُنُونُ نَفسُ الإِغمَاءِ وَالجُنُونُ لَا تَفسُدُ بِلَا خِلَافٍ حتى لَا يَنقَطِعَ التَّتَابُعُ وَإِن أُغمِيَ عليه أَيَّامًا أو أَصَابَهُ لَمَمٌ يَفسُدُ اعتِكَافُهُ وَعَلَيهِ إِذَا بَرِئَ أَن يَستَقبِلَ فَإِن تَطَاوَلَ الجُنُونُ وَبَقِيَ سِنِينَ ثُمَّ أَفَاقَ يَجِبُ عليه أَن يَقضِيَ هَكَذَا في "البَدَائِعِ" وَإِن صَارَ مَعتُوهًا ثُمَّ أَفَاقَ بَعدَ سِنِينَ يَجِبُ عَلَيهِ القَضَاءُ كَذَا في "فَتَاوَى قَاضِي خَانَ".)[الفتاوى الهندية:(۱/۲۱۳) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيدية كوئته].

[الفتاوى الخانية على هامش الهندية:(۱/۲۲۳، ۲۲۴) كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئته].

[البحر الرائق: (۲/۳۰۳) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

(وَنَفسُ الإِغمَاءِ لَا يُفسِدُهُ بِلَا خِلَافٍ حتى لَا يَنقَطِعَ التَّتَابُعُ وَلَا يَلزَمُهُ أَن يَستَقبِلَ الاعتِكَافَ إِذَا أَفَاقَ وَإِن أُغمِيَ عليه أَيَّامًا أو أَصَابَهُ لَمَمٌ فَسَدَ اعتِكَافُهُ وَعَلَيهِ إِذَا بَرَأَ أَن يَستَقبِلَ لِأَنَّهُ لَزِمَهُ مُتَتَابِعًا وقد فَاتَت صِفَةُ التَّتَابُعِ فَيَلزَمُهُ الاستِقبَالُ كما في صَومِ كَفَّارَةِ الظِّهَارِ فَإِن تَطَاوَلَ الجُنُونُ وَبَقِيَ سِنِينَ ثُمَّ أَفَاقَ هل يَجِبُ عليه أَن يَقضِيَ أو يَسقُطَ عنه فَفِيهِ رِوَايَتَانِ قِيَاسٌ وَاستِحسَانٌ نَذكُرُهُمَا في مَوضِعِهِمَا إن شَاءَ اللَّهُ تَعَالَى.)[بدائع الصنائع:(۲/۱۱۶) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ، ط: سعيد كراچي].

(۲) (وَلَا تُشتَرَطُ الذُّكُورَةُ وَالحُرِّيَّةُ فَيَصِحُّ من المَرأَةِ وَالعَبدِ بِإِذنِ المَولَى وَالزَّوجِ إن كان لها زَوجٌ كَذَا في "البَدَائِعِ".)[الفتاوى الهندية :(۱/۲۱۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما شروطه، ط: رشيدية كوئته] .

[بدائع الصنائع:(۲/۱۰۸) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصلٌ: وَأَمَّا شَرَائِطُ صِحَّتِهِ، ط: سعيد كراچي].

[البحر الرائق:(۲/۲۹۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

مریدین کا پیر کے ساتھ اعتکاف کرنا

''اجتماعی اعتکاف'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۷۱)

مریض

معتکف مریض کو دوا لانے کے لیے مسجد سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں ہے، اگر معتکف مریض دوا لینے کے لیے مسجد سے باہر جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا، دوا لانے کو کھانا لانے پر قیاس نہ کیا جائے۔(۱)

مریض کو دیکھ کر نسخہ لکھنا

''نسخہ لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۴۲۰)

مریض کی عیادت

مریض کی عیادت کرنا عظیم ثواب کا باعث ہے، بسا اوقات مریض

---

(۱) (قوله:فان خرج ساعة بلاعذرفسد)...وَرَجَّحَ المُحَقِّقُ فی" فَتحِ القَدِیرِ": قَولَهُ لِأنَّ الضَّرُورَةَ التی یُنَاطُ بها التَّخفِیفُ اللَّازِمَةُ أو الغَالِبَةُ وَلَیسَ هُنَا کَذٰلِکَ وَأرَادَ بِالعُذرِ ما یَغلِبُ وُقُوعُهُ کَالمَوَاضِعِ التی قَدَّمَهَا وَإلَّا لو أُرِیدَ مُطلَقُهُ لَکَانَ الخُرُوجُ نَاسِیًا أو مُکرَهًا غیر مُفسِدٍ لِکَونِهِ عُذرًا شَرعِیًّا وَلَیسَ کَذٰلِکَ بَل هو مُفسِدٌ کما صَرَّحُوا بِهِ ، وَبِمَا قَرَّرنَاهُ ظَهَرَ القَولُ بِفَسَادِهِ فیما إذَا خَرَجَ لِانهِدَامِ المَسجِدِ أو لِتَفَرُّقِ أهلِهِ أو أُخرَجَهُ ظَالِمٌ أو خَافَ علی مَتَاعِهِ کما فی "فتاوی قاضیخان" وَ"الظَّهِیرِیَّةِ" خِلَافًا لِلشَّارِحِ الزَّیلَعِیِّ، أو خَرَجَ لِجَنَازَةٍ وَإن تَعَیَّنَت علیه أو لِنَفِیرٍ عَامٍّ أو لِأداءِ شَهَادَةٍ أو لِعُذرِ المَرَضِ أو لِإنقَاذِ غَرِیقٍ أو حَرِیقٍ . [البحر الرائق:(۲/۳۰۲، ۳۰۳) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط:سعید کراچی] .

[ردالمحتار :(۲/۴۴۷) کتاب الصوم،باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی].

(وَإذَا مَرِضَ فَلَیسَ لَهُ أن یَخرُجَ ؛)[التاتار خانیه:(۲/۳۱۲) کتاب الصوم،الفصل الثانی عشرفی الاعتکاف،ط: قدیمی کتب خانه کراچی].

(وَکَذَا إذَا خَرَجَ سَاعَةً بِعُذرِ المَرَضِ فَسَدَ اعتِکَافُهُ هٰکَذَا فی" الظَّهِیرِیَّةِ".)[الفتاوی الهندیة:(۱/۲۱۲) کتاب الصوم،الباب السابع فی الاعتکاف،وأمامفسداته،ط:رشیدیة کوئٹه].

کی عیادت اور تیمارداری کرنا ضروری ہوتا ہے، کم از کم پاس جا کر اس کی خیریت اور عافیت معلوم کرے، تسلی دے، دعا کرے جو آدمی صبح کسی مریض کی عیادت کرتا ہے شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں، اور جو آدمی شام کو کسی مریض کی عیادت کرتا ہے، صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں، (۱) اتنی زیادہ فضیلت اور ثواب ہونے کے باوجود معتکف کے لئے مریض کی عیادت کے لئے مسجد سے باہر نکلنا جائز نہیں، اگر کوئی معتکف مریض کی عیادت کے لئے مسجد سے باہر نکلے گا یا پاخانہ پیشاب کے لئے باہر نکلنے کی صورت میں رک کر مریض کی خیریت اور عافیت معلوم کرے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف کی حالت میں ہوتے، اور مریض کے پاس سے گزرتے تو گزر جاتے مڑ کر ان سے حالت و خیریت نہ پوچھتے۔ (۲)

---

(۱) حدثنا أحمد بن منيع قال : حدثنا الحسين بن محمد قال : حدثنا اسرائيل ، عن ثوير هو ابن أبي فاختة ، عن أبيه قال : أخذ علي بيدي ، قال : انطلق بنا إلى الحسن نعوده ، فوجدنا عنده أبا موسى ، فقال علي : أعائدا جئت يا أبا موسى أم زائرًا ؟ فقال : لا بل عائدا ، فقال علي : سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : ما من مسلم يعود مسلما غدوة إلاّ صلى عليه سبعون ألف ملك حتى يمسي ، وإن عاده عشية إلاّ صلى عليه سبعون ألف ملك حتى يصبح ، وكان له خريف في الجنة . هذا حديث حسن غريب وقد روى عن علي هذا الحديث من غير وجه منهم من وقفه ولم يرفعه وأبو فاختة :اسمه سعيد بن علاقة . (سنن الترمذي: (۱/۱۹۱) أبواب الجنائز ، باب ماجاء في عيادة المريض ، ط: مكتبة الميزان ، لاهور)

(۲) عن عبد الرحمٰن بن القاسم عن أبيه عن عائشة قال النفيلي ، قالت : كان النبي صلى الله عليه وسلم يمرّ بالمريض وهو معتكف فيمر كما هو ، ولا يعرج يسأل عنه . (سن ابی داود : (كتاب الصيام ، باب المعتكف يعود المريض ، (۱/۳۳۵) ط: سعيد كراچى)

حضرت عبدالرحمٰن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کا قول نقل کرتے ہیں کہ معتکف مریض کی عیادت نہیں کرسکتا۔

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ روایت میں ہے آپ گھر پاخانہ پیشاب کے لئے تشریف لے جاتے تو کوئی بیمار ہوتا، تو آپ اس کے پاس سے سیدھے گزر جاتے، اس کی طرف نہ مڑتے نہ رکتے، اور رک کر حالت دریافت نہ فرماتے۔

ہاں گزرتے ہوئے رُکے اور ٹھہرے بغیر چلتے چلتے حالت دریافت کی جاسکتی ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۱)

مزید ''عیادت کے لئے نکلنا'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔

مزار پر اعتکاف کرنا

قبروں پر کسی بزرگ کے مزار پر اعتکاف کرنا اور اس نیت سے ایک دو دن یا ہفتہ بھر قیام کرنا حرام ہے۔(۲)

---

(۱) ولایشتغل بشئ سوی اعتکافه ، ولا یعود المریض لکن یسأل عنه ، وهو مارّ في طریقه . (عمدة القاري : (۱۱/ ۱۴۲) کتاب الاعتکاف ، باب الاعتکاف في العشر الأواخر ، ط: مکتبه رشیدیه ، سرکی روڈ ، کوئٹه ، پاکستان)

(۲) (وَلأَنَّهُ عِبَادَةٌ لِمَا فیه من إظْهَارِ العُبُودِيَّةِ لِلّٰهِ تَعَالَى بِمُلَازَمَةِ الأَمَاكِنِ المَنْسُوبَةِ إلَيهِ.)[بدائع الصنائع:(۲/ ۱۰۸) کتاب الصوم، کتاب الاعتکاف،ط: سعید کراچی].

(﴿ وَلاَ تباشروهن وَأَنتُم عاكفون في المساجد﴾ أی معتکفون فیها والاعتکاف فی اللغة الاحتباس واللزوم مطلقاً ... وفی تقیید الاعتکاف بالمساجد دلیل علی أنه لا یصح إلا فی المسجد إذ لو جاز شرعاً فی غیره لجاز فی البیت وهو باطل بالإجماع ویختص بالمسجد الجامع عند الزهری وروی عن الإمام ابی حنیفة رضی الله تعالی عنه أنه مختص بمسجد له إمام ومؤذن راتب .)[" تفسیر روح المعانی ":(۲/ ۶۸)ط:دار احیاء التراث العربی بیروت].

= ان السجود الشرعی عبادة و عبادة غیره سبحانه وتعالیٰ شرک محرم فی جمیع الأدیان والأزمان ، ولا أراها حلت في عصر من الأعصار . (روح المعاني : (۱/ ۲۲۸) البقرة رقم الآية : ۳۴، ط: دار إحياء التراث العربی)

مزار کے قریب مسجد

''قبرستان کی مسجد'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ٣٢٤)

مستثنیٰ ہے

''مسجد کئی منزلہ ہو'' عنوان کے تحت دوسرا اسٹار دیکھیں! (ص: ٣٨٤)

مستحاضہ

مستحاضہ عورت واجب، سنت اور نفل ہر اعتکاف کرسکتی ہے۔ (١)

مستحاضہ کا اعتکاف کرنا

☆...... مستحاضہ کے لیے اعتکاف کرنا جائز ہے، جس طرح استحاضہ کے خون کی وجہ سے نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا منع نہیں اسی طرح اعتکاف کرنا بھی منع نہیں ہے۔ (٢)

= 🗀 أحكام القرآن للقرطبي: (٣٣٤/٢، ٣٣٥) البقرة، الآية: ٣٤، ط: رشيديه.

(١) عَن عَائِشَةَ رضی الله عنها قَالَت: " اعتَكَفَت مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عَلَيْهِ وَسَلَّم امرَأَةٌ مِن أَزوَاجِهِ مُستَحَاضَةٌ فَكَانَت تَرَى الحُمرَةَ وَالصُّفرَةَ فَرُبَّمَا وَضَعنَا الطَّستَ تَحتَهَا وَهِيَ تُصَلِّي". [صحيح البخاري: (٢٧٣/١) كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف المستحاضة، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

🗀 [سنن ابن ماجه: (ص: ١٢٧) ابواب ماجاء في الصيام، باب المستحاضة تعتكف، ط: قديمي كراچي].

🗀 [سنن أبو داؤد: (٣٣٢/١) آخر كتاب الصيام، و الاعتكاف، باب في المستحاضة تعتكف، ط: حقانيه ملتان].

(٢) (روى عن عائشة رضي الله عنها قالت: " اعتكفت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم امرأة من أزواجه مستحاضة فكانت ترى الحمرة و الصفرة فربما وضعنا الطست تحتها وهي تصلي". ويجوز للمستحاضة الاعتكاف في المسجد والطواف وقرائة القرآن ويجوز للزوج غشيانها كما تجب عليها الصلاة والصوم هذا قول أكثر أهل العلم روى ذلك عن علي وابن =

☆...... ''عمدۃ القاری'' میں ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے استحاضہ کی حالت میں اعتکاف کیا تھا۔(۱)

مستحبات

اعتکاف کے آداب اور مستحبات یہ ہیں، ان کا پورا اہتمام کرنا چاہیے تاکہ اعتکاف کی حقیقی برکات، ثمرات اور فوائد نصیب ہوں۔

﴿۱﴾......اعتکاف میں نیکی اور اچھی باتیں کریں۔(۲)

= عباس وقاله سعيد بن جبير.)[شرح السنة للبغوى:(۱۴۵/۲) كتاب الطهارة، باب التوقيت في المسح،ط: المكتب الإسلامي،دمشق،بيروت].

(ولا تمنع المستحاضة الاعتكاف؛ لأن الاستحاضة لا تمنع الصلاة ويجب عليها أن تتحفظ لئلا تلوث المسجد.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۶۲۷/۲)البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الرابع: ما يلزم المعتكف وما يجوزله،ط:الحقانيّة بشاور].

((وَدَمُ استِحَاضَةٍ) حُكمُهُ (كَرُعَافٍ دَائِمٍ) وَقتًا كَامِلًا(لَا يَمنَعُ صَومًا وَصَلَاةً) وَلَو نَفلًا (وَجِمَاعًا) لِحَدِيثِ:"تَوَضَّئِي وَصَلِّي وَإِن قَطَرَ الدَّمُ عَلَى الحَصِيرِ". وفي "الشامية": (قَولُهُ: وَقتًا كَامِلًا) ظَرفٌ لِقَولِهِ دَائِمٍ، الأَولَى عَدَمُ ذِكرِ هَذَا القَيدِ: أَي قَيدِ الدَّوَامِ ؛ لِأَنَّهُ فِي حُكمِهِ فِي الدَّوَامِ وَعَدَمِهِ "ط". (قَولُهُ: لَا يَمنَعُ صَومًا إلَخ) أَي وَلَا قِرَاءَةً وَمَسَّ مُصحَفٍ وَدُخُولَ مَسجِدٍ، وَكَذَا لَا تُمنَعُ عَن الطَّوَافِ إذَا أَمِنَت مِن اللَّوثِ، قُهُستَانِيٌّ عَن "الخِزَانَةِ" "ط".[الدرمع الرد:(۲۹۸/۱) كتاب الطهارة،باب الحيض،مَطلَبٌ فِي حُكمِ وَطءِ المُستَحَاضَةِ وَمَن بِذَكَرِهِ نَجَاسَةٌ ط: سعيد كراچى].

(۱) عن عائشة رضي الله عنها قالت:" اعتكفت مع رسول الله امرأة من أزواجه مستحاضة فكانت ترى الحمرة والصفرة فربما وضعنا الطست تحتها وهي تصلي "...... وزاد فيه وقال حدثنا به خالد مرة أخرى عن عكرمة" أن أم سلمة رضي الله عنها كانت عاكفة وهي مستحاضة" فأفاد بذلك معرفة عينها.) [عمدة القاري شرح صحيح البخاري : (۲۱۸/۱۱، ۲۱۹) كتاب الاعتكاف،باب اعتكاف المستحاضة،ط: دار الكتب العلمية].

(۲) (وأما آدابه : فمنها أن لا يتكلم إلا بخير.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۲۹۸/۱) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة].

(وَأَمَّا آدَابُهُ): فَأَن لَا يَتَكَلَّمَ إلَّا بِخَيرٍ.)[الفتاوى الهنديه :(۲۱۲/۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف،وأما آدابه،ط:رشيديه كوئٹه]. =

﴿۲﴾......رمضان المبارک کے آخری پورے دس دن کا اعتکاف کرنے کی کوشش کریں۔(۱)

﴿۳﴾......مرد حضرات جامع مسجد میں اعتکاف کریں۔(۲)

= (ولا يتكلم المعتكف إلا بخير ولا بأس بالكلام لحاجته ومحادثة غيره .اه.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۲۳۰)البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس: آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

(وَأَمَّا الثَّالِثُ: وهو أَنَّهُ لَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِخَيرٍ فَلِقَولِهِ تَعَالَى :﴿وَقُل لِعِبَادِي يَقُولُوا التي هِيَ أَحسَنُ﴾.[الإسراء:۵۳] وهو بِعُمُومِهِ يَقتَضِي أَن لَا يَتَكَلَّمَ خَارِجَ المَسجِدِ إِلَّا بِخَيرٍ فَالمَسجِدُ أَولَى كَذَا فِي "غَايَةِ البَيَانِ".)[البحر الرائق:(۲/ ۳۰۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

(۱) (وأما آدابه :... وَأَن يُلَازِمَ بِالِاعتِكَافِ عَشرًا مِن رَمَضَانَ.)[الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف،وأماآدابه،ط:رشيديه كوئٹه].

(والاولى للرجل ان يعتكف في رمضان عشرا لما روى عن رسول الله ﷺ انه كان يعتكف من كل رمضان عشرا...اه)[الفتاوى الخانية على هامش الهندية:(۱/ ۲۲۵) كتاب الصوم،فصل في الاعتكاف، ط:رشيدية كوئٹه].

(ومنها إيقاعه برمضان، ومنها أن يكون في العشر الأواخر منه لالتماس ليلة القدر فإنها تغلب فيها،ومنها لا ينقص اعتكافه عن عشرة أيام.) [كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/ ۴۹۸) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة].

(۲) (يندب أن يكون الاعتكاف في المسجد الجامع عند المالكية والشافعية الذين لا يشترطون ذلک كما اشترطه الحنفية والحنابلة وأفضل المساجد لذلک: المسجد الحرام ثم المسجد النبوى ثم المسجد الأقصى.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۶۲۹)البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس: آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

(وأما آدابه :... وأن يختار أفضل المساجد وهى المسجد الحرام ثم الحرم النبوى ثم المسجد الأقصى لمن كان مقيما هناک ثم المسجد الجامع.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/ ۴۹۸) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة].

[رد المحتار:(۲/ ۴۴۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچي].

﴿۴﴾......اپنی طاقت کے مطابق اپنے اوقات زیادہ سے زیادہ اللہ کی عبادت میں گزاریں، مثلاً نوافل پڑھیں، قرآن کریم کی تلاوت کریں، علم دین کی صحیح اور مستند کتابوں کا مطالعہ کریں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک سیرت، حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے صحیح واقعات، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، ائمہ عظام اور اولیائے کرام رحمہم اللہ کے حالات وحکایات، ان کے اقوال وملفوظات کا مطالعہ کریں، اپنے مسائل کی کتابیں پڑھیں، اور جو بات سمجھ میں نہ آئے اس کے بارے میں کسی معتبر عالم سے رجوع کریں، اپنے طور پر کوئی مطلب نہ نکالیں۔

مسنون اذکار پڑھیں، جتنی تسبیح آسانی سے پڑھ سکیں سب بہتر ہیں۔

تسبیحات یہ ہیں:

"سبحان الله، الحمد لله، الله اكبر، لا اله الا الله محمد رسول الله لاحول ولاقوة الا بالله."

اور جو بھی استغفار یاد ہوں وہ پڑھیں مثلاً: "استغفر الله"، یا"استغفر الله ربي من كل ذنب واتوب اليه"، یا"رب اغفر لي"، اور جو بھی ذکر کریں توجہ اور دھیان سے کریں۔(۱)

(۱) (آداب المعتكف : ۱: يستحب للمعتكف التشاغل على قدر الاستطاعة ليلاً ونهاراً بالصلاة وتلاوة القرآن وذكر الله تعالى نحو لا إله إلا الله ومنه الاستغفار والفكر القلبي في ملكوت السموات والأرض ودقائق الحكم والصلاة على النبي صلّى الله عليه وسلم وتفسير القرآن ودراسة الحديث والسيرة وقصص الأنبياء وحكايات الصالحين ومدارسة العلم ونحو ذلك من الطاعات المحضة؛)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۲۲۹)البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس: آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

(ويلازم التلاوة والحديث والعلم وتدريسه ونحو ذلك.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/ ۵۹۸) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة]. =

﴿٦﴾......درود شریف کثرت سے پڑھیں اور وہ درود شریف پڑھیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں، لوگوں کے بنائے ہوئے درود نہ پڑھیں تو بہتر ہے کیونکہ امتی درود شریف کے کتنے ہی اچھے الفاظ بنالیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بنائے ہوئے الفاظ کے برابر نہیں ہو سکتے۔(١)

= (وَيُلَازِمُ قِرَاءَةَ الْقُرآنِ وَالْحَدِيثِ وَالْعِلْمِ وَالتَّدرِيسِ وَسِيَرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَقَصَصَ الْأَنبِيَاءِ عَلَيهِم الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَحِكَايَاتِ الصَّالِحِينَ وَكِتَابَةَ أُمُورِ الدِّينِ وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيرِ الْخَيرِ فَإِنَّهُ يُكرَهُ لِغَيرِ الْمُعتَكِفِ فَمَا ظَنُّكَ بِالْمُعتَكِفِ.)[تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي: (٢٣٠/٢) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية بيروت].

[الفتاوى الهندية: (٢١٢/١) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما آدابه، ط: رشيديه كوئٹه].

(عَن سَمُرَةَ بنِ جُندُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: أَفضَلُ الْكَلَامِ أَربَعٌ: سُبحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمدُ لِلّٰهِ وَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكبَرُ". وَفِي رِوَايَةٍ: أَحَبُّ الْكَلَامِ إِلَى اللّٰهِ أَربَعٌ: سُبحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمدُ لِلّٰهِ وَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكبَرُ لَا يَضُرُّكَ بِأَيِّهِنَّ بَدَأتَ". رواه مُسلِمٌ.) [مشكوٰة المصابيح: (٢٠٠/١) كتاب الدعوات، باب ثواب التسبيح و التحميد و التهليل و التكبير، الفصل الأول، ط: قديمي كراچي].

[صحيح مسلم: (٢٠٧/٢) كتاب الأداب، باب كَرَاهَةِ التَّسمِيَةِ بِالْأَسمَاءِ الْقَبِيحَةِ وَبِنَافِعٍ وَنَحوِهِ، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

(عَن أَبِي هُرَيرَةَ قَالَ: " قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: لَأَن أَقُولَ: سُبحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكبَرُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَت عَلَيهِ الشَّمسُ". رَوَاهُ مُسلِمٌ.)[مشكوٰة المصابيح: (٢٠٠/١) كتاب الدعوات، باب ثواب التسبيح و التحميد و التهليل و التكبير، الفصل الأول، ط: قديمي كراچي].

[صحيح مسلم: (٣٤٥/٢) كتاب الذكر والدعاء و التوبة و الاستغفار، باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[صحيح البخاري: (٩٨٨/٢) كتاب الأيمان و النذور، باب إذا قال والله لا أتكلم اليوم فصلى أو قرأ أو سبح أو كبر أو حمد أو هلل فهو على نيته، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

(١) عن أبي مسعود الأنصاري قال: أتانا النبي صلى الله عليه وسلم في مجلس سعد بن عبادة فقال له بشير بن سعد: أمرنا الله أن نصلي عليك يا نبي الله فكيف نصلي عليك فسكت النبي صلى الله عليه وسلم حتى تمنينا أنا لم نسأله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" قولوا: =

﴿۷﴾......صلوٰۃ التسبیح کی نماز روزانہ پڑھیں کیونکہ اس سے بہت سارے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔(۱)

﴿۸﴾......اشراق، چاشت، سنن زوال، اوابین اور تہجد کی نماز کا پورا اہتمام

= اللهم صل على محمد وعلى آل محمد كما صليت على إبراهيم وبارك على محمد وعلى آل محمد كما باركت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم في العالمين إنك حميد مجيد".)[السنن الصغير للبيهقي:(۱/۳۹۳)كتاب الصلاة،باب الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم بعد التشهد].

عَن عَمرِو بنِ سُلَيمٍ الزُّرَقِيِّ أَنَّهُ قَالَ أَخبَرَنِي أَبُو حُمَيدٍ السَّاعِدِيُّ أَنَّهُم قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! كَيفَ نُصَلِّي عَلَيكَ؟ قَالَ:" قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيتَ عَلَى آلِ إِبرَاهِيمَ وَبَارِك عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكتَ عَلَى آلِ إِبرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ".)[سنن أبوداؤد:(۱/۱۴۸)كتاب الصلوة،باب الصلاة على النبي بعد التشهد،ط:حقانيه ملتان].

[سنن ابن ماجه:(ص:۶۴)ابواب اقامة الصلوات والسنة فيها ،باب الصلاة على النبي ﷺ،ط: قديمي كراچي].

[سنن الترمذي:(۱/۱۱۰)ابواب الوتر عن رسول الله صلى الله عليه و سلم ، باب ما جاء في صفة الصلاة على النبي ﷺ، ط: سعيد كراچي].

(۱) عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ:" أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِلعَبَّاسِ بنِ عَبدِ المُطَّلِبِ يَا عَبَّاسُ يَا عَمَّاهُ أَلاَ أُعطِيكَ أَلاَ أَمنَحُكَ أَلاَ أَحبُوكَ أَلاَ أَفعَلُ بِكَ عَشرَ خِصَالٍ إِذَا أَنتَ فَعَلتَ ذَلِكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ ذَنبَكَ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ قَدِيمَهُ وَحَدِيثَهُ خَطَأَهُ وَعَمدَهُ صَغِيرَهُ وَكَبِيرَهُ سِرَّهُ وَعَلاَنِيَتَهُ عَشرَ خِصَالٍ أَن تُصَلِّيَ أَربَعَ رَكَعَاتٍ تَقرَأُ فِي كُلِّ رَكعَةٍ فَاتِحَةَ الكِتَابِ وَسُورَةً فَإِذَا فَرَغتَ مِنَ القِرَاءَةِ فِي أَوَّلِ رَكعَةٍ وَأَنتَ قَائِمٌ قُلتَ سُبحَانَ اللّٰهِ وَالحَمدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكبَرُ خَمسَ عَشرَةَ مَرَّةً ثُمَّ تَركَعُ فَتَقُولُهَا وَأَنتَ رَاكِعٌ عَشرًا ثُمَّ تَرفَعُ رَأسَكَ مِنَ الرُّكُوعِ فَتَقُولُهَا عَشرًا ثُمَّ تَهوِي سَاجِدًا فَتَقُولُهَا وَأَنتَ سَاجِدٌ عَشرًا ثُمَّ تَرفَعُ رَأسَكَ مِنَ السُّجُودِ فَتَقُولُهَا عَشرًا ثُمَّ تَسجُدُ فَتَقُولُهَا عَشرًا ثُمَّ تَرفَعُ رَأسَكَ فَتَقُولُهَا عَشرًا فَذَلِكَ خَمسٌ وَسَبعُونَ فِي كُلِّ رَكعَةٍ تَفعَلُ ذَلِكَ فِي أَربَعِ رَكَعَاتٍ إِنِ استَطَعتَ أَن تُصَلِّيَهَا فِي كُلِّ يَومٍ مَرَّةً فَافعَل فَإِن لَم تَفعَل فَفِي كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّةً فَإِن لَم تَفعَل فَفِي كُلِّ شَهرٍ مَرَّةً فَإِن لَم تَفعَل فَفِي كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً فَإِن لَم تَفعَل فَفِي عُمُرِكَ مَرَّةً .)[سنن أبوداؤد:(۱/۱۹۰،۱۹۱)كتاب الصلوة،باب ماجاء في صلاة التسبيح،ط:حقانيه ملتان].

[سنن الترمذي:(۱/۱۰۹)ابواب الصلوة عن رسول الله صلى الله عليه و سلم ،ابواب الوتر، باب ما جاء في صلاة التسبيح،ط: سعيد كراچي].

[معارف السنن :(۱/۲۸۶)باب ما جاء في صلاة التسبيح،ط: بنوري ٹاون كراچي].

کریں، تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضو بھی پابندی سے پڑھیں۔(۱)

﴿۹﴾...... فجر سے اشراق تک اور عصر کے فرضوں سے فارغ ہوکر مغرب تک اللہ کے ذکر اور قرآن مجید کی تلاوت وغیرہ میں مشغول رہیں۔(۲)

﴿۱۰﴾...... شب قدر کی پانچوں راتوں میں جاگ کر عبادت کرنے کی کوشش کریں، اور مناجات مقبول کی ایک منزل روزانہ پڑھ لیا کریں، اس میں قرآن وحدیث کی بہت اچھی دعائیں جمع کر دیں گئیں ہیں۔(۳)

---

(۱) ((قَولُهُ: وَنُدِبَ الأَربَعُ قَبلَ العَصرِ وَالعِشَاءِ وَبَعدَهَا وَالسِّتُّ بَعدَ المَغرِبِ) بَيَانٌ لِلمَندُوبِ مِن النَّوَافِلِ ... وَأَمَّا السِّتَّةُ بَعدَ المَغرِبِ فَلِمَا رَوَى ابن عُمَرَ رضي اللّٰهُ عنهما أَنَّهُ قال:" من صلى بَعدَ المَغرِبِ بِستِّ رَكَعَاتٍ كُتِبَ من الأَوَّابِينَ وَتَلا قوله تعالى ﴿ إنه كان لِلأَوَّابِينَ غَفُورًا ﴾ [الإسراء: ١٧:٢٥] وَذَكَرَ في" التَّجنِيسِ": أَنَّهُ يُستَحَبُّ أَن يُصَلِّيَ السِّتَّ بِثَلاثِ تَسلِيمَاتٍ ولم يذكر المُصَنِّفُ من المَندُوبَاتِ الأَربَعَ بَعدَ الظُّهرِ؛ وَصَرَّحَ بِاستِحبَابِهَا جَمَاعَةٌ من المَشَايِخِ لِحَدِيثِ أبي دَاوُد وَالتِّرمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ.)[البحر الرائق:(٢/٥٠، ٥١)كتاب الصلوة،باب الوتر و النوافل، ط:سعيد كراچی].

▭ [الفقه الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(٢/ ٥٢)البَابُ الثاني: الصلات،الفَصلُ الثامِنُ : النوافل أو صلاة التطوع،النوافل عند الحنفية،ط : الحقانيّة بشاور].

▭ الدر مع الرد : (٢/ ١٢) كتاب الصلّة ، باب الوتر والنوافل ، مطلب في السنن والنوافل ، ط: سعيد .

(٢) عَن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَأَن أَقعُدَ مَعَ قَومٍ يَذكُرُونَ اللّٰهَ تَعَالَى مِن صَلَاةِ الغَدَاةِ حَتّٰى تَطلُعَ الشَّمسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِن أَن أُعتِقَ أَربَعَةً مِن وَلَدِ إِسمَاعِيلَ وَلَأَن أَقعُدَ مَعَ قَومٍ يَذكُرُونَ اللّٰهَ مِن صَلَاةِ العَصرِ إِلَى أَن تَغرُبَ الشَّمسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِن أَن أُعتِقَ أَربَعَةً".) [سنن أبو داؤد:(٢/ ١٦٠) كتاب العلم، باب فِي القَصَصِ،ط:حقانيّه ملتان].

▭ [سنن الترمذی:(١/ ١٣٠)ابواب ما يتعلق بالصلوة عن رسول الله صلى الله عليه و سلم ،ابواب السفر، باب ذكر ما يستحب من الجلوس فی المسجد بعد صلاة الصبح حتى تطلع الشمس،ط: سعيد كراچی].

(٣) عن عائشة رضی اللّٰه عنها قالت :" كان النبی صلى الله عليه و سلم إذا دخل العشر شد مئزره وأحيا ليله وأيقظ أهله".)[صحيح البخاری:(١/ ٢٧١) كتاب الصوم،باب العمل فی العشر الأواخر من رمضان،ط:قديمی كتب خانه كراچی].

▭ قَالَت عَائِشَةُ رضی الله عنها:" كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَجتَهِدُ فِي العَشرِ =

﴿۱۱﴾...... جہاں تک ممکن ہو دوسرے اعتکاف کرنے والوں اور نمازیوں کو اپنے قول و فعل اور کسی بھی طرزِ عمل سے تکلیف پہنچانے سے سخت احتیاط کریں۔(۲)

مستورات معتکف کے پاس آئیں

''بیوی کا معتکف شوہر کے پاس آنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۵۱)

مسجد

واضح رہے کہ مسجد کی طرف منسوب ہونے والی تین چیزیں ہیں: (۱) عین مسجد یا حد مسجد۔(۲) احاطۂ مسجد یا فناء مسجد۔(۳) اوقاف مسجد یا مسجد کی ملکیت کی چیزیں۔

= الأَوَاخِرِ مَا لاَ يَجْتَهِدُ فِي غَيْرِهِ".)[صحيح مسلم:(۱/۳۷۲) كتاب الاعتكاف،باب الاجتهاد في العشر الأواخر من شهر رمضان،ط:قديمي كتب خانه كراچي].

[سنن ابن ماجة:(ص:۱۲۶)ابواب ماجاء في الصيام،باب في فضل العشر الأواخر من شهر رمضان ،ط: قديمي كراچي].

(۲) (وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا)[سورة الأحزاب:۳۳:۵۸].

(أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضا بالأفعال والأقوال القبيحة كالبهتان والتكذيب الفاحش المختلق وهذه الآية نظير الآية التي في النساء : ومن يكسب خطيئة أو إثما ثم يرم به بريئا فقد إحتمل بهتانا وإثما مبينا كما قال هنا وقد قيل : إن من الأذية تعييره بحسب مذموم أو حرفة مذمومة أو شيء يثقل عليه إذا سمعه لأن أذاه في الجملة حرام وقد ميز الله تعالى بين أذاه وأذى الرسول وأذى المؤمنين فجعل الأول كفرا والثاني كبيرة فقال في أذى المؤمنين : فقد احتملوا بهتانا وإثما مبينا .)[الجامع لأحكام القرآن:(۱۴ / ۲۳۹)سورة الأحزاب:الأية:۵۸،ط:دارعالم الكتب رياض].

((قوله :وأنه أمر بخبائه فضرب) قالوا فيه دليل على جواز اتخاذ المعتكف لنفسه موضعا من المسجد ينفرد فيه مدة اعتكافه مالم يضيق على الناس واذا اتخذه يكون في آخر المسجد ورحابه لئلا يضيق على غيره وليكون أخلى له وأكمل في انفراده.)[شرح نووى على الصحيح للمسلم:(۱/۳۷۱)كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،ط: قديمي كتب خانه كراچي].

﴿۱﴾ اول ''عین مسجد یا حد مسجد'' یہی اصل مسجد ہے، جہاں جماعت کے ساتھ نماز ہوتی ہے، عام طور پر اس کے دو حصے ہوتے ہیں ایک چھت والا اس کے بھی اکثر و بیشتر دو حصے ہوتے ہیں۔ (۱) اندرونی حصہ جس کو جماعت کے بعد تالا لگا کر بند کر دیا جاتا ہے (۲) دالان یا برآمدہ (سردری)

دوسرا حصہ دالان یا سردری سے متصل چھت کے بغیر صحن کا حصہ جہاں گرمی کے موسم میں عصر، مغرب اور عشاء کی جماعت ہوتی ہے، یہ سب عین مسجد ہے، اس کا احترام کرنا واجب ہے، یہاں خرید وفروخت کرنا اور دنیاوی باتیں کرنا درست نہیں، جنبی مرد اور عورت اور حیض ونفاس والی عورت کا آنا جائز نہیں، مثلاً حجرہ یا وضو خانہ یا غسل خانہ وغیرہ بنانا جائز نہیں، قیامت تک اس کی مسجدیت باقی رہے گی، یہی اعتکاف کی جگہ ہے، معتکف اس حد کے اندر کہیں بھی قیام کرسکتا ہے اور آمد ورفت کرسکتا ہے۔

﴿۲﴾ دوسرا احاطۂ مسجد یا فناء مسجد: یہ وہ حصہ ہے جو مسجد کے سامنے مشرق کی جانب یا دائیں بائیں شمال اور جنوب کی جانب ہوتا ہے، اس میں وضو خانہ امام ومؤذن کے کمرے، بچوں کا مکتب یا سامان رکھنے کا کمرہ وغیرہ ہوتا ہے، اس حصہ کا احترام مسجد کی مانند نہیں ہے، اور اس میں بنائی ہوئی چیزوں میں تبدیلیاں کرنا جائز ہے، مثلاً پہلے وضو خانہ، غسل خانہ بنا دیا، کمرہ تھا وضو خانہ بنا دیا وغیرہ یہ جائز ہے، یہاں جنبی مرد وعورت کا آنا، حیض ونفاس والی عورت کا آنا اور ٹھہرنا منع نہیں ہے یہ حصہ اعتکاف کی جگہ نہیں ہے، اگر معتکف شرعی ضرورت کے بغیر یہاں آئے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

﴿۳﴾ اوقاف مسجد یا مسجد کی ملکیت کی چیزیں: یہ وہ زمین ہوتی ہے جو خرید نے یا وقف کرنے کی وجہ سے مسجد کی ملکیت میں آجاتی ہے، جیسے مسجد سے متصل زمین

جیسے عید، بقر عید یا جنازہ کے موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے، یا جہاں نمازی کی سائیکل یا کاریں وغیرہ کھڑی کی جاتی ہیں، اسی طرح مسجد کے مکانات ودکانات وغیرہ یا وہ اوقاف مسجد جس کی آمدنی یا پیداوار مسجد میں آتی ہے، ان کا بھی مسجد کے مانند احترام کرنا واجب نہیں اور ایسی موقوفہ زمین کو فروخت کرنا اور تبادلہ کرنا درست نہیں۔

مسجد سے باہر آنا

☆......اگر اعتکاف واجب نذر کا ہے اور مسلسل ان ایام کے اعتکاف کی نیت ہے، اس صورت میں مسجد سے باہر نکلنے سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا، خواہ رات کو نکلے یا دن کو، قصداً نکلے یا بھولے سے ہر حال میں اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

☆......جو شخص کسی مجبوری یعنی ایسے عذر کے بغیر جس میں نذر کا اعتکاف کرنے والے کو باہر آنے کی اجازت نہیں ہوتی مسجد سے باہر نکلا تو اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔(۱)

---

(۱) (الحنفية قالوا : خروج المعتكف من المسجد له حالتان : الحالة الأولى : أن يكون الاعتكاف واجبا بنذر وفي هذه الحالة لا يجوز له الخروج من المسجد مطلقا ليلا أو نهارا عمدا أو نسيانا فمن خرج بطل اعتكافه إلا بعذر والأعذار التي تبيح للمعتكف اعتكافا واجبا الخروج من المسجد تنقسم إلى ثلاثة أقسام : الأول : أعذار طبيعية كالبول أو الغائط أو الجنابة بالاحتلام حيث لا يمكنه الاغتسال في المسجد ونحو ذلك فإن المعتكف يخرج من المسجد للاغتسال من الجنابة ولقضاء حاجة الإنسان بشرط أن لايمكث خارج المسجد إلا بقدر قضائها.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/۴۹۵) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف،ط: دار الحديث القاهرة].

((وَأَمَّا مُفْسِدَاتُهُ) فَمِنْهَا الْخُرُوجُ مِن الْمَسجِدِ فَلَا يَخْرُجُ الْمُعْتَكِفُ مِن مُعْتَكَفِهِ لَيْلًا وَنَهَارًا إلَّا بِعُذرٍ وَإِن خَرَجَ مِن غَيرِ عُذرٍ سَاعَةً فَسَدَ اعتِكَافُهُ فِي قَولِ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى كَذَا فِي "الْمُحِيطِ". سَوَاءٌ كَانَ الْخُرُوجُ عَامِدًا أَو نَاسِيًا هَكَذَا فِي "فَتَاوَى قَاضِي خَان" ... هذا كُلُّهُ فِي الِاعتِكَافِ الْوَاجِبِ.)[الفتاوى الهندية : (۱/۲۱۲،۲۱۳) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما مفسداته،ط: رشيدية كوئٹه].

[الفتاوى التاتارخانية:(۲/۳۱۲) كتاب الصوم، الفصل الثاني عشر في الاعتكاف،ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[البحر الرائق:(۲/۳۰۱،۳۰۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف ،ط:سعيد كراچي].

☆......اگر اعتکاف نذر کا نہیں بلکہ نفلی ہے تو ایسی صورت میں عذر کے بغیر بھی مسجد سے نکلنے میں مضائقہ نہیں، کیوں کہ نفلی اعتکاف میں مسجد سے باہر نکلنے سے پچھلا اعتکاف فاسد نہیں ہوتا، بلکہ انتہا کو پہنچ کر ختم ہوجاتا ہے۔ چناں چہ اگر مسجد میں واپس آکر پھر اعتکاف کرے گا تو اس کا ثواب الگ ملے گا۔ لیکن واجب اعتکاف میں مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے عذر کے بغیر مسجد سے باہر آنا گناہ ہے، اور پچھلا اعتکاف باطل ہوجاتا ہے۔(۱)

☆......اگر اعتکاف نذر کی وجہ سے واجب ہوا ہے، اور مسلسل ان ایام کے اعتکاف کی نیت نہیں کی، محض نذر کے اعتکاف کی نیت تھی، یا کسی خاص مدت کے اعتکاف کی نیت تھی، لیکن مسلسل کی قید نہیں تھی، تو ان صورتوں میں اعتکاف کے دوران عذر کے بغیر مسجد سے باہر آجانا جائز ہے، گناہ نہیں ہوگا۔ لیکن مسجد سے باہر آنے پر اعتکاف ختم ہوجائے گا، اور واپس آکر دوبارہ اعتکاف کی نیت کرنی ہوگی۔ ہاں اگر پہلے ہی سے واپسی کی نیت کر رکھی ہو، یا مسجد سے نکلنا رفع حاجت کے لیے ہو تو از سر نو نیت کی ضرورت نہیں ہوگی، یہی حکم نفل اعتکاف کا بھی ہے۔(۲)

---

(۱) (الحالة الثانية : أن يكون الاعتكاف نفلا وفي هذه الحالة لا بأس من الخروج منه ولو بلا عذر لأنه ليس له زمن معين ينتهي بالخروج ولا يبطل ما مضى منه فإن عاد إلى المسجد ثانيا ونوى الاعتكاف كان له أجره أما إذا خرج من المسجد في الاعتكاف الواجب بلا عذر أثم وبطل ما فعل منه.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/۴۹۵) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف،ط: دار الحديث القاهرة].

(قَولُهُ:وَأَقَلُّهُ نَفْلًا سَاعَةٌ)لقول محمدٌ في "الأَصلِ": إذَا دخل المَسجِدَ بِنِيَّةِ الاِعتِكَافِ فَهُوَ مُعتَكِفٌ ما أَقَامَ تَارِكٌ له إذَا خَرَجَ... وَأَشَارَ إلَى أَنَّهُ لو شَرَعَ في النَّفلِ ثُمَّ قَطَعَهُ لَا يَلزَمُهُ القَضَاءُ في ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ لِأَنَّهُ غَيرُ مُقَدَّرٍ فلم يَكُن قَطعُهُ إبطَالًا... قَيَّدنَا بكون الاِعتِكَافِ وَاجِبًا لِأَنَّهُ لو كان نَفلًا فَلَهُ الخُرُوجُ لِأَنَّهُ مُنهٍ له لَا مُبطِلٌ كما قَدَّمنَاهُ.)[البحر الرائق:(۲/۳۰۰، ۳۰۱، ۳۰۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:سعيد كراچى].

(۲) (أما مفسدات الاعتكاف : ... ومنها الخروج من المسجد على تفصيل في المذاهب =

☆......مزید "باہر آنے کی تین قسمیں ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:١٣٤)

مسجد سے مراد کیا ہے؟

"مسجد کی حدود" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:٣٨٣)

مسجد شرعی

"شرعی مسجد" کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:٢٦٧)

= مذكور تحت الخط . (الشافعية قالوا) : الخروج من المسجد بلا عذر يبطل الاعتكاف : والأعذار المبيحة للخروج تكون طبيعية كقضاء الحاجة من بول وغائط وتكون ضرورية كانهدام حيطان المسجد فإنه إن خرج إلى مسجد آخر بسبب ذلك لا يبطل اعتكافه وإنما يبطل الاعتكاف بالمفسد إذا فعله المعتكف عامدا مختارا عالما بالتحريم فإن فعله ناسيا أو مكرها أو جاهلا جهلا يعذر به شرعا كأن كان قريب عهد بالإسلام لم يبطل اعتكافه ومن خرج لعذر مقبول شرعا لا ينقطع تتابع اعتكافه بالمدة التى خرج فيها ولا يلزمه تجديد نيته عند العود ولكن يجب قضاء المدة التى مضت خارج المسجد إلا الزمن الذى يقضى فيه حاجته من تبرز ونحوه مما لم يطل عادة فإنه لا يقضيه وهذا إذا كان الاعتكاف واجبا متتابعا بأن نذر اعتكاف أيام متتابعة أما الاعتكاف المنذور المطلق أو المقيد بمدة لا يشترط فيها التتابع فإنه يجوز الخروج من المسجد فيهما ولو لغير عذر لكن ينقطع اعتكافه بخروجه ويجدد النية عند عودته إلا إذا عزم على العودة فيهما أو كان خروجه لنحو تبرز فإنه لا يحتاج إلى تجديدها ومثل ذلك الاعتكاف المندوب.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(١/٢٩٥،٢٩٦) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مفسدات الاعتكاف، ط: دار الحديث القاهرة].

(وقال الشافعية : إذا فعل المعتكف فى الاعتكاف ما يبطله من خروج أو مباشرة أو مقام فى البيت بعد زوال العذر:

أ ـ: فإن كان ذلك فى التطوع لم يبطل ما مضى من الاعتكاف؛ لأن ذلك القدر لو أفرده واقتصر عليه أجزأه ولا يجب عليه إتمامه؛ لأنه لا يجب عليه المضى فى فاسده فلا يلزمه بالشروع كالصوم.

ب ـ :وإن كان اعتكافه منذوراً: فإن لم يشرط فيه التتابع لم يبطل ما مضى من اعتكافه لما ذكر فى التطوع لكن يلزمه هنا أن يتمم المدة المنذورة؛ لأن الجميع قد وجب عليه وقد فعل البعض فوجب الباقى. وإن كان قد شرط التتابع بطل التتابع ويجب عليه أن يستأنف ليأتى به على الصفة التى وجبت عليه ؛ ... وإن خرج المعتكف من المسجد لغير قضاء الحاجة لزمه استئناف النية فإن خرج لها لا يلزمه استئناف النية.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ:(٢/٦٣٦،٦٣٧) البَابُ الثَّالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكَاف، المبحث السادس: حكم الاعتكاف اذا فسد، ط: الحقانيّة بشاور].

مسجد شہید کردی تو اعتکاف کہاں کرے؟

اگر کسی بستی میں مسجد تھی، دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے شہید کردی، دوسری جگہ مدرسہ یا مکان میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں تو اعتکاف کے بارے میں حکم یہ ہے اگر شہید شدہ مسجد میں اعتکاف کرنا ممکن نہ ہو، اور بستی میں دوسری مسجد بھی نہ ہو تو وہاں اعتکاف کرنا صحیح ہوگا، (۱) اور اگر اس بستی میں دوسری مسجد موجود ہے تو وہاں اعتکاف کیا جائے، مدرسہ یا مکان میں اعتکاف نہ کیا جائے، کیوں کہ اس کا اعتبار نہیں ہوگا۔ (۲)

مسجد شہید ہو جائے

اگر مسجد شہید ہو جائے تب بھی اس شہید مسجد پر کسی طرح سائبان وغیرہ ڈال کر اعتکاف کیا جائے۔ اگر یہ صورت بھی ممکن نہ ہو تو پھر محلے کی کسی اور مسجد میں اعتکاف کیا جائے۔ (۳)

---

(۱) (قال المفتی سید عبد الرحیم لاجفوریؒ: اگر شہید شدہ مسجد میں اعتکاف کرنا ممکن نہ ہو اور بستی میں دوسری مسجد ہو تو وہاں اعتکاف کیا جائے، مدرسہ کا اعتکاف معتبر نہ ہوگا، اگر مسجد نہیں ہے تو صحیح ہو جائے گا انشاءاللہ.) [فتاوی رحیمیہ: (۲۸۳/۷) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، [س:۳۶۵: مسجد شہید کردی ہے تو اعتکاف کہاں کیا جائے ؟]، ط: دار الاشاعت کراچی].

(۲) (درجہ ذیل "مسجد شہید ہو جائے" عنوان کے تحت تفصیلاً تخریج دیکھیں!)

(۳) (وَإِن انهَدَمَ المَسجِدُ فَخَرَجَ إِلَى مَسجِدٍ آخَرَ مِن سَاعَتِهِ أَو أَخرَجَهُ السُّلطَانُ كُرهًا فَدَخَلَ مَسجِدًا آخَرَ لَم يَفسُد اعتِكَافُهُ لِأَنَّهُ مُضطَرٌّ فِي الخُرُوجِ فَصَارَ عَفوًا وَذَلِكَ لِأَنَّ المَسجِدَ بَعدَ الانهِدَامِ خَرَجَ عَن أَن يَكُونَ مُعتَكِفًا إِذ المُعتَكَفُ مَسجِدٌ تُصَلِّي فِيهِ الجَمَاعَةُ الصَّلَوَاتِ الخَمسَ وَلَا يَتَأَتَّى ذَلِكَ فِي المَهدُومِ فَكَانَ عُذرًا فِي التَّحَوُّلِ إِلَى مَسجِدٍ آخَرَ.) [الجوهرة النيّرة: (۱۷۷/۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: قديمی كتب خانه كراچی].

[بدائع الصنائع: (۱۱۴/۲، ۱۱۵) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، فصل: وأما ركن الاعتكاف، ومحظوراته... الخ. ط: سعيد كراچی].

[الفتاوى الهندية: (۲۱۲/۱) كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف، وأما مفسداته، ط: رشيديه كوئٹه].

مسجد کا احاطہ

''احاطہ مسجد'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۷٤)

مسجد کی حدود

مسجد کے تمام احاطہ کو عرف میں ''مسجد'' کہتے ہیں، لیکن اعتکاف کے بیان میں جہاں مسجد کا لفظ آتا ہے، اس سے مراد وہی جگہ ہوتی ہے جو سجدہ کرنے اور نماز پڑھنے کے لیے مقرر کی گئی، یعنی مسجد کا اندرونی حصہ، برآمدہ اور صحن۔ اس کو دوسرے عنوان سے یوں بھی سمجھ سکتے ہیں کہ مسجد میں جس جگہ پر وضو کرنا منع ہے، جنابت کی حالت میں وہاں جانے کی اجازت نہیں ہے، وہ جگہ مراد ہے۔ عموماً جہاں تک مسجد کا صحن کہلاتا ہے وہاں تک مسجد کی حد ہوا کرتی ہے۔(۱)

---

(۱) (مَا يُعتَبَرُ مِنَ المَسجِدِ وَمَا لا يُعتَبَرُ): اتَّفَقَ الفُقَهَاءُ عَلَى أَنَّ المُرَادَ بِالمَسجِدِ الَّذِي يَصِحُّ فِيهِ الاعتِكَافُ مَا كَانَ بِنَاءً مُعَدًّا لِلصَّلاةِ فِيهِ. أَمَّا رَحبَةُ المَسجِدِ، وَهِيَ سَاحَتُهُ الَّتِي زِيدَت بِالقُربِ مِنَ المَسجِدِ لِتَوسِعَتِهِ وَكَانَت مُحَجَّرًا عَلَيهَا فَالَّذِي يُفهَمُ مِن كَلامِ الحَنَفِيَّةِ وَالمَالِكِيَّةِ وَالحَنَابِلَةِ فِي الصَّحِيحِ مِنَ المَذهَبِ أَنَّهَا لَيسَت مِنَ المَسجِدِ، وَمُقَابِلُ الصَّحِيحِ عِندَهُم أَنَّهَا مِنَ المَسجِدِ وَجَمَعَ أَبُو يَعلَى بَينَ الرِّوَايَتَينِ بِأَنَّ الرَّحبَةَ المَحُوطَةَ وَعَلَيهَا بَابٌ هِيَ مِنَ المَسجِدِ. وَذَهَبَ الشَّافِعِيَّةُ إِلَى أَنَّ رَحبَةَ المَسجِدِ مِنَ المَسجِدِ فَلَوِ اعتَكَفَ فِيهَا صَحَّ اعتِكَافُهُ وَأَمَّا سَطحُ المَسجِدِ فَقَد قَالَ ابنُ قُدَامَةَ: يَجُوزُ لِلمُعتَكِفِ صُعُودُ سَطحِ المَسجِدِ وَلا نَعلَمُ فِيهِ خِلافًا. أَمَّا المَنَارَةُ فَإِن كَانَت فِي المَسجِدِ أَو بَابُهَا فِيهِ فَهِيَ مِنَ المَسجِدِ عِندَ الحَنَفِيَّةِ وَالشَّافِعِيَّةِ وَالحَنَابِلَةِ. وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ أَو فِي رَحبَتِهِ فَهِيَ مِنهُ وَيَصِحُّ فِيهَا الاعتِكَافُ عِندَ الشَّافِعِيَّةِ. وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ فَيَجُوزُ أَذَانُ المُعتَكِفِ فِيهَا سَوَاءٌ أَكَانَ مُؤَذِّنًا أَم غَيرَهُ عِندَ الحَنَفِيَّةِ وَأَمَّا عِندَ الشَّافِعِيَّةِ فَقَد فَرَّقُوا بَينَ المُؤَذِّنِ الرَّاتِبِ وَغَيرِهِ فَيَجُوزُ لِلرَّاتِبِ الأَذَانُ فِيهَا وَهُوَ مُعتَكِفٌ دُونَ غَيرِهِ قَالَ النَّوَوِيُّ: وَهُوَ الأَصَحُّ.)["الموسوعة الفقهية الكويتية":(۵/۲۲۳، ۲۲۴)، ط:صادر عن: وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية الكويت].

(وَاتِّحَادِ المَكَانِ كَالمَسجِدِ إِذ لَهُ حُكمُ البُقعَةِ الوَاحِدَةِ وَلِذَا لَو كَرَّرَ سَجدَةً فِي زَوَايَاهُ لَزِمَهُ سَجدَةٌ وَاحِدَةٌ وَالدَّارُ وَالجَبَّانَةُ وَمُصَلَّى الجِنَازَةِ كَالمَسجِدِ عَن أَبِي يُوسُفَ إِلَّا فِي المَرأَةِ فَلَو خَرَجَت عَن مُصَلَّاهَا تَفسُدُ لِأَنَّهُ كَالمَسجِدِ فِي حَقِّ الرِّجَالِ وَلِذَا تَعتَكِفُ فِيهِ.)[فتح القدير:(۱/۳۹۳) كتاب الصلاة، باب الحدث في الصلوة، ط: رشيديه كوئٹه].=

مسجد کی دیواروں کا حکم

''دیوار'' کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۴۵)

مسجد کئی منزلہ ہو

☆...... جو مسجد کئی منزلہ ہو تو اس کی ہر منزل میں اعتکاف ہو سکتا ہے، اور کسی ایک منزل میں اعتکاف کی غرض سے بیٹھ جانے کے بعد اس کی دوسری منزل پر بھی معتکف جا سکتا ہے، بشرطیکہ آنے جانے کا زینہ مسجد کے اندر ہی ہو، مسجد کی حدود سے باہر نہ ہو، اگر مسجد کی حدود سے دو چار سیڑھیاں بھی باہر ہو جاتی ہوں تو بھی جائز نہیں ہے، ہاں اگر زینہ مسجد سے باہر ہو کر جاتا ہو اور اوپر جانا ضروری ہو تو صرف نذر کے اعتکاف میں اس کی صورت یہ ہے کہ اعتکاف میں بیٹھنے کے وقت جب اعتکاف کی نیت کرے اسی وقت نیت میں یہ شرط لگالے کہ میں فلاں زینہ سے اوپر جایا کروں گا، تو یہ شرط کر لینے سے زینہ سے اوپر جانا جائز ہو جائے اسی طرح شرط لگانے کو ''استثنا'' کرنا بھی کہتے ہیں۔ لیکن اعتکاف مسنون میں اس طرح استثناء کرنا درست نہیں۔(۱)

= (قال المفتی عزیز الرحمن: مسجد کا اطلاق صرف مسجد کی سہ دری، اور فرش پر ہی ہوتا ہے اور یہی شرعاً مسجد ہوتی ہے، معتکف کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس سے تجاوز کرے اگر ایسا کیا گیا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا۔) [فتاوی دارالعلوم دیوبند: (۳۱۴،۳۱۳/۶) کتاب الصوم، دسواں باب اعتکاف اور اس کے مسائل (س:۲۸۸، احاطہ مسجد کی زمین مسجد میں داخل ہے یا نہیں؟] ط: دارالاشاعت کراچی]۔

(۱)((قولُهُ: وَالوَطءُ فَوقَهُ وَالبَولُ وَالتَّخَلِّی) أی وَكُرِهَ الوَطءُ فَوقَ المَسجِدِ وَكَذَا البَولُ وَالتَّغَوُّطُ لِأَنَّ سَطحَ المَسجِدِ لَهُ حُكمُ المَسجِدِ حَتَّى يَصِحَّ الاِقتِدَاءُ مِنهُ بِمَن تَحتَهُ وَلَا يَبطُلُ الاِعتِكَافُ بِالصُّعُودِ إِلَيهِ.) [البحر الرائق: (۳۴/۲) کتاب الصلاة، فصل لمّا فرغ من بیان الکراهة فی الصلاة شرع فی بیانها خارجها مما هو من توابعها، ط: سعید کراچی]۔

[تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق للزیلعی: (۱۹/۱ ۳) کتاب الصلوة، فصلٌ: كُرِهَ اِستِقبَالُ القِبلَةِ بِالفَرجِ فِی الخَلَاءِ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت]۔

((قَالَ): (وَصُعُودُ المُعتَكِفِ عَلَى المِئذَنَةِ لَا يُفسِدُ اعتِكَافَهُ) أَمَّا إِذَا كَانَ بَابُ المِئذَنَةِ فِی =

☆......حاجت شرعیہ مثلاً: جمعہ کی نماز کے لیے جانا، حاجت طبعیہ، مثلاً: پیشاب پاخانہ اور جنابت کے غسل کے لیے جانا یہ خود بخود مستثنٰی ہوتے ہیں، ان کو مستثنٰی کرنے کی نیت کرنا ضروری نہیں، یعنی اعتکاف کرتے وقت نیت میں یہ شرط لگانا ضروری نہیں کہ میں جمعہ یا پیشاب، پاخانہ کے لیے جایا کروں گا، ان کاموں کی شریعت نے خود ہی اجازت دے دی ہے، اس لیے خود بخود مستثنٰی ہوجاتے ہیں۔(۱)

= المَسجِدِ فَهُوَ وَالصُّعُودُ عَلَى سَطحِ المَسجِدِ سَوَاءٌ وَإِن كَانَ بَابُهَا خَارِجَ المَسجِدِ فَكَذٰلِكَ مِن أَصحَابِنَا مَن يَقُولُ : هٰذَا قَولُهُمَا فَأَمَّا عِندَ أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ فَيَنبَغِي أَن يَفسُدَ اعتِكَافُهُ لِلخُرُوجِ مِنَ المَسجِدِ مِن غَيرِ ضَرُورَةٍ وَالأَصَحُّ أَنَّهُ قَولُهُم جَمِيعًا وَاستَحسَنَ أَبُو حَنِيفَةَ هٰذَا ؛ لِأَنَّهُ مِن جُملَةِ حَاجَتِهِ فَإِنَّ مَسجِدَهُ إِنَّمَا كَانَ مُعتَكَفًا لِإِقَامَةِ الصَّلَاةِ فِيهِ بِالجَمَاعَةِ وَذٰلِكَ إِنَّمَا يَتَأَتَّى بِالأَذَانِ وَهُوَ بِهٰذَا الخُرُوجِ غَيرُ مُعرِض عَن تَعظِيمِ البُقعَةِ أَصلًا بَل هُوَ سَاعٍ فِيمَا يَزِيدُ فِي تَعظِيمِ البُقعَةِ فَلِهٰذَا لَا يَفسُدُ اعتِكَافُهُ .)[المبسوط للسرخسی:(۳/۱۴۰، ۱۴۱) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط : دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان].

[بدائع الصنائع:(۱/ ۱۴۵، ۱۴۶) کتاب الصلوة، فصلٌ : شَرَائِطُ أَركَانِ الصَّلَاةِ، ط:سعید کراچی].

((وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَ الِالتِزَامَ أَن يَخرُجَ إِلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَهُ ذٰلِكَ كَذَا فِي "التَّتَارخَانِيَّة" نَاقِلًا عن "الحُجَّةِ".)[الفتاوی الهندية:(۱/ ۲۱۲) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما مفسداته، ط: رشیدیه کوئٹه].

((وفی "الحُجَّةِ":وَلَو شَرَطَ وَقتَ النَّذرِ وَ الِالتِزَامَ أَن يَخرُجَ إِلَى عِيَادَةِ المَرِيضِ وَصَلَاةِ الجِنَازَةِ وَحُضُورِ مَجلِسِ العِلمِ يَجُوزُ لَهُ ذٰلِكَ.)[التاتار خانیه:(۲/ ۳۱۲) کتاب الصوم، الفصل الثانی عشر فی الاعتکاف، ط:قدیمی کتب خانه کراچی].

[حاشية الطحطاوی علی المراقی:(ص: ۳۸۳) کتاب الصوم، باب الاعتکاف ،ط:میر محمد کتب خانه کراچی/(ص: ۵۷۹) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط:مکتبه انصارية هرات افغانستان].

(۱) ((قَولُهُ: وَفِي "التَّتَارخَانِيَّة":) وَمِثلُهُ فِي "القُهُستَانِيِّ". (قَولُهُ: لَو شَرَطَ) فِيهِ إِيمَاءٌ إِلَى عَدَمِ الِاكتِفَاءِ بِالنِّيَّةِ؛ أَبُو السُّعُودِ. (قَولُهُ: جَازَ ذٰلِكَ) قُلت : يُشِيرُ إِلَيهِ قَولُهُ فِي "الهِدَايَةِ" وَغَيرِهَا عِندَ قَولِهِ: وَلَا يَخرُجُ إِلَّا لِحَاجَةِ الإِنسَانِ لِأَنَّهُ مَعلُومٌ وُقُوعُهَا فَلَا بُدَّ مِنَ الخُرُوجِ فَيَصِيرُ مُستَثنًى. اهـ. =

مسجد کے باہر کے کاموں میں شریک ہونے کا قاعدہ

''قاعدہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۳۲۳)

مسجد کے نیچے دکان ہے

''دکان کے اوپر مسجد ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۴۱)

مسجد گرنے لگے

''فاسد کرنے والی چیزیں'' عنوان کے تحت [استار نمبر:۱۰] دیکھیں!(ص:۳۱۰)

مسجد میں اعتکاف سنت ہونے کی وجہ

☆......مسجد میں اعتکاف کرنے کی وجہ سے دل میں سکون حاصل ہوتا ہے، قلب کی صفائی اور فرشتوں کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے، اور شب قدر کو حاصل کرنے کا ذریعہ، اور طاعت وعبادت کرکے اللہ کو راضی کرنے کا بہترین موقع ہوتا ہے۔ اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے اعتکاف کے لیے رمضان المبارک کے آخری دس دن کو مقرر کیا ہے، اور اپنی امت کے نیک اور صالح لوگوں کے لیے اس کو سنت قرار دیا ہے۔(۱)

☆......اس لیے نبی کریم ﷺ نے اس پر ہمیشہ پابندی فرمائی، اور مسلمانوں

= وَالحَاصِلُ أَنَّ مَا يَغلِبُ وُقُوعُهُ يَصِيرُ مُستَثنًى حُكمًا وَإِن لَم يَشتَرِطهُ وَمَا لَا فَلَا إِلَّا إِذَا شَرَطَهُ.)[ردالمحتار:(۴۴۸/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچی].

🗀 [الهداية:(۲۴۷/۱) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:رحمانيه لاهور].

🗀 [البحر الرائق:(۳۰۱/۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچی].

(۱) (ولما كان الاعتكاف فی المسجد سببا لجمع الخاطر وصفاء القلب والتفرغ للطاعة والتشبه بالملائكة والتعرض لوجدان ليلة القدر اختاره النبی صلی الله عليه وسلم فی العشر الأواخر وسنه للمحسنين من أمته ؛... أقول وذلک تحقيقا لمعنی الاعتكاف وليكون الطاعة لها بال ومشقة علی النفس ومخالفة للعادة والله أعلم .)["حجة الله البالغة " للشاه ولی الله الدهلوی:(۱۸۹/۲،۱۹۰)أمور تتعلق بالصوم،ط: مكتبه رشيديه كوئته الحديثة].

نے بھی ہر جگہ اور ہر دور میں اس کی پابندی کی، اور اب اعتکاف رمضان المبارک کا شعار اور نشانی بن گیا، اور اس نے سنت متواتر کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔(۱)

☆......حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں برابر اعتکاف فرماتے تھے، یہاں تک کہ آپ ﷺ نے انتقال فرمایا، پھر آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی ازواج مطہرات نے اعتکاف کا معمول قائم رکھا۔(۲)

مسجد میں پنج گانہ نماز نہیں ہوتی

اگر کسی مسجد میں عام اوقات میں پانچوں وقت کی جماعت نہیں ہوتی البتہ اعتکاف کے دنوں میں پانچوں وقت کی جماعت ہوتی ہے تو اس میں اعتکاف درست ہے، اور اگر اعتکاف کے دنوں میں بھی پانچوں وقت کی جماعت نہیں ہوتی تو وہاں اعتکاف نہ کرے۔(۳)

---

(۱) (قال رَحِمَهُ اللّٰهُ: (سُنَّ لُبثٌ في مَسجِدٍ بِصَومٍ وَنِيَّةٍ) أي جُعِلَ اللُّبثُ في المَسجِدِ سُنَّةً بِشَرطِيَّةِ الاعتِكَافِ وَالصَّومِ. وقال القُدُورِيُّ: الاعتِكَافُ مُستَحَبٌّ، وقال صَاحِبُ الهِدَايَةِ: "وَالصَّحِيحُ أَنَّهُ سُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ، لِأَنَّ النبي صلى اللّٰهُ عليه وسلم وَاظَبَ عليه في العَشرِ الأَخِيرِ من رَمَضَانَ". وَالمُوَاظَبَةُ دَلِيلُ السُّنَّةِ".)[تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي:(۲/۲۲۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية بيروت].

☐ [البحر الرائق:(۲/۲۹۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچی].

☐ [الجوهرة النيّرة:(۱/۱۷۵) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:قديمی كتب خانه كراچی].

☐ [بدائع الصنائع:(۲/۱۰۸) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف،قبيل فصل:وأما شرائط صحته، ط:سعيد كراچی].

(۲) (عَن عَائِشَةَ زَوجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَعتَكِفُ العَشرَ الأَوَاخِرَ مِن رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ. ثُمَّ اعتَكَفَ أَزوَاجُهُ مِن بَعدِهِ".)[صحيح البخاری:(۱/۲۷۱) كتاب الصوم،ابواب الاعتكاف ،باب الاعتكاف في العشر الأواخر والاعتكاف في المساجد كلها،ط: قديمی كتب خانه كراچی].

☐ [صحيح مسلم:(۱/۳۷۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف،ط:قديمی كتب خانه كراچی].

☐ [سنن أبي داود:(۱/۳۳۱) كتاب الصوم، باب الاعتِكَافِ،ط:حقانيه ملتان].

(۳) ((مَسجِدِ جَمَاعَةٍ) هُوَ مَا لَهُ إِمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ أُدِّيَت فِيهِ الخَمسُ أَو لَا. وَعَنِ الإِمَامِ اشتِرَاطُ أَدَاءِ =

مسجد میں غسل کرنا

''وضو مسجد میں کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۴۳۹)

مسجد میں وضو کرنا

''وضو مسجد میں کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۴۳۹)

مسنون اعتکاف کب سے کب تک؟

☆......رمضان شریف کی بیسویں تاریخ کو سورج غروب ہونے سے تھوڑی دیر

= الخَمسِ فِيهِ وَصَحَّحَهُ بَعضُهُم وَقَالَ لَا يَصِحُّ فِي كُلِّ مَسجِدٍ وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ وَأَمَّا الجَامِعُ فَيَصِحُّ فِيهِ مُطلَقًا اتِّفَاقًا. وفى " الشامية ": (قَولُهُ: أُدِّيَت فِيهِ الخَمسُ أَو لَا) صَرَّحَ بِهَذَا الإِطلَاقِ فِي " العِنَايَةِ " وَكَذَا فِي " النَّهرِ " وَعَزَاهُ الشَّيخُ إِسمَاعِيلُ إِلَى " الفَيضِ " وَ" البَزَّازِيَّةِ " وَ" خِزَانَةِ الفَتَاوَى " وَ" الخُلَاصَةِ " وَغَيرِهَا وَيُفهِمُ أَيضًا وَإِن لَم يُصَرِّح بِهِ مِن تَعقِيبِهِ بِالقَولِ الثَّانِي هُنَا تَبَعًا " لِلهِدَايَةِ " فَافهَم. (قَولُهُ: وَصَحَّحَهُ بَعضُهُم) نَقَلَ تَصحِيحَهُ فِي " البَحرِ " عَن ابنِ الهُمَامِ. (قَولُهُ: وَصَحَّحَهُ السُّرُوجِيُّ) وَهُوَ اختِيَارُ الطَّحَاوِيِّ، قَالَ الخَيرُ الرَّملِيُّ: وَهُوَ أَيسَرُ خُصُوصًا فِي زَمَانِنَا فَيَنبَغِي أَن يُعَوَّلَ عَلَيهِ وَاللَّهُ تَعَالَى أَعلَمُ. [الدر مع الرد: (۲/ ۴۴۰، ۴۴۱) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچى].

🗀 (وَالِاعتِكَافُ لَا يَصِحُّ إلَّا فِي مَسجِدِ جَمَاعَةٍ لِقَولِ حُذَيفَةَ رضى اللّٰهُ عنه: " لَا اعتِكَافَ إلَّا فِي مَسجِدِ جَمَاعَةٍ ". وَعَن أَبِي حَنِيفَةَ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ إلَّا فِي مَسجِدٍ يُصَلَّى فِيهِ الصَّلَوَاتُ الخَمسُ لِأَنَّهُ عِبَادَةُ انتِظَارِ الصَّلَاةِ فَيَختَصُّ بِمَكَانٍ يُصَلَّى فِيهِ، قِيلَ: أَرَادَ بِهِ غَيرَ الجَامِعِ، وَأَمَّا فِي الجَامِعِ فَيَجُوزُ وَإِن لَم يُصَلَّ فِيهِ الخَمسَ وَعَن أَبِي يُوسُفَ أَنَّ الِاعتِكَافَ الوَاجِبَ لَا يَجُوزُ فِي غَيرِ مَسجِدِ الجَمَاعَةِ وَالنَّفلَ يَجُوزُ، وَرَوَى الحَسَنُ عَن أَبِي حَنِيفَةَ: " أَنَّ كُلَّ مَسجِدٍ لَهُ إمَامٌ وَمُؤَذِّنٌ مَعلُومٌ وَيُصَلَّى فِيهِ الصَّلَوَاتُ الخَمسُ بِالجَمَاعَةِ فَإِنَّهُ يُعتَكَفُ فِيهِ " لِمَا رُوِيَ عَن حُذَيفَةَ أَنَّهُ قَالَ سَمِعت: " رَسُولَ اللَّهِ صلى اللّٰه عليه وسلم يَقُولُ كُلُّ مَسجِدٍ لَهُ مُؤَذِّنٌ وَإِمَامٌ فَالِاعتِكَافُ فِيهِ يَصِحُّ ". ذَكَرَهُ فِي " الغَايَةِ ".) [تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعى: (۲/ ۲۲۵) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية].

🗀 (قال المفتى سيد عبد الرحيم لاجفورى: دیگر ایام میں جماعت نہ ہوتی ہو لیکن اعتکاف کے دنوں میں جماعت ہوتی ہو تو کافی ہے اعتکاف صحیح ہو جائے گا۔ آپ بخوشی اعتکاف کر سکتے ہیں) [فتاویٰ رحیمیہ: (۷/ ۲۷۵) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، (س: ۳۴۵: جس مسجد پنجگانہ نماز با جماعت نہ ہوتی ہو، وہاں اعتکاف کا کیا حکم ہے؟]، ط: دار الاشاعت کراچی].

پہلے مسنون اعتکاف شروع ہوتا ہے، اور رمضان کی انتیس یا تیس تاریخ یعنی جس وقت شوال کا چاند نظر آجائے اس وقت تک ہے، اگر سورج غروب ہونے سے پہلے شوال کا چاند نظر آگیا تو بھی سورج غروب ہونے تک اعتکاف میں بیٹھنا ضروری ہے۔(۱)

---

(۱) (قوله صلى الفجر ثم دخل معتكفه) بصيغة المفعول أى مكان اعتكافه أى انقطع فيه وتخلى بنفسه بعد صلاة الصبح لا أن ذلك وقت ابتداء اعتكافه بل كان يعتكف من الغروب ليلة الحادى والعشرين وإلا لما كان معتكفا العشر بتمامه الذى ورد فى عدة أخبار أنه كان يعتكف العشر بتمامه وهذا هو هو المعتبر عند الجمهور لمريد اعتكاف عشر أو شهر وبه قال الأئمة الأربعة ذكره الحافظ العراقىؒ كذا فى " شرح الجامع الصغير للمناوىؒ ". وقال الحافظ بن حجرؒ فى "الفتح": فيه أن أول الوقت الذى يدخل فيه المعتكف بعد صلاة الصبح وهو قول الأوزاعىؒ والليثؒ والثورىؒ وقال الأئمة الأربعة وطائفة: يدخل قبيل غروب الشمس وأولوا الحديث على أنه دخل من أول الليل ولكن إنما تخلى بنفسه فى المكان الذى أعده لنفسه بعد صلاة الصبح انتهى كلام الحافظ .)[تحفة الأحوذى بشرح جامع الترمذى:(۳/ ۴۲۱)أبواب الصوم،باب ماجاء فى الاعتكاف، ط:دار الكتب العلمية بيروت].

▭ قال الحافظؒ:وفى الحديث أن أول الوقت الذى يدخل فيه المعتكف بعد صلاة الصبح وهو قول الأوزاعىؒ والليثؒ والثورىؒ وقال الأئمة الأربعة وطائفة: يدخل قُبيل غروب الشمس، وأولوا الحديث على أنه دخل من أول الليل ولكن إنما تخلى بنفسه فى المكان الذى أعده لنفسه بعد صلاة الصبح؛ ... بل معنى الحديث أنه اذا أراد أن يعتكف العشر الأواخر من رمضان دخل المسجد قُبيل ليلة احدى وعشرين ولبث فى المسجد بالليل حتى صلى الفجر ثم دخل معتكفه. اهـ)[بذل المجهود للسهارنفورى:(۳/ ۳۹۴) كتاب الصيام،باب الاعتكاف،بيان وقت الدخول فى الاعتكاف،ط:معهدالخليل كراچى].

▭ [شرح النووى على الصحيح لمسلم:(۱/ ۳۷۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، ط:قديمى كراچى].

▭ [مرقاة المفاتيح:(۴/ ۵۲۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:حقانية بشاور].

▭ ((قَولُهُ: وَاعلَم أَنَّ اللَّيَالِيَ تَابِعَةٌ لِلأَيَّامِ) أى كُلُّ لَيلَةٍ تَتبَعُ اليَومَ الَّذِى بَعدَهَا الا تَرَى أَنَّهُ يُصَلَّى التَّرَاوِيحَ فِى أَوَّلِ لَيلَةٍ مِن رَمَضَانَ دُونَ أَوَّلِ لَيلَةٍ مِن شَوَّالٍ فَعَلَى هَذَا إذَا ذَكَرَ المُثَنَّى أَو المَجمُوعَ يَدخُلُ المَسجِدَ قَبلَ الغُرُوبِ وَيَخرُجُ بَعدَ الغُرُوبِ مِن آخِرِ يَومٍ نَذَرَهُ كَمَا صَرَّحَ بِهِ فِى "الخَانِيَةِ". وَصَرَّحَ بِأَنَّهُ إذَا قَالَ أَيَّامًا يَبدَأُ بِالنَّهَارِ فَيَدخُلُ المَسجِدَ قَبلَ طُلُوعِ الفَجرِ. اهـ .) [الدر مع الرد : (۲/ ۴۵۲) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،قبيل مطلب فى ليلة القدر،ط:سعيد كراچى].

▭ [البحر الرائق : (۲/ ۳۰۵) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:سعيد كراچى].

☆......رمضان شریف کے آخری عشرہ میں دس دن سے کم کی نیت سے اعتکاف کیا تو وہ بھی نفلی اعتکاف ہوگا۔(۱)

☆......اگر رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مغرب کے بعد داخل ہوا، یا سورج غروب ہونے کے بعد دیر سے اعتکاف کی نیت کی، تو یہ مسنون اعتکاف نہیں ہوگا، بلکہ نفلی اعتکاف ہوجائے گا۔(۲)

☆......اگر سورج غروب ہونے سے پہلے چاند نظر آ گیا، اور معتکف چاند دیکھتے ہی مسجد سے نکل آیا، تو اس دن کا اعتکاف فاسد ہوگیا، اس دن کی قضا لازم ہوگی۔ سورج غروب ہونے کے بعد اعتکاف ختم ہوجائے گا۔

☆......اگر معتکف سورج ڈوبنے کے بعد مغرب کی نماز سے پہلے مسجد سے

---

(۱) وَمُقتَضٰی ذٰلِکَ أَنَّ الصَّومَ شَرطٌ أَیضًا فِی الِاعتِکَافِ المَسنُونِ لِأَنَّهُ مُقَدَّرٌ بِالعَشرِ الأَخِیرِ حَتّٰی لَو اعتَکَفَهُ بِلَا صَومٍ لِمَرَضٍ أَو سَفَرٍ یَنبَغِی أَن لَا یَصِحَّ عَنهُ بَل یَکُونَ نَفلًا فَلَا تَحصُلُ بِهٖ إِقَامَةُ سُنَّةِ الکِفَایَةِ وَیُؤَیِّدُهٗ قَولُ" الکَنزِ": سُنَّ لَبثٌ فِی مَسجِدٍ بِصَومٍ وَنِیَّةٍ فَإِنَّهُ لَا یُمکِنُ حَملُهٗ عَلَی المَنذُورِ لِتَصرِیحِهٖ بِالسُّنِّیَّةِ وَلَا عَلَی التَّطَوُّعِ لِقَولِهٖ بَعدَهٗ وَأَقَلُّهٗ نَفلًا سَاعَةٌ فَتَعَیَّنَ حَملُهٗ عَلَی المَسنُونِ سُنَّةً مُؤَکَّدَةً فَیَدُلُّ عَلَی اشتِرَاطِ الصَّومِ فِیهِ .اه.)[الدرمع الرد:(۲/۴۴۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف ،ط :سعید کراچی]۔

🗀 [البحر الرائق : (۲/۲۹۹، ۳۰۰) کتاب الصوم، باب الاعتکاف ،ط: سعید کراچی]۔

🗀 [امدادالفتاوی بترتیب جدید:(۲/۱۸۴، ۱۸۵) کتاب الصوم والاعتکاف، باب الاعتکاف، بعض جزئیات متعلق اعتکاف، (سوال نمبر: ۲۲۷)ط: مکتبہ دار العلوم کراچی]۔

(۲) ((وَسُنَّةٌ مُؤَکَّدَةٌ فِی العَشرِ الأَخِیرِ مِن رَمَضَانَ) أَی سُنَّةُ کِفَایَةٍ کَمَا فِی البُرهَانِ وَغَیرِهٖ لِاقتِرَانِهَا بِعَدَمِ الإِنکَارِ عَلٰی مَن لَم یَفعَلهُ مِنَ الصَّحَابَةِ . [الدرمع الرد:(۲/۴۴۲) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: سعید کراچی]۔

🗀 (وَیَنقَسِمُ إِلٰی وَاجِبٍ وهو المَنذُورُ تَنجِیزًا أو تَعلِیقًا وَإِلٰی سُنَّةٍ مُؤَکَّدَةٍ وهو فی العَشرِ الأَخِیرِ مِن رَمَضَانَ وَإِلٰی مُستَحَبٍّ وهو ما سِوَاهُمَا هٰکَذَا فی " فَتحِ القَدِیرِ ".)[الفتاوی الهندیة :(۱/۲۱۱) کتاب الصوم، الباب السابع فی الاعتکاف، وأما تفسیره، ط :رشیدیة کوئٹه]۔

🗀 [البحر الرائق : (۲/۲۹۹) کتاب الصوم، باب الاعتکاف ،ط: سعید کراچی]۔

نکل گیا تو اس سے اعتکاف فاسد نہیں ہوگا۔(۱)

☆......جس نے اخیر عشرہ اعتکاف کیا، اس کے لیے بہتر ہے کہ عید کی نماز پڑھ کر گھر آئے۔(۲)

☆......اگر بیسویں تاریخ کو سورج غروب ہونے سے پہلے مسجد میں داخل ہوگیا مگر اعتکاف کی نیت کرنے کا خیال ہی نہیں آیا، پھر سورج غروب ہونے کے بعد

---

(۱) ((قَوْلُهُ: وَاعلم أنَّ اللَّيالِيَ تَابِعَةٌ لِلأيَّامِ) أي كُلُّ لَيلَةٍ تَتبَعُ اليَومَ الَّذِي بَعدَهَا ألا تَرَى أنَّهُ يُصَلِّي التَّرَاوِيحَ فِي أوَّلِ لَيلَةٍ مِن رَمَضَانَ دُونَ أوَّلِ لَيلَةٍ مِن شَوَّالٍ فَعَلَى هَذَا إذَا ذَكَرَ المُثَنَّى أو المَجمُوعَ يَدخُلُ المَسجِدَ قَبلَ الغُرُوبِ وَيَخرُجُ بَعدَ الغُرُوبِ مِن آخِرِ يَومٍ نَذَرَهُ كَمَا صَرَّحَ بِهِ فِي "الخَانِيَّةِ". وَصَرَّحَ بِأنَّهُ إذَا قَالَ أيَّامًا يَبدَأُ بِالنَّهَارِ فَيَدخُلُ المَسجِدَ قَبلَ طُلُوعِ الفَجرِ اهـ) [الدر مع الرد: (۴۵۲/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، قبيل مطلب في ليلة القدر، ط: سعيد كراچي].

[البحر الرائق: (۳۰۵/۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچي].

(ولو قال لله عليَّ أن أعتكف يومين لزمه الاعتكاف بلَيْلَتيهما يَدخُلُ المَسجِدَ قَبلَ غُرُوبِ الشمْ فمكثُ تلك الليلةَ وَ يومَها وَ الليلةَ الثَّانِيَةَ وَ يومَها وَيَخرُجُ بَعدَ غُرُوبِ الشَّمسِ وَ كَذَا هذا في الأيَّامِ الكَثِيرَةِ يَدْخُلُ قَبلَ غُرُوبِ الشَّمسِ؛ اهـ.)[الخانية على هامش الهندية: (۲۲۴/۱) كتاب الصوم، فصل في الاعتكاف، ط: رشيدية كوئٹه].

[الفتاوى الهندية: (۲۱۴/۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، ومما يتصل بذلك مسائل، ط: رشيدية كوئٹه].

[الفقه الاسلامي وأدلته: (۶۱۸/۲) البابُ الثَّالثُ: الصِّيامُ والاعتكافُ، الفَصلُ الثَّاني: الاعتكاف، المبحث الثاني: حكم الاعتكاف وما يوجبه النذر على المعتكف، ط: الحقانيّة بشاور].

(۲) (وأما آدابه: .... ومنها مكثه في مسجد اعتكافه ليلة العيد إذا اتصل انتهاء اعتكافه بها ليخرج من المسجد إلى مصلى العيد فتتصل عبادة بعبادة؛)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۴۹۸/۱) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف وآدابه، ط: دار الحديث القاهرة].

(آداب المعتكف: .... ۵: يندب مكث المعتكف ليلة العيد إذا اتصل اعتكافه بها ليخرج منه إلى المصلى فيوصل عبادة بعبادة ولما ورد من فضل إحياء هذه الليلة:" من قام ليلتي العيد محتسباً لله تعالى لم يمت قلبه يوم تموت القلوب " اى أن الله يثبّته على الإيمان عند النزع وعند سؤال الملكين وسؤال القيامة. ا ه.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلَّتُهُ: (۶۳۰/۲) البَابُ الثَّالثُ: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني: الاعتِكاف، المبحث الخامس: آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته، ط: الحقانيّة بشاور].

اعتکاف کا خیال آیا تو یہ مسنون اعتکاف نہیں ہوگا، بلکہ نفلی اعتکاف ہو جائے گا۔(۱)

مسنون اعتکاف کی ذمہ داری

ہر محلے والوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پہلے سے یہ تحقیق کریں کہ ہماری مسجد میں کوئی شخص اعتکاف میں بیٹھ رہا ہے کہ نہیں، اگر کوئی آدمی نہ بیٹھ رہا ہو تو کسی کو ضرور اعتکاف میں بٹھائیں۔(۱)

مسنون اعتکاف کی قضا

اگر کسی نے رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے اعتکاف کو عذر کی وجہ سے یا بھول کر توڑ دیا تو اس پر ایک دن اور ایک رات کے اعتکاف کی قضا روزہ کے ساتھ لازم ہے۔ لیکن احتیاطاً اختلاف سے بچنے کے لیے رمضان کے بعد دس دن روزے

---

(۱) (وَمِنهُ الاِعتِكَافُ فِي المَسجِد ... وَشَرعًا اللُّبثُ فِي المَسجِدِ مَعَ نِيَّتِهِ فَالرُّكنُ هُوَ اللُّبثُ وَالكَونُ فِي المَسجِدِ وَالنِّيَّةُ شَرطَانِ لِلصِّحَّةِ.) [البحر الرائق: (۲/۲۹۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[بدائع الصنائع: (۱/۱۰۸، ۱۰۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، فَصلٌ: وأمّا شَرائِطُ صحته، ط: سعيد كراچى].

[تبين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعى: (۲/۲۲۰ ـــ ۲۲۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: دار الكتب العلمية].

(۱) ((وسنة مؤكدة فى العشر الأخير من رمضان) أى سنة كفاية كما فى "البرهان" وغيره لاقترانها بعدم الإنكار على من لم يفعله من الصحابة؛ وفى "الشامية": (قوله: أى سنة كفاية) نظيرها إقامة التراويح بالجماعة فإذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين فلم يأثموا بالمواظبة على الترك بلا عذر، ولو كان سنة عين لأثموا بترك السنة المؤكدة إثما دون إثم ترك الواجب كما مر بيانه فى كتاب الطهارة.) [الدر مع الرد: (۲/۴۴۲) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[الفِقهُ الإسلامىُ وأدلّتُهُ: (۲/۷۱۶) البابُ الثالث: الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّانى: الاعتِكاف، المبحث الثانى: حكم الاعتكاف...اه، ط: الحقانيّة بشاور].

(الحنفية ـ قالوا: هو سنة كفاية مؤكدة فى العشر الأواخر من رمضان؛ اه.) [كتاب الفقه على المذاهب الاربعة: (۱/۴۹۲) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، اقسامه ومدته، ط: دار الحديث القاهرة].

کے ساتھ اعتکاف کی قضا کرنا بہتر ہے۔(۱)

مسنون اعتکاف کی نیت

''نیت'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۴۳۰)

مسنون اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے

☆......رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے۔

☆......جس نے روزہ نہیں رکھا وہ آخری عشرہ کا مسنون اعتکاف نہیں کرسکتا۔

☆......جو شخص ضعف، کمزوری، بڑھاپے یا شدید مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا تو اس کے لیے آخری عشرہ کا مسنون اعتکاف درست نہیں ہوگا۔

☆......اگر کسی آدمی کو بیماری وجہ سے دن میں دوائی کھانی پڑتی ہے، روزہ

---

(۱) (ثم رأيت المحقق ابن الهمامؒ قال: ومقتضى النظر لو شرع فى المسنون أعنى العشر الأواخر بنيته ثم أفسده أن يجب قضاؤه تخريجا على قول أبى يوسفؒ فى الشروع فى نفل الصلاة ناويا أربعا لا على قولهما اه أى يلزمه قضاء العشر كله لو أفسد بعضه كما يلزمه قضاء أربع لو شرع فى نفل ثم أفسد الشفع الأول عند أبى يوسفؒ، لكن صحح فى "الخلاصة" أنه لا يقضى إلا ركعتين كقولهما، نعم! اختار فى "شرح المنية": قضاء الأربع اتفاقا فى الراتبة كالأربع قبل الظهر والجمعة وهو اختيار الفضلى وصححه فى "النصاب" وتقدم تمامه فى النوافل، وظاهر الرواية خلافه، وعلى كل فيظهر من بحث ابن الهمامؒ لزوم الاعتكاف المسنون بالشروع وإن لزم قضاء جميعه أو باقيه مخرج على قول أبى يوسفؒ أما على قول غيره فيقضى اليوم الذى أفسده لاستقلال كل يوم بنفسه وإنما قلنا أى باقية بناء على أن الشروع ملزم كالنذر وهو لو نذر العشر يلزمه كله متتابعا ولو أفسد بعضه قضى باقيه على ما مر فى نذر صوم شهر معين. والحاصل أن الوجه يقتضى لزوم كل يوم شرع فيما عندهما بناء على لزوم صومه بخلاف الباقى لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية وإن كان المسنون هو اعتكاف العشر بتمامه؛ تأمل.)

[الدرالمختار: (۴۴۴/۲، ۴۴۵) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط، سعيد كراچى].

[فتح القدير: (۳۹۸/۲، ۳۹۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: رشيديه كوئٹه].

[الفِقهُ الإسلامىُ وأدلّتُهُ: (۶۲۲/۲) البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّانى: الاعتِكاف، المبحث الرابع: مايلزم المعتكف ومايجوزله، ط: الحقانيّة بشاور].

نہیں رکھ سکتا تو وہ آخری عشرہ کا مسنون اعتکاف نہیں کرسکتا۔

☆......شیخ فانی جو روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہونے کی وجہ سے فدیہ ادا کر رہا ہے وہ عشرۂ اخیرہ کا مسنون اعتکاف نہیں کرسکتا۔

☆......اگر کوئی شخص بلا وجہ روزہ نہیں رکھتا ہے تو وہ بھی عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف نہیں کرسکتا۔

☆......اگر عورت نے حمل کی حالت میں یا نومولود کو دودھ پلانے کی وجہ روزہ نہیں رکھا تو یہ بھی گھر میں عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف نہیں کرسکتی۔(۱)

مسنون اعتکاف کے لیے مسجد میں بیٹھنا ضروری ہے

''اعتکاف کے لیے مسجد ضروری ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۱۱۳)

مسواک

''منجن'' کے عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۴۰۵)

مشورہ دیا

''خیریت معلوم کرلی'' عنوان کے تحت دیکھیں!(ص:۲۳۵)

(۱) قُلتُ : وَمُقتَضَی ذٰلِکَ أَنَّ الصَّومَ شَرطٌ أیضًا فِی الاعتِکَافِ المَسنُونِ لِأَنَّهُ مُقَدَّرٌ بِالعَشرِ الأَخِیرِ حَتَّی لَو اعتَکَفَهُ بِلَا صَومٍ لِمَرَضٍ أَو سَفَرٍ، یَنبَغِی أَن لَا یَصِحَّ عَنهُ بَل یَکُونَ نَفلًا فَلَا تَحصُلُ بِهِ إِقَامَةُ سُنَّةِ الکِفَایَةِ ، وَیُؤَیِّدُهُ قَولُ "الکَنزِ": "سُنَّ لَبثٌ فِی مَسجِدٍ بِصَومٍ وَنِیَّةٍ". فَإِنَّهُ لَا یُمکِنُ حَملُهُ عَلَی المَنذُورِ لِتَصرِیحِهِ بِالسُّنِّیَّةِ وَلَا عَلَی التَّطَوُّعِ لِقَولِهِ بَعدَهُ وَأَقَلُّهُ نَفلًا سَاعَةٌ فَتَعَیَّنَ حَملُهُ عَلَی المَسنُونِ سُنَّةً مُؤَکَّدَةً ، فَیَدُلُّ عَلَی اشتِرَاطِ الصَّومِ فِیهِ ، [الدرمع الرد : (۲/ ۴۴۱،۴۴۲) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط: سعید کراچی]۔

[البحرالرائق:(۲/ ۲۹۹،۳۰۰) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط : سعید کراچی]۔

[حاشیة الطحطاوی علی المراقی:(ص:۳۸۳) کتاب الصوم،باب الاعتکاف ،ط:میرمحمد کتب خانه کراچی/(ص:۵۷۸) کتاب الصوم،باب الاعتکاف ،ط:المکتبه الانصاریه، هرات افغانستان]۔

مطلقہ کے لئے اعتکاف کرنا

''عدت میں اعتکاف کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص: ۲۸۴)

معاملہ حل کر دیا

''خیریت معلوم کر لی'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۳۵)

معتکف جگہ بدل سکتا ہے

''جگہ بدلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۸۵)

معتکف کو ان مقامات پر جانا جائز نہیں

''جانا جائز نہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۸۳)

معتکف کو مسجد سے باہر نکال دیا

''باہر نکال دیا جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۱۳۶)

معتکف کی مثال

☆......معتکف کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو کوئی درخواست لے کر کسی دروازے پر جا کر پڑا رہے، اور جب تک درخواست قبول نہیں ہوتی وہاں سے جاتا نہیں:

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے ۔۔۔ یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

☆......اگر حقیقتاً یہی حال ہو تو سخت سے سخت دل والا بھی نرم ہو جاتا ہے، اور اللہ جل شانہ کی کریم ذات تو بخشش کے لیے بہانہ ڈھونڈتی ہے، بلکہ بہانہ کے بغیر بھی رحمت فرماتے ہیں۔ اس لیے جب کوئی شخص دنیا سے الگ تھلگ ہو کر اللہ تعالیٰ کے

دروازے پر جا کر پڑا رہتا ہے تو اس کے نوازے جانے میں کیا تامل ہوسکتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ جس کا اکرام فرمادیں اس کے بھرپور خزانوں کا کون بیان کرسکتا ہے۔(۱)

(۱) (والاعتكاف مشروع بالكتاب والسنة)...(وهو من أشرف الأعمال إذ كان عن إخلاص) لله تعالى لأنه منتظر للصلاة وهو كالمصلي وهي حالة قرب وانقطاع محاسنها لا تحصل (ومن محاسنه أن فيها تفريغ القلب من أمور الدنيا) بشغله بالإقبال على العبادة متجردا لها (وتسليم النفس إلى المولى) بتفويض أمرها إلى عزيز جنابه والاعتماد كرمه والوقوف ببابه (وملازمة عباده) والتقرب إليه ليقرب من رحمته كما أشار إليه في حديث " من تقرب إلي " وملازمة القرار (في بيته) سبحانه وتعالى واللائق بمالك المنزل إكرام نزيله تفضلا ورحمة وإحسانا منه ومنة للالتجاء إليه (والتحصن بحصنه) فلا يصل إليه عدوه بكيده وقهره لقوة سلطان الله وقهره وعزيز تأييده ونصره ترى الرعايا يحبسون أنفسهم على باب سلطانهم وهو فرد منهم ويجهدون في خدمته والقيام أذلة بين يديه لقضاء مآربهم فيعطف عليهم بإحسانه ويحميهم من عدوهم بعزة قدرته وقوة سلطانه وقد نبه على حصول المراد وأزال حجاب الوهم وأماط الغطاء وأظهر الحق بفيض العطاء بما أشار إليه بقوله (وقال عطاء) بن أبي رباح التابعي ...: (مثل المعتكف مثل رجل يختلف) أي يتردد ويقف (على باب) ملك أو وزير عظيم أو إمام (عظيم لحاجة) يقدر على قضائها عادة (فالمعتكف يقول) لسان حاله إن لم ينطق بذلك لسان قاله: (لا أبرح) قائما بباب مولاي سائلا منه جميع مآربي وكشف ما نزل بي من الكرب وصار مصاحبي وتجنبني لذلك أعز إخواني بل عين قرابتي . (حتى يغفر لي) ذنوبي التي هي سبب بعدي ونزول مصائبي ثم يفيض بمنته على بما يليق بأهليته وكرمه إكرام من التجاء إلى منيع حرزه وحماية حرمه وهذه إشارة إلى أن العبد الجامع لهذه المسائل واقف موقف العبد الذليل بباب مولاه عاريا عن الأعمال ونسبة الفضائل متوجها إليه سبحانه بأعظم الوسائل ماذا أكف الافتقار ملجأ بالدعاء والمسائل مطروحا على أعتاب باب الله تعالى مرتجيا شفاعته غدا عنده بما وعد به وهو لكل خير كافل.)[مراقی الفلاح:(ص: ۱۸۲،۱۸۱) کتاب الصوم،باب الاعتکاف ،ط:مکتبہ امدادیہ ملتان].

[حاشية الطحطاوى على المراقى:(ص: ۳۸۷،۳۸۶) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط:میر محمد کتب خانہ کراچی/، (ص: ۵۸۵،۵۸۴) کتاب الصوم،باب الاعتکاف،ط:مکتبہ انصارية هرات افغانستان].

[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلّتُهُ:(۲/ ۶۱۲،۶۱۱)البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني: الاعتِكاف، المبحثُ الأول:تعريف الاعتكاف ومشروعيته والهدف منه...ألخ ،ط: الحقانيّة بشاور].

(وشرع لهم الاعتكاف الذى مقصودُه وروحُه عكوفُ القلبِ على الله تعالى وجمعيّتُه عليه والخلوةُ به والانقطاعُ عن الاشتغال بالخلق والاشتغال به وحده سبحانه بحيث يصير ذِكره وحبه =

معتکف کے پاس عورتوں کا آنا

''عورتوں کا معتکف کے پاس آنا'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص:۲۹۵)

معتکف کے دوست فرشتے ہیں

''فرشتے ساتھی ہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص:۳۲۰)

معتکف کے ساتھ افطار کرنا

اعتکاف میں بیٹھنے والوں کے لیے مسجد میں سونا، کھانا، پینا اور افطار کرنا درست ہے۔ اور جو لوگ اعتکاف کی نیت سے نہیں بیٹھیں ان کے لیے مسجد میں افطار کرنا درست نہیں ہے۔ اس لیے غیر معتکف اگر معتکف کے ساتھ افطار کرنا چاہتا ہے تو مسجد میں داخل ہوتے وقت نفل اعتکاف کی نیت کر لے، اور یہ کہہ لیا کرے: "نویت الاعتکاف مادمت في المسجد" تو پھر معتکف کے ساتھ افطار کرنا بلا کراہت جائز ہوگا۔ (۱)

= والإقبالُ عليه في محل هموم القلب وخطراته فيستولي عليه بدلَها ويصير الهمُّ كُلُّه به والخطراتُ كلُّها بذكره والتفكُّر في تحصيل مراضيه وما يُقرِّب منه فيصيرُ أُنسه بالله بدَلاً عن أُنسه بالخلق فيعده بذلک لأنسه به يوم الوَحشة في القبور حين لا أنيس له ولا ما يفرحُ به سواه فهذا مقصود الاعتكاف الأعظم.)[زاد المعاد في هدى خير العباد: ۸۷/۲، فصل: في هَديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت].

[الفتاوى الهندية: (۲۱۲/۱) كتاب الصوم، الباب السابع في الاعتكاف، وأما محاسنه، ط: رشيدية كوئٹه].

(۱) (وَيُكرَهُ النَّومُ وَالأكلُ فيه لِغَيرِ المُعتَكِفِ وإذا أرَادَ أن يَفعَلَ ذلک يَنبَغِي أن يَنوِيَ الاِعتِكَافَ فَيدخُلَ فيه وَيَذكُرَ اللّٰهَ تَعَالَى بِقَدرِ ما نَوَى او يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفعَلَ ما شَاءَ كَذَا فى "السِّرَاجِيَّةِ".)[الفتاوى الهنديه: (۳۲۱/۵) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ، البَابُ الخَامِسُ فى آدَابِ المَسجِدِ... اه، ط: رشيديه كوئٹه].

[الفتاوى السراجية: (ص: ۷۱، ۷۲) كِتَابُ الكَرَاهِيَةِ وَالاستِحسَانِ، باب المسجد، ط: سعيد كراچى].

[الدر مع الرد: (۴۴۸/۲، ۴۴۹) كتاب الصوم، باب الاعتكاف، ط: سعيد كراچى].

[الدر مع الرد: (۶۶۱/۱) كتاب الصلوة، مطلب في الغرس في المسجد، ط: سعيد كراچى].

معتکفین کا مرتبہ

''فرشتے ساتھی ہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۳۲۰)

مقامِ اعتکاف کو چادر سے گھیرنا

اعتکاف کے مقام کو چادر یا کپڑے وغیرہ سے گھیر کر حجرہ کی مانند بنالینا سنت ہے۔(۱)

مقدمہ کی تاریخ کے لیے نکلنا

اگر کوئی آدمی رمضان کے آخری دس دن میں مسنون اعتکاف کی نیت سے مسجد میں بیٹھا، اور آخری عشرہ میں اس کے ایک مقدمہ کی تاریخ ہے، اس دن عدالت

---

(۱) عَن عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَت: " كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَعتَكِفُ فِي العَشرِ الأَوَاخِرِ مِن رَمَضَانَ فَكُنتُ أَضرِبُ لَهُ خِبَاءً فَيُصَلِّي الصُّبحَ ثُمَّ يَدخُلُهُ فَاستَأذَنَت حَفصَةُ عَائِشَةَ أَن تَضرِبَ خِبَاءً فَأَذِنَت لَهَا فَضَرَبَت خِبَاءً فَلَمَّا رَأَتهُ زَينَبُ ابنَةُ جَحشٍ ضَرَبَت خِبَاءً آخَرَ فَلَمَّا أَصبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ رَأَى الأَخبِيَةَ فَقَالَ مَا هَذَا فَأُخبِرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: آلبِرَّ تُرَونَ بِهِنَّ ؟ فَتَرَكَ الِاعتِكَافَ ذَلِكَ الشَّهرَ ثُمَّ اعتَكَفَ عَشرًا مِن شَوَّالٍ ".)[صحيح البخاري: (۱/۲۷۲) كتاب الصوم، ابواب الاعتكاف، باب اعتكاف النسآء، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

عَن أَبِي سَعِيدٍ الخُدرِيِّ " أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اعتَكَفَ فِي قُبَّةٍ تُركِيَّةٍ عَلَى سُدَّتِهَا قِطعَةُ حَصِيرٍ قَالَ فَأَخَذَ الحَصِيرَ بِيَدِهِ فَنَحَّاهَا فِي نَاحِيَةِ القُبَّةِ ثُمَّ أَطلَعَ رَأسَهُ فَكَلَّمَ النَّاسَ ".)[سنن ابن ماجه: (ص: ۱۲۷) ابواب ماجاء في الصيام، باب في ليلة القدر، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[صحيح مسلم: (۱/۳۷۰) كتاب الصيام، بَاب فَضلِ لَيلَةِ القَدرِ وَالحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا وَبَيَانِ مَحَلِّهَا وَأَرجَى أَوقَاتِ طَلَبِهَا، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

[زاد المعاد في هدى خير العباد: (۲/۹۰) فصل: في هديه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ في الاعتكاف: مؤسسة الرسالة بيروت].

((قوله: وأنه أمر بخبائه فضرب) قالوا فيه دليل على جواز اتخاذ المعتكف لنفسه موضعا من المسجد ينفرد فيه مدة اعتكافه مالم يضيق على الناس واذا اتخذه يكون في آخر المسجد ورحابه لئلا يضيق على غيره وليكون أخلى له وأكمل في انفراده.)[شرح نووي على الصحيح للمسلم: (۱/۳۷۱) كتاب الصوم، كتاب الاعتكاف، ط: قديمي كتب خانه كراچي].

میں اس کی حاضری ضروری ہے، تو اگر یہ شخص مقدمہ کے لیے نکلے گا تو اس کا سنت مؤکدہ والا اعتکاف فاسد ہو جائے گا، اور مجبوراً نکلنے کی وجہ سے گناہ گار نہ ہوگا۔

☆......امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے مسلک کے مطابق اگر آدھے دن سے زیادہ باہر نہ رہے تو اعتکاف فاسد نہیں ہوگا............ ایسی مجبوری کی حالت میں اس مسلک پر عمل کیا جا سکتا ہے۔(۱)

---

(۱) (ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية أو طبيعية)(أو)حاجة(ضرورية كانهدام المسجد)وأداء شهادة تعينت عليه(وإخراج ظالم كرها وتفرق أهله)لفوات ما هو المقصود منه (وخوف على نفسه أو متاعه من المكابرين فيدخل مسجدا من ساعته) يريد أن لا يكون خروجه إلا ليعتكف في غيره ولا يشتغل إلا بالذهاب إلى المسجد الآخر(فإن خرج ساعة بلا عذر) معتبر(فسد الواجب)ولا إثم به؛ ... وقالا : ان خرج أكثر اليوم فسد و الا فلا.)[مراقي الفلاح:(ص: ۶۷۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان].

(قوله: لفوات ما هو المقصود منه) علة لعدم الفساد في هذه المسائل يعني إنما لم يفسد اعتكافه، بل يخرج إلى غيره، لأن المقصود للمعتكف وهو أداء الصلاة في ذلك المسجد على أكمل الوجوه قد فات؛ ... (قوله : بلا عذر معتبر) أي في عدم الفساد فلو خرج لجنازة محرمة أو زوجته فسد، لأنه وإن كان عذرا إلا أنه لم يعتبر في عدم الفساد .

(قوله : ولا إثم عليه به) أي بالعذر أي وأما بغير العذر فيأثم لقوله تعالى :﴿ ولا تبطلوا أعمالكم ﴾[محمد:الاية:۳۳]. ...

(قوله: وقالا : ان خرج أكثر اليوم الخ) قالوا: وهو الاستحسان، فيقتضي ترجيح قولهما" بحر". وبحث فيه الكمال، ورجح قوله لأن الضرورة التي يناط بها التخفيف اللازمة و الغالبة، وليس هنا كذلك اه أي فيكون من المواضع التي يعمل فيها بالقياس، كذا في" تحفة الأخيار".)[حاشية الطحطاوي على المراقي:(ص: ۳۸۳، ۳۸۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف ،ط:مير محمد كتب خانه كراچي/(ص : ۵۷۹، ۵۸۰)باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:مكتبه انصارية هرات افغانستان].

[الدر مع الرد:(۲/۴۴۷، ۴۴۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط،سعيد كراچي].

[تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق للزيلعي:(۲/۲۲۷، ۲۲۸) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلمية بيروت].

مکان

’’حجرہ‘‘ کے عنوان کے تحت دیکھیں! (ص: ۲۱۹)

مکروہات اعتکاف

۱- چپ چاپ، گم صم رہنا اور اسے کوئی اچھی بات سمجھنا، آج کل ناواقف اعتکاف میں چپ بیٹھنا بھی ثواب کی بات سمجھتے ہیں، یہ درست نہیں ہے۔(۱)

۲- لڑائی جھگڑا، شور شغب کرنا اور بیہودہ، واہیات باتیں کرنا۔(۲)

---

(۱) ((وکره الصمت إن اعتقده قربة) والتكلم إلا بخير لأنه منهى عنه لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ وأما إذا لم يعتقده قربة فيه ولكنه حفظ لسانه عن النطق بما لا يفيد فلا بأس به.)[مراقى الفلاح:(ص: ۱۸۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف، ط:امدادية ملتان] .

(مكروهات الاعتكاف : يكره تحريماً عند الحنفية : ... ويكره الصمت إن اعتقده قربة؛ لأنه منهى عنه؛ لأنه صوم أهل الكتاب وقد نسخ.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۶۳۰، ۶۳۱)البابُ الثّالث:الصّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

((الحنفية قالوا : يكره تحريما فيه أمور : منها الصمت إذا اعتقد أنه قربة أما إذا لم يعتقده كذلك فلا يكره والصمت عن معاصى اللسان من أعظم العبادات.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/ ۴۹۸) كتاب الصيام، كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة].

(۲) (آداب المعتكف : ... ۲ـ : يجتنب المعتكف كل مالا يعنيه من الأقوال والأفعال ولا يكثر الكلام؛ لأن من كثر كلامه كثر سَقَطه وفى الحديث:" من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه ".ويجتنب الجدال والمراء والسباب والفحش فإن ذلك مكروه فى غير الاعتكاف ففيه أولى ولا يبطل الاعتكاف بشيء من ذلك؛ لأنه لما لم يبطل بمباح الكلام لم يبطل بمحظور.ولا يتكلم المعتكف إلا بخير ولا بأس بالكلام لحاجته ومحادثة غيره .اه.)[الفِقهُ الإسلاميُّ وأدلّتُهُ:(۲/ ۶۲۹، ۶۳۰)البابُ الثّالث: الصّيامُ والاعتكاف،الفَصلُ الثّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس: آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

[الفتاوى الهندية:(۱/ ۲۱۲) كتاب الصوم،الباب السابع فى الاعتكاف،وأماآدابه، ط: رشيديه كوئٹه].

[المبسوط للسرخسي:(۳/ ۱۴۰) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:دار الكتب العلميةبيروت لبنان]. =

۳- خرید وفروخت کے لیے کوئی چیز مسجد کے اندر لانا۔(۱)

۴- مباشرت، تقبیل، لمس اس قسم کی تمام خواہشات سے لذت حاصل کرنا مکروہ ہے۔اگر ان چیزوں کی وجہ سے انزال ہوگیا تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا، اور گناہ گار بھی ہوگا۔(۲)

مکروہ ہے

معتکف کے لیے بلاضرورت کسی شخص کو باتیں کرنے کے لیے بلانا اور باتیں

= (وَلَا يُفْسِدُ الِاعْتِكَافَ سِبَابٌ وَلَا جِدَالٌ وَلَا سُكْرٌ فِي اللَّيْلِ؛ ... وفي "التَّبيين": وَأَمَّا التَّكَلُّمُ بِغَيْرِ خَيْرٍ فإنه يُكْرَهُ لِغَيْرِ الْمُعْتَكِفِ فما ظَنُّكَ لِلْمُعْتَكِفِ ا ه.)[البحر الرائق:(۲/۳۰۳،۳۰۴) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط:سعيد كراچی].

(۱) (يكره تحريماً عند الحنفية : إحضار المبيع في المسجد؛ لأن المسجد محرر من حقوق العباد،فلا يجعله كالدكان.ويكره عقد ما كان للتجارة، لأن المعتكف منقطع إلى الله تعالىٰ، فلا يشتغل بأمور الدنيا.)[الفِقهُ الإسلاميُ وأدلَّتُهُ:(۲/۶۳۱)البابُ الثَّالث:الصِّيامُ والاعتكاف، الفَصلُ الثَّاني : الاعتِكاف،المبحث الخامس : آداب المعتكف ومكروهات الاعتكاف ومبطلاته،ط:الحقانيّة بشاور].

(ومنها إحضار سلعة في المسجد للبيع أما عقد البيع لما يحتاج لنفسه أو لعياله بدون إحضار السلعة فجائز، بخلاف عقد التجارة فإنه لا يجوز.)[كتاب الفقه على المذاهب الاربعة:(۱/۴۹۸) كتاب الصيام،كتاب الاعتكاف، مكروهات الاعتكاف و آدابه،ط: دارالحديث القاهرة].

[الجوهرة النيرة:(۱/۱۷۷)باب الاعتكاف، كتاب الصوم،ط:قديمى كتب خانه كراچی].

[الدرمع الرد:(۲/۴۴۹) كتاب الصوم،باب الاعتكاف،ط: سعيد كراچی].

